جنس دل کا نہ گلے پڑ کے مین سودا کرتا

ساتھ اشکون کے نہ خون ہو کے بہا دل ورنہ
صورت ایک اور ہی پیدا یہ پھپھولا کرتا

کشتۂ ناز کو کرتی ہے تری چشم حیا
یہ فرنگی تو ہے اعجاز مسیحا کرتا

غزل ظفر شاہ دہلی

کشتہ ہون کسکے طرۂ عنبر شمیم کا — خوشبو ہے مرے خاک سے دامن نسیم کا
گلشن ہو خلد کا کہ چمن ہو نعیم کا — کیا دل لگی ہے تیری گلی کے مقیم کا
دولت سی عشق کی مرا ہر قطرۂ سرشک — تکمہ ہے میری جیب مین دُرِ یتیم کا
دکھلائین سوزش دل بیتاب ہم اگر — کانپ اوٹھے شعلہ خوف سے نار جحیم کا
آتی ہین یاد ہجر کی ہمکو اذیتین — واعظ سے ذکر سنکے عذاب الیم کا
آنکھون مین اپنے نور اسی سے ہی ای ظفر — یہ مردمک ہے سایہ محمد کے میم کا

غزل رمز

دل مرے سینے مین یہ کوئی ستم پیدا ہوا — جب سے دل پیدا ہوا ساتھ اسکے غم پیدا ہوا
دلمین آتی ہے نظر اپنے مجھے تصویر یار — کیا تماشا ہے کہ کعبے مین صنم پیدا ہوا
مجھسے کی بیدردی نے پہلو تہی جس روز سے — درد پہلو مین ہمارے دمبدم پیدا ہوا
دیکھتے ہین سارے عالم کا تماشا دلمین ہم — ساغر دل اپنا رشک جام جم پیدا ہوا
اپنی صورت آئینہ مین دیکھکر کہتا ہے وہ — کوئی دنیا مین حسین مجسا بھی کم پیدا ہوا
ہے مرا سینہ کہ یارب کوئی دار الضرب عشق — داغ جو پیدا ہوا اشکل درم پیدا ہوا
مین وہ مجنون ہون کہ جسکو باغ جنت مین بھی رمز — خار صحرائے جنون زیر قدم پیدا ہوا

غزل خواجہ میر درد

قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا — پر ترے عہد کے آگے تو یہ دستور نہ تھا
رات مجلس مین ترے حسن کے شعلے کے حضور — شمع کے منہ پہ جو دیکھا تو کہین نور نہ تھا
ذکر میرا ہی وہ کرتا تھا صریحاً لیکن — مین نے پوچھا تو کہا خیر یہ مذکور نہ تھا
باوجودیکہ پر و بال نہ تھے آدم کے — وہان پونہچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا
پہونچیں غم کی ترے ہاے صنم کر دیکھا — کوئی بھی داغ تھا سینے پہ کہ ناسور نہ تھا
محتسب آج ترے ہاتھون سے میخانے مین — دل نہ تھا کوئی کہ شیشے کی طرح چور نہ تھا

درد کے ملنے سے اسے یار برا کیون مانا	اسکو کچھ اور سوا دید کے منظور نہ تھا

غزل احسان

سنگ بیقدر پسے دل میرا جو یکسر توڑا	مول اس لعل کا تونے بت کافر توڑا
تیری دیوار سے سر اپنا سراسر توڑا	نخل الفت سے ثمر ہمنے یہ دلبر توڑا
دل صد چاک کی پوچھی خبر اس نے تو آہ	گل صد برگ مرے سامنے لاکر توڑا
نالہ و آہ بھی اب تو نہ نکلنے سے رہی	خانۂ دل پہ لگا تیر ستمگر توڑا

غزل ممنون

گمان نہ تجھپہ کرون کیونکہ دل چرانے کا	جھکا کے آنکھ سبب کیا ہے مسکرانے کا
یہ سینہ ہے یہ جگر ہے یہ دل ہے بسم اللہ	اگر خیال ہے تلوار آزمانے کا
کسیکے ہونٹھ کے ہلتے ہی یہ تمام ہوے	مزا ملا نہ ہمین گالیان بھی کھانے کا
مجھے یہ ورد ہے معلوم حکم بلبل سے	نہ میری خاک پہ کر قصد پھول لانے کا
کیا فریفتہ کہکے یہ حال دل کو مرے	اثر فسون سے نہین کچھ کم اس فسانے کا
غمونکی گریہی بالیدگی سے ہے تو آخر	دل گرفتہ نہین سینے مین سمانے کا
جھکے نگہ مین ہے ڈھب پرسش نہانی کا	حنا مین زور دیا رنگ مہرباسنے کا
اجی مین گرم نفس سوز سے کہ ہر چراغ	کرے ہے شعلہ کا کام آب زندگانے کا
کہان سے رو لدل وسینہ و جگر لاؤن	تمھین لگانا ہے یہ ہاتھہ تیغ رانے کا
الٰہی جیب کے دامن سے آستین ہو لون	مژہ نے سیکھہ لیا شغل خونفشانے کا
نہین بجا مرض عشق سے کوئی ممنون	ہمین دریغ بہت ہے تری جوانے کا

غزل مومن خان

لگے خدنگ جب اس نالۂ سحر کا سا	فلک کا حال نہو کیا مرے جگر کا سا
نہ جاؤن کا کبھو جنت کو مین نجاؤن گا	اگر نہوے گا نقشہ تمھارے گھر کا سا

کرے نہ خانہ خرابی تری ندامت جور
کہ آب شرم مین ہے جوش چشم تر کا سا

یہ جوش یاس تو دیکھو تو اپنے قتل کے وقت
دعاے وصل نہ کی وقت تھا عصر کا سا

لگی ان آنکھوں سے ہر وقت ای دل صد چاک
ترا نہ رتبہ ہوا کیون شگاف در کا سا

ذرا ہو گرمی صحبت تو خاک کردے چرخ
مرا سرور ہے گل خندۂ شرر کا سا

یہ ناتوان ہون کہ ہون اور نظر نہین آتا
مرا بھی حال ہوا تیرے ہی کمر کا سا

جنون کے جوش سے بیگانہ وار ہین احباب
ہمارا حال وطن مین ہوا سفر کا سا

خبر نہین کہ اسے کیا ہوا پر اس در پر
نشان پا نظر آتا ہے نامہ بر کا سا

دل ایسے شوخ کو مومن نے دیدیا کہ وہی
محب حسین کا اور دل رکھے شمر کا سا

غزل ذوق

پونہچا آب تیغ قاتل تا بسر اچھا ہوا
اے دل مجروح لے تو غسل کر اچھا ہوا

ایک دن بالکل نہ مین اے چارہ گر اچھا ہوا
داغ ادھر تازہ ہوا گر زخم ادھر اچھا ہوا

آب خنجر کی ترے گر ہو زیادہ آبرو
آج مدت مین ہمارا حلق تر اچھا ہوا

آرہیگا دشت مین لیلی ترے ناقے کے کام
ہو گیا مجنون جو کانٹا سوکھ کر اچھا ہوا

روز کہتا تھا مزا مجکو چکھا دے عشق کا
بھر دیا لون اسنے دل کو چیر کر اچھا ہوا

سنکے مجنون نے مرے سوز جنون کو یہ کہا
واقعی مجھسے بھی یہ شوریدہ سر اچھا ہوا

بندھ گیا اس مو کمر کا جبکہ مضمون کمر
ہو گئی معنی مین دقت شعر پر اچھا ہوا

مجکو صدقہ کر اگر ہے بد مزہ تیرا مزاج
یہ ادھر صدقہ دیا تو نے ادھر اچھا ہوا

ہاتھ تو ہلکا پڑا تھا یار کی شمشیر کا
زخم پر قسمت سے میرے کارگر اچھا ہوا

کھنچ گیا میری طرف سے اور اب دلبر کا دل
واہ وا جذب محبت کا اثر اچھا ہوا

قتل کرتا ہے ترا بسمل سے یہ کہنا کہ لو
اب تو دامن بھی ہوا لوہو سے تر اچھا ہوا

نامہ بر جاتا ہے جلدی تو بھی چل جان حزین
دیر مت کر ساتھ تیرے ہمسفر اچھا ہوا

آئینہ خانہ مین عالم کے سمجھ لے یہ مثال
تا مجھے جانین کہ یہ صاحب نظر اچھا ہوا

ہے بُرا تو بھی اگر آیا نظر تجھکو بُرا
تو ہی . اچھا ہے تجھے معلوم گر اچھا ہوا

ذوق کے مرنے کی سنکر پہلے وہ کچھہ رُک گئے
پھر کہا تو یہ کہا منہ پھیر کر اچھا ہوا

غزل میر تقی

چمن مین گل نے جو کل دعوی جمال کیا
جمال یار نے منہ اوسکا خوب لال کیا

بہار رفتہ پھر آئی ترے تماشے کو
چمن کو مین قدم نے ترے نہال کیا

فلک نے عشق کی اب رہ مین ہمکو پیدا کر
بسان سبزۂ نورستہ پایمال کیا

رہی تھی دم کی کشاکش گلے مین کچھہ باقی
سو اسکی تیغ نے جھگڑا ہی انفصال کیا

لگا نا دل کو کہین کیا سنا نہین تو نے
جو کچھہ کہ میر کا اس عاشقی نے حال کیا

غزل حیدر کے

برابری کا ترے گل نے جب خیال کیا
صبا نے مار طمانچے منہ اوسکا لال کیا

وہین ہو چین بجبین غصہ سے کہا مت بک
کبھی جو بوسے کا آئینہ پیمان تک سوال کیا

نہ آئی کچھہ بھی مسیحائی تیری کام ترے
بدن سے روح نے آخر کو انتقال کیا

گر اٹھا کٹ کے زمین پر کبھی ترا ناخن
فلک نے اوسکو اوٹھا کر وہین ہلال کیا

ادا سا اوسکی نہ دیکھا مین حیدری محبوب
خدا نے اوسکو زمانے مین بیمثال کیا

غزل فدوی کے

تماشا ہے اگر آئینہ بے زنگار ہو پیدا
تحیر کے مکان ہے عکس روئے یار ہو پیدا

تڑپتی کیون اری بلبل کمال اتنا تو کر پیدا
گرے جس جا پہ اشک اپنا گل گلزار ہو پیدا

ترے زیب قبا سی گر کسی پہ تو رہے یکا کمر
گریبان سحر سے مطلع انوار ہو پیدا

اگر اس مصحفی رو پر کناری کا ہے یہ انچل
طلائی رنگ کی تحریر سے تلوار ہو پیدا

کھلے بالو نمین یون چمک تیری یہ عارض تابان
کہ جون ابر سیہ مین برق سو سو بار ہو پیدا

مرے اس لکی وحشت سے کئی منصور چلا ویپ
کرین دعوی انا الحق کا کہو سودا رہو پیدا
کسیکے نکتۂ تحقیق کی ہووے خبر فدوی
کسیکے عشق مین سے ہے حیدر کرار ہو پیدا

غزل انشا

جگر کی آگ بجھے جس سے جلد وہ شے لا
لگا کے برف مین ساقی صراحی مے لا
قدم کو ہاتھ لگاتا ہون اوٹھ کہین گھر چل
خدا کے واسطے اتنے تو پاؤن مت پھیلا
نکل کے وادی وحشت سے دیکھ ای مجنون
کہ زور دھوم سے آتا ہے ناقۂ لیلا
گرا جو ہاتھ سے فرہاد کے کہین تیشہ
درون کوہ سے نکلی صدا سے وا ویلا
نزاکت اوسکے مین لکھ رہی کیا کہون انشا
نسیم صبح جو چھو جاے رنگ ہو میلا

غزل سودا

سودا غزل چمن مین تو ایسی ہی کہکے لا
گل سنکے پھارین جیب کو دین بلبلان صلا
خاک کا پر بھی مسیحا سے کم نہین
فیروزہ بھی ہو مردہ تو دیتا ہے وہ جلا
نے چھوڑتا ہے اشک مرا دامن و کنار
یہ طفل بد سرشت نہ گہوارے سے ہلا
شفا کی نہین خدا سے سنے گر یہ شکل زیست
ممکن نہین کہ ار جو ہاتھی کرے گلا
غمسے خزان کے خون جگر چھٹ اب ای نسیم
غنچے گلون کے کچھ نہین کھاتے نہین کھلا
دبکے ہے اسقدر تو مجھے دیکھکر رقیب
چھپے کی بھانت جای ہے نظر و سے وہ بلا
اسلوب شعر کہنے کا میرے نہین ہے یہ
مضمون آبرو کا ہے سودا یہ سلسلا

غزل نظیر

ملا آج مجکو وہ چنچل چھبیلا
ہوا رنگ سنکر رقیبون کا نیلا
کیا جسنے مجھ سے عداوت کا نیچہ
سنلقے علیہم عذابا ثقیلا
نکل اوسکی زلفون کے کوچے سے ایدل
تو پڑھنا قم اللیل الا قلیلا
کہستان مین مارون اگر آہ کا دم
فکانت جبالا کثیبا مهیلا

نظیر اوسکے فضل و کرم پر نظر رکھ	نقش حسبی اللہ نعم الوکیلا

غزل خواجہ میر درد علیہ الرحمہ

مدرسہ یا دیر تھا یا کعبہ یا بتخانہ تھا	ہم سبھی مہمان تھے واں تو ہی صاحب خانہ تھا
وای نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا	خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا
حیف کہتے ہین ہوا تاراج گلزار خزان	آشنا اپنا بھی اک سبزہ بیگانہ تھا
ہوگیا مہمان سرای کثرت موہوم آہ	وہ دل خالی کہ تیرا خاص خلوتخانہ تھا
بھول جا خوش رہ عبث وہ سابقے ست یاد کر	درد یہ مذکور کیا ہے آشنا تھا یا نہ تھا

غزل ناسخ

مرغ دل کوچۂ سفاک کو گلشن سمجھا		تیغ کو طائر جان شاخ نشیمن سمجھا
چھوڑنا اسکا گوارا جو نہین ہے شاید		دامن دشت کو مین یار کا دامن سمجھا
بعد مرگ آیا جو سمجھیان اپنی ستمگاری کا	خیا	لحد تیرہ کو مین اپنے بھی روشن سمجھا
خوب دہوکا مجھے مسی کی اوداہٹ نے دیا		دہن یار کو مین غنچۂ سوسن سمجھا
بیگمان مورچہ خط کا اسی سے ہے وفور		ہین ترا چاہ ذقن مور کا روزن سمجھا
کسنے انگلی یہ رکھی فاتحہ کو فندق بند		شمع معکوس لحد پر جو مین روشن سمجھا
بنگیا جوش تصور سے بتون کا مسکن		سجدہ کو نہ مرے کوئی برہمن سمجھا
کاٹے کھاتی ہے مجھے فکر سخن ای ناسخ		دو زبان کے قلم اپنے کو مین ناگن سمجھا

غزل نظیر

مرا دل ہے مشتاق اوس گلبدن کا		کہ ہر باغ اک گل ہے جسکے چمن کا
وہی زلف ہی جسکی نکہت سے ابتک		پڑا خون سوکھے ہے مشک ختن کا
وہی لعل لب ہی کہ حسرت سے جسکے	قطعہ	جگر آج تک خون ہے لعل یمن کا
عجب سیر دیکھی نظیر اس چمن کی		ابھی وصل تھا نرگس و نسترن کا

ابھی یکدگر سب جمع تھے سنبل و گل	ابھی تھا بہم جوش سرو و سمن کا
ابھی چہچہے بلبلوں کے عیان تھے	ابھی شور تھا قمری نعرہ زن کا
گھڑی بھر کے جو بعد دیکھا یہ عالم	کہ نام و نشان بھی نہ وان تھا چمن کا

غزل امید

ہزار شکر کہ خط صبح یار کا پونہچا	اسی کے ہاتھ ہی دارو مدار کا پونہچا
دل شگفتہ کو پیغام یار کا پونہچا	گل فسردہ کو مژدہ بہار کا پونہچا
اوگی یقین ہے وہان سے ہزار لالہ و گل	قدم جہان پہ مری گلعذار کا پونہچا
تم اسکو رنگ حنا خاص شمار کرو	ہی قتل عام سے رنگین نگار کا پونہچا
ہماری دیکھ کے اس مرغ دل کو ای صیاد	خیال کیا تری چمین شکار کا پونہچا
جہان کو مست کیا یک نگاہ نے تیرے	ادھر بھی دیکھ کہ عالم بہار کا پونہچا
امید اپنی طبیعت تو بلغ باغ ہوئی	پیام جبکہ بت گلعذار کا پونہچا

غزل فدوی

دل تڑپتا ہی صبح و شام پڑا	یا الٰہی یہ کس سے کام پڑا
گو نہ لیوے تو نام عاشق کا	اب تو منہ مین یہ سبکے نام پڑا
جان سے ہو گیا بدن خالے	جسم رہجاوے گا تمام پڑا
قابل بندگی نہین تو نہین	کب گلے آکے یہ غلام پڑا
یار ایسا نہ پاویگا فدوی	دیکھ لینا گر اوسکو کام پڑا

غزل منصور

دل گرفتار کیا کس نے کیا یار کیا	اب مجھی بیمار کیا کس نے کیا یار کیا
تم جو رہتے تھے سدا گوشہ تنہا مین	سر بازار کیا کس نے کیا یار کیا
آپ کثرت مین گیا گوشہ وحدت سے نکل	عشق اظہار کیا کس نے کیا یار کیا

غزل شیخ عبد القادر المتخلص وفا

دل از زلف جانان مین آکے چھپا
نہان اب ہے سر پیمان مین آکے چھپا
دامن مین چھپ چھپ کے اب یہ دل
فرقت [illegible] گریبان مین آکے چھپا
نکل کے [illegible] گلشن مین [illegible]
آہ دنیا سے [illegible] گلستان مین آکے چھپا
[illegible] مرغ [illegible] دلا [illegible]
وحشت [illegible] جیب و دامان مین آکے چھپا
[illegible] اپنی [illegible] تابان مین آکے چھپا
[illegible] وفا [illegible]

کسنے لے آگ مین ڈالا تھا خلیل اللہ کو
نار گلزار کیا کسنے کیا پار کیا

کون منصور تھا وہ جسنے انا الحق بولا
بر سر دار کیا کس نے کیا پار کیا

غزل جہانگیر شہزادہ

گر یار نہو ساقی پیمانہ ہوا تو کیا
معمور شرابون سے میخانہ ہوا تو کیا

ہم عشق کے بندے ہین مذہب سے نہین واقف
گر کعبہ ہوا تو کیا بتخانہ ہوا تو کیا

جب درد نہو دل مین کیا عشق مزا دیوے
کہنے کو بھلا کوئی دیوانہ ہوا تو کیا

اس عشق کی آتش سے جلتے ہین سبھی کوئی
گر شمع ہوئی تو کیا پروانہ ہوا تو کیا

معشوق کے کانون تک اتنک نہین پہنچا ہے
یہ اشک مرا یارو دردانہ ہوا تو کیا

جہانگیر سا شہزادہ تھا عشق سی وہ غافل
آباد ہوا تو کیا ویرانہ ہوا تو کیا

غزل میر تقی

غم رہا جب تک کہ دم مین دم رہا
دل کے جانے کا نہایت غم رہا

حسن تھا تیرا بہت عالم فریب
خط کے آنے پر بھی اک عالم رہا

دل نہ پہنچا گوشۂ داماں تلک
قطرۂ خون تھا مژہ پر جم رہا

سنتے ہین لیلی کے خیمے کو سیاہ
اوسمین مجنون کا مگر ماتم رہا

زلفین کھولین تو تو ٹک آیا نظر
عمر بھر یان کام دل برہم رہا

اسکے لب سے تلخ ہم سنتے رہے
اپنے حق مین آب حیوان سم رہا

جامۂ احرام زاہد پر نہ جا
تھا حرم مین لیک نامحرم رہا

میرے رونے کی حقیقت جسمین تھی
ایک مدت تک وہ کاغذ نم رہا

دیکھ میرا رونا اوس نے ہنس دیا
برق چمکی ابر باران تھم رہا

صبح پیری شام ہونے آئی میر
تو نہ چیتا یان بہت دن کم رہا

غزل رمضان علی

پھر دوبارہ عشق کا دلپر اثر پیدا ہوا
باغ مین تیرے محبت کا شجر پیدا ہوا

اشک جاری رات دن ہین چشم گریان سے مرے
اسقدر رویا کہ اشکون سے گہر پیدا ہوا

دیکھکر گلشن مین کہتین بلبلین اوس ماہ سے
کیا چمن مین دوسرا رشک قمر پیدا ہوا

اب مجھے تیرے بجز آتا نہین آرام و چین
پھر تجھے کیونکر جدائی سے صبر پیدا ہوا

زخم آنسے ہو گئے چھل چھل کے سارے جسم کے
درد دل رمضان علی شام و سحر پیدا ہوا

غزل کنور

آتش دل کا جو آنکھون سے شرارا چمکا
لوگ سمجھے کہ فلک پر سے ستارا چمکا

درد فرقت مین جو شب لکو ہوئی بیتابی
رات رو ہین کبھی صبح کا تارا چمکا

چہرہ از بسکہ بھبوکا سا نظر آتا ہے
ان دنون نام خدا رنگ تمھارا چمکا

صحن خانہ مین جو دلدار ہوا خوش قد آ
آسمان نور سے اوس ماہ کی سارا چمکا

زرد رو عشق کی دولت سے ہوئے ہم ہم
زعفران زار یہ چہرہ بھی ہمارا چمکا

برق چمکی ہی ہوا عاشق بسمل کو سمجھ
چھت کے اندر سے جو آنچل کا کنارا چمکا

دلمین آتش جو کنور غمسی تو بجھر کا تاہے
خوب چمکا نہین پھر اسکو دوبارا چمکا

غزل ظفر

جلکے گلزار سے صیاد پھر آیا اولٹا
کیا نصیبا سے تھا بلبل شیدا اولٹا

تن عریانی سے بہتر نہین دنیا مین لباس
یہ وہ جامہ ہے کہ جسکا نہین سیدھا اولٹا

گالیان دیتے ہین اونسے تو خفا ہوتے ہین
میرے یارون سے جو کرتے ہین وہ شکوا اولٹا

نام اوسنے جو سنا عشق مین بیماری کا
میرے در پر سے پھر آیا جو مسیحا اولٹا

یاد آیا جو مجھے کوئی صنم حشر کے دن
در فردوس تلک جا کے پھر آیا اولٹا

قیس کی طرح سے ہو جاتے ہزارون مجنون
پردہ محمل کا جو رکھتی کبھو لیلے اولٹا

نالہ کرنے سے مرا یار خفا ہوتا ہے
رحم کی جا اوسے آجاتا ہے غصہ اولٹا

غزل آتش

خدا نے برق تجلی سے تجھے جمال دیا — ہماری آنکھوں کو دیدار کا خیال دیا

کسیکو ملک دیا ہے کسیکو مال دیا — فقیر ہون مجھے اللہ نے یہ حال دیا

چلا تو بتکدے کی سیر کو موذن ہے — بلا دیا جو بتون کو پہاڑ ٹال دیا

شراب ابر مین کیونکر پیین نہ ایسا تھے — ترے کرم سا ہے ہمکو شفیق حال دیا

شرف سے دستخط یار کے پھرا محروم — جواب صاف ملا لکھکے جب سوال دیا

سرور یار سے حاصل ہوا سرور مجھے — ملال دوست نے دل کو مری ملال دیا

شب وصال مین اوس چہرۂ منور سے — ہٹا کے زلف کو آتش بلا کو ٹال دیا

س
ے
۸

غزل فرخ

صبح آتا ہے چلا عید مین سرشار جھکا — نظر آتا ہے مجھے مطلع انوار جھکا

دل جھکا دید جھکا ہاتھ جھکا پیروں پر — کچھہ ذرا مین بھی جھکا پھر تو ہر ابار جھکا

کوئی تھا پیچ گلے مین کوئی تھا سر کے اوپر — یک بیک آن کے وہ لٹ پٹے دستار جھکا

مچگئی دھوم چمن مین جو پکارین بلبل — آج گلشن کیطرف وہ گل گلزار جھکا

جب چلا جھکتا ہوا حسن کے بازار کے بیچ — ایک یوسف کے لیے لاکھہ خریدار جھکا

تیغ ابرو کے لیے شوخ اکڑتا ہے کھڑا — دیکھیے کسکو کرے قتل ستمگار جھکا

حسن تو بہت سے دیکھے پہ کہین دل نہ لگا — دیکھہ صورت کو تری فرخ لاچار جھکا

غزل قتیلہ

شوخ کے پان سے جب لال مین دندان دیکھا — اسطرحکا نہین مین لعل بدخشان دیکھا

قوس ابرو سے جو گردون پہ گیا تیر فرہ — ای میان گاو فلک کو وہین قربان دیکھا

بہر روزی کے تو دنیا مین نہ مضطر ہو کبھو — مین نے دانے کو آب مین غلطان دیکھا

کیا کرون یار کے مین رنگ حنا کی تعریف — شانے ایسا نہ کہین پنجۂ مرجان دیکھا

اے رقیبہ باغ مین جانیکی نہین کچھ حاجت
ہاے ہمنے لڑکون کی بغل مین ہے گلستان دیکھا

غزل میر تقی

صحرا مین سیل اشک مرا جابجا پھرا
مجنون بھی اوسکی موج مین مدت بہا پھرا

طالع جو خوب تھے نہوا جاہ کچھ نصیب
سر پر مرے کرور برس تک ہما پھرا

آنکھین برنگ نقش قدم ہوگئین سفید
نامے کے انتظار مین قاصد بھلا پھرا

ٹک بھی نہ مڑ کے میری طرف تو نے کی نگاہ
یک عمر تیرے پیچھے مین ظالم لگا پھرا

دیر و حرم مین کیونکہ قدم رکھ سکیگا میر
ایدھر تو اوس سے بت پھرے اودھر خدا پھرا

غزل صادق

فرط شوق اس بت کے کوچے دل لگا لیجائیگا
کعبۂ مقصود تک مجھکو خدا لیجائیگا

پاؤن میرا توڑ کے صیاد لے قابو نہ چھوڑ
ناتوان ہون باد کا جھوکا اوڑا لیجائیگا

بعد مرنے کے مرے کچھ خاک بھی بچتی نہین
پھر چبانے کو مرے ہڈی ہما لیجائیگا

اس سحر کو دیکھتے ہی دل مرا اوبھا گیا
چھوڑ دے دنیا کو بھی میرا خدا لیجائیگا

اے مرے مشکل کشا مشکل کشائی کیجیے
تم بغیر اب کون میری التجا لیجائیگا

وعدۂ صادق ہے عزرائیل سے اب دیکھ لو
اس سرا سے اوس سرا تک کب خدا لیجائیگا

غزل مستان

آہ وہ گل جب تلک میرے گلے کا ہار تھا
رات دن چشمون مین غیرون کے کھٹکتا خار تھا

کب خوش آتا تھا نگہ مین اوسکی ہر اک گلبدن
نرگسی آنکھون کا تیرے جو کوئی بیمار تھا

آج گل کاری کا جامہ دیکھکر اوس شوخ کا
ہر چمن مین گل پہ گل کھانے کو گل تیار تھا

یاد کر کل شب کو پروانے کا رونا بزم مین
شمع نے تا صبح تک رونیکا باندھا تار تھا

منظر قوس قزح تھی آسمان پر دیر تک
کسنے کل اسکو دکھایا ابروے خمدار تھا

اونگلیان دانتون مین دیتے تھے سبھی پیر و جوان
گل جو دیوانہ ترا سرا سر بازار تھا

کب اوسی پڑتی تھی کل جون مرغ بسمل روز و شب — تیر مژگان جسکے سینے مین رہ سوفار تھا

زلف کے چھٹتے ہی غل چارون طرف تھا مار مار — رخ تلک بوسے کی خاطر پہونچنا دشوار تھا

کل کسو نے جا کہا اوس سے کہ مشتاق مر گیا — رو دیا سنکر کہا افسوس کیا آزار تھا

غزل واحد علی

کرکے تنہا مجھے اے دوستو گلفام گیا — غم الم سونپ گیا طاقت و آرام گیا

کیا اوسے خط مین لکھون کیا منہ زبانی بولون سا — قاصد ابتک نہ پھرا لیکے وہ پیغام گیا

وعدہ کرکر جو گیا شب کو نہ آیا گھر ب — انتظاری مین تری مجکو صبح و شام گیا

کب خوش آتا ہے مجھے باغ و بہار گلشن — گل تو سب خار ہوئے جبکا گل اندام گیا

جسم لاغر کو مرے دیکھکے کہتے ہین طبیب — زندگی اوسکی کہان جسکا دلارام گیا

مین نے دیکھا جو وہین رشک قمر کو تجھے پر — مین دوبارہ وہین فی الفور لب بام گیا

نعرہ کھینچون ہون تصور مین شب و روز مدام — سعنا ان چشمون کا ہرگز نہ صبح شام گیا

ذکر واحد علی کر رب کے لامے گا وہی — دام مین لیکے مجھے وہ بت خود کام گیا

غزل تبسم

چھپک بتا کے مجھے دلربا نے لوٹ لیا — بچا نگہ سے تو شرم و حیا نے لوٹ لیا

ہزارون ہین صف مژگان تیر کے گھائل — مجھے تو ابرو کمان کے ادا نے لوٹ لیا

خدا کے واسطے کر رحم اے بت سنگدل — ترے تو روز کے جور و جفا نے لوٹ لیا

نگاہ شوخ نے کی خانمان کیے برباد — مجھے بھی کافر زلف دوتا نے لوٹ لیا

جہان مین جتنے ہین معشوق بیوفائی سے — یہ عاشقون کو تو یار و وفا نے لوٹ لیا

نہین ہے شکوہ رقیبون سے کچھ مجھے ہمدم — کہ دل لگاتے ہی اوس آشنا نے لوٹ لیا

روان تھا قافلہ اشکون کا جو مرے یارو — سو اس تبسم غارت ربا نے لوٹ لیا

غزل آصف

آہ جبتک تیرے پہلو مین وہ دلدار نتھا
آہ کا بھرنا مرا خالی ز اسرار نتھا

رات کیا بات تھی بتلا تو مجھے اے ظالم
ایسا اقرار بھی کرنا تجھے درکار نتھا

کرکے موقع نہ فنی مجھپہ ہوا چین جبین
یعنی مین قتل بھی کرنیکے سزاوار نتھا

کل جو دیکھا ترے بستر پہ وہ بیمار پڑا
آج بستر پہ فقط او روہ بیمار نتھا

اسکے جانے سے تجھے موت نہ آئی آصف
ایسی رسوائی سے جینا تجھے درکار نتھا

غزل علی

کہو بلبل کو لیجائے چمن سے آشیان اپنا
پڑھے گر صد ہزار افسون نہوگا باغبان اپنا

اٹھاکر لیچلی بلبل چمن سے آشیان اپنا
کہا گل سے کہ اے بیوفا ہے یہ مکان اپنا

ہوئی جب باغ سے رخصت کہا رو رو کے قسمت
لکھا تھا یون کہ فصل گل مین چھوڑون آشیان اپنا

ارے صیاد یون چاہے تو جی ار جان کے حاضر ہون
ولیکن طوق قمری کیطرح کرکے نشان اپنا

مرا جلنا ہے جی اس بلبل بیکس کی غربت پہ
کہ گل کو آ میرے پیر یون لٹایا خانمان اپنا

چلی جب باغ سے بلبل لٹاکر خانمان اپنا
نچھوڑا ہای بلبل نے چمن مین کچھ نشان اپنا

نہ تو نے گل کیا اپنا نہ بلبل باغبان اپنا
چمن مین کس بھروسے پر بنایا آشیان اپنا

یہ حسرت رہگئی کس قرینے سے زندگی کرتی
اگر ہوتا چمن اپنا گل اپنا باغبان اپنا

الم کر اسطرح روئی کہ رسوا ہوگئی بلبل
ڈبایا ہاے آنکھون نے تمامی خانمان اپنا

مگر وہ لیسے بتار کھتا علی کو ہر سے پیار ہے کو
وہ حکم شاہ رکھتا تھا وہ لے تھا مہربان اپنا

غزل انشا

کیا خدا سے عشق کی مین رہنمائی مانگتا
مانگتا جو اوس سے تو ساری خدائی مانگتا

برچھی اسکی آہ کی کھتا ہے یون دل چیر کے
تم سے وان ہد کر بڑا صاحب لڑائی مانگتا

اس سے خلوت کی ٹھہرجاتی تو مین اسکے
واسطے دو دوان کے عرش کبریائی مانگتا

یون کہا رندون نے جھٹ پٹ شیخ کی پگڑی اتار
دو ٹرائی ہے یہ سر اسکا بڑائی مانگتا

داد میں کوئی جو ملجا تا تو انشا عشق سے
الامان میں بادشاہ سے دے دوہائی مانگتا

غزل قیس

علاج درد کا اپنے بہت کیا نہ گیا
طبیب سے مجھے کیا کیا نکچھ دیا نگیا

گیا جنون لیے یہ کچھ میری طبع پر غلبہ
اگرچہ خون بھی فصاد سے لیا نگیا

بہائی پھوٹ کے خونناب چشم سے آخر
تری جدائی میں خون جگر پیا نہ گیا

ہمارے چاک گریبان کا ناصحا تجھسے
ہزار شکر کہ اک تار بھی سیا نہ گیا

وہ ذائقہ لب لیلا کے بوسہ کا ای قیس
مثال شیرین کی لذت کو تو چکھا نگیا

غزل سراج

قد ترا سرو روان تھا مجھے معلوم نہ تھا
گلشن دل میں عیان تھا مجھے معلوم نہ تھا

دھوپ میں غم کے عبث جیکو جلایا افسوس
پیو کے سایہ میں امان تھا مجھے معلوم نہ تھا

خاک تیرے قدم پاک کی اے نور نین
سرمۂ دیدۂ جان تھا مجھے معلوم نہ تھا

شب ہجرت کے اندھیرے سے بتنگ آیا تھا
رخ ترا نور فشان تھا مجھے معلوم نہ تھا

یار نے ابروسے مژگان سے مجھے صید کیا
اوس کنے تیر و کمان تھا مجھے معلوم نہ تھا

سب جگت ڈھونڈھ پھرا پیو کو نہ پایا ہرگز
دل کے گوشہ میں مکان تھا مجھے معلوم نہ تھا

روزہ داران جدائی کو خم ابروے یار
ماہ عید رمضان تھا مجھے معلوم نہ تھا

میں نے سمجھا تھا کہ اس یار کو ہے نام و نشان
یار بے نام و نشان تھا مجھے معلوم نہ تھا

دل بیدل نے کہا تھا سو ہوا آج سراج
کیا بلا سیف زبان تھا مجھے معلوم نہ تھا

غزل تراب شیدا

ڈوب کر دل میں مرے تیر کا پیکان رہا
اوہ کہا نذار ترا مجھ پہ یہ احسان رہا

نہ کسی دوست نے پوچھا نہ کسی دشمن نے
مدتون شہر میں اپنا یہی سامان رہا

اے جنون ہاتھ سے تیرے تری صدقے جاؤں | کوئی باقی نہ مرا تار گریبان رہا
بستر خاک ہے اور پیرہن عریانے | بے رفو برسوں مرا چاک گریبان رہا
آفریں ہے تری ہمت کو تراب شیدا | عشق کافر کا کیا آپ مسلمان رہا

غزل نثار

اوسکے قدموں سے لگی رہتی ہے دنرات حنا | خوب دنیا میں بسر کرتی ہے اوقات حنا
دسترس ہمکو نہیں جنکے قدم تک پونہچے | تو ترے ہاتھوں میں کیسے تیری کیا بات حنا
عرض کیجو جو ہماری بھی قدمبوسی تک | اوسکے قدموں سے لگے اب جو کسی رات حنا
تو کبھی اسطرح لگے گا مری چھاتی سے کبھو | شوخ جسطرح سے لگتی ہے ترے ہات حنا
ہم تو مایوس رہے اسکی قدمبوسی کے | جا کے قدموں سے لگی یار کے ہیہات حنا
فندقیں یار کی مشاطہ لگائے ہیں نثار | گل مہندی پہ نہ لاوے کبھی آفات حنا

غزل نظیر

نظر پڑا اک بت پری وش نرالی سج دھج نئی ادا کا | جو عمر دیکھو تو دس برس کی پہ قہر آفت غضب خدا کا
جو شکل دیکھو تو بھولی بھولی جو باتیں سنیے تو میٹھی میٹھی | یہ دل وہ پتھر کہ سر اوڑا دے جو نام لیجے کبھی وفا کا
جو گھر سے نکلے تو یہ قیامت کہ چلتے چلتے قدم قدم پر | کسیکو ٹھوکر کسیکو جھڑکی کسیکو گالی نپٹ لڑاکا
یہ راہ چلنے میں چلبلاہٹ کہ دل کہیں ہے نظر کہیں ہے | کہاں کا اونچا کہاں کا نیچا خیال کسکو قدم کی جا کا
لڑادی آنکھیں وہ بیحجابی کہ پھر ملک سے پلک نہ مارے | نظر جو نیچی کرے تو گویا کھلا سراپا چمن حیا کا
یہ چنچلاہٹ یہ چلبلاہٹ خبر نہ سر کی نہ تن کی سدھ بدھ | جو چیرا بکھرا ابلا سے بکھرا نہ بند باندھا کبھو قبا کا
گلے لپٹنے میں یہ شتابی کہ مثل بجلی کے مضطرب ہے | کہیں جو چمکا چمک چمک کر کہیں جو لپکا تو جا چھپا کا
نہ وہ سنبھالا کسیکے سنبھلے نہ وہ منایا منے کسیکے | جو قتل عاشق پہ آکے مچلے تو غیر کا پھر نہ آشنا کا
نظیر ہٹ جا پری سرک جا بدل لے صورت چھپا لے منہ کو | جو دیکھ لیوی گا وہ ستمگر تو یار ہوگا ابھی جھگڑا کا

غزل نثار

یار کو ہمنے جا بجا دیکھا	کہین ظاہر کہین چھپا دیکھا
کہین ہو پادشاہ تخت نشین	کہین کاسہ لیے گدا دیکھا
کہین بولا بھلا وہ کہیے الست	کہین وہ بندۂ خدا دیکھا
کہین واجب بنا کہین ممکن	کہین فانی کہین بقا دیکھا
کہین زاہد بنا کہین ممکن	کہین رندون کا پیشوا دیکھا
کہین عاشق نیاز کی صورت	سینہ بریان و دل جلا دیکھا

غزل سوز

محبت کو دام بلا جانتا تھا	پھنسا مین تو ایدل یہ کیا جانتا تھا
چلا مجھسے تو بھی جتا کر بھلا دل	تجھے مین بڑا آشنا جانتا تھا
بڑھی گر محبت سے تھا ہی مجھے ڈر	کہ آخر کرے گا دغا جانتا تھا
دغا کھائی آخر دغا کھائی آخر	مین کیا جانتا تھا مین کیا جانتا تھا
دلاسا تو دے سوز کو چلتے چلتے	مگر تو جگر ہی جلا جانتا تھا

غزل ولی

تجھ لب کی صفت لعل بدخشان سے کہونگا	جادو ہین تیرے نین غزالان سے کہونگا
دی حق نے مجھے بادشہی حسن نگر کی	جا کشور ایران مین سلیمان سے کہونگا
مین جب سے دیکھا خواب ہے ایما یہ خوبی	اس خواب کو مین یوسف کنعان سے کہونگا
تعریف ترے قد کی الف وار اے ساجن	جا سرو گلستان کو خوش الحان سے کہونگا
مجھ پر نکرو ظلم تو اے لیلی آفاق	مجنون ہون ترے غم کا بیابان سے کہونگا
بیتاب نہو شور سے تو اے ولی ہرگز	اس درد کی دارو کسی درمان سے کہونگا

غزل ملک شاہ

مراد درد دل تجھ پہ ظاہر ہوگا	ادھر منزل عشق بسیار ہوگا

ادھر تو جگر میرا ہے پارہ پارہ
اودھر مرہم وصل طیار ہوگا

وہ پل ہے تو چھوٹا جو رشتہ ہی باریک
یہ بندہ گنہگار کیا پار ہوگا

ملنگ شاہ سائین تو ہے جگ مین روشن
اودھر لعل و گوہر کا بازار ہوگا

غزل سودا

جبکہ گلشن کی طرف یار طرحدار جھکا
محو سب ہوکے چمن غنچہ پہ گلزار جھکا

نرگس مست ترے آگے جو تل در رخ شر
گل مخمور جھکا بلبل بیمار جھکا

کان کے نیچے جو نکلے ہے تری سنبل زلف
جیسا پانی سے نکل مار طرحدار جھکا

شب مہتاب مین بیٹھا تھا جو وہ سیمین تن
قرص الماس پہ وہ چہرۂ بلدار جھکا

عرق آلودہ وہ بلوا جبین اوسکی دیکھ
لے ستارون کو زمین پر مہ انوار جھکا

بس شرابی کو ترے دیکھکے مینا نمین
شیشہ پیالے پہ جھکا پیالے پہ یار جھکا

شوخ اوس سجے مین تری کیا ہی بلا کی آتش
پیتے ہی می سکے ہوا مست وہ سرشار جھکا

تیر ناوک ترے مژگان کے ائی ابرو کمان
ہدف دلپہ مرے جب کہ وہ سوفار جھکا

حسن کی تیری جو دوکان مین عجب ہے سودا
جو اوسی جنس گران پر ہو خریدار جھکا

غزل اکرم

دم کو سمجھ غنیمت واقف ہو دم کی دم کا
یہ کون ہے دمیدہ دم مارتا ہے دم کا

قرآن مین لکھا ہے کل من علیہا فان
یعقی سو چیز کیا ہے نے جسکو ڈر عدم کا

جسکو پیا جو چاہے کہلاوے وہ سہاگن
پھر جستجو مین کیونکر دھرنا کہو قدم کا

کہتے ہین لوگ سارے کچھ نین اوٹھا سو کیا تھا
اوڑ فاختہ گیا ہے فہمیدۂ فہم کا

کن سے ہوا ہے فیکون اس کن کا کون کن ہے
لکھنے کا تاب نہ لایا سینہ پھٹا قلم کا

ہے فاعل حقیقی ہر چیز کا وہی سب
کیونکر ہوا ہے جگ مین دوزخ بہشت ہم کا

اکرم تو عبدالحق کی رہ بندگی مین دائم
ہووےگا دور تجھسے پردہ تجھ ہے وہم کا

غزل اشفاق

دل مرا نور تجلی سے جو معمور ہوا | شعلہ جو آہ کا نکلا شرر طور ہوا
کیا خوشی رہتا تھا گلزار عدم میں آدم | آ کے ہستی میں غم و درد سے رنجور ہوا
کبریا حق کے ہیں از بسکہ حجابوں میں مستور | جو کہ پیدا ہوا عالم میں سو مغرور ہوا
نحن اقرب جو کہا حق نے بیان کیا کیجیے | آپکو بھول گئے ہیں پاس سے بہت دور ہوا
دم دیا حق نے نفخت کا تن آدم کو | جس سے ہے پارۂ گل جوہر پر نور ہوا
چونکے جو وقت کہ ہم خواب عدم سے اشفاق | وہی موسی تھا وہی نور وہی طور ہوا

غزل شیدا

اجل کے کوچے میں تیرا گذار ہووے گا | ترا قرار بدار القرار ہووے گا
دھرینگے تجھکو جنازے میں تخت شاہی سے | اگر خزانہ و لشکر ہزار ہووے گا
لحد کے گوشے میں تجھکو زمین پہ سونا ہے | بدن ترا خورش مور و مار ہووے گا
نکر تو فخر یہاں اپنی شہسواری کا | عمل سے پیادہ وہاں شہسوار ہوویگا
اگرچہ باغ جہان میں تو مثل گل ہوگا | پہ تیری خاک پہ آخر کو خار ہووے گا
نڈر خدا سے تو ہو کر گناہ کرتا ہے | نجانوں کیا ترا انجام کار ہووے گا
طمع کسی سے نرکھہ اس جہان فانی میں | سوا عمل کے ترا کون یار ہووے گا
نہ کر کسی پہ ستم سوچ یہ کہ آخر میں | خدا ہی سے ترا دار و مدار ہووے گا
اگر چھپائے کسی طرح سے تو اپنا کیا | پر ایک دن کو وہ سب آشکار ہوویگا
ہر اک حلال سے تیرے حساب لیوینگے | ہر اک حرام کا تیرے شمار ہووے گا
تو اپنے کوچ کی کچھ فکر کر یہاں شیدا | کلام سعدی ترے یادگار ہوویگا

غزل معروف

آہ وہ کون تھا خدا مارا | جس نے اس سے مجھے لگا مارا

ایک ہے تو بھی بدبلا اے چشم / دل کو پھر زلف مین پھنسا مارا

کیا غضب تھی وہ جنبش ابرو / صاف جسنے کہ نیمچا مارا

مین جو بولا کہ سنگدل ہے تو / اوس نے پتھر سب مجھے اوٹھا مارا

بعد مدت سے ملے تھے کل اونسے / آج لوگون نے پھر لڑا مارا

وصل کی شب بھی مین نسویا آہ / روز ہجران کے خوف کا مارا

پاس کے مرضے کھلا جو باتون مین / یہ ہنسایا کہ بس لٹا مارا

جنس صبر و خرد سے لیے معروف / ملک دل فوج غم لبا مارا

غزل سلیمان

تمسے ہو کر جدا یہ دل کہا کڑک کر رہ گیا / بس مرا سینے مین دل دھڑکا دھڑک کر رہ گیا

ہنسے جانا آپ کے ہو جو کچھ کھٹکا ہوا / یاد سے دیکھا تو در کھٹکا کھٹک کر رہ گیا

توڑ کرنا گر تجھے منظور تھا تو کس لیے / نیمچہ کو میان سے سرکا سرک کر رہ گیا

طائر دل کو جدا کیا اس قفس کے قید سے / چھوڑ کر طفل چمن پھڑکا پھڑک کر رہ گیا

اے سلیمان عشق کی آتش ہے مجھ دلمین بڑی / آگ کا شعلہ سا مجھ بھڑکا بھڑک کر رہ گیا

غزل طور

کبھو وہ سر وقد آیا تو ہوتا / کوئی دم گور پر سایہ تو ہوتا

ید بیضا کو ہوتا داغ حسرت / حنا کا چور دکھلایا تو ہوتا

رخ مصحف پہ مین قربان جاتا ہون / کوئی قرآن پڑھوایا تو ہوتا

گیا تنہا ترے کشتہ کا لاشہ / لحد تک اوسکو پہنچایا تو ہوتا

کھڑا ہون کب سے تیرے زیر دیوار / تو اپنے بام پر آیا تو ہوتا

سخنور عاشقی ہے نعرہ بلبل / ہمارے طرح گل کھایا تو ہوتا

عشق آیا طور کو موسے کے پاس	رخ پر نور دکھلایا تو ہوتا

غزل سکندر

کیا کمان ابرو نے یک تیر نظارہ مارا	جسکے لگتے ہی جگر ہو گیا پارا پارا
کیا لب تجھے اور نہ تھا ہستی کے جنگل مین شکار	مرغ دل تو نے جو صیاد ہمارا مارا
رات تنہائی مین آیا تھا تصور تیرا	ذکر تیرا ہی کیا آہ کا نعرہ مارا
ہمنے پھینکی تھی کلی اوسکی طرف لالہ کی	اوسنے شوخی سے ہمین پھول ہزارا مارا
غیر کیا چیز ہے محفل سے اوٹھا دون پلمین	کیا کہون کہہ نہین سکتا مین تمھارا مارا
عشق بازی کے لیے ہمنے بچھائی چوسر	پانسا گرتے ہی گویا رنگ ہمارا مارا
ہیچ دنیا کے لیے کچھ نہ سکندر نے کیا	آپ کے روز جیا کس لیے دارا مارا

غزل نظیر

ہوئی صبح جب گھر سے وہ یار نکلا	کہا خلق نے رشک گلزار نکلا
کئی آ گئے پیچ مین لف کے وہان	مری چشم سے جو گہربار نکلا
قضا تیری کافر ادھر آ گئی جو	کھلی لٹ پٹی باندھ دستار نکلا
عجب پھیر قسمت کا ہے میرے یارو	جسے یار سمجھا سو اغیار نکلا
خفا ہمسے شیکو صنم ہو گئے ہین	مرہٹہ کو لیکر وہ بازار نکلا
بہت چاہا دل بیچ دیجے صنم کو	مرے دل کا وہ نا خریدار نکلا
صراحی سے ساقی نے مے جو پلائی	نظیر اسقدر ہو کے سرشار نکلا

غزل نسیم

گر ہمنے دل صنم کو دیا پھر کسیکو کیا	اسلام چھوڑ کفر لیا پھر کسیکو کیا
ہمنے تو اپنا آپ گریبان کیا ہے چاک	آپ ہی سیا سیا نہ سیا پھر کسیکو کیا
اپنی تو زندگی سیان مثل حباب ہے	گو خضر لاکھ برس جیا پھر کسیکو کیا

انکھین تمھاری لال صنم کچھ نشہ پیا — آپ ہی پیا پیا نہ پیا پھیر کسیکو کیا
دنیا مین سبھنے آکے بھلا یا برا کیا — جو کچھ کیا سو ہمنے کیا پھیر کسیکو کیا

غزل سوز

قضارا وہ قاتل ادھر آن نکلا — تو سینے کو اوسکے مرا جان نکلا
کھڑا نعش پر ہو کے بولا کہ ہے ہے — یہ کشتہ تو کچھ جان پہچان نکلا
چھری لیکے من بعد سینے کو چیرا — تو دل کی جگہ خشک پیکان نکلا
شتاب سر کہا اسے مینے کیا کیا — مین سمجھا تھا کچھ یہ مرا جان نکلا
کھڑے رہنے والون مگر سوز ہے یہ — بھلا اسکے دل کا تو ارمان نکلا
بھلا سوز ایسا تھا جسکی خاطر — یہ خورشید پھاڑے گریبان نکلا

غزل مست

آج دلبر کو خواب مین دیکھا — نور حق کا حجاب مین دیکھا
خود فنا ہو کے ذات مین ملنا — یہ تماشا حباب مین دیکھا
آپ کو سوختت غیر کو لذت — یہ مزا ہم کباب مین دیکھا
بیٹھکر سیر ملک کے کرنا — یہ تماشا کتاب مین دیکھا
اک پیالے مین مست ہو جانا — یہ تماشا شراب مین دیکھا

[illegible]

نہ ملتا گل رخون سے دل مرا مسرور کیون ہوتا — جو دیکھا حسن جانان کو تو پھیر رنجور کیون ہوتا
خدا پیدا نکرتا جگ مین گر ذات محمد کو — تو یون معراج موسے کو یہ کوہ طور کیون ہوتا
لکھا تھا طوق لعنت کا پڑھا تھا سب فرشتون نے — اگر وہ جانتا شیطان تو پھیر مغرور کیون ہوتا
نہ پڑتا پر تو حق کا اگر رخسار خوبان پر — تو ہر عاشق کی انکھو مین حسن منظور کیون ہوتا
کیا دعوی انا الحق کا ہوا سردار عالم کا — اگر سولی پہ نہ چڑھتا تو وہ منصور کیون ہوتا

غزل سودا

مین دشمن جان ڈھونڈکے اپنا جو نکالا / تو حضرت دل سلمک اللہ تعالے

جب مست چمن سے ہو چلا گھر کو وہ لالا / غنچے نے صراحی لی اوٹھا گل نے پیالا

کہتا ہے نگہ سے یہ ترا گوشۂ ابرو / دیکھے جو کوئی خون گرفتہ تو نکالا

مانگا جو مین دل کو تو کہا بس یہی یکدل / سنتے ہی تو چپ ہے مرے کوچے سے اوٹھا لا

ای غنچہ سبب کیا ہے کہ آتے ہی چمن مین / گل جھاڑے ہے دامن تو نے تجھے کو سنبھالا

اتنا ہے تو یوسف سے مشابہ کہ عدم سے / پردے مین چھپا اسکے تئین تجھکو نکالا

اس آنکھ لڑانے سے یہ دل کیونکہ بر آوے / نے تیغ ہے اس پاس نہ خنجر ہے نہ بھالا

فتنے ہی اوٹھاتے ہوگئی پشت فلک خم / ہرگز نہ کسی گرتے کو ظالم نے سنبھالا

سودا تجھے کہتا ہون نہ خوبون سے مل تنہا / تو اپنا غریب عاجز و دل بیچنے والا

غزل

جب حسن ازل پردۂ امکان مین آیا / ہر رنگ بہر رنگ ہر اک شان مین آیا

حرمت سے ملائک نے جسے سجدہ کیا ہے / جسوقت کہ وہ صورت انسان مین آیا

گل ہے وہی سنبل ہے وہی نرگس حیران / اپنے ہی تماشے کو گلستان مین آیا

اول ہے وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن / مذکور یہی آیت قرآن مین آیا

قانون وہی ساز وہی طبلہ وہی ہے / ہر تار مین بولا کہ ہر اک تان مین آیا

غزل عمر

عشق نے تیرے مجھکو دل کیا کیا ستم دکھا دیا / عیش و خوشی و زندگی سارا جہان بھلا دیا

موت سی آکے مرچکا نیکی بدی سے کیا غرض / ہستی سے لیکے تا عدم جام بقا پلا دیا

ڈھونڈہتا پھرون مین یار کو اپنی فکر مین چو طرف / آپ مین آپ ملگیا پردہ جو تھا اوٹھا دیا

میرے سخن کو سمجھو تم اسمین نہین ہے کچھ غلط / آپ ہی خدا ہوا یہ دم جبکہ خودی مٹا دیا

عمر مین نے اپنے آپ مین آپ ہی سمجھکے چپ رہا / جبکہ ملا وہ سے تئین ہنسکے مجھے رولا دیا

غزل خورشید

مطرب سے کہہ شروع کرے گا نا بسنت کا
فرخندہ ساقیا ہے یہ آنا بسنت کا

تیغ بہار چل گئی ملک خزان پہ جب
بیٹھا ہے شاخسار پہ تھانا بسنت کا

گل کھولے کان سنتا ہے دیتا ہی غنچہ تال
گاتی ہے عندلیب ترانا بسنت کا

خورشید نے لباس کیا تجھہ بغیر زرد
کرتا ہے جس سبب سے ترانا بسنت کا

غزل حیدری

وہ چاند سا مکھڑا نام خدا وہ رنگ سنہرا صل علے
وہ گول بدن سانچے مین ڈھلا وہ ہیکا سراپا صل علے

وہ گھونگر والے بال سیاہ وہ زلفین اوسکی عین گرہ
وہ سحر مجسم چشم نگاہ وہ دیدہ چوڑا صل علے

تھی ہونٹھونپہ یون مسیکی دھڑی جیسے پر یزادہ شام ہری
تھے دانت کہ جون موتیکی لڑی پر اسکا چمکنا صل علے

وہ اوبھری اوبھری سخت کچین جو دیکھے انکو ہاتھہ ملے
وہ بیٹھے حورین رشک کرین نہ ناف کا نقشا صل علے

گو ہرین مو ہو جاوے زبان تو بھی نہو مجسے اسکا بیان
ای حیدری وہ محبوب جہان وہ دلبر رعنا صل علے

غزل مومن خان

کسیکا ہوا آج کل تھا کسیکا
نہ ہے تو کسیکا نہو گا کسیکا

کیا تمنے قتل جہان یک نظر مین
کسی نے نہ دیکھا تماشا کسیکا

نہ میری سنے وہ نہ مین ناصحون کی
نہین مانتا کوئی کہنا کسیکا

مجھے مار ڈالا ہے انکار نے پھر
نہ کہنا کہ کیا مجھہ پہ دعوی کسیکا

جو پھر جای اس بیوفا سے تو جانون
کہ دل پر نہین زور چلتا کسیکا

صبا نکہت یار لائے کہان سے
اسے دخل کیا گو مین ہونگا کسیکا

وہ کرتے ہین بیباک عاشق کشی یون
نہین کوئی دنیا مین گویا کسیکا

دم الحذر را ور عشق بتان سے
مجھے ڈر ہے اے مومن ایسا کسیکا

غزل شاہ ظفر شاہ دہلی

کسی نے اسکو سمجھایا تو ہوتا
کوئی یان تک اوسے لایا تو ہوتا

مزہ رکھتا ہے زخم خنجر عشق
کبھی ای بوالہوس کھایا تو ہوتا

نہ بھیجا لکھکے تو نے ایک پرچہ
ہمارے دل کو پرچایا تو ہوتا

کہا میں نے قسم کشتی کو تیرے
کچھ اب تک بھی نہ فرمایا تو ہوتا

نہ بولا میں نے کھٹکایا بہت در
ذرا دربان کو کھٹکایا تو ہوتا

یہ نخل آہ ہوتا بید ہی کاش
نہوتا گو ثمر سایہ تو ہوتا

جو کچھ ہوتا سو ہوتا تو نے تقدیر
وہان تک مجھکو پونہچایا تو ہوتا

کیا کس جرم پر تو نے مجھے قتل
ذرا تو دل مین شرمایا تو ہوتا

کیا جیسا مریض عشق مجھکو
عیادت کو کبھی آیا تو ہوتا

دل اوسکی زلف مین اولجھا ہی کب سے
ظفر اک روز سلجھایا تو ہوتا

غزل دارا

سحاب پارہ ہے دامن ہے آبدیدونکا
نمود برق طپیدہ ہے دل طپیدون کا

چراغ صبح سکے مانند کوئی دم کی ہین
بیان حال ہوا جان بلب رسیدون کا

جہان ہوے ہین گل سرخ خاک سی پیدا
اسی زمین مین ہے مدفن تری شہیدون کا

اثر رکھے ہے یہ فریاد دردمندون کی
بُرا ہے صبر ستمگر ستم رسیدون کا

عجب شجر ہے ثمر جنکے پارۂ یاقوت
یہ رنگ دیکھ لے مژگان خونچکیدون کا

کھلا کسی پہ نہ آسودگان خاک کا حال
ہجوم مہد زمین مین سے ہے آرمیدون کا

کوئی بھی ساتھ کسیکے گیا نہ اے دارا
عدم کو جاتا ہے کیا قافلہ جریدون کا

غزل خواجہ میر درد

جگ مین کوئی نہ ٹک ہنسا ہوگا
کہ نہ ہنستے ہی رو دیا ہوگا

اس نے قصداً بھی میری باتون کو
نہ سنا ہوگا گر سنا ہوگا

دیکھیے غم سے اب کی جی میرا نہ بچے گا بچے گا کیا ہو گا
دل زمانے کے ہاتھ سے سالم کوئی ہو گا کہ رہ گیا ہو گا
حال مجھ غمزدے کا جس جس نے جب سنا ہو گا رو دیا ہو گا
قتل سے میرے وہ جو باز رہا کسی بدخواہ نے کہا ہو گا
دل بھی ای درد قطرۂ خون تھا آنسوؤن مین کہین گرا ہو گا

غزل میر تقی ملک الشعرا

اس عہد مین الٰہی محبت کو کیا ہوا چھوڑا وفا کو اون نے مروت کو کیا ہوا
امیدوار وعدۂ دیدار مر چلے آتے ہی آتے میر قیامت کو کیا ہوا
جاتا ہے یار تیغ بکف غیر کی طرف ای کشتۂ ستم تری غیرت کو کیا ہوا
بخشش نے مجکو ابر کرم کے کیا خجل ای چشم جوش اشک ندامت کو کیا ہوا
تھی صعب عاشقی کی بدایت ہی میر پر کیا جانیے کہ حال نہایت کو کیا ہوا

غزل جرأت

جو دم لب پہ گھبرا کے آنے لگا تو شاید مرا دل ٹھکانے لگا
نہ آنے کا جب مین سنانے لگا وہ آئینہ مجھکو دکھانے لگا
وہ دلبر کسی سے ہوا ہمکنار کہ دل بر مین کچھ تلملانے لگا
کیا اوسنے جو سیر دریا کا عزم مین آنکھون سے دریا بہانے لگا
کہا طبع نے اور لکھہ اک غزل قلم جب مین جرأت اوٹھانے لگا
اسے رحم جب مجھپہ آنے لگا تو صحبت پہ گردون چھڑانے لگا
کسی نے جو پوچھا خفا کس سے ہو اشارے سے مجکو بتانے لگا
مزاج آیا ہنسنے پہ تو غیر سے لڑا آنکھ مجھکو لڑانے لگا
ستانا پڑا اور اولٹا مجھے محبت جو مین آزمانے لگا

غرض دل کے لگ جانے ہی عشق آہ — عجائب تماشا دکھانے لگا
دیا اوسکے در پر جو سر آ کے جی — تو الحمد للہ ٹھکانے لگا

غزل ناسخ

ساتھ اپنے جو مجھے یار نے سونے نہ دیا — رات بھر مجھکو دل زار نے سونے نہ دیا
خواب ہی مین نظر آیا وہ شب ہجر کہین — سو مجھے حسرت دیدار نے سونے نہ دیا
خفتگی بخت کی کیا کہیے بجز خواب عدم — عمر بھر دیدۂ بیدار نے سونے نہ دیا
رات بھر درد جدائی سے کراہا ایک — کہ جہان کو ترے بیمار نے سونے نہ دیا
یاد اوس زلف کی رہ رہ کے مجھے تڑپائی — ہجر مین تجکو شب تار نے سونے نہ دیا
یہی صیاد گلہ کرتا ہے میرا سحر صبح — نالۂ مرغ گرفتار نے سونے نہ دیا
سمجھے تھے بعد فنا پاوینگے راحت ناسخ — حشر تک دیدۂ بیدار نے سونے نہ دیا

غزل لطیف

جو شب کو رویا تو مین نے یار و جمال فخر عرب کو دیکھا — اوٹھایا پردہ کو جس کے جسم تھے عین انوار رب کو دیکھا
عجب تجلے احمدی کے میم روشن تھا صورت [illegible] — وگرنہ نور احد مین [illegible] کوئی حسب نسب کو دیکھا
سرای تحت الثری سے [illegible] مقام ہو لا مکان تک — مین اپنا رنگ [illegible] سبکو دیکھا
بیان شکر اسکا کیا [illegible] بیشمار انعام کیا ہم پہ — کہ جسکے رحم و کرم سے [illegible] غالب غضب کو دیکھا
جہان عقبیٰ مین یا الٰہی ہمیشہ رویت سے مصطفےٰ کے — ہر ایک [illegible] نور [illegible] رہی [illegible] کو دیکھا

غزل رفیع السودا ملک الشعرا

زخم کا دل کے ترے تازہ ہے انگور سدا — جاری رہتا ہے مری چشم سے ناسور سدا
جسکے ہم تیغ نگہ سے ہوئے گھائل یار — چشم زخم اس سے زمانے مین رہے دور سدا
ہے انھین شوق کسی دل کے لہو پینے کا — دیکھتا ہون تری آنکھون کو مین مخمور سدا
گوندھے شیشۂ گردون مٹی گل رنگ سے مجھے — خون دل سے تو مرا جام ہے معمور سدا

یار کی دیکھے تجلی جو تو موسے کی طرح
سنگ رہ سے ترے نکلے شرر طور سدا

ایک شب آ کوئی دلسوز نہ رویا او سپہر
شمع بھی گور ہماری سے جلی دور سدا

دوستو سنتے ہو سودا کا خدا حافظ ہے
عشق کے ہاتھ سے رہتا ہے یہ رنجور سدا

غزل ہدایت

دشت سے قیس گیا کوہ سے فرہاد گیا
کارخانہ ہی سبھی عشق کا برباد گیا

چشم الفت مین مجھے تجھسے تو ای طفل ستمگر
ہای دنیا سے تو لڑکے یونہین ناشاد گیا

یاد کر سبزۂ خط اشک جگر سے نکلا
روٹھکر گھر سے یہ لڑکا خضر آباد گیا

یہ ہدایت سے بنا ریختہ کے تجھے قائم
حیف صد حیف کہ دنیا سے وہ استاد گیا

غزل انشا

ای عشق جلوہ گر ہے تجھ مین یہ ذات مولا
والسابحات سبحاً فالسابقات سبقا

تمنے سکھا دیا کیا جبریل کو یجانے
جھٹ زیر سدرہ اوسنے جو بسترا جمایا

جو شخص جبہ سا ہو خدمت مین یان تمھاری
کیونکر نہ پھر وہ دیکھے لاہوت کا تماشا

فرماوین آپ جو کچھ حقا وہی ہے سچ ہے
ای میرے پیر مرشد ہان بادشاہ دانا

گر حکم ہو تو سائین سلفے کا دم لگا کر
پھینکاؤن اور بھی مین سبزی کا ایک کوڑا

ہے یاد مین تمھاری بیٹھا ہوا مراقب
چارم فلک پہ عیسے کھینچے ہوے اڈا

گر گو میان تجھین سب کیون پیشوا نہ سمجھین
روح القدس ہے اوسنے اک بالکا تمھارا

سبزہ اگر چڑھانا منظور صبحدم ہو
تو لیجیے برگ کونی والناشطات نشطا

اتنا نہ بہکے پھر سے تشریف لائیے بھی
حضرت سلامت انشا ہے آپکا یہ چیلا

غزل ذوق

بعد مردن بھی خیال چشم فتان ہی رہا
سبزۂ تربت مرا وقف غزالان ہی رہا

مین ہمیشہ عاشق بیچیدہ مویان ہی رہا
خاک پر روئیدہ میری عشق پیچان ہی رہا

بندہ سکا جسسے نہ مضمون اوس دہان تنگ کا
ہاتھ اپنا فکر مین زیر زنخدان ہی رہا

جاہل منکر نہ آئے معجزے سے راہ پر
جہل سے بوجہل اپنے ناسمان ہی رہا

پانون کب نکلا رکاب حلقۂ زنجیر سے
توسن وحشت ہمارا گرم جولان ہی رہا

کب لباس مثنوی مین چھپتے ہین رو شعر
جامۂ فانوس مین بھی شمع عریان ہی رہا

آدمیت اور شے ہی علم ہے کچھ اور چیز
کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیوان ہی رہا

حلقۂ گیسو مین دیکھی کسکے رخسارے کی تاب
شب مہ ہالہ نشین سر در گریبان ہی رہا

یون تو دل اور پیکان دونون سینے مین رہے
آخرش دل بہ گیا خون ہو کے پیکان ہی رہا

سبکو دیکھا اس سے اور اسکو نہ دیکھا جن نگاہ
وہ رہا آنکھون مین اور آنکھون سے پنہان ہی رہا

دین و ایمان ڈھونڈھتا ہے ذوق کیا اس وقت ہنوز
اب نہ کچھ دین ہی رہا باقی نہ ایمان ہی رہا

غزل سوز

یہ تیرا عشق کب کا آشنا تھا
کہان کا جان کو میری دھرا تھا

وہ ساعت کونسی تھی یا آلہی
کہ جس ساعت دوچار اس سے ہوا تھا

مین کاش اوس وقت آنکھین موند لیتا
کہ میرا دیکھنا مجھ پر بلا تھا

مین اپنے ہاتھ اپنے دلکو کھویا
خداوندا مین کیون عاشق ہوا تھا

دلا کیا آن تھی اللہ اللہ
کہ جس غمزے سے چھاتی پر چڑھا تھا

وہ مجھکو ذبح کرتا تھا چھری سے
مین اوسکی تیز دستی تک رہا تھا

نہ تھا اوس وقت جز اللہ کوئی
ولی یہ سوز پہلو مین کھڑا تھا

غزل حضرت عشق

یہ کیا غضب ہے یہ کیا ستم ہی کہ ہای اب تک نہ یار آیا
ادھر وہ ساقی شراب لایا ادھر وہ ابر بہار آیا

مین اسکی تیغ نگہ کی بندش کا کیا کرون مین بیان تمسے
کہ ایک پل مین ہزار ہمسے ستم رسیدہ وہ مار آیا

کسو کو جھڑکی کسو کو گالی کسو کو غصہ ہو مار بیٹھا
غضب ہوا یہ جب اسکو یارو نشے کا ایک خمار آیا

خدا سے ڈر تک مجھے تباہی کیسے کریگا تو قتل ظالم — جو آج باندھے کٹار آیا جو آج باندھے کٹار آیا
شب محبت میں رات دن ہم لہو ہی رویا کیے ہیں اکدم — ہماری رونے پہ تجھکو ظالم نہ رحم آیا نہ پیار آیا
یہی ہے جی میں ہمارے دل کو کرینگے اوس پر تصدق — اگر وہ رشک بہار آیا اگر وہ رشک بہار آیا
غزل پڑھوں میں ابھی عشق ایسی ہر ایک مصرع ہو جسکا — کہ اس غزل میں تو طبع اپنی سحر کرین جو ادھار آیا

غزل مومن خان

میں نے تمکو دل دیا تم نے مجھے رسوا کیا — میں نے تم سے کیا کیا اور تم نے مجھ سے کیا کیا
کشتۂ ناز بتان روز ازل سے ہوں مجھے — جان کھونے کے لیے اللہ نے پیدا کیا
روز کہتا تھا کہیں مرتا نہیں ہم مر گئے — اب تو خوش ہو بیوفا تیرا ہی کہنا کیا
سر سے شعلے اوٹھتے ہیں آنکھوں سے دریا جاری ہے — شمع سے یہ کس نے ذکر اوس محفل آرا کا کیا
رو دیئے کیا بخت خفتہ کو کہ آدھی رات سے — میں یہاں رویا کیا اور وہ وہاں رویا کیا
آتش الفت بجھا دی داغہاے رشک نے — مدعی کی گرمی صحبت نے جی ٹھنڈا کیا
آنکھ عاشق کی کوئی پھرتی ہے ای وعدہ خلاف — دیکھیے میں مرتے مرتے سوے در دیکھا کیا
دہر میں ای بیوفا میری وفا کی دھوم ہے — بوالہوس سے کیا کہوں تمہارا راز جو افشا کیا
کیا خلش تھی رات دل میں آرزوے قتل کی — ناخن شمشیر سے میں سینہ کھجلایا کیا
کیا خجل ہوں اب علاج بیقراری کیا کروں — دھر دیا ہاتھ اوس نے دل پر تو بھی دل دھڑکا کیا
غرض ایمان سے ضد اس غارتگر دین کو پڑی — تجھسے ای مومن خدا سمجھے یہ تو نے کیا کیا

غزل ذوقی شاہ

نگر سے ناقۂ لیلی کو لے جب ساربان نکلا — نوائے عشق سے مجنون کے غم کا کاروان نکلا
یہ دل سے آہ گل سے رنگ بلبل سے فغان نکلا — چمن سے آج ہو حسرت زدون کا کاروان نکلا
خبر کر دیجیو غماز خسرو سے کہ اسے نادان — یہان فرہاد کا مرنا وہان شیرین کا جان نکلا
توانائی نہ اک ساعت نہ سیر ضعف ہستی کے — حباب آسا جو ہنسا ایک جسم ناتوان نکلا

عصا موسی کا بس ہے صوفی دجال نہ ہے گو
صنم خانہ سے مہدی ہادی صاحب زمان نکلا

غزل جرأت

عزیزو کیا کہون رونا میں اپنی چشم گریان کا
بہین کتنے ہی دریا گر نچوڑون پاٹ دامان کا

جنون مین دیکھیو رتبہ مری حال پریشان کا
قدمبوسی کو آیا چاک تا دامن گریبان کا

دل بیداغ کی حالت خرابی سی یہ پہنچی ہے
نشان رہجاے جون باقی کسی اجڑی گلستان کا

نہ آیا اس فلک کو اور کچھ آیا تو یہ آیا
گھٹانا وصل کی شب کا بڑھانا روز ہجران کا

تنگ ایسے ہین ہم وحشی کہان دل کھولکر روئین
کہ وحشت پہ ہماری تنگ ہے عرصہ بیابان کا

ہوا وہ خوش تو اب لوگون نے اوسکی یہ منادی کی
نہ وان جاوے کوئی یا نکلا نہ یان آوے کوئی وان کا

کیا اس عشق کی وحشت نے کیا دیوانہ جرأت کو
عجب احوال دیکھا ہمنے کل اس خانہ ویران کا

غزل لطیف

شکر اللہ کا جسنے کہ مسلمان کیا
دین احمد کا ہمین تابع فرمان کیا

کونسا شکر کرین ہم ترا اے رب شکور
تو نے امت پہ محمد کے جو احسان کیا

غیر عیسے نہ کوئی حاوی انجیل ہوا
تو نے ہر فرد کو یان حافظ قرآن کیا

گرچہ ہے خلقت عالم مین سگ و خوک و شغال
مین نہ حیوان ہوا تو نے مجھے انسان کیا

جستجو رزق کی کرتا ہے عبث اے رازق
جتنے مرزوق ہین تو نے اونہین مہمان کیا

جب نہ تھی قوت ہمین آپنے تب یا رازق
خون مادر کے تئین قوت رگ جان کیا

بندگی پر نہین موقوف ترا لطف لطیف
تو نے جب چاہا تو درویش کو سلطان کیا

غزل میر تقی

اے دوست کوئی مجھسا رسوا نہ ہوا ہو گا
دشمن کے بھی دشمن پر ایسا نہوا ہوگا

ٹک گور غریبان کی کر سیر کہ دنیا مین
ان ظلم رسیدون پر کیا کیا نہوا ہو گا

آنکھون سے تری ہمکو ہے چشم کہ اب ہووے
جو فتنہ کہ دنیا مین برپا نہوا ہوگا

صد نشتر مژگان خوبان سے نہ نکلا خون
آگے تجھے میر ایسا سودا نہ ہوا ہوگا

غزل ظفر

دیکھ مجھکو بت بے پیر نے منہ پھیر لیا
آج مجھسے مری تقدیر نے منہ پھیر لیا

عقل نے ہوش نے تقدیر نے منہ پھیر لیا
بس مری آہ سے تاثیر نے منہ پھیر لیا

مین تو تڑپا بھی دم قتل نہین ای قاتل
کیا سبب جو تری شمشیر نے منہ پھیر لیا

اسکا نقشہ جو مین چھاتی سے لگایا مین نے
مہ و خور سے فلک پیر نے منہ پھیر لیا

ای ظفر چہرۂ تابان صنم دیکھتے ہی
مہ و خور سے فلک پیر نے منہ پھیر لیا

غزل ذوق

وہ کون سے جو مجھپر تاسف نہین کرتا
پر میرا جگر دیکھ کہ مین اف نہین کرتا

کیا قہر ہے وقفہ ہے ابھی آنے مین اوسکے
اور دم مرا جانے مین توقف نہین کرتا

کچھ اور گمان گذرے نہ دلمین ترے کافر
دم اس لیے مین سورۂ یوسف نہین کرتا

پڑھتا نہین خط غیر مرا وان کسی عنوان
جب تک کہ وہ مضمون مین تصرف نہین کرتا

دل فقر کی دولت سے مرا اتنا غنی ہے
دنیا کے زر و مال پہ مین تف نہین کرتا

تا دل نکرے صاف مرا صفا سے ہونے
کچھ سود وہ صفا علم تصوف نہین کرتا

ای ذوق تکلف مین ہے تکلیف سراسر
آرام مین ہے وہ جو تکلف نہین کرتا

غزل معروف

عشق کا ہم سا کبھی آزار نہ دیکھا نہ سنا
اسکا جیتا کوئی بیمار نہ دیکھا نہ سنا

جو تجھے بزم مین زنہار نہ دیکھا نہ سنا
ناچ اور راگ وہان یار نہ دیکھا نہ سنا

عشق مین ہم نے کبھی رد کلام واعظ
اوسکے جز مصحف رخسار نہ دیکھا نہ سنا

عشق کی راہ مین نقش قدم و شور جرس
گاہ ہنسنے و دم رفتار نہ دیکھا نہ سنا

کچھ بھی گلشن نے اسی باغ جہان مین تجھسا
چشم اور گوش سے ای یار نہ دیکھا نہ سنا

چشم وا رستہ ہین اور گوش بر آواز قدم
عاشقون کو کبھی بیکار نہ دیکھا نہ سنا
یہ غزل جسنے سنی دیکھکے بولا معروف
کہین ایسین نہین بیکار نہ دیکھا نہ سنا

غزل رنگ

انس و جن کی بھی خلقت سب حبابِ افسانہ تھا
کوئی تھا اوس وقت پر مین جب ترا دیوانہ تھا
ماسوی اللہ بن نہ تھا کچھ کام میری ذات کا
مین نہ تھا اُسمین وہ مجھ بن حق مرا ہی خانہ تھا
آنکھ لاگی آپ سے بدنام مجھ ناحق کرے
اسکی کیا تقصیر کہنا دل مرا بیگانہ تھا
جو کیا مجھ سات میرے دل نے سو مین کیا کہون
کچھ کہا جاتا نہین دشمن مرا ہمخانہ تھا
مصرع سودا پہ شاید رنگ کیا برجا ہوا
سنگ مین آتش نہ تھی جب شمع کا پروانہ تھا

غزل ممنون

تجھے نقش ہستی مٹایا تو دیکھ
جو پردہ تھا حائل اوٹھایا تو دیکھ
یہ سب تیرے ہی حسن کا پرتوا ہے
نہ دیکھا تجھے تیرا سایہ تو دیکھا
ٹھہرا ملتی ہے مت مرے دیکھنے سے
تجھین حق نے ایسا بنایا تو دیکھا
نہون کیونکہ ممنون پیر مغان کا
یہ عالم جو ساغر پلایا تو دیکھ

غزل انشا

اچھا جو خفا ہمسے ہو تم اے صنم اچھا
لو ہم بھی نہ بولین گے خدا کی قسم اچھا
مشغول کیا چاہیے اس دلکو کسی طور
لے لیوینگے ڈھونڈ اور کوئی یار ہم اچھا
گرمی نے کچھ آگ اور ہی سینے مین لگائی
ہر طور غرض آپ سے ملنا ہے کم اچھا
اغیار سے کرتے ہو مرے سامنے باتین
مجھپر یہ لگے کرنے نیا تم ستم اچھا
ہم معتکفِ خلوت بتخانہ ہین اے شیخ
جاتا ہے تو جا تو بھی طوافِ حرم اچھا
جو شخص مقیم رہ دلدار ہین زاہد
فردوس لگے انکو نہ باغ ارم اچھا
کہکر گئے آتا ہون کوئی دم مین مین تم پاس
پھر دے چلے کل کی سی طرح مجکو دم اچھا

اس ہستی موہوم سے مین تنگ ہون انشا — واللہ کہ اس سے ہے مراتب عدم اچھا

غزل حسن

وہ جب تک کہ زلفین سنوارا کیا — کھڑا اسپہ مین جان وارا کیا
ابھی دلکو لیکر گیا ہے ارے آہ — وہ چلتا رہا مین پکارا کیا
قمار محبت مین بازی سدا — وہ جیتا کیا اور مین ہارا کیا
کیا قتل اور جان بخشی سبھی کے — حسن اوسنے احسان دوبارا کیا

غزل نظیر

گلنار ہے داغون سے یہان تن بدن اپنا — کچھ خوف خزان کا نہین رکھتا چمن اپنا
اشکون کے تسلسل نے چھپایا تن عریان — یہ آب روان کا ہے بنا پیرہن اپنا
کس طرح نہ ایسے سے انصاف تو ہے شرط — یہ وضع مری دیکھو وہ دیکھو چلن اپنا
انکار نہین آپ کے گھر چلنے سے مجھکو — مین سے چلنے کو موجود جو چھوڑو چلن اپنا
مسکن کا پتا خانہ بدوشون سے نہ پوچھو — جس جا پہ کہ بس گر رہے وہ ہی وطن اپنا

غزل منیر

ہر گھڑی رہتا ہے مجھکو ڈر تری تلوار کا — روز ہوتا ہے تصدق جسپہ سر دو چار کا
ہاتھ بھی اسکو لگاتا ہے کوئی اب یا نصیب — دن بدن بدتر ہے احوال اس تری بیمار کا
موتیون کا ہار تو پہنا کرے سے ہے تو سدا — دیکھ یان آکر تماشا آنسوؤن کے تار کا
دیکھکر صورت مرے حسرت زدہ اید ہے تو — اک تحیر کا سا عالم ہے در و دیوار کا
اشک کے بدلے لہو آنکھون سے آتا ہے مرے — روتے روتے حال ہے یہ دیدۂ خونبار کا

غزل انشا

سیچ بندھا مینہ کے تار کا جھولا — کیون کئے چھوٹے یار کا جھولا
ہوگی کس دن کو قطرہ افشانے — منتظر ہے بہار کا جھولا

یگانہ اسے مطرب آگے ہے مشتاق
سینہ کا اور مار کا جھولا

ای صبا باغ مین جھلایا گر
تو مرے گلعذار کا جھولا

رونق افزا ہے عکس سے تیرے
نہر اور آبشار کا جھولا

تیرے ہاتھون مین یہ مین گر ہو
ریسمن تابدار کا جھولا

تجھسے نازک ہے چاہیے گو ہو
صرف پھولون کے ہار کا جھولا

نکہت گل کے جھولنے کے لیے
ہے نسیم بہار کا جھولا

چاہیے طفل اشک کو انشا
مژہ قطرہ بار کا جھولا

غزل حضرت عشق

لیا جو ایک مین بوسہ تو کیا اے یار ہوا
خفا ہو تیرے صدقے گیا نثار ہوا

جنون ضرور ہے اب مجھسے دست بردار
کہ ایک جیب رہا تھا سو تار تار ہوا

تمام قصۂ غم تجھکو مین سناؤن گا
کبھو جو ٹک دل بیتاب کو قرار ہوا

ترے گلے سے تو رہتا لگا ہوا گلرو
مجھے یہ غم ہے کہ پھولون کا کیون نہ ہار ہوا

اب ایک بوسہ کے دینے پہ منہ بناتے ہو
ادھر تو دیکھو وہ کیا رات کا قرار ہوا

ہمارے سینے پہ داغون سے ہی وہ گلکاری
کہ داغ داغ جسے دیکھ لالہ زار ہوا

مین تیرے عشق مین صبر و قرار کھو بیٹھا
ہزار حیف تو جسپر نہ دوستدار ہوا

غزل تاجر

سجن کا آنا . . . سجن کا جانا
سجن کا روٹھنا . . . سجن کا ہنسنا

بہار گلشن . . . نپٹ قیامت
غضب خدا کا . . . کلی کا کھلنا

سجن کی انکھین . . . سجن کی پلکین
سجن کی زلفین . . . سجن کی باتین

سدا ہین کیفی . . . سدا ہین برچھی
سدا ہین خونی . . . سدا ہین برجا

تری کمر کو . . . ترے دہن کو
ترے لبون کو . . . ترے سخن کو

وہم سا سمجھا . . . عدم ہو دیکھا
تحقیق پایا . . . . میں خوب سمجھا

سخنوروں میں . . . قلندروں میں
مدبروں میں . . . جنونیوں میں

میں ہوں سخنور . . میں ہوں قلندر
میں ہوں سیانا . . . میں ہوں دیوانا

مری سپاہی . . . مرا مخمس
مرا تخلص . سبول خیال میرا

ہی ہیچ سکون . . . ہی غم کا پنجہ
ہے زور عاجز . . . ہے نقش دیا

غزل ایم

پھر ہمارے آہ و نالے میں اثر پیدا ہوا
پھر نہال سرو سے گویا ثمر پیدا ہوا

پھر کسیکے کان کے موتی ہمین یاد آ گئے
پھر ہمارا اشک مانند گہر پیدا ہوا

بن سکے اختر آسمان پر جلوہ آرا ہو گیا
سینۂ سوزان سے میرے جو شرر پیدا ہوا

ہو گا دل مائل کسیکی صندلی پوشاک پہ
بے طرح پھر اندنون کچھ درد سر پیدا ہوا

بے پری مین بھاگتا تھا دیکھکر صیاد کو
طائر دل پھنس گیا جب بال و پر پیدا ہوا

پھر دُرِ دندان کا ان آنکھون مین عکس آنے لگا
قطرۂ اشکون سے پھر سلک گہر پیدا ہوا

سرو نے دعوی ترے قد سے کیا کیا پھل ملا
گلشن ہستی مین آخر بے ثمر پیدا ہوا

کان سننے کو ایم اب اوس ورنایاب کے
اندنون پھر اک رقیب بدگہر پیدا ہوا

غزل سودا

تجھ قید سے دل ہو کر آزاد بہت رویا
لذت کو اسیری کے کر یاد بہت رویا

تصویر مری تجھ بن مانی نے جو کھینچی تھی
انداز سے تجھ اسکا بہزاد بہت رویا

نالے نے ترے بلبل نم چشم نکی گل کی
فریاد مری سنکر صیاد بہت رویا

یان تک مری صورت سے ہی تشنہ لبی پیدا
اوس طرف جو ہو گذرا جلاد بہت رویا

جو مین ٹپری بہتی یان جا دیکھ گلستان مین
تجھ قد سے خجل ہو کر شمشاد بہت رویا

آئینہ جو پانی مین ہے غرق یہ کیا باعث
تجھ سنگدل کے آگے فولاد بہت رویا

سودا سے میں یہ پوچھا دل میں کبھی کسیکو دون / وہ کہکے بیان اپنی روداد بہت رویا

غزل احسان

کہیگی خاک تو پیغام اے صبا میرا / ہوای یار مین دم ہے ہوا ہوا میرا

جو مر بھی جاؤن تو لکھیو مری وفات کا ذکر / وفا کے نام سے چڑھتا ہے بیوفا میرا

یہ غمزہ دہن کو کھلایا تو کیا ہوا اے عشق / ذرا تو اور کہ پورا ہو ناشتا میرا

یہ سیل گریہ ہے ہرگز نہو گی بند سے بند / بکا جو ناصح تو دوگنا ہوا بکا میرا

جو بوسہ دیجے مزے کا مزہ بدل جاوے / کہ اندنون مین بہت منہ ہے بیمزا میرا

اندھیری رات کو مین نور عشق سمجھا تھا / چراغ تو نے جلایا تو دل بجھا میرا

کہین نہو خفگی تیرے دلمین فکر ہے یہ / کہ خود بخود ہے کچھ اسوقت جی خفا میرا

دو چند حسن ترا فرط چشم سے چمکا / بگڑ کے کام سنا ہے یہ سنور گیا میرا

نہ درد سر دو دوا سے ملام بیدردو / دوا پذیر نہین درد بیدوا میرا

تمھاری زلف کا شامت زدہ ہے گو سودا / بلای عشق مین دل ناگہان پھنسا میرا

نہ کیونکہ روؤن کہ ہے حال جانکنی مین آہ / رفیق میرا جگر میرا لاڈلا میرا

کسی نے پوچھا کہ احسان غلام کسکا ہے / لبون پہ لاکے تبسم کو یہ کہا میرا

غزل تازہ از جوش

دیکھہ وہ زلف پریشان مین پریشان ہوا / فرقت یار مین سرگشتہ و حیران ہوا

نہ ملا ناقہ اگرچہ دل مجنون میرا / بہت آوارہ بصحرا و بیابان ہوا

یک جھلک دیکھہ کے جانان کی ہوا غش مجکو / دل حیرت زدہ مژگان کا پیکان ہوا

ساتھ غیرون کے وہ جاتا تھا جو کل بر سر راہ / مجھکو بس دیکھہ کے پہچان کے انجان ہوا

جوش کس طرح اتا ہے مرے دلمین خیال / بعد مدت کے جو اب وصل کا سامان ہوا

غزل خواجہ میر درد

دنیا مین کون کون نہ یکبار ہو گیا
پھیر منہ کو اسطرف نہ کیا اوسنے جو گیا

پھرتی ہے میری خاک صبا دربدر لیے
اے چشم اشکبار یہ کیا تجکو ہو گیا

آگاہ اس جہان مین نہین غیر بیخودان
جاگا وہی ادھر سے جو موند آنکھ سو گیا

طوفان نوح نے تو ڈبائی زمین فقط
مین ننگ خلق ساری خدائی ڈبو گیا

برہم نہو کہین گل و بلبل کی راستی
ڈرتا ہون آج باغ مین وہ تندخو گیا

واعظ کسے ڈراتا ہے یوم الحساب سے
گریان مرا تو نامۂ اعمال دھو گیا

پھولے گی اس زبان مین گلزار معرفت
یان بھی زمین شعر مین یہ تخم بو گیا

آیا نہ اعتدال پہ ہرگز مزاج دہر
دے گرچہ گرم و سرد زمانہ سمو گیا

اے درد جسکی آنکھ کھلی اس جہان مین
شبنم کی طرح جان کو اپنی وہ رو گیا

غزل ناسخ

سمجھ کے حسن تجلی کو جہان سے پاک کیا
ہزار طور کو اوسنے جلا کے خاک کیا

ہوئی جو صبح شب وصل جان ڈوب گئی
قضا نے چشمۂ خورشید کو ہلاک کیا

گلہ نہ یار کا باقی رہا نہ شکوۂ غیر
اجل نے خوب مرے جھگڑے کو پاک کیا

عوض شراب کے انگور سے لہو ٹپکا
جو بعد مرگ مجھے دفن زیر تاک کیا

نہ خط جادہ سمجھ اسکو مین نے وحشت مین
برنگ جیب یہ دامان دشت چاک کیا

ترے جلانے کو ای سنگدل صنم ہمنے
اک اور صاعقہ مستور سے تپاک کیا

خبر کلال کو سرگشتگی کی تھی ناسخ
جو میری خاک سے تیار اسنے چاک کیا

غزل سودا

ٹوٹے تری نگہ سے اگر دل حباب کا
پانی بھی پھر پئین تو مزا ہے شراب کا

دوزخ مجھے قبول ہے ای منکر و نکیر
لیکن نہین دماغ سوال و جواب کا

زاہد سبھی ہے نعمت حق جو ہے اکل و شرب
لیکن عجب مزا ہے شراب و کباب کا

غافل غضب سے ہو کے کرم پر نہ کر نظر
چھپا ہے شرار برق سے دامن سحاب کا

قطرہ گرا تھا جو کہ مرے اشک گرم سے
دریا مین ہے ہنوز پھپھولا حباب کا

ای برق کسطرحسے مین حیران ہون تجھہ کنے
نقشہ ہے ٹھیک دل کے مرے اضطراب کا

سودا نگاہ دیدۂ تحقیق کے حضور
جلوہ ہر ایک ذرہ مین ہے آفتاب کا

غزل آتش

ہر حال مین ہے اپنے مرا یار دلفریب
گفتار دلفریب ہے رفتار دلفریب

مژگان کیطرح گرد ہون دیکھین اگر طبیب
اتنی تو ہے وہ نرگس بیمار دلفریب

مژگان چشم یار کی تعریف کیا کرون
جانکاہ جانخراش دل آزار دلفریب

انداز حسن یار مین اک ایک خوشنما
رکھتا ہے ہر شگوفہ یہ گلزار دلفریب

مشتاق زخم کے رہین اے ترک کشتنی
ابرو سے تیرے ہو تری تلوار دلفریب

دیوانہ گرو رہتے ہین گھر مین ہین یار کے
چشم پری سے روزن دیوار دلفریب

دنیا مین آکے جی نہین جانے کو چاہتا
دلکش ہر ایک دکان ہے بازار دلفریب

سودا عشق کے لیے ہے خوش جمال شرط
یہ جنس چاہتی ہے خریدار دلفریب

عالم مین مجکو قاتل خوش رو کی ہے تلاش
جلاد ڈھونڈھتا ہے گنہگار دلفریب

دیوان حسن مین ہے یہی اک بیت انتخاب
کیونکر نہو وہ ابروے خمدار دلفریب

اس گل نے گوش دلسے سنا ایکدن حیف
آتش یہ کیسے ہین ترے اشعار دلفریب

غزل سودا

کھولی گرہ جو غنچہ کی تو نے تو کیا عجب
یہ دل کھلے جو تجھسے تو ہو اے صبا عجب

گل داد عندلیب کو پونہچا تو کیا ہوا
فریاد کو مرے ہے ترا پونہچنا عجب

اسلام چھوڑ ہمنے کیا کفر اختیار
تو بھی وہ بت نہ رام ہوا اے خدا عجب

بیگانہ وار آکے نہ پوچھا کبھی ہمین
تم بھی تو ہو کوئی مری جان آشنا عجب

لی سیر ملک ملک کی سودا نے بھی ولے — اے شیخ میکدے کی ہے آب و ہوا عجب

غزل سودا

نالہ سینے سے کرے عزم سفر آخر شب — راہ رو چلنے پہ باندھے ہے کمر آخر شب

سانس ٹھنڈی کسی مایوس کی ہو ورنہ نسیم — کر سکے ہے ترے کوچے سے گذر آخر شب

مژدۂ وصل ترا یار مجھے یون پہنچا — جون مہ عید کے صائم کو خبر آخر شب

دوست ہر چند ہمارا ہے موذن لیکن — دشمن خواب ہے جون مرغ سحر آخر شب

اسقدر شیفتہ ہے شکل کا اپنی کہ سدا — آئینہ ہاتھ مین مشرق کو نظر آخر شب

انتہا عیش جہان کا جو تو دیکھا چاہے — بزم مستان پہ نظر خور سے کر آخر شب

صورت ماہ شب بیست و نجم سودا — کچھ ڈھلا دور سے آیا وہ نظر آخر شب

غزل سوز

ہمارے پاس بھی گا ہے نہ گا ہے آئیے صاحب — نہین کچھ راہ ملنے کی تجھے بتلائیے صاحب

کسیکے لینے دینے مین نہین کو ہمین کچھ ہین — تمھارا غم ستاتا ہے اوسے سمجھائیے صاحب

پڑے تھے دل کے پیچھے سو تو اسکو لیچلے اب کیا — اگر یہ جان بھی درکار ہو ستلائیے صاحب

یہ لیچل جان بھی اللہ اکبر تم ہوے رخصت — تمھارا کام پورا ہو چکا اب جائیے صاحب

قیامت تک رہیگی کہنے سننے کو وفا تیری — کھڑے رہکر بھلا اس سوز کو گڑوائیے صاحب

غزل تابان

مت کر فغان تو باغ مین زنہار عندلیب — صیاد ہو مبادا خبردار عندلیب

سیر چمن کو چھوڑ مرے گلبدن کو دیکھ — تو کس بلا مین ہیگی گرفتار عندلیب

آتا ہے رحم مجکو کہ گلچین کے ہاتھ سے — تو کھینچتی ہے تخت پہ آزار عندلیب

تنہا تو ہی خراب نہین گلعذار کے ہاتھ — تابان بھی ہے اسیطرح شوخ خوار عندلیب

غزل نور

کہے ہے تو تو کسیکو صنم عجیب وغریب
ولی ہے تو بھی خدا کی قسم عجیب وغریب

ہلال عید مین ہے خم یہ غیرت خورشید
یہ تیغ ہے ترے ابرو کا خم عجیب وغریب

شفا ہی چشم مین ہو جسکو مہربانی عین
نہو وے کیونکہ پھر اوسکا ستم عجیب وغریب

بیاض کیون نہ جلے میرے سوز نامے سے
مین نور سوز کرون ہون رقم عجیب وغریب

غزل

وسواس نے وان تو بند رکھے پٹ تمام شب
یان سر پٹکتا اور تکتی تری چوکھٹ تمام شب

خانہ خراب جیسے ہے زلفون مین تیرے دل
سرج اٹھ گھٹ سو رہتی ہی پر گھٹ تمام شب

چھاتی پہ مثل مار سیہ لوٹتے رہے
اوس زلف عنبرین کی وہ ہر لٹ تمام شب

محفل مین ڈر کے ضبط سے ساقی بکر و بر
آنسو پیا کیا جو مین غٹ غٹ تمام شب

قطرے تھے یا تھے ریزۂ الماس جس سے آہ
لخت جگر بہا کیے کٹ کٹ تمام شب

ٹک لگنی بھی دیا نہ مجھے عزم وصل مین
مچلائیون سے اوسنے کیا ہٹ تمام شب

غزل میر

کیسی مسجد کیسا میخانہ کہان کے شیخ وشاب
ایک گردش مین تری چشم سیہ کے سب خراب

تو کہان اسکی کمر کید ھر نہ کر یو اضطراب
ای رگ گل دیکھیے کھاتی ہی جو تو پیچ وتاب

موند رکھنا چشم کا ہستی مین عین دید ہے
کچھہ نظر آتا نہین جب آنکھہ کھولی ہی حباب

تو ہو اور دنیا ہو ساقی می ہو اور مستی مدام
پر بط صہبا نکالے اوڑ چلے رنگ شراب

ہی ملامت تیرے باعث شور پر سب تجھسے نمک
ٹک تو رہ پیری چلی آتی ہے ای عہد شباب

یہ خرابی کب سے تھی شایان آہوی حرم
ذبح ہوتا تیغ سے یا آگ سے ہوتا کباب

کیا ہو رنگ رفتہ کیا قاصد ہو جسکو خط دیا
جز جواب صاف آئے کب کوئی لایا جواب

وای اس جلنی پر ای مستی دور چرخ مین
جام پر تو گردش آوے اور میخانہ خراب

خوب حرفے بن الف بے کے نہین پہچانتا
ہون مین ابجد خوان شناسائی کو مجھسی کیا حد

مت ڈھلک مژگان سے تو اب ای سرشک آبدار
مفت مین جاتی رہیگی تیری موتی کی سی آب

کچھ نہین بحر جہان کی موج پر مت بھول میر
دور سے دریا نظر آتا ہے لیکن ہے سراب

غزل سراج

یا الٰہی گر نظر آوے مرا محبوب خوب
ہوش کے لشکر کو کر آکر کرے مغلوب خوب

بلبل گلشن غزلخوان ہے فراق گل ستی
گر ملین آپس مین دو نون طالب و مطلوب خوب

ارہ غم گر چلے سر پر مثال زکریا
یار کے جور و جفا پر صبر جیون ایوب خوب

آزماتا ہون کہ درد سر ہے فکر دنیوی
سب سے بے پروا ہوا ہے عالم مجذوب خوب

دل کے سیپارہ کو ناکل کر رکھے ہین بر مین ہم
جدول زخم جفا سے ہو اسے اسلوب خوب

سبزۂ خط خوشنما ہی تجھ لبون کے آس پاس
چونکہ پانی کے کنارے پر لگے ہی دوب خوب

یوسف مصری کی آوے گا مگر پاس اے سراج
از سر نو ہووے نور دیدۂ یعقوب خوب

غزل فاضل

اس خوبرو کے آگے اگر آئے آفتاب
خجلت سے پھر زمین مین سما جائے آفتاب

گر وقت شام اوس مہ تابان کو دیکھ لے
تا صبح پیچ و تاب پڑا کھائے آفتاب

اس شمع رو کے روبرو کب تاب لا سکے
سو سو طرح سے بن کے اگر آئے آفتاب

کب سرخرو ہو روبرو اوس سرخ رنگ کے
رنگ شفق ہزار بنا لائے آفتاب

اس مہ جبین کے جلوۂ پر نور کو اگر
ذرہ بھی دیکھ لیوے تو گھبرائے آفتاب

فاضل تو اسکے آتش ہجران مین جل بجھا ہے
ڈرتا ہون اس طرح سے نہ جل جائے آفتاب

غزل آتش

روشنی اس گل کی کر جاتی ہے کار آفتاب
حسن سے پیدا کیا ہے اعتبار آفتاب

سامنا اس آتشین رخسار کا اندھیر ہے
رات بھر رہتی ہین آنکھین انتظار آفتاب

ہجر کی شب مین نہ بس ہے اشتیاق روز وصل
ہم کہے سکتے ہین آگے اختیار آفتاب

نقش کس دل مین نہین رخسار روشن کا ترے
کونسا گھر ہے نہین جس مین گذار آفتاب

منہ ملاتا ہے تمھارے چہرۂ پر نور سے
کیجیے اپنے کف پا کو دو چار آفتاب

حسن مخلوقات سے اشرف جمال یار ہے
بیحساب ان عارضون مین ہے شمار آفتاب

یہ دعا کرتے ہین اس رخ کو ترقی ہو دہ حسن
روشنی طور دے پروردگار آفتاب

کیف مے سے سرخ جو وہ چہرۂ روشن ہوا
باہم بہار باغ لوٹے ہم بہار آفتاب

خانۂ دل مین جگہ دیجے خیال یار کو
دیکھیے برج شرف مین اقتدار آفتاب

دم فنا اس روے روشن کے نظارے نے کیا
طائر جان ہو گیا اپنا شکار آفتاب

روتے روتے پہلوے گل مین گذر جاتی ہے رات
یاد آتا ہے جو شبنم کو کنار آفتاب

پاؤن تیرے اسلئے اے محبوب ہم دھویا کرین
ہاتھ آجائے جو طشت زرنگار آفتاب

صبح محشر کا ہے آنکھون مین انھون کے اشتیاق
ہجر کی شب مین ہین جو امیدوار آفتاب

غور رہتے ہین تصور سے شب سرما مین گرم
روے روشن یار کا ہے یادگار آفتاب

مرگئے پر بھی نہ بھولے گا رخ زیباے یار
ذرے اپنے خاک کے ہونگے نثار آفتاب

دل جلا ہے گرمیون سے اسلیے پی یار اب
بھاگ جاؤن وان نہو جسجا گذار آفتاب

روی یار اپنی طرف سے پھیرنے ای اشتر نہ دین
ہو جو ہاتھ اپنے عنان اختیار آفتاب

غزل شادان

بہار آئی ہے اب دلمین ہے ہواے شراب
صنم کے ساتھ مزا ہے نہین سواے شراب

عجب مزا ہے کہ اوسنے قبول کرکے لیا
جو اپنے ہاتھون سے آپ ہی ہین پلاے شراب

سبو سبو جو خدا چاہے ہے سو پیوین گے
بہار عیش مین ساقی اگر لے آئے شراب

جو اسکے نشہ مین آتی ہے یاد لب کی
تو صاف کہتا ہے ساقی نہین بہا کے شراب

لعان شراب حقیقی مین دُرد رہتی ہے
نہین ہے درد یہان دیکھ اب صفاے شراب

نہین سماتی ہین پھولی ہوے جو شادان ہم
گلاب پیتے ہین اس گل سے ہم بجاے شراب

غزل ناسخ

گر دہان تنگ تیرا دیکھ پائے عندلیب
غنچۂ گل سے چمن مین تنگ آئے عندلیب

گر ترے دست حنائی دیکھ پائے عندلیب
شاخ گل کو آہ سوزان سے جلائے عندلیب

پیرہن پہنے کیا پرزے تو پھر دیدۂ گل
نوچکر سب بال و پر اپنے اوڑائے عندلیب

ذبح کر اس غیرت گلشن پہ مجھکو وار کر
بس یہی صیاد سے ہے التجائے عندلیب

عاشقونکی قدر معشوقون سے ہوتی ہی سوا
دیکھ لو گل سے زیادہ ہے بہائے عندلیب

شمع کے شعلے کو گر تشبیہ دون گلگیر سے
بزم مین گلگیر سے نکلے صدائے عندلیب

کب قفس مین صحن گلشن یاد آتا ہی اسے
عارض صیاد سے ہے حاجت روائے عندلیب

جام مے لبریز ہین ساقی فقط مطرب نہین
گل کھلے ہین باغ مین خالی ہی جائے عندلیب

جای گل دیکھون الٰہی منہ اوسی محبوب کا
ہے یہی ہر صبح گلشن مین دعائے عندلیب

نقش پا تیرا جو ہے یک گل ہی وہ اے خوشخرام
ہر صدا آپای رشک نغمہائے عندلیب

نالۂ موزون یہ کہتے ہین بآواز بلند
آج ہم باطل کرینگے دعوہائے عندلیب

موسم گل ہوچکا آئی خزان مرجائینگے
کھینچ گلشن مین شبیہ اپنی برائے عندلیب

بعد مردن اوڑتے پھرتے ہین چمن مین بال و پر
عشق گل مین دیکھ ای ناسخ وفائے عندلیب

غزل ذوق

پی بھی جا ذوق نکر پیش و پس جام شراب
لب پہ توبہ ترے دلمین ہوس جام شراب

بازگشت اپنی ہے یون جانب قسام روان
جیسے ساقی طرب باز پس جام شراب

جوش مستی ہے عجب قافلہ جسمین کہ نہین
نہ شکست ایک صدائے جرس جام شراب

محتسب شعلۂ آواز سے جل جاؤن گا
گرچہ ٹوٹا دل آتش نفس جام شراب

رات میخانے مین ساقی جو نشے مین بہکا
خس کے شیشے کو لگا کہنے خس جام شراب

مرغ دل نرگس میگون کے ہی مژگان مین اسیر
تازہ مضمون ہے جو باندھون نفس جام شراب

دل شکستہ ہون مین وہ ٹوٹ کے ہو ٹکڑے / نام لکھدے جو کوئی میرا پس جام شراب
ساقی اس دور مین کب آنکھ چرا سکتا ہے / رات بھر گشت کرے ہے عسس جام شراب
نوش دارو سے بھی بہتر ہے دم رنج خمار / ساقیا شربت فریادرس جام شراب
بے خبر قافلۂ عیش گذر جاتا ہے / سب بے زبان سے ہے جو وہان جرس جام شراب
ابلقی چشم سیہ مست کو تیرے دیکھا / ورنہ اتنا کب تو ترستا فرس جام شراب
نخل مینا سے خدا جانے کہ ساقی کسکو / پہلے پونچا لئے ثمر عیش رس جام شراب
مجکو اس بوسۂ دندان سے نہیں بوسۂ لب / نقل نمکین ہین مرے چند پس جام شراب
بادۂ صاف مین آیا ہے کہان سے تنکا / عکس مژگان ہے تری مین خس جام شراب
ذوق جلدی سے گلرنگ سے دے ساغر گل / لب نازک کو ہے اسکے ہوس جام شراب

غزل سلیمی

اے مرے رشک قمر ناز سے آنا کیا خوب / دل عشاق کو غمزے سے لبھانا کیا خوب
تو نے بیگانہ سمجھ مجھکو بٹھایا ہے دور / اپنی خلوت مین رقیبون کا بلانا کیا خوب
دام کاکل مین مرا دل تو ہوا ہے نخچیر / آپ اے رشک پری مجھکو ستانا کیا خوب
شکل پروانہ کی اس دلکو جلاتا ہون سدا / شمع رو تیرے لیے جان کا جانا کیا خوب
چاند سا پان کا مسی کی دھڑی پر آفت / لعل لب کھول کے دانتون کا دکھانا کیا خوب
ناگنی زلف کی جب مانگ نکالو ہو صنم / دل زخمی کا مرے نشانہ بنانا کیا خوب
اس سلیمی کو صنم مہر و وفا سے ہردم / رات دن اپنے چھپر کھٹ پہ سلانا کیا خوب

غزل ناسخ

ہے مری مستی کو عشق ساقی کوثر شراب / رات دن پیتا ہون مین بے شیشہ و ساغر شراب
ہے تصور کسکی چشم مست کا جو ان دنون / جام اشک آنکھون سے جاری ہوتی ہے اکثر شراب
خون نظر آتا ہے صاف اوسکے تن نازک سے یون / جسطرح مینا بلوریں مین ہو احمر شراب

ہے دل مجروح کی اس چشم میگون پر شفا / کام مرہم کا کرے کیونکر نہ زخمون پر شراب
گرچہ ہون میکش تو ای زاہد نکر غیبت مری / گوشت کھانے سی برادر کے ہے بہتر شراب
کانپتے ہین اہل عصیان خشیت تقدیر سے / رعشہ دار انسان کو کردیتی ہے اکثر شراب
گر ہے خورشید محشر سے نکیجے تا گریز / اسلیے کرتا ہے واعظ مجکو دامن تر شراب
لذت عشرت ہوئی تلخکامی کب حصول / ذایقے مین دیکھیو تو رکھتی ہے تلخی تر شراب
میکشی سے زاہدون کو اسلیے انکار ہے / تاکہ ان بدطینتون کے کھو لدی جوہر شراب
ہین جو عالی ہمت اونکو میکشی سے شوق ہے / آدمی کو عرش پروازی کو ہے تفسیر شراب
ہون نجس ہر چند لیکن پاک کردے گا وہ ہے / جسکی نزدیکی ہے تا صبح ہوتی ہے اطہر شراب

غزل سودا

گرچہ ہون زیر فلک نالۂ شبگیر نصیب / پر اوسے کیا کرون یارو نہین تاثیر نصیب
جب تلک اسکو ہے تری زلف گرہگیر سے کام / کسقدر یہ دل دیوانہ ہے زنجیر نصیب
ٹوٹے دلکو نہ بناتے ہین کسیکو دیکھا / ظاہرا دہر مین یہ گھر نہین تعمیر نصیب
جرم گو غیر کرے تو بھی معاتب ہون مین / بیگنہ مجسا کوئی دیکھا ہے تقدیر نصیب
کوئی تو کشتۂ ابرو ہے کوئی مژگان کا / تیغ قسمت مین کسیکے ہے کوئی تیر نصیب
کیمیا خاک در شاہ نجف ہے سودا / حق تعالے کرے اسطرح کی اکسیر نصیب

غزل شاہ ظفر شاہ دہلی

ردیف پ

کیا ہوا مجسے کشیدہ ہے وہ گر آپ سے آپ / کشش دل سے کھنچیگی ادھر آپ سے آپ
اس دل آزار کا کیا جانے ہے کیا خوف مجھے / دل دھڑکتا ہے مرا دو دو پہر آپ سے آپ
ہے ابھی رات کہان جاتا ہے اے ماہ لقا / بول اوٹھا یونہین مرغ سحر آپ سے آپ
بخت برگشتہ جو ہو جائینگے میرے سیدھے / وہ چلے آئینگے سیدھے مرے گھر آپ سے آپ
گل بھی دیوانے ہین تیرے جو کہ آتے ہی بہار / ٹکرے کر ڈالتے ہین جیب و جگر آپ سے آپ

آتش شوق سے اوڑتا ہے برنگ سیماب
لگ گئے ہین دل بیتاب کو پر آپ سے آپ

ویسے ہی راہ اگر دل کو تو ہو جاوے گی
بے خبر تجکو محبت کی خبر آپ سے آپ

دل کے آئینہ کو تو صاف تو کر دیکھ ذرا
اوسکی صورت تجھے آویگی نظر آپ سے آپ

جبکہ ہو جائیگا اس زلف سے دلکا سودا
ہمسہ کھلجائیگا اب سود و ضرر آپ سے آپ

ای پریوش تری آنکھین وہ بلا ہین جنکو
دیکھکر ہوتا ہے دیوانہ بشر آپ سے آپ

فکر و تدبیر سے کیا ہوگا کہ جو ہوتا ہے
وہی ہوتا ہے جو قسمت سے ظفر آپ سے آپ

غزل ناسخ

تیری کوچے مین کھڑا رہتا ہون مین اے یار چپ
رات دن جس شکل سے ہو صورت دیوار چپ

کاروان شہر خاموشون کے ہین رہبر خدنگ
اسلیے رہتے ہین اے قاتل لب سوفار چپ

قیمت اس شیرین زبانی سے بیان یوسف نے کی
رہگیا حیرت سے سارا مصر کا بازار چپ

فاش ہوتے ہین کمال عشق مین اسرار عشق
جوش مستی مین نہین ممکن کہ ہو میخوار چپ

ہین یہ بت واللہ بیدرد انکو ہے کسکا خیال
سمجھین صحت مر کے ہو جاوے اگر بیمار چپ

تیری کوچے مین جو کرتا ہون فغان معذور ہون
کسطرح گلزار مین ہو بلبل گلزار چپ

ہے قیامت صحبت ارباب غفلت کا اثر
پاس سوتا ہے جو کوئی رہتے ہین بیدار چپ

خواب مین بھی یار کے شکوے کا گر آیا خیال
بول اوٹھا پاس ادب ہان اے لب اظہار چپ

روندنے والی نہ ہرگز درد سے ہون نعرہ زن
صبر کر پامالی مین نہو ہر خار چپ

خوش کلامی اسکی ہو جس بزم مین حیرت فزا
ہون وہ ہین انسان کے مثل روزن دیوار چپ

کیون نہین دیتا کسیکو تو جواب ای سنگدل
سنکے جب آواز کو رہتے نہین کوہسار چپ

لال ہوتی ہین زبانین ناسخ اپنے سامنے
بغض سے دشمن رہین سنکے یہ اشعار چپ

غزل آتش

بل کھا سکے نہ صورت گیسوی یار سانپ
توڑے سے مروڑے سے اپنے بدن کو ہزار سانپ

احول کی آنکھ سے ہون مین سودلے دیکھنا
وہ زلفین یار کی نظر آتی ہین چار سانپ

کیونکر نہ پھاڑ پھاڑ کے پھیکون مین پیرہن
سودا ہے زلف یار مین ہے تار تار سانپ

افشان چھڑک کے یار کے زلف سیاہ پر
دکھلا دیا وہ سنتے تھے جو مالدار سانپ

موذی بھی متفق اثر حسن سے ہوے
کرتے ہین گنج یار کے اوپر نثار سانپ

ہر عقدہ گانٹھ زہر کی موذی ہے بال بال
کاکل ہے ایک یار کی کالے ہزار سانپ

اس زلف مین ہے جیسے مراد اغدار دل
طاؤس کو سمجھتے ہین اپنا شکار سانپ

سودای زلف مین ہے جو کچھ حال کیا کہون
رہتا ہے رات دن مرے سر پر سوار سانپ

روی صبیح پر نہین لہرا رہی وہ زلف
بو پا کے یاسمین کی ہے بے اختیار سانپ

موذی کو چاہتا ہے سدا آسمان دون
اکثر بنایا کرتا ہے یہ بد شعار سانپ

آتش یہ شاعرون کا فقط اختراع ہے
رخسار گنج ہین نہ تو گیسوے یار سانپ

غزل انشا

بھرا جو آنکھ مین اس زلف عنبرین کا سانپ
کہ موج اشک ہوا اپنی آستین کا سانپ

کہجوری چوٹی یہ کسکی تھی جسکے دھوکے مین
جگر کو کاٹ گیا شوخ یاسمین کا سانپ

لٹ اوسکے پاؤن کی غصہ مین تا جبین پہنچے
نہ ایسا ہوویگا صحراے ملک چین کا سانپ

مگر دو زلف مددگار چشم تھے کہ مرے
ڈسے ہے دل نگہ سحر آفرین کا سانپ

عمامہ والے سے اے دل تو بچیو نکلا کر
کہ ہے یہ زاہد مکار راہ دین کا سانپ

شب فراق تو ایک ہی تھی اژدہا تمثال
کہ تھا خیال مین اس جعد عنبرین کا سانپ

صباح کفچۂ زرین آفتاب کو دیکھ
کہا یہ سبنے یہ کافر نہین زمین کا سانپ

نگل ہی لینے کو نکلا ہے غار مشرق سے
وہ پھن نکالے ہوے چرخ چارمین کا سانپ

عصاے حضرت موسی ہو اپنی آد انشا
کبھی کہین جو کرے میری قصد کین کا سانپ

غزل آتش

دکھلاتی ہے رنگینی رخسار عجب روپ
رکھتا ہے ترے حسن کا گلزار عجب روپ

کہتا ہے گل و لالہ کوئی مہ و عذر
لایا ہے ترا جلوۂ دیدار عجب روپ

نظارۂ یوسف ہو زلیخا کو مبارک
بدلے ہوئے ہے مصر کا بازار عجب روپ

مشتاق نہ کیونکر ہون تری دید کی آنکھین
دیکھا نہین سنتے ہین مگر یار عجب روپ

دلالون کی قیمت کا یقین آتا ہے کسکو
پاتے ہین ترا تیرے خریدار عجب روپ

اوس رشک مسیحا کا جو کرتا ہے کوئی ذکر
ہوتا ہے مرا صورت بیمار عجب روپ

جب دیکھیے کچھ اور ہی عالم ہے تمھارا
ہر بار عجب رنگ ہے ہر بار عجب روپ

چلتے ہو جو تم ناز سے اٹھکیلی کی چالین
ہر گام دکھاتی ہے رفتار عجب روپ

کھلجائین تجھے معنی توحید اگر آتش
پھر دیکھیے تو دکھلائین گل و خار عجب روپ

غزل ناسخ

اس چمن مین ہین بیشمار درخت
پر کہان مثل قد یار درخت

وہ ترا سرو قد ہے بے سایہ
صدقے ہین لاکھ سایہ دار درخت

تیرے سوز درون سے کیا نسبت
مین ہون انسان اور چنار درخت

ہر روش پر ترے ہین مجرے کو
ہین کھڑے باندھکر قطار درخت

آنکھین بادام ہین زنخدان سیب
قد جانان ہے میوہ دار درخت

سرو شمشاد سدرہ و طوبے
صدقے اس قد پہ ہین یہ چار درخت

ہین وہ دیوانے جو ہین اہل متاع
سنگ کھاتے ہین باردار درخت

سوز دل سے زمین جلتی ہے
سبز کیا ہو سر مزار درخت

فندقی میوہ ہاتھ ہین شاخین
گل ہین رخسار قد یار درخت

لیک مجھ دلجلے کی تربت پر
سبز ہوگا نہ جز چنار درخت

ہون مین عاشق انار پستان کا
ہو نہ تربت پہ جز انار درخت

آدمی کیا کہ تیرے فرمان سے
دوڑے آئے ہین لاکھ بار درخت

تا قیامت خلل نہین ملک سنج
نخل عزم کا ہے پایدار درخت

غزل شاہ نصیر

چل مل اس کوچہ مین فوج اشک چشم تر سمیت
پادشاہ ملک تن ہے تو کل لشکر سمیت

کیون نہ ہم شیشے کو ٹپکین باغمین ساغر سمیت
توڑتا گلچین ہے غنچے کو گل احمر سمیت

دیکھی آدھی رات کو مانگ اسکی جب جھومر سمیت
کٹ گئی تب کہکشان دنبالہ دار اختر سمیت

چشم وہ کیا ہے کہ جسمین ایک بھی افسون نہین
آبرو تب ہے صدف کی جبکہ ہو گوہر سمیت

قشقہ اسکی جبین پر جون الف یا رو نہین
دیکھ تو شق القمر انگشت پیغمبر سمیت

آنسوؤن کے بوجھ سے لائی نہ مژگان تاب ہای
عاقبت ٹوٹی رسن طفلان بازیگر سمیت

ابرو پر چم کے سپلو مین بنا کاکل کا خال
ای قمر طلعت نکلتا ہی ہلال اختر سمیت

ناف کے حلقے بھر پیچ اس بحر خوبی کے ولا
ڈوبتی کشتی ہے اس گرداب مین لنگر سمیت

حسن ہے آگاہ کر مغرور خوبان کو کیا
گاڑ ہی دیتا تھا آئینہ کو اسکندر سمیت

ہی نمودی خط تر و رخسے اوٹھا دے رخ سے زلف
رات کو خوبی ہے لالہ کی مہ انور سمیت

گو ہین یاوہ پر ہم پر عشق سے خالی نہین
رکھتے ہین خاکستر افسردہ کو اخگر سمیت

ذکر کسکی جامہ زیبی کا چمن مین ای صبا
کی جو سو ٹکڑے قبا ہر گل نے بالا بر سمیت

مین خط پشت لب پر کے ہون کبسے پہ خوش
زہر ہے لسنے دیا یارو تو وان شکر سمیت

تو نے کیون صیاد پھینکا لاشۂ بلبل کو آہ
دابنا تھا کہین گلشن مین بال و پر سمیت

مہ جبائے ہجر کی ہو مشق بیتابی دوچند
گر نہاؤن تا بسینہ مین دل مضطر سمیت

ابروے پر چین پہ اسکے دل نظر کر غور سے
دیکھتے ہین اصفہانی تیغ کو جوہر سمیت

حشر کو جائینگے تجھسے خون بہا ے دل صنم
ساتھ اپنے تجھکو لیکر تیغ اور خنجر سمیت

مہر و پایا نے داغ سے معمور ہے سینہ تمام
رو برو اللہ کے جائینگے ہم محضر سمیت

شوق گر قلیان کشی کا ہے تو مہتابی پہ بیٹھ
ای ہے سلطان خوبان شکوہ کر و فر سمیت

ق
بیچوان نیچہ سے ہالۂ حقۂ سیمین سے ہے ماہ
عقد پروین کی چلم گردون کی ہے اختر سمیت

ہے تپ ہجران نہ لکھ نسخے مین میرے ای طبیب
خرفہ و کشنیز تو رب انار تر سمیت

ق
یار کے خال و لب فرنگ مسی کا ہے خیال
تخم ریحان دی مجھے عناب و نیلوفر سمیت

ہمکو ترغیب طواف کعبہ مت کر زاہدا
زاد راہ تو لے کے جا احرام کی چادر سمیت

ابرو و بینی سے اپنے رخ پہ دکھلاتا ہے یار
نقشہ محراب بیت اللہ کو منبر سمیت

پان کی سرخی دکھا مت کر مسی سے لب سیاہ
لعل کو رکھتا ہے ہان کوئی بھی خاکستر سمیت

پڑھ بہ تبدیل قوافی اس مین ہین اے نصیر
دوسری بھی وہ غزل مضمون تازہ تر سمیت

غزل آتش

قامت سے دکھایا نہ تماشاے قیامت
ہو آج ہی ہونا ہے جو فرداے قیامت

دونون سے علاقہ نہ رہا چاہ کے تمکو
جنت کی نہ دوزخ کی ہوئی وای قیامت

واعظ سے تری جلوہ نمائی جو سنی ہے
دیدار کے بھوکون کو ہے صحراے قیامت

اس مرحلہ مین خون جگر کھانا پڑیگا
بے دانہ و بی آب ہے سوداے قیامت

شاعر ہون یہی عرصۂ محشر مین کہونگا
کیا مصرعۂ برجستہ ہے بالاے قیامت

رحمت سی تری دور نہین ہر چند کہ ہوئے
فرداے قیامت ہے پس فرداے قیامت

کشتے تری غلغال کی آواز کے ہین ہم
ہمسے نہ سنا جائیگا غوغاے قیامت

دو گام جو محشر مین چلے تم روش ناز
پامال ہوئے فتنۂ صحراے قیامت

اس قد کشیدہ کا نہ مشتاق ہوا دل
اللہ نہ دکھلاے تماشاے قیامت

ای داغ جنون حشر کا خورشید ہے تو بھی
گرمی سے تری ہوتی ہے ایذاے قیامت

آتش نہین بیچ رہنے کے تمکو بھی کریگا
صحبت مین شریک انجمن آراے قیامت

غزل سودا

ہندو ہیں بت پرست مسلمان خدا پرست — ہم پوجتے ہیں اوسکو جو ہو آشنا پرست

اس دور میں گئی ہے مروت کی آنکھ پھوٹ — معدوم ہے جہان میں چشم حیا پرست

دیکھا ہے جب سے رنگ کفک تیرے پاؤں میں — آتش کو چھوڑ گبر ہوئے ہیں حنا پرست

چاہے ہے کہ عکس دوست رہے تجھ میں جلوہ گر — آئینہ دار دل کو رکھ اپنے صفا پرست

آوارگی سے خوش ہوں میں اتنا کہ بعد مرگ — ہر ذرہ میری خاک کا ہووے ہوا پرست

سودا اسے شخص سے کے تئین آزردہ کیجیے — اے خود پرست حیف نہیں تو وفا پرست

غزل میر

وصل دلبر نہ تک ہوا قسمت — مر چکے ہجر میں سبھے یا قسمت

ایک بوسہ پہ بھی نہ صلح ہوئی — ہمنے دیکھی بہت لڑا قسمت

شیخ جنت سبھے تجھے مجھے دیدار — واں بھی ہر ایک کی ہے جدا قسمت

پھول چن ہاتھوں سے جنکو دیے — زخم تیغ اونسے اپنے تھا قسمت

۹۳ کیا ازل میں ملا نہ لوگوں کو — تھی ہماری بھی میر کیا قسمت

غزل آتش

مہندی سے لال ہیگو دست و پائے دوست — خون شہید ناز ہوا ہے حنائے دوست

حصے ہیں دوستوں کے ہیں جور و جفائے دوست — دشمن خدانخواستہ ہوں خاکپائے دوست

انکو ہوئے ہیں حتی توحید منکشف — آنکھوں کو کچھ نظر نہیں آتا سوائے دوست

لاتیں چلینگی سینے پہ اپنے شب وصال — کیا کیا نہ غل مچائینگے خلخال پائے دوست

کیا مال ہے ہزار کو سے مالدار ہو — ہم بھی ہیں سائل در دولتسرائے دوست

زندہ سنے تو مردہ ہو جائے دم فنا — مردے کو زندہ کرتی ہے آواز پائے دوست

غزل سلیمی

نہیں ہے کیونکہ خزاں رشک سے بہار پہ دانت — جو موتیا کے گلے دیکھے دوسے یار پہ دانت

نہین ہے خار مغیلان مزار مجنون پہ
زمین نے کھولے ہین لیلی کے خاکسار پہ دانت

بھڑک گیا دہین شب سے بےتکلفی کے سبب
لگے جو عالم مستی مین گلعذار پہ دانت

کہ بیوفائی قسمت سے ہے خلق عالم کی
تمام عمر سے ہین جانب مزار پہ دانت

یہ بخت اولٹ گئے اکدن بھی کچھ اثر نہوا
مین پیستا رہا رات اپنے تیرہ تار پہ دانت

مراد دل کی خدا پر ہے تو ملے ہی گی
سبب ہے کوہکن نے لگایا یہ کوہسار پہ دانت

شب وصال سلیمی کو جو نہ دیکھ سکے
الہی اوسکے لگین وصل اور پیار پہ دانت

غزل سلیمی

یہ وہ فلک ہے کہ ہین اسکے ہر بہار پہ دانت
مدام پیستا رہتا ہے لالہ زار پہ دانت

فلک پہ چاندنی حسرت سے پیستی ہے سدا
ہماری رشک قمر کے گلے کے ہار پہ دانت

شب وصال پر اسکے خدنگ آہ سے لگے
رکھے جو اپنے کوئی روز انتظار پہ دانت

غضب ہی ہر گھڑی جراح بیوفا ظالم
رکھے ہے نشتر و سوزن کے دلفگار پہ دانت

الہی کیونکہ ہون بوس و کنار اوس بت سے
رکھون ہون عمر سے جس شوخ کی بہار پہ دانت

مساس خون شہیدان سے شکل نشتر کی
یہ دیکھ لو جو نہ دیکھے ہون تیغ یار پہ دانت

سحر کو افعی نالہ رقیب کا اے جان
نکالتا ہے تری زلف تابدار پہ دانت

یہ وہ فلک ہے کہ حاسد ہے ہر تجسم کا
مدام کھولے ہی رہتا ہے نور و نار پہ دانت

سلیمی غم کی بلا پے پڑے ہی آہ ہمدم
ہمارے جان و دل و عجز و انکسار پہ دانت

غزل جرأت

بلائین ہاتھون نے میرے جو لین تمھاری رات
بلائین ہاتھونکی لیتا رہا مین ساری رات

پڑے تڑپتے ہین بستر پہ آہین بھر بھر کے
جو یاد آتی ہے صورت پیاری پیاری رات

پلک نہ رات جھپکتی تھی دل دھڑکتا تھا
کسیکے وعدے پہ حالت تھی یہ ہماری رات

اگرچہ دن بھی کٹے ہے بری طرح سے ولے
ترے مریض پہ لاتی ہے سخت خواری رات

سحر کو پارۂ بستر نظر پڑا نہ کہین
تڑپ تڑپ کے یہ کی ہے نے بیقراری رات

اب اسکے وعدے پہ یون شب گئی ہے یہین
قدم شماری ہی دنکو تو دم شماری رات

صدا ہی شب نہین ہوجہ تب سے عاشق کے
کرتے سے نالے نالون پر یہ آہ وزاری رات

تری مریض پہ کیا جانے کیا ہوا تا صبح
کہ لوگ کہتے تھے گریہ او سکے اشکباری رات

الٰہی پہلے مرے تن سے جی روانہ ہو
کہ جاتے کہنے لگو ئی وصل کی سدھاری رات

جدا ہوئے ہون جو اس لب سے لب تا دم صبح
میسر آئی ہے ایسی کبھی لاکھہ باری رات

پہ ہای اب تو وہ صحبت نہین ہے خوابین بھی
اسی خیال سے ہم جاگتے ہین ساری رات

شب فراق کٹے کسطرح سے ای جرأت
یہ رات وہ ہے کہ کہتے ہین جسکو بھاری رات

غزل مسافر

ہائے کس سے کہون مین دلکی بات
روتے روتے کٹی ہے ساری رات

پر نہ رحم آیا کبھی تجھے ہر چند
سنکے احوال کو مرے ہیہات

تجھسے گالی وہ جھڑکیان کھائین
الغرض لے گیا برا اوقات

کیا بھلا ہو گیا ترے دل کو
چھوڑ دی ہمسے تونے رمز و نکات

نہ کبھی خط نہ گاہ پیغامے
کب تلک اسطرح ہماری سات

ابتو آ مجھہ طرف ارے قاتل
جان جاتی ہے وقت ہے سکرات

ہر دو عالم سے کچھہ نہین مطلب
بس مسافر کو ایک تیری رات

غزل اختر

عجب اب کے آئی بہار بسنت
جدھر دیکھو ہے وان نگار بسنت

نشے مین ہے سرمست آئے بسنت
کھلا اس سبب لالہ زار بسنت

پلا ہمکو ساقی بسنتی صبوح
ہے آنکھون مین اپنے خمار بسنت

میان قطب دین کو مبارک ہو یہ
کہ اس سے ہی ہے گا وقار بسنت

تماشا پھولا دیکھ لے تو یہ اختیر ॥ کہان ہم کہان پھر بہار بسنت

غزل سودا

نگارستان ابرو یار بسم اللہ کی صورت ॥ قد رعنا سراپا ہے الف اللہ کی صورت
زلف واللیل رخ والضحیٰ نرگس چشمہ کو شمہ ॥ نمایان ہے سواد خط کلام اللہ کی صورت
زلیخا کی نمط کرورد دل مین سورہ یوسف ॥ جو تجکو چاہ سے اگر ملے دلخواہ کی صورت
ہے شکر الحمد اللہ بعد مدت سیر منزل نے ॥ دکھائی عشق کی صحرا مین ہمکو راہ کی صورت
الم نشرح ہوا عالم مین تیرا عشق ای سودا ॥ نہ پنہان ہو سکے دریای دل مین ماہ کی صورت

غزل سراج

ادای دل فریب سرو قامت ॥ قیامت ہے قیامت ہے قیامت
شہید خنجر الفت ہوا ہون ॥ سلامت ہی سلامت ہے سلامت
نکرتا جی کو قربان تجھ قدم پر ॥ ندامت ہی ندامت ہے ندامت
جماعت مین پری رویون کی تجکو ॥ امامت ہی امامت ہے امامت
سراج اب عشق کے درپن کا صیقل ॥ ملامت ہی ملامت ہے ملامت

غزل آتش

وصل کی شب بھی ہین عاشق سے سزاوار لپیٹ ॥ نیند کا حیلہ نکر منہ کو نہ اے یار لپیٹ
مثل گل تونے جو پہنی ہے قبا ای محبوب ॥ لالہ کیطرح سے کبھی لٹ پٹی دستار لپیٹ
جان پر بنتی ہے ہو جاتا ہے اک سودا سا ॥ دلکو لیتے ہین ترے گیسوے خمدار لپیٹ
قتل پر میرے اوٹھایا ہے جو بیڑا تمنے ॥ خوب کسکر کمر اے ترک جفا کار لپیٹ
داغ عشق آپ ہی کھا اوسکو نہ کھلوا اللہ ॥ ساتھ لینے کبھی جگر کو نہ دل آزار لپیٹ
چاند سے منہ کو دکھا ابر سیہ سے زلفین ॥ کبک طاؤس کو کبھی اپنی طرف یار لپیٹ
بھیڑ سے بھیڑ رہا کرتی ہے دروازے پہ ॥ رکھے کس کس کو ترے شہر کی دیوار لپیٹ

خط مشکین سے رخ یار کے منھ پر یہ کھلا
روز روشن کو بھی لیتی ہے شب تار لپیٹ

نشان مرہم بھی دکھلا چکی قاتل مجھکو
اے خوش اندام بس اب جامۂ گلنار لپیٹ

آہ آمد کی اطبا کے جو سنتے ہیں خبر
منہ کو سے لیتے ہیں کفن سے ترے بیمار لپیٹ

کافی ابرو کا اشارہ ہی بہت ای قاتل
خون ناحق میں مرے اپنی نہ تلوار لپیٹ

ابھی بازار جہان میں ہے تمنا آتش
جنس دل لے کوئی خوشرو سا خریدار لپیٹ

غزل میر

نیا بادل ہوا روز سیہ سے جسکا جالٹ پٹ
کسو کی زلف ڈھونڈی مو بمو کاکل کو لٹ پٹ

تو کن نیندون پڑا سوتا تھا دروازے کو موندی شب
مین چوکھٹ پر تری کرتا رہا سر کو پٹک کھٹ کھٹ

چٹین لگتی ہین دل پر بلبلون کے باغبان تو جو
چمن مین توڑتا ہے ہر سحر کلیون کے تئین چٹ چٹ

تری ہجران کی بیماری مین میر ناتوان کو شب
ہوا ہی خواب سونا آہ اس کروٹ سے اوس کروٹ

غزل سلیمی

بوسے کا خیال آیا جو دل مین مرے جھٹ پٹ
تو آکے صبا نے لین بلائین مری چٹ چٹ

ہنستے ہوی بھولے سے کچون پر جو گرا ہاتھ
جھنجلا کے لگا کہنے کہ چل دور ہو نٹ کھٹ

کل تیرے رقیبون نے جھڑک کر کہا تجھسے
آنے سے لگی رہتی ہے ہر روز کی کھٹ کھٹ

ہر چند کہ مین عجز و تملق سے رجھایا
بولا نہین بھاتی نہین یہ آپ کی سٹ پٹ

کھینچا جو غم ہجر سلیمی نے بیک عمر
تو خوب ہوئی وصل کی شب یار سے لٹ پٹ

غزل انشا

آج کیا ٹھہر گئی ہان یا کہ نہین منہ سے تو پھوٹ
ہو گی وہ بات وہان یا کہ نہین منہ سے تو پھوٹ

کوٹھے پر ٹھہرے ہین یا آنکہ منڈیر ہی اودھر
صحن مین ڈیوڑھی مین یا اور کہین منہ سے تو پھوٹ

سر ہلانے سے بھلا دیسا نہین پڑتا کس وقت
کس جگہ کب کدھر ہان کہ وہین منہ سے تو پھوٹ

لوگون کے چرچے کا انشا جو سبب ٹھٹھے در ہوتا
تیری کیون آنکھین کھلا پھوٹ بہین منہ سے تو پھوٹ

غزل آتش

دولت حسن کی بھی ہے کیا لوٹ
آنکھوں کو پڑ گئی ہے نوبا لوٹ

چل رہی ہے ہوا ہوا ہے بہار
لالہ چکھوا ہے داغ سودا لوٹ

سامنے تیرے جو پڑے اے ترک
اسمیں کعبہ ہو یا کلیسا لوٹ

چار دن ہے بہار اے بلبل
زر گل کا ہزار توڑا لوٹ

صف مژگاں سے کہہ رہی ہے چشم
دل میں جتنے ہیں بے تحاشا لوٹ

صرف نقد مال دین کر
مرد ہے کھیت تو پھر عقبے لوٹ

صاف دل ہو تو جلوہ گر ہو یار
آئینہ ہو تو ہو تماشا لوٹ

نعمت خوان حسن جو ملجا ہے
یہ سمجھ رہے ہے من سلوا لوٹ

کیا عجب جب وہ گیسوئے سرنگ
لیں مثال دل احباب لوٹ

جانتے ہیں کہ فوج جنگی ہے
نہیں سردار پھیر لیتا لوٹ

کام مردوں کا ہے یہ اے آتش
رکھتے ہیں جان کا بھی [illegible] لوٹ

غزل سلیمی

پڑی جو کان میں میرے تری کہیں آہٹ
تو فرش چشم نظر تک کر دن زمیں کو سمٹ

ہمارے دل پہ جو کالی بلا سی لہرائے
ڈسے نہ ناگنی زلف اسکی کیوں الٹ اپنی اولٹ

دمیدہ سبزی سے ہے رشک باغ چہرۂ یار
وہ خط حسن سے جسکے رہے بہار لپٹ

غم فراق میں کھائے جو ہم ہزار دن داغ
ہوا ہے رشک بہار چمن جگر بھی چپٹ

کوئی ہے قبلہ کوئی بت کے سامنے ہو
بجا ہے کعبۂ سلیمی کو بس تری چوکھٹ

غزل سلیمی

پینے لگے جب ہم سے توحید غٹ غٹ
تب منصور ولی کے کھلے سر راز جھٹا جھٹ

کل دیکھ شب وصل میں رندوں کی بڑائی
ٹکرانے لگے سر کو بھی چوکھٹ کہ کھٹا کھٹ

جب تیغ نگہ تیری دے اسلام کو قوت
افواج میں کفار کے پڑجاے ہٹاہٹ

دریا چو میں سر پہ در نایاب سخن کو
گردن میں لپٹ لینے لگے بوسے چٹاچٹ

طفلی ہی سے مکتب میں ترے دھیان میں اکثر
کھاتا رہا خون جی کے سبب سٹاسٹ

ٹک دیکھ خزان مرگ کی غافل نہو ہشیار
جھڑتے ہیں بر و برگ شجر ترے چٹاچٹ

دعواے سخن کا نہو سلیمی اگر دست
استادون سے جو باندھے مضامین جھٹا جھٹ

غزل سودا

جبکے خطا اترے تو اوسے دل لگانا ہی عبث
سیر کو وقت خزان گلشن مین جانا ہے عبث

ابر مین آیا رہ سکتا ہے کتنا آفتاب
چہرے کو اندر نقاب ہمسے چھپانا ہی عبث

پوچھتے کیا ہو کہ شب کسطرح گذری مجھ بغیر
گذری سو گذری جو کچھ اسکا فسانا ہے عبث

ناصحا داغ جگر جون شمع پہونچا تا قدم
جل چکا سب کچھ تب آتش کو بجھانا ہی عبث

غیرت ای سودا نہین ہے مقتضی ساتکی
جی سے دورے مین پھر اسکو منہ کھانا ہی عبث

غزل تمنا

زلفونکا دام پھینکا ہے ہمپر عبث عبث
بل کھائے اتنے گیسو نے ہمپر عبث عبث

ہرطرح کرنا جھوٹی مری سچی بات کو
سوگند کھانا میری قسم پر عبث عبث

اصلاح پر مزاج نہین ہے خفا وہ شوخ
خط پر عبث عبث ہے قلم پر عبث عبث

پلکون کی آستین سے کافی ہے شیخ تو
رکھتا ہے ہاتھ دیدۂ نم پر عبث عبث

اے اشک چشم یار کا شہرانہ کر ذرا
بدنامی میرے شور و ستم پر عبث عبث

نقشہ گلے کا اسکے تمنا ہے دلپہ نقش
تہمت ہے صرف باغ ارم پر عبث عبث

غزل سلیمی

رات جانان نے کیا ہمسے یہ پیغام عبث
آئے کل رات مرے گھر مین سر شام عبث

فکر کرتا ہون کر آغاز محبت مین کہ ہے
آخر الامر کو ہے عشق کا انجام عبث

باتجھ سے اس بت پرفن کے بامید وصال
رات صہبا کے لیے پینے کیے جام عبث

اہل گلشن کا یہی طور تھا کل گلشن مین
گالیان دیتا ہے بلبل کو گل اندام عبث

رات دن سرپہ سلیمی کے ای ظالم خونخوار رہا
کھینچتا ہیگا سدا خنجر و صمصام عبث

غزل آتش

بنین سے گے کسکا زیور چاند سورج
گڑھا کرتے ہین زرگر چاند سورج

چڑھے ہین کیا تیرے منہ پر چاند و سورج
جوان ہے تو مسخر چاند سورج

قسم ہے سر کی مجھکو اے رخ یار
نہین تیرے برابر چاند سورج

جبین سا ہوتے ہین جب وہ دیکھتے ہین
سراے یار کا در چاند سورج

وہ رخسار ہی جو ہوتے ہین مقابل
نکل جاتے ہین جھکر چاند سورج

چراغون مین جو تیرے راستے کے
رہین روشن نہ کیونکر چاند سورج

تمھارے روبرو ہو کر ہوے ہین
سفید و زرد اکثر چاند سورج

وہ بگڑا نور کا ہے تو جو دیکھے
رہین حیران ہو کر چاند سورج

چڑھے میری طرح سے جو تپ عشق
ہلال آسا ہون لاغر چاند سورج

وہ بالون مین اگر رکھے نہ باندھے
وڑین پیدا کرین پر چاند سورج

ہم اس میخانہ کے ہین مست آتش
کہ جسکے ہین دو ساغر چاند سورج

غزل شجاعت

نہین تجھسا ہے کوئی دلستان آج
غلام آسا ترے پیر و جوان آج

یہ قد سرو سہی پر چشم نرگس
تختم بس کر گیا ہے باغبان آج

بہار بوستان کالہ ہی   برین
نکل چل جا یہان سے اے خزان آج

مصور کھینچ لے تصویر اسکی
کہ یکتا حسن مین ہے مو میان آج

وہین بولا ترش ہو جبین غصہ مین نہ
ہوئی دشوار تجھپر کیا زبان آج

مرے طوطئ طبع باشندہ لبنان
ڈرا ہو جا تو اب شکر فشان آج

شجاعت کیا چلے اس جا دلیر کے
دلاور ہے وہی شوکت نشان آج

غزل حاتم

سرو کچھ دعوا کرے گر قامت دلبر سے آج
چھیڑ ڈالے فاختہ آرہ بنا شہپر سے آج

خال دانہ زلف دام ابرو کمان مژگان ہے تیر
دل ہمارا سہم اب کھاتا ہی کا را تیر سے آج

رات دن جاری ہی عالم مین مرا فیض سخن
گو کہ ہون محتاج پر حاتم ہون اس گوہر سے آج

زلف چشم و خال و خط چارون ہین دشمن دین کے
حق رکھے ایمان سلامت ایسی کفر و تیر سے آج

ہاتھ مت کھینچ اے جنون تجھکو مری قسم
ایک جب تک بھی رہے تار گریبان کے سر آج

غزل میر

حال برا ہی ہمکو تمسے اتنی غفلت کیا ہے آج
کوئی گھڑی تو پاس ہو یان پھر دن فرصت کیا ہی آج

سامنے ہے وہ آئینہ پر آنکھ نہین کھل سکتی ہے
دلتنگی سے رکی ہی دم کیا کیسے جوش کیا ہی آج

فرق و تیغ جٹے رہتی ہین جبسے دلکی لاگ لگی
اس ظالم بیرحم کی میرے ایسی صحبت کیا ہی آج

شیشہ صراحی ساغر و مینا سب کل تک بھی جانچتا
کوئی بادہ فروشان مین یہ ہی میر کے حرمت کیا ہی آج

میر گھڑی سے یکساعت ہی مین غش تم کرنے لگے ہو
تاب نہین کیا ضعف سے دل مین جی بیطاقت کیا ہی آج

غزل سراج

اپنا جمال مجھکو دکھانا رسول آج
عاجز کے التماس کو کرنا قبول آج

اے مہربان طبیب شتابی علاج کر
تیرفرہ کے درد سے ہی دلمین سول آج

مرہم ترے وصال کا لازم ہے ایحکیم
دلمین لگی ہے ہجر کی برچھی کی ہول آج

بیوباج بزم بلبل نالان خراب ہے
مرجھا رہا ہی صحن گلستان مین پھول آج

بے فکر ہون عذاب قیامت سے اے سراج
دین محمدی کو کیا ہے قبول آج

غزل ترقی

ہے عجب لذت شکار افگن تری تیروں کے بیچ
جسکا چرچا ہو رہا ہے سارے نخچیروں کے بیچ

کل جو دیکھی شکل مجنون ہمنے تصویروں کے بیچ
ایک مشت استخوان تھا وہ لاکھوں نخچیروں کے بیچ

خون کے قطروں کا عالم تو مری اشکوں میں دیکھ
لعل سے کے ٹکڑے چمکتے ہیں پڑے ہیروں کے بیچ

بلبلو تمکو مبارک ہو یہ گلگشت چمن
لالہ و گل کا نہ کیجو ذکر دلگیروں کے بیچ

آگے دل ہوتا تھا بیکل اسکا تیری آہ سے
آگیا ہے فرق اب آہوں کی تاثیروں کے بیچ

گر مرقع میں کھنچے ہو اس مسیحا کی شبیہ
جان پڑ جائے مصور ساری تصویروں کے بیچ

وہ خماری انکھڑیاں بکھرے ہوئے بالوں میں دیکھ
جسطرح دو مست جکڑے ہوویں زنجیروں کے بیچ

قاصدا کیا خط لکھوں میں اسکو فرط شوق سے
فوت ہو جاتا ہے مطلب مجھسے تحریروں کے بیچ

گفتگو سے یار کی کیا بات ہے کیا گھات سے
ساری محفل کو لگا لیتا ہے تقریروں کے بیچ

اور تو صورت ترقی کوئی بخشش کی نہیں
ہاں مگر باعث ہو یہ تقصیر تقصیروں کے بیچ

غزل سودا

سودا اگر فتہ دل کو نہ لاؤ سخن کے بیچ
جوں غنچہ سو زبان ہے اسکی دہن کے بیچ

پانی ہو بہ گئے میرے اعضا نین کی راہ
باقی ہے جوں حباب نفس پیرہن کے بیچ

جن نے نہ دیکھی ہو شفق حسن کی بہار
آکر ترے شہیدوں کو دیکھے کفن کے بیچ

وہ خار سرخرو نہیں اہل جنون کے پاس
پابوس کو میرے جو نہ پونچا ہو بن کے بیچ

گل رخصت بہار تھی شبنم صفت میں روز
رویا ہر ایک گل کے گلے لگ چمن کے بیچ

آتشکدہ میں دیکھ تو شعلہ ہے بے قرار
آرام دل جلوں کو نہیں ہے وطن کے بیچ

بعد از شباب ہوں تری انکھیاں زیادہ مست
ہوتی ہے تند کیف شراب کہن کے بیچ

سودا نے اپنے یار سے چاہا کہ کچھ کہے
ایسی کی آن نگاہ رہی من کی من کے بیچ

غزل انشا

بیگمان چاہ کے دریا کے بڑے پاٹ کو سوچ
بیٹھ ٹک پانوں نہ رکھ پہلے تو گھر گھاٹ کو سوچ

بہے جاتے ہین پہاڑ امین کہان تجھل بیڑا — دھار تلوار سے بھی تیز ہے اسین کا لکو سوچ
ابھی دریا نسے چلی جا تو دبے پانون ابھی — دیکھہ کمبخت کھٹولے کو نہ کچھہ گھاٹ کو سوچ
بات کے تکرے یہ کھینچے جو انھین تو لین — میرے کپڑونکی طرف دیکھہ اور اس ہاٹ کو سوچ
موتیون مین انھین آنکھون کے ترازو مین تول — اری انشا نہ تو بنیونکی طرح باٹ کو سوچ

غزل آتش

بلا اس زلف پیچان کا ہے ہر پیچ — خم اندر خم ہے ہر مو پیچ در پیچ
الٰہی خیر پیچو کھا رہی ہے — ادہر وہ زلف ادہر نازک کمر پیچ
ہوے ہین زلف پیچان سے بھی طرے — تری دستار کے بیداد گر پیچ
نہوا اس زلف پیچان کا جو سودا — سمجھہ لے اپنی قسمت کا لبتہ پیچ
جواب خط خبرداری سے لانا — نہ پڑنے پائے کچھہ نامہ بر پیچ
تری زلفون کا دھوکا ہمکو دیگا — سراسر خم ہے سنبل سر بسر پیچ
نہین دم باز ہم ہمکو نہ دم دے — کرے جو پیچ ای یار اوس سے کر پیچ
فراق یار سے کشتی پڑی ہے — پچھاڑا چل گیا آتش کا گر پیچ

غزل میر

عشق مین اے طبیب ہان ٹک سوچ — پائی جان درمیان ہے یان ٹک سوچ
بے تامل ادا سے کین مت کر — قتل مین میرے مہربان ٹک سوچ
سر بسر مت جہان سے جا غافل — پانون تیرا جہان پڑے ٹک سوچ
پھیل اتنا پڑا ہے کیون یان تو — یار اگلے سے گئے کہان ٹک سوچ
ہونٹھ اپنا ہلا نہ سمجھے بن — یعنے جب کھولے تو زبان ٹک سوچ
گل و رنگش بہار پردے مین — ہر عیان مین ہے وہ نہان ٹک سوچ
فائدہ سر جھکے سے شیب مین میر — پیری سے آگے ای جوان ٹک سوچ

غزل حسرت

گل جو پونچی تری آواز مرے کان کے بیچ | آ گئی سنتے ہی بس جان مری جان کے بیچ
سخت ہے خوف مجھے دل کا خدا خیر کرے | آگ بھڑکے ہے اسی سینۂ سوزان کے بیچ
یان تلک روئے ترے غم مین کہ روتے روتے | نام نم کا نہ رہا دیدۂ گریان کے بیچ
ساربان محمل لیلے کو اودھر ہانکے چل | خاک مجنون کی بھٹکتی ہے بیابان کے بیچ
وای ای فصل خزان سیر نہ دیکھا گل کو | اور ہی رنگ ہوا باغ کا اک آن کے بیچ
رو رو دیا شاخ پہ گل بیٹھے ہوئی بلبل زار | حسرت اس شعر کو پڑھتے تھے گلستان کے بیچ

غزل آتش

رہ الفت مین نقد عمر کر خرچ | کہین ہر چند ممسک تجھکو ور خرچ
کہان اب طاقت صبر و تحمل | یہ دولت ہو چکی ہے بیشتر خرچ
وہ کالے سانپ وہ گیسو ہین جنکے | تماشے مین ہوسے ہین گنج زر خرچ
نہین یہ بار گیسو سے لچکتی | نزاکت کرتی ہے انکی کمر خرچ
خدا دے دولت قارون تو کیجے | نہ حاتم نے کیا ہو اسقدر خرچ
وہی دیگا لب شیرین کا بوسہ | منون کرتا ہے جو رازق شکر خرچ
ہم اپنی نقد جان پر رکھے لیے ہین | ترا ہوتا ہے کیا ای سیمبر خرچ
جنون عشق ہے غمازنگہ پیش | کرے کیا عقلمندی یان بشر خرچ
رہا کرتی ہے منکر شعر گوئی | کیا کرتے ہین ہم خون جگر خرچ
چلے دنیا سے داغ عشق لیکے | یہی توشہ یہی بہر سفر خرچ
ملا جو اسکو سمجھے من و سلوے | توکل پر رہا شام و سحر خرچ
حسینون نے ہی آتش کو ہے لوٹا | رہا فرا بیشون سنتے خرچ پر خرچ

سیر چمن بھی جو کی ای عمر تو گیا ہیچ
نگین ہے جوانی کا گل اسمین سو بقا ہیچ

شیشے کو بھی توڑو تو نکلتی ہے اک آواز
عاشق کا یہ دل ہے کہ جو ٹوٹے تو صدا ہیچ

اسباب جہان دل نے کیا جب نظر انداز
پوچھا جو مین کہا دیکھی ہے دیوانہ کہا ہیچ

تا صبح تو نہین چاشنی درد سے آگاہ
بے عشق بتان جینے کی لذت بخدا ہیچ

بانی نہ بندھے گا کبھی نقش اسکی کمر کا
پر سودہ بنگہ خامہ کو اب فائدہ کیا ہیچ

ہم شیخ کی سنتے تھے مریدون سے بزرگی
دیکھا جو اونھین جا کے تو عمامہ سوا ہیچ

ق

سودا نے کہا مین جو ترے شعر کو سنکر
جو دیکھا تجھے آگے تو سب جی سروپا ہیچ

بولا کہ تجھے یاد ہے وہ مصرعہ بیدل
عالم ہمہ افسانہ ما دارد و ما ہیچ

غزل آتش

بہار آئی چمن مین چلی ہوا سے قدح
پڑھے وہ مست جسے یاد ہو دعا کے قدح

دکھا رہا ہے عجب آئینہ صفا سے قدح
سرور اسے ہے جو ہے صورت آشنا قدح

زمانے مین کوئی مجھسا نہین ہے دریا نوش
حباب وار ہے سر مین بھری ہوا سے قدح

شراب خوار کرے گی بہار صوفے کو
دکھائے گی لب بیگانہ آشنای قدح

صراحی وار ہے گردن نہین فقط انکی
دو چشم مست کی گردش بھی ہو سوا ے قدح

مری کی ساتھ ہو غم ہو کہ اسمین شادی ہو
مثال گریۂ مینا و خندہ ہا سے قدح

شراب خانے مین کرتا ہون سیر دریا کی
دکھایا کرتا ہے لہر آب با صفا کے قدح

بلند بعد فنا ہوگی قدر مستون کی
بنے گی خشت سر خم کی خاک پا سے قدح

سبو و شیشہ و خم کسکی کی نہ پا بوسے
کسی نے منہ نہ لگایا مجھے سوا ے قدح

جہان کی سیر دکھاتا ہے نشۂ صہبا
دماغ رکھتے ہین جمشید کا گدا سے قدح

ان انکھڑیون مین جو کندن سے سرخ ہوونگے
کھونگا نشۂ دو رنگ مین طلا سے قدح

حجاب دور کیا کیف می نے اس بت کا
جزا ے خیر دے ساقی تجھے خدا ے قدح

وہ چشم مست کا ساقی کے وصف ہے مقصود
کنایہ ہے یہ جو کرتے ہین ہم ثنائے قدح

شراب عشق کے پیتے ہی ہوش اڑ گئے ایسے
کہ ابتدا مین ہوا حال انتہائے قدح

فراق یار مین دوران ع مرہے دور شراب
لڑے کے شیشے سے توڑون یہ ہے سزائے قدح

یہ جلوہ مہ و خورشید سے کھلا آتش
ہنوز باقی ہے دور فلک مین جائے قدح

غزل ناسخ

کیون دکھائی ای فلک بے یار صبح
ہے شفق سے مجھپہ آتشبار صبح

یان کسی خورشید رو کی یاد مین
ہوتی ہے ہر رات سو سو بار صبح

زلف سے رخسار کو ہوتا ہے ربط
کیون شب فرقت سے ہی بیزار صبح

کھینچکر فرقت مین تیغ آفتاب
ہے ہماری جان کو خونخوار صبح

وصل کا سامان ہے آج ای فلک
شام ہے کہ پیشتر تیار صبح

حسن کا عالم بھی کیا عالم ہے واہ
زلف جانان شام ہے رخسار صبح

سینۂ پر داغ و چاک پیرہن
ہے وصال یار مین گلزار صبح

وصل مین تھا صبح سے بیزار مین
ہجر کی شب مجھسے ہے بیزار صبح

قہر ہے گر شملۂ پر زر تیرا
دیکھ پائے اسے پری رخسار صبح

چاک کرتی ہے گریبان دیکھکر
کارچوبی مہر کی دستار صبح

شام کیا ہو تیرے گھر مین باریاب
نور سے ہین سایۂ دیوار صبح

وصل مین حاضر تو غائب ہجر مین
دیتی ہے ہر شب نیا آزار صبح

ہے یہان کسکو شب فرقت مین ہوش
ہو چکی ہو گی ہزارون بار صبح

وصل کی شب کب ہوئی ہمکو نصیب
شام کو کرتا ہے نور یار صبح

ہے دعا اسے خالق لیل و نہار
ہو یہ شام کاکل دلدار صبح ÷

غزل تابان

ابرو ترے سے نے مجھپہ کیا وار بے طرح
دل میں مرے لگی ہے یہ تلوار بے طرح

ممکن نہیں کہ عشق کے ہاتھوں سے جی بچے
پیدا ہوا ہے مجھکو یہ آزار بے طرح

عالم تمھارے پیچ میں آوے گا آج جان
زاہد کی فکر میں ہے وہ میخوار بے طرح

پگڑی کو پیچ اوسکے پیے گا شراب آج
تمنے سجا ہے چیرہ بلدار بے طرح

کیا جانیئے کہ آج کس عاشق کی ہے اجل
کیفی ہوا ہے اب تو مرا یار بے طرح

ممکن نہیں قفس سے کہ گل تک پہونچ سکے
بلبل ہوئی ہے ابکی گرفتار بے طرح

غارت خدا کرے یہ ترے ملک حسن کو
ہے فوج خط کے گرد نمودار بے طرح

تاباں بتا کہ یار کو کیونکر منائیے
اب کی ہوا ہے مجھسے وہ بیزار بے طرح

غزل ضیا

دلکو پسند ہے بت عیار کی طرح
اقرار وصل کرتا ہے انکار کی طرح

بارش ابھی ہے دور پر آنکھوں نے اسقدر
باندھا ہے تار رونیکا بیمار کی طرح

چھیڑیکو بل جو دیکھے دیئے پیچ اوسنے چھوڑ
جسپر غضب ہے یہ تری رفتار کی طرح

گرچہ فراق یار میں ہیں دل دو نیم یوں
سنتا ہے کب وہ ایسی ستمگار کیطرح

دو دن کی زندگی پہ مناسب ہے کب غرور
بھاتی ہے اپنے دلکو طرحدار کیطرح

تجکو یہ کیا ہوا ہے ضیا کچھ تو حال کہہ
کل پوچھتا تھا تجکو وہ غمخوار کیطرح

غزل ناسخ

ہے نازکی سے قامت جانان سمن کی شاخ
سوز دروں سے میں ہوں چنار کہن کی شاخ

دیکھی جو اوسکے سلسلۂ پر شکن کی شاخ
کھاتی ہے پیچ و تاب غزال ختن کی شاخ

ظالم کو بعد مرگ بھی ہے ظالموں سے ربط
خنجر کا دستہ کیوں نہ بنے کرگدن کی شاخ

ہم وحشیوں کے بخت جو برگشتہ ہیں نہیں
سیدھی کسیطرح نہو جیسے ہرن کی شاخ

رکھی چھڑی جو ناز سے اوسنے تہ ذقن
سبکو ہوا گمان کہ ہے سیب ذقن کی شاخ

دیکھین یہ جو چنبیلی کی کلیون سے اونگلیان
وہ تیرے دست و پا کو کہین یاسمن کی شاخ

دکھلائے اپنی فندق پاکی جو تو بہار
پابوس کو چمن کے جھکے نارون کی شاخ

مرتا ہون مین کسیکی نزاکت پہ دوستو
پھر چھریرے تین ہو نازک بدن کی شاخ

وصف صباحت رخ جانان اگر لکھون
صد کار ہو ہرا سے قلم نسترن کی شاخ

اے عندلیب جھڑتے ہین کیا تیرے منہ سے پھول
گویا ہر ایک نالہ ہے نخل چمن کی شاخ

معنی ثمر حروف ورق صنعتین ہین گل
تا سبز ہے کلک فکر نہال سخن کی شاخ

غزل آتش

ہوا نہ حسن سے خال سیاہ جانان سرخ
نہ کرسکا رخ کافر کو نور ایمان سرخ

حلال ہونیکو سب سے ہین پہلے ہم موجود
وہ پان کھا کے کرین تو لب و دندان سرخ

یہ اشتیاق شہادت مین خون روتا ہون
بریدہ حلق سے ہے حلقۂ گریبان سرخ

ہوئی ہین غصے سے کیا لال لال وہ آنکھین
نظر پڑا ہے کبھی جو لباس ترکان سرخ

عجب عداوت اخوان دہر سے یہ نہین
کرے جو خون سے یوسف کی گرگ دندان سرخ

ترا وصال ہے اے سیمبر عجب دولت
خوشی سے ہوتا ہے کندن سا رنگ انسان سرخ

ہمیشہ کرتی ہے اس بحر حسن سے پنجہ
حنا کا رنگ ہو کیونکر نہ مثل مرجان سرخ

ترے شہید وہن کے آگے نہ رنگ پکڑیگا
ہزار رنگ سے ہو لالۂ گلستان سرخ

سفید کپڑے پہنتا نہین وہ دشمن حسن
بنا ہے جیسے کہ تاج و قبای سلطان سرخ

چمن مین لالہ و گل رہتے ہین گریبان چاک
دکھا دیا کسی رنگین اوسنے دامان سرخ

شراب دینے مین وقفہ نہ کیجیو ساقی
ہوا نہین ابھی رخسار یار چندان سرخ

اثر پذیر طبیعت بھی شرط ہے آتش
نہ کیف مے سے ہو آنکھون کیطرح مژگان سرخ

غزل سودا

پہ ہاتھہ ہو سکے زلف اسکی سے کہان گستاخ
نسیم و شانہ مگر ہو تو ہو وہان گستاخ

چمن کی سیر مین اسکو اگر سنے دم صبح
چلی نہ جائے صبا سوئے بوستان گستاخ

سمجھ کے کوچۂ میخانہ سے گذر زاہد
کہ رند ہوتے ہین اکثر بزرہادان گستاخ

کچھ اسکی بے ادبی کا گلہ نہین مجھکو
نظارہ بازون سے ہوتے ہین مہوشان گستاخ

نجائیو کبھی اے شیخ بزم خوبان مین
کہ تو وقار طلب انکی ہے زبان گستاخ

نہین ہے میرا سخن طبع زاد اے سودا
کسی بزرگ کی خدمت مین ورجہان گستاخ

غزل آتش

کرتا ہے زندگی کو تمھارا حجاب تلخ
اللہ نہین تو ہے سنیگا نقاب تلخ

آغاز عشق کا انجام ہے بخیر
کیفیت شراب ہے شیرین شراب تلخ

شربت کے گھونٹ کا مزا لیکے پیجیے
ہر چند تیغ کا ہو تمھاری لعاب تلخ

سائل ہون بوسۂ لب شیرین نگار سے
شان کریم ہے نہ اگر دو جواب تلخ

عاشق ہی ہین جو سنتی ہین اے نونہال حسن
حنظل سی ہین بر سخن ناصواب تلخ

بیمار کا مزاق ہون مین ہجر یار مین
سم ہے طعام میرے لیے اور آب تلخ

سودائے زلف یار سے نیند اڑگئی مری
اس درد سر نے کردیا آنکھون کو خواب تلخ

شیرین لبونکی کیون نہ گوارا ہون گالیان
ملنے سے قند کے نہین ہوتا گلاب تلخ

بھنتا ہی جبکہ عشق کی آتش سی دل مرا
ٹپکے ہین اشک صورت اشک کباب تلخ

شیرین ادائیون سے جو محظوظ تو کرے
شاکر ہو مور شہد کو سمجھے ذباب تلخ

وصلت کی شب مین ہوتا ہے بربات پر شرر
عیش و نشاط کرتا ہے انکا عتاب تلخ

غافل نہو مزے سے محبت کے آشنا
یہ چاشنی ہے آتش خانہ خراب تلخ

غزل کنور

غمزۂ یار سے ہے میرے جگر مین سوراخ
جیسے کرتا ہو کوئی لعل و گہر مین سوراخ

تیر مژگان سے ہوا میری نظر مین سوراخ
جیسے ہو سوزن فولاد سے زر مین سوراخ

اس دل تفتہ سے بر لاؤن اگر آہ الم / جو رخ پر ہو وے وہان شمس و قمر مین سوراخ
قہر سے کشتۂ تیر نگہ مہوش کے / روز دیکھون ہون نئی راہگذر مین سوراخ
بن گیا نیش سے مژگان کے مرا سینہ یون / ہو وے جسطرح سے زنبور کے گھر مین سوراخ
کثرت گریہ سے ڈرتا ہون مبادا ہووے / روتے روتے نہ کہین دیدۂ تر مین سوراخ
ہے کسی غمزدہ کی آہ کا شاید یہ اثر / دیکھتا ہون جو عیان گھر کے مین مین سوراخ
دل مشبک ہے مرا خانۂ غم ہجر سے یون / جسطرح تیر و تبر سے پڑ جائین سپر مین سوراخ
دل مرا یون ہے کنور تیر نگاہون سے فگار / بھر ثمر ان کرے کوئی تخم ثمر مین سوراخ

غزل ضیا

دلربا ہے مرا بڑا گستاخ / مین نے اتنا نہ سمجھا تھا گستاخ
اب تو وہ شوخیان لگا کرنے / یک بیک ایسا ہوگیا گستاخ
نازبیجا سے کبھی نہ کرتا تھا / کیا رقیبون نے کردیا گستاخ
جانفشانی ہم اسپہ کرتے ہین / رام ہرگز نہ وہ ہوا گستاخ
ای ضیا کیجیو سمجھ کے کلام / وہ صنم تو ہے بے وفا گستاخ

غزل آتش

پری پسند طبیعت پہ ہے نہ حور پسند / تمہارے بندے ہین ہم ہکو ہین حضور پسند
ہر ایک شہر خریدار ہے دل و جان سے / وہ جنس حسن ہے تو جو ہے دور دور پسند
اوتارتے پڑے اوڑ کے بہار مین جب کی / برہنگی کی قبا ہے جنون عور پسند
نگاہ اپنی ہے تہ بستگی کے سودے مین / مبصرون کی نہین اسمین کچھ ضرور پسند
نگہ مین اپنی سماتا نہین ہر ایک حسین / پری کے چہرے کے اوپر ہے چشم دور پسند
ہوا ہے جبسے کہ ساقین یار کا سودا / زیادہ تر مجھے ہیرے سے ہی بلور پسند
ہوئی ہے خانۂ دل مین جو روشنی منظور / کیا ہے آنکھون نے اپنی چراغ طور پسند

گناہ عشق کا جیسے کہ مرتکب دل ہے | زبان کو میرے ہے ذکر یا غفور پسند
خیال یار کا رہنے لگا ہے ہمین بھی | ہوا ہے دل کو بھی آنکھون کی طرح نور پسند
نہ طفل بن نہ دلا محو حسن صورت ہو | کھلونے مٹی کے کرتے ہین بے شعور پسند
دل اک نگاہ کے اوپر ہے بیچتا آتش | کرین جو آپ ہے لے حرف وہی قصور پسند

غزل ناسخ

یار آیا تو ہوے دیدۂ ناکام سفید | جیسے ہون آمد سلطان مین در و بام سفید
پڑے عکس اسکے لب سرخ کا گر ساغر مین | ہو خجالت سے وہین بادۂ گلفام سفید
دیدہ اس چشم سیہ کی نہ میسر ہووے اسے | دیدۂ غزہ ہون مثل گل بادام سفید
سوجھے مضمون بیاض رخ جانان جو مجھے | ہو گیا رنگ مرکب دم ارقام سفید
سرخ پوش ہے لیے نظر شوخ تہ رنگ بدن | پہنے پوشاک جو وہ سرو گل اندام سفید
گو پہنتا نہین جز جامۂ رنگین تو آج | کفن اک روز ملے گا تجھے خود کام سفید
غرہ کر حسن دو روزہ پہ نہ ای سیم اندام | رنگ سب رنگون مین ہوتا ہے بہت خام سفید
اپنے رخسار پہ چھوڑے نہ کبھی تو جو نقاب | ہوئی اسے صبح امید ابلق ایام سفید
حرف مطلب جو لکھون صاف وہ دیتا ہے جواب | بھیجتا ہے مجھے کاغذ وہ دلارام سفید
تیرے محبوب کے قاصد نے کہا کیا ناسخ | ہو گیا منہ جو ترا سنتے ہی پیغام سفید

غزل میر

زمین پر مین جو پھینکا خدا کو کر بند | بہت تڑپا گیا جون مرغ پر بند
گرفت دل سے ناچاری ہے اپنی | رہا ہون بیٹھ مین بھی کر کے گھر بند
پھنسا دل زلف و کاکل مین تو پوچھو | پڑا ہے ناگہ آ کر سند پر بند
سب اسکی چشم پر نیرنگ کے محو | مگر کی ان نے عالم کی نظر بند
چمن مین کیونکہ ہم پر بستہ جاوین | بلند از بسکہ ہے دیوار و در بند

بہت پیکان تیر یار تو نے	تمام آہن ہے اب میرا جگر بند
ہوئین رونے کی مانع میری پلکین	بند ہا خاشاک سے سیلاب پر بند
کہا کیا جاے ان ہونٹون کے آگے	ہمارے لب کرے ہے یہ شکر بند
کھلے بندون نہ آیا یہان وہ اوباش	پھرا ونڈھے یہ ڈالے بستر بند
یہی اوقات ہینگے دید کے بیان	رکھا اپنی چشم کو شام و سحر بند
بچار ہتا تھا چہرہ جبسے سو اب	گریبان مین ہے وہ دست ہنر بند
فن اشعار مین ہون پہلوان میر	مجھے ہے یاد اس کشتی کا ہر بند

غزل انشا

نہ لگے مجکو جب اوس یار طرحدار کے گیند	ان نے محرم کو سنبہال اور بھی تیار کے گیند
دسترس ہو تو ترے سیب زقن پر ماروں	قرص خورشید کے اور لمعہ انوار کے گیند
جھٹ پلٹ ان لگے بیچ مین چھاتی کے مرے	تجھے یہ روکے ہمسے کس محرم اسرار کے گیند
رکھے ہے ماہ شب چار دہم دل مین ہوس	کہ وہ قالب نبے اور ہو تری دستار کے گیند
بیجیے اسکے بدل آپ جو یہانے مین	گم ہوے مجھسے جو کل رات کو سرکار کے گیند
گرد مقیش طلائی کے کرن ٹکوا کر	مین یہ لایا ہون بنا اطلس گلزار کے گیند
گوکھرو لہنت ڈانک ستارون کی سمت	اور یک بھیجنگے زلف نمودار کے گیند
شالی رومال کی تو چوٹ مجھے کچھ نہ لگی	اب بنا پھینکے ہے کمخواب کی شلوار کے گیند
لگے فرمانے وہ پڑھ پڑھ کے غزل انشا کو	واہ کیا خوب بنے کاغذ اشعار کے گیند

غزل نظیر

چھوٹا بڑا نہ کم نہ مجھولا ازار بند	ہے اوس پری کا سب سے اموالا ازار بند
ہر اک قدم پہ شوخ کے زانو کے درمیان	کھاتا ہے کس جھلک سے جھکولا ازار بند
گوٹا کناری بادلا مقیش کے سوا	تجھے چار تو نے نہ تھی جو تو لا ازار بند

ہنسنے میں ہاتھ پیر اگین لگ گیا تو وہ	لڑکی سے بولی جا مرا وہ کھولا ازار بند
اور وہ جو نہیں تو پھینک دے ناپاک ہو گیا	جو چھو گیا مرا چوتیے وہ پھولا ازار بند
اک دن کہا یہ میں نے کہ اے جان آپ کا	سینے کبھی مزے میں نہ کھولا ازار بند
سننے لگے یہ کہنے کہ کیا خوب لوچ خوش	ایسا بھی کیا میں کھلی ہوں پولا ازار بند
اک رات میرے ساتھ وہ عیار مکرباز	لیٹی چھپا کے اپنا ٹٹولا ازار بند
جب سو گئی تو میں نے بھی وحشت سے اوسکا	ق پہلے تو چپکے چپکے ٹٹولا ازار بند
آخر بڑی تلاش سے اوس شوخ کا نظیر	جب آدھی رات گذری تو کھولا ازار بند

غزل خاشاک

کاکل یار کی دیکھی جو ہیں تنویر سفید	ہو گیا سکتا ہے مجھے بن گئی تصویر سفید
کالا منہ کرتے ہیں مجرم کا یہ ہے رسم بلاد	منہ کیا یار نے میرا دم تعزیر سفید
سادہ کاغذ عوض نامہ دیا قاصد نے	ہوئی شاید مری تقدیر سے تحریر سفید
دونوں رخسار و نبیہ پہ جھلکیں ہیں موتیوں کا	گرد خورشید کے ہے کھنچی ہے تحریر سفید
داغ فرقت نہیں جاتا کسی صورت دل سے	زنگی ہوتا نہیں ہرگز کسی تدبیر سفید
لاکھ تدبیر کی کچھ بس نہیں چلتا میرا	کروں کس طرح سے یار و خط تقدیر سفید
کوی جانان کا تجسس کیا میں نے یہان تک	کوچہ گردی سے ہوئی پاؤں کی زنجیر سفید
سنکے آواز مری ہوتا ہے بیخود ایسا	جسطرح ہوتا ہے کافر دم تکبیر سفید
بوسہ لیتے تو لیا پھیر جو ہیں تیوری بدلی	رنگ رو میرا ہوا باعث تقصیر سفید
رنگ چہرے کا مرے دیکھ کے فق ہوتا ہے	پیدا کی آہ نے شاید مرے تاثیر سفید
آسمان پر یہ نمایان نہیں سیارے ہیں	دیکھو خاشاک کے ہیں نالہ شبگیر سفید

غزل خان

کسکے سجادہ نشین قیس ہوا میرے بعد	نہ رہی وحشت میں خالی میری جا میرے بعد

کیا عجب ہے جو اٹھے مرقد لیلی سے صدا
میرے مجنون ترا کیا حال ہوا میرے بعد

تیز رکھیو سر ہر خار کو اے دشت جنون
شاید آجاوے کوئی آبلہ پا میرے بعد

وہ ہوا خواہ چمن ہون کہ چمن مین ہر صبح
پہلے مین جاتا ہون اور باد صبا میرے بعد

منہ پہ رکھہ دامن گل روینگے مرغان چمن
ہر روش خاک اوڑائیگی صبا میرے بعد

اسلیے کرتا ہون مین چاک کفن کو اپنے
کون کھولے گا ترے بند قبا میرے بعد

جیتے جی قدر بشر کی نہین ہوتی پیارے
یاد آویگی تجھے میری وفا میرے بعد

لاش مجھہ کشتۂ کاکل کی اٹھوا دو کہین
تا نہووے کوئی محبوس بلا میرے بعد

دل پہ اک سانپ سا لہراتا ہے مرقد پہ صنم
کون سونگھے گا تری زلف دوتا میرے بعد

جا کے کہدیوے کوئی خان کی زبانی اتنی
اب نہین آتے ہو پھر آؤگے کیا میرے بعد

غزل رفیع السودا

اشک کو کب ہے شناسائی گہر سے پیوند
صاحب درد کے ہے اسکو نظر سے پیوند

دل کو میرے نہ جدا دل سے کر اپنے ظالم
مین کیا ہے یہ محبت خون جگر سے پیوند

دامن ابر نچیڑتا ہے جو اتنا شاید
کسی عاشق کے نہو دیدۂ تر سے پیوند

کون ایسا ہے جسے دست ہو دلسازی مین
شیشہ ٹوٹے تو کرین ہم بھی ہنر سے پیوند

کھینچتا کیون ہے عبث ناز طبیب اے سودا
درد کو دل سے کے نہین درد جگر سے پیوند

غزل آتش

رتبہ رکھتے ہین ترے ابروے خمدار بلند
طاق کعبہ سے ہین یہ طاق خوش آثار بلند

کیا کہون کتنے ہین مضمون قد یار بلند
سرو و شمشاد سے ہین مصرعۂ اشعار بلند

دیکھیے کسکو شرف ہو تری پابوسی کا
رکھتے ہین دست دعا کافر و دیندار بلند

گوش گل تک ہو قفس مین سے رسائی ایسی
تیری آواز ہو اے مرغ گرفتار بلند

تیری درگاہ کی اللہ رے رفعت اے دوست
آستان سے کسی گھر کی نہین دیوار بلند

گوش عارف سے سنی تو تو ہر اک قبر سے سن
نعرۂ فاعتبروا یا اولی الابصار بلند

سیکڑون مصر محبت مین مہ کنعان سے
چاہیے اختر اقبال خریدار بلند

تخت پر بیٹھ کے کر سیر چمن اے محبوب
پایہ رکھتا ہے ترے حسن کا گلزار بلند

شمع ویار شب ہجر مین جو یاد آیا
شعلے کی طرح ہوئی آہ شرربار بلند

تشنۂ زخم ہے دل دیکھیے کب کرتی ہے
پانی اپنا مرے سر سے تری دیوار بلند

غزل میر

لڑکے پھر آئے ڈر گئے شاید
بگڑے تھے کچھ سنور گئے شاید

سب پریشان ولے شب گذرے
بال اسکے بکھر گئے شاید

ہین مکان و سرا و جا خالے
یار سب کوچ کر گئے شاید

کچھ خبر ہوتی تو نہ ہوتی خبر
صوفے بے خبر گئے شاید

آنکھ آئینہ رو چھپاتے ہین
دلکو لے کر مکر گئے شاید

لوہو آنکھون مین اب نہین آتا
زخم اب دلکے بھر گئے شاید

اب کہین جنگلون مین ملتے نہین
حضرت خضر مر گئے شاید

بیکلی بھی قفس مین ہے دشوار
کام سے بال و پر گئے شاید

شور بازار سے نہین اوٹھتا
رات کو میر مر گئے شاید

غزل آتش

فروغ مہر کا پیدا اگر سے ہمارا چاند
ہلال سامنے سے اسکے ہووے سارا چاند

تمام رات ہوئی کر گیا کنارا چاند
اوتر لے بام سے تم جیتے اور ہارا چاند

نقاب اولٹ کے رخ رشک ماہ دکھلا دو
اندھیری رات مین ہے ایک ایک تارا چاند

وہ ماہ آج جو آیا تو کل کیا غرا
نشاط عیش مین گذرا کبھی نہ سارا چاند

وہی ہے خوب جسے جو پسند خاطر ہے
نگاہ کبک مین سورج سے ہے پیارا چاند

ہلال بدر سے ہر چاند مین ہوا ہر چند
نکر سکا ترے ابرو کا یار است را چاند

شراب پیکے کرو گے رخ صبح کو سرخ
حرارہ لاوے گا خورشید کا تمھارا چاند

فراق یار مین کوئی حسین نہین بھاتا
گران ہے مہر جہانتاب و ناگوارا چاند

مقابلہ جو رخ آتشین یار سے ہو
یہ بیقرار ہو اوڑ جاے بنکے تارا چاند

تری غلامی کا دعوی ہے یار اسکو بھی
جبین کے داغ کو رکھتا ہے آشکارا چاند

زمانہ یار کا آیا گذر گیا یوسفؑ
طلوع نیر اعظم ہوا اسد ہارا چاند

ہمارے دلمین نہین نقش روے روشن یار
پری کے بدلے ہی اس شیشہ مین اوتارا چاند

ملاویگا ترے پاپوش کے ستارون سے
کبھی اودھر سے کریگا نہ کیا گذارا چاند

رخ حبیب سے ممکن نہین فروغ آتش
اگر وہ حسن ہے شعلہ ہے تو شرارا چاند

غزل سودا

لے آئے در پہ ترے جو ستم کشان فریاد
ہوئی کسیکی نہ اون مین سے رایگان فریاد

کیا ہے قد کو مرے شاخ ارغوان کا رشک
تمھارے ہاتھ سے اے چشم خونفشان فریاد

مین دیکھتا ہون جسے ہے وہ آپ ہی نالان
تمھاری کیجیے کس پاس اے بتان فریاد

تم اپنے جور سے مت سمجھیو کہ نالان ہون
یہ دوستون کے ہی دوری سے دشمنان فریاد

نہ میرے دلکی خموشی ہے موجب آرام
کبھو ہوا ہے کرے مرغ نیم جان فریاد

قسم ہے گل کی تجھے عندلیب سودائی
جو تو کیا نکرے ملکے ہر زمان فریاد

غزل سجاد

وارث تخت یقین عیش ہوا میرے بعد
صید کس کس کو کیا دام بلا میرے بعد

دشت کربت مین مرا حال سنا ہو فرہاد
تیشہ سر اپنے پہ مارا سو پھرا میرے بعد

خار صحراے جنون پھینکدے چن چن کے صبا
تا کوئی آتا نہو آبلہ پا میرے بعد

اسلیے سرخ مین رکھتا ہون گریبان کفن
یہ شہادت کی گواہی ہو بھلا میرے بعد

جیتے جی اتنا نہ ترساؤ کروگے پھر یاد — گرچہ یاد آئی وفا میری تو کیا میرے بعد
یاد اوس کاکل زیبا کی مرے سینے مین — سانپ سا کاٹیگی مرقد مین بھی آ میرے بعد
طاق ابرو مین پڑھو میرے جنازے کی نماز — تا کوئی دیدۂ خرم بھول نجا میرے بعد
اسکی دہلیز پہ چپ چاپ دکا کدیو مدفن — تا کوئی کھاوے نہ ٹھوکر سے دغا میرے بعد

غزل آتش

ردیف ڈال ہندی

نہ دے سکے ہے زمستان مین مجکو ایذا ٹھنڈ — لپٹ کے سوویگا وہ گل رہے کلیجا ٹھنڈ
پڑا ہے جب سے دم سرد سے مجھے پالا — بدن کو دیتا ہے لرزے کی تپ کی ایذا ٹھنڈ
برہنہ پھرتے ہین جاڑے مین تیرے دیوانے — پھٹکنے دیتی نہین گرد داغ سودا ٹھنڈ
دکھاتی ہے ہے گلرنگ و سبزۂ مینا — شراب خوار کو ہے باعث تماشا ٹھنڈ
فراق یار مین لی ہے جو مینے ٹھنڈی سانس — ہوئی ہے گرمی مین جاڑے کیطرح ایذا ٹھنڈ
غضب خدا کا صنم تیری سرد مہری سے — نہ کر سکے گا گزند ایسے کرکے پالا ٹھنڈ
کرونگا سوز دروں سے جو آف مین سر پا مین — پھریگی ڈھونڈتی آتش کنار دریا ٹھنڈ

غزل نظیر

ردیف ذ

ہو کچھ آسیب تو وان چاہیے گنڈا تعویذ — اور جو ہو عشق کا سایہ تو کرے کیا تعویذ
دل کو جسوقت یہ جن عشق کا لپٹا پھر تو — کیا کرین وان وہ جو لکھتے ہین پلیتا تعویذ
ہم تو جب ہوش مین آوین تو کہین سے پاوین — یار کے ہاتھ کے بازو کا گلے کا تعویذ
زور تعویذ کا چلتا تو عرب مین یارو — کیا کوئی ایک بھی مجنون کو نہ دیتا تعویذ
کوہکن کو وہ کوکس واسطے کاٹا کرتا — دیتے غمخوار نہ کیا اسکے تئین لا تعویذ
آخر اسکے بھی گیا دل کا دھڑکنا اس روز — قبر کا تیشے نے جب اوسکے تراشا تعویذ
ہمکو بھی کتنے ہی لوگون نے دیے آہ نظیر — پر کسیکا کوئی کچھ کام نہ آیا تعویذ

غزل سودا

دفتر دهر کا ہے پیش نظر ہر کاغذ
لکھے اپنے کا نہین علم ہے کیونکر کاغذ

لکھ رکھا ہے نہ ملے گو تری یان ظلم کی داد
وان دن گا حاکم کو ہنگامہ محشر کاغذ

لکھنے سے وصف بناگوش کی تری اے یار
پاوے ہر ملک مین اب قیمت گوہر کاغذ

اسکی مین راستی قد کی ثنا لکھتے وقت
نہین پایا کبھو محتاج یہ مسطر کاغذ

نامے اس شوخ کو مین کرکے رقم اے یارو
اتنا رہیا ہون کہ لیجا وے سے شناور کاغذ

وہ تو مجمر مین طرح عود کے دو ہے آتش
جب ہے بھیجون ہون مین کرکے معطر کاغذ

بسکہ رنگینی معنی ہین مرے دیوان کے
ہر ورق کا ہے گلستان کے برابر کاغذ

غزل آتش

مرغوب طبع کیون نہو ایسی چشک لذیذ
چکھا تو حسن کا ہے تمھارے نمک لذیذ

اے حور اپنی سیب ذقن کا مزا نپوچھ
جنت کا میوہ مغز سے ہے پوست تک لذیذ

مستی مین بوسے اوس لب لعلین کے لیجیے
کیفیت شراب مین ہے یہ گزک لذیذ

کس کس طرح کے ذائقہ دلپذیر ہین
کیا کیا طعام رکھتا ہے خوان فلک لذیذ

شیرین کلام کا بھی مزا بھولتا نہین
شیر و شکر سے ہے یہ بلا شبہہ شک لذیذ

شیرین وہ لب ہے یا نمکین جو ہو خوب ہے
شکر نمک سے ہو تو شکر سے نمک لذیذ

بریان ہو سوز غم سے محبت کے ساتھ دل
آتش کباب کرتا ہے دخل نمک لذیذ

غزل انشا

لکھدو آخوند جی صاحب کوئی ایسا تعویذ
کہ مرے منہ سے لگے اوسکے گلے کا تعویذ

کچھ تو دے اپنی نشانی مجھے بندا بالا
توڑا زنجیر کڑا اقول کا چھلا تعویذ

دل دھڑکتا ترے عاشق کا نجاوے ہرگز
گرچہ سو لاکھ طرح لکھدے مسیحا تعویذ

غش ہوئی کو تو اجی تہر تھا اس کافر کا
لال ناڑی مین بندھا پاسے وہ نیلا تعویذ

سر کے بالون کی لٹک جھٹکے سے الجھا تو کہا
اب لگا مجھکو ستانے یہ نگوڑا تعویذ

خیر النساکی جو چاہو تو پلا دو دہو کر
اوسکے بازو کا وہ ننھا سا رہو پہلا تعویذ

غزل مسیح

قند و نبات و شہد و شکر ہین کہان لذیذ
شیرین لبون کی جیسے کہ ہوگالیان لذیذ

ہین سوز غم سے بسکہ یہ سب جلتے برنگ شمع
کام ہما مین میرے نہین استخوان لذیذ

ساقی ہو سیر باغ ہو اور گلعذار بھی
مشرب مین اپنے تب ہو مے ارغوان لذیذ

ہو کیون نہ موج شربت عیسے مری زبان
نام اسکا لیتے ہی ہوا میرا دہان لذیذ

ہر میوۂ و مٹھائی کے لذت سے دل بھرے
پر ہے مدام بوسۂ شیرین زبان لذیذ

جب ہاتھ مین نہو دے وہ سیب ذقن مسیح
کیونکر لگے ہین ثمر بوستان لذیذ

طرح غزل شاہ ظفر ادخلہ اللہ الجنۃ

تری ہی بازیب سر کا جھومر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر
ہوئی ہین جلوہ نما چمک کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

تو فوار اشکو نکا ہی ہمارے نکلتے آنکھو نمین ہین شرارے
کیونکہ ہون عرش پر نچھاور زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

یہ چھپے پاؤن مین ہین نمایان تو سر پہ باغ جنون فروزان
لگے ہین دیوانے تیری کیونکر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

ذرا جبین عرق فشان پر تو اپنی افشان کھائی جنکے
کہ تا نظر آوین ماہ و پیکر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

نہ سبزۂ گل نہ جوش شبنم نہ چمکے جگنو ہوا یہ ہر دم
نظر شب آئے تھے مجھکو یکسر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

اودھر تو فوارے چھٹتے ہین وہان ادھر ہین یہ پر چراغان
گئی ہی سیر اک چمن کے اندر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

زمین نہایت ہی تھی یہ مشکل ظفر ہی استاد ہیں وہ کامل
غرض کھائی وہی بنا کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

غزل عزیز الدین

چوسر کیون نہین کھیلون پیا کے سنگ آرے نار
اس اوسر کے نیٹ سار جانو یہ دن ہین تن چار

سات پانچ کی کچی پکی مات دن بیچ ہو وی ہے ہار
داو رکھے سو رنگ ہے واکو وہی جیتے سو یار

جو جیتے سو پیا کی جیتے جو ہاری سو رہے پیا لار
تیری تو سب طرح جیت ہی جیت ہی مت کر سوچ بچار

اتنوا ری کہا بند چلے ہم کرے ہو ڈھاندل نرار
چھپ چھپ کی چھوٹ جاوینگے تیری تب کیا کریگی کہلا

اٹھہ جام انکی سدہ بدہ راکھو یہ جو کھلی دس دوار — نو نت پارا سد ہیون تب ہی جو تون انکو شمار
کری کمرت ہین پیاس بجھاؤن وسی لگاؤن پار — تیرا ہی سلا ہین ہے پیارے کام کیسلے نردمار
دس ہین دوارا اور پانچ تت ہین ان ہیدرہ کو ٹھار — چودہ بھون تب ہی کھلین تو کو جو نچے ہنگار
اب تو دو رنگ ہے یک یک ہو جا اور نکر تکرار — جا کو ست رہا ہے سو لے پیا کو اور کری پیا پیار
بارہ ہین بائلین اٹھارہ ہین پلند اور چالین ہین ہزار — تو چل گرو کے تیا ہین چالین یا تہ اتر ینگے پار
گھڑی گھڑی پل پل چھین چھین پیری پری پکار — لال ہری سے ملا تو جو چاہے شام مورت چیت دھار
سب کچھ پانسون ہین پاسے ہاتھہ ہین جھکین کے مختار — چاہے کچھو اور آوین کچھو اور یا تھہ ہین لاچار
اور پروانے کو خوب سوجھی ہے اسکا کمامت ٹار — جگ جگ جیو عزیز الدین پیرا و ٹھنا یکبار

غزل درد

اسقدر تھا یا کرم یا ظلم اسنے اس قدر — مہربانے اسقدر نامہربانے اس قدر
جان کو آنے دی لب تک نزع مین کچک رہون — دشمنی مجھسے نکر اسے نا تو اسنے اس قدر
کیا کہون دل کا کسی سے قصہ آوارگی — کوئی بھی بے ربط ہوتی ہے کہانی اسقدر
درد تو کرتا ہے معنی کے تئین صورت پذیر — دسترس رکھتے تھے کب بہزاد و مانی اسقدر

غزل آتش

دکھائے حسن کی اپنے سب جسے کہ یار بہار — یہ عشق ہو کے پکارا کرے بہار بہار
طہور داغ محبت سے ہے یون مرے ولسے — چمن کی جیسے ہو پرورده کنار بہار
فراق یار سبب دل وصال سے ہووے — نکالے دل سے خزان کا یہ خار خار بہار
چمن کی سیر مین مجھہ مست کو دلاتی ہی یاد — دکھا کے آتش گل آب خوشگوار بہار
شباب کا ترے ای یار رنگ لاکے ہوئے — ابلائے عالم آشوب روزگار بہار
شگفتہ غنچے سے اس گل کو آتی ہے صدا — ترے فدا ترے صدقے ترے نثار بہار
پیادہ پاہون پری کی تلاش مین پھرتا — جنون کو رکھتی ہے سر پہ مرے سوار بہار

نمود کی خط مشکین سے نے لالۂ رخ پر
یہ داغ چھوڑ چلی اپنا یادگار بہار

کنار جوے چمن جھومتے ہین مست ترے
پلا شراب کا کھلواتی ہے شکار بہار

وہ رنگ و بو بدن یار مین جو ہی سو کہان
شگوفے نے ویسے کھلایا کرے ہزار بہار

کرم سے ابر کرم کے ترے یہ فیض ہے عام
ترا دیا ہوا رکھتی ہے اعتبار بہار

تصور رخ رنگین مین بند رکھتا ہون
چہار فصل مین آنکھون سے ہے دوچار بہار

شگفتہ ہو کے نسیم سحر سے غنچے ہون گل
اوٹھائے پردۂ در سے نقاب دار بہار

نظارہ دیدۂ بلبل سے کیجیے اب کی
خدا جو چاہے تو آتش ہو سازوار بہار

غزل نظیر

ہرگز نہ پلائے مجھے تو آنکھ بدل کر
ساقی ترے کوچے سے نجاؤنگا سنبھل کر

مین کشتۂ ابرو ہون ترا اے مرے قاتل
آئے ہو لیے ہاتھ مین کیون تیغ مچل کر

تمنے تو دل اپنے سے کیا قتل ہے مجکو
بیٹھے ہو لبین بانکے باہر جو نکل کر

جب ہمسے خفا ہو کے وہ جاتا ہے شمع رو
خاموش ہو رہجاتا ہون پروا[illegible] کر

مین عاشق بیدل ہون ترا اے مری جانی
مت آنکھ چرا ہمسے تو ایسا نہ [illegible]ل کر

کہتا ہے نظیر اسکو ذرا پیار سے سوجا
تب اوٹھ کے کھڑا ہوتا ہے وہ شوخ اوچھلکر

غزل میر تقی

دیکھ اوسکو ہنستے سبکے دم سے گئے اوکھڑ کر
ٹھہرے ہی آرسے بھی دانتون زمین پکڑ کر

لیا کیا نیاز طینت ای ناز پیشہ تجھ بن
مرتے ہین خاک رہ سے کوڑی رگڑ رگڑ کر

تو دلکش چمن کی اپنی خوبی کو بیچ چلے ہین
پایا پھل اس سے آخر کیا سرو نے اکڑ کر

وہ سر چڑھا ہے اتنا اپنی فروتنی سے
کھویا ہمین سنے اوسکو ہر لحظہ پانون پڑ کر

پائے ثبات بھی ہے نام آوری کو لازم
مشہور ہے نگین جو بیٹھا ہے گھر مین گڑ کر

دورے مین لب پرن کے ملتی ہے کیونکہ سبکی
آدھا نہین رہا ہون تجھسے تو مین بچھڑ کر

اب کیسا زہد و تقوے دارو ہے اور ہم ہین
بنت العنب نے اپنا سب کچھ لیا ہے لڑ کر

دیکھو نہ چشم کم سے معمورۂ جہان مین
بنتا ہے ایک گھر یان سو صورتین بگڑ کر

اس تشنہ لب کے لب او پر وانے عرق کر یون ہین
یاقوت سے رکھے ہین جون موتیون کو جڑ کر

ناسازگاری اپنی طالع کی کیا کہین ہم
آیا کبھو نہ یان تک غیرون سے یار لڑ کر

اپنے مزاج مین بھی ہے میر ضد نہایت
پھر مر ہی گے اوٹھین گے بیٹھین گے ہم جو اڑ کر

غزل سودا

اوٹھ جاتے ہین ہمسے روز مزا یار سے لڑ کر
ملتے ہین تو پھر چھاتی کو چھاتی سے رگڑ کر

یو جون ہون مین جسبت کو خدا کا ہے تراشا
آذر نہین لایا وہ مرے واسطے گھڑ کر

خود کردہ کا درمان کہو اب کیا کرون یارو
دل اونے لیا مجھسے نہ لڑ کر نہ جھگڑ کر

کہتا تھا یہ سودا وہ نہ جاوے گا کہان تک
جا بیٹھون گا دروازے پہ اب سگ مین گڑ کر

نادان [illegible] سمجھے کہ محبت نہین وہ شے
در پر کسیکے بیٹھیے جسکے لیے اڑ کر

غزل ناسخ

جیتے جی جاؤن مین کیونکر کوی جانان چھوڑ کر
بلبل نالان کہان جاوے گلستان چھوڑ کر

چاہیے وحشت مین جامہ چاک ہونا روح کا
دامن قاتل کو یون اپنا گریبان چھوڑ کر

وصل جانان مین نظر آیا مہ شعبان مجھے
سبزہ کیا دیکھون خط رخسار جانان چھوڑ کر

کاوش غم دور ہو میرے دل ویران سے کیا
خار آتے ہین کہین صحرا کا دامان چھوڑ کر

روح لیلے کا عبث ہے تجھکو مجنون انتظار
بوی گل کب گرتی ہے گلستان چھوڑ کر

وصل جانان کسکی قسمت مین ہمیشہ ہے دلا
جاتی ہے اک روز آخر جسم کو جان چھوڑ کر

مین نے جب آنکھون کے مضمون کا پڑھا جنت مین شعر
کوی جانان کو چلے آہو بیابان چھوڑ کر

حور ہے ساقی مرا کیونکر ہے می مجھپر حرام
واعظ کرتا ہے کیا باتین تو ایمان چھوڑ کر

ہو الٰہی وصل جنت مین بھی مجھکو یار کا
کب وہ انسان ہے جو مانگے حور انسان چھوڑ کر

عاقبت کو فنا ہو مین لا کر چھوڑ دنیا جہل سے ہے / جان سے مایوس ہون مین نفت جانان چھوڑ کر

سر پٹکتے پھرتی ہین ای واح سنگ و خشت سے / چل بسے ہین جسم کیا کیا قصر و ایوان چھوڑ کر

اعتبار اصلا نہین گرچہ ہے جہان زیر نگین / اوٹھ گیا دنیا سے خاتم کو سلیمان چھوڑ کر

تماشا کیونکر کرون مین ترک یہ دنیا دہ ہے / سیر کو آئے تھے آدم باغ رضوان چھوڑ کر

آج تو پوشاک پر مرتا ہے کل تو دیکھیو / جائیگا بناش تیری لاش عریان چھوڑ کر

روشنی کی سیر جب تنہا شب فرقت مین کی / شعلے لپٹے مجھے سرو چراغان چھوڑ کر

دیکھو تو فرقت نہ دیکھی ہو جو برق وا ہے کے / خندہ زن جاتا ہے ظالم مجھکو گریان چھوڑ کر

عیش تنہائی ہو امردون کی کثرت سے محال / جاؤن یا رب اب کہان شہر خموشان چھوڑ کر

ہو وطن مین خاک سیر گو ہر مضمون کی قدر / لعل قیمت کو پہونچتا ہے بدخشان چھوڑ کر

کوہی قاتل کو چلے وحشت مین یون صحرا کے ہم / بھاگتے ہین جسطرح سے تیر میدان چھوڑ کر

ہوتی ہے غربت مین ثروت پر پڑی ایذا کو ہے / رنج اوٹھایا کسقدر یوسف نے کنعان چھوڑ کر

اہل جوہر کو وطن مین رہنے دیتا گر فلک / لعل کیون اس رنگ سے آتا بدخشان چھوڑ کر

مر گیا کیا ناسخ میکش جو سارے میفروش / مسجدون مین آ بیٹھے ہین سب اپنی دکان چھوڑ کر

غزل نصیر

دوست انداز نہ گلچین ہو نہ مرغان چمن / رکھتے پہلو مین ہین شاخ گل تر سے تلوار

گذری شب وصل کی گر قتل مجھے تو لیک / پنجۂ مہر گریبان سحر سے تلوار

کیا اسی تیغ کے قابل یہ گنہگار تھا آہ / تم مرے قتل کو لائے جو سفر سے تلوار

لطف بن اسکے ہے کیا بادہ کشی کا ساقی / لب ساغر کے نہین کم یہ نظر سے تلوار

قتل ہونے کو جو باندھے اگر عشاق کمر / قطرۂ خون کو ستمگر نہ سے تر سے تلوار

دیکھنا کیا ہے کہ ہے معرکہ آرائی آج / برق چمکانے ہے انداز دگر سے تلوار

چاہتا ہون نہیں کہ ہے ابر غمزہ تجھے کبھی / موج ہر اشک کی تلوار یہ برسے تلوار

امتحان کی ہوس ابتک بھی ہے اس ظالم کو
مر گئی تا کمر کھا کے مین سر سے تلوار

دم چرانیکا گمان ہے یہ کہ کرتا ہے تیز
میرے تربت کی سدا لوح حجر سے تلوار

لخت دل یہ نہین تار مژہ پر طفل سرشک
پانون مین باندہ کے پھرتا ہی نہر سے تلوار

قیس و فرہاد کہان جائین ترے ہاتھ سے عشق
کاش لین راہ عدم یار کے سر سے تلوار

خار صحرا لے جنون خنجر لیے ہے بر پیچھے
کمر کوہ مین ہے سبزۂ تر سے تلوار

غزل بادشاہ

بلبل شیدا نے پوچھا گل سے یون وقت بہار
ای گل رعنا ترے دامن سے کیون لپٹے ہین خار

کیا نزاکت سے گران سرمہ ہے چشم یار کو
یار کا کل سے کمر کیونکر نہ لچکے بار بار

مطرب و مینا و ساقی نغمہ و چنگ و رباب
سب مہیا ہین و لے تیرا فقط ہے انتظار

جو گل رخسار جانان کی نہ آئی انکو تاب
چھپ رہے غنچہ و گل غیرت سے ہو کر شرمسار

گل نے کر چاک گریبان یون کہا رو رو کے زار
چشم گل کو نوک مژگان کی جگہ ہے نوک خار

تیرے مقدم کے لیے اے سیر گلزار مین
گل گریبان چاک کر آیا نکل بے اختیار

تیغ ابرو دیکھکر آئی ندا اے بادشاہ
لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذو الفقار

غزل سودا

پھینکے جو کمندار مرا اسیر ہوا ہے
سیمرغ بچے پھر نہ عصافیر ہوا ہے

مرقد پہ مرے اوج نسیم آوے تو یون جان
دیوانہ تہ خاک ہے زنجیر ہوا ہے

کہ خانۂ گردون پہ نظر چشم فنا سے
ہے شکل حباب اسکی بھی تعمیر ہوا ہے

توسن پہ تجھے دیکھ کے مانی و بہزاد
اللہ نے کھینچی ہے یہ تصویر ہوا ہے

سودا کی در دوست جو یارب نہ کرو خاک
اس جرم کی تو کیجیو تعزیر ہوا ہے

غزل ذوق

جب چلا وہ مجھکو بسمل خون مین غلطان چھوڑ کر
کیا ہی پچھتایا تھا مین قاتل کا دامان چھوڑ کر

کیونکہ نکلے تیر اس کا دل مین پیکان چھوڑ کر
پھر نہ اوٹھا کوچۂ چاک گریبان چھوڑ کر

طفل اشک ایسا گرا دامان مژگان چھوڑ کر
جا کے بیٹھے گو کہان یہ مرغ پران چھوڑ کر

کام پہ تیرا ہی تھا رحمت ہے ای ابر کرم
ورنہ جاوے داغ عصیان میرا دامان چھوڑ کر

جسکو ہو لذت اوٹھائے زخم تیغ عشق کی
کب مرہم دان کو ڈھونڈھے ہی نمکدان چھوڑ کر

صید دل کو کیونکہ چھوڑے جبکہ کھاوے نہ تو
مچھلیان مست حنائی مین مری جان چھوڑ کر

سرد مہری سے کسیکے آگئے ہے جی سرد ہے
یان سے ہٹ جاؤ ہوئے ابر بہاران چھوڑ کر

دیکھیے کیا ہو کہ ہے اب جان کے پیچھے پڑی
دل کو ای کافر تری زلف پریشان چھوڑ کر

ای دل اسکے تیر کے ہمراہ سینے سے نکل
ورنہ پچھتائیگا تو یہ ساتھ نادان چھوڑ کر

کیون نہ رم کر جائین آہو ایسے وحشی سے ترے
شیر بھاگین جسکے نالون سے نیستان چھوڑ کر

سرخی پان دیکھ لے زاہد جو دندان پر ترے
اوٹھ کھڑا ہو ہاتھ سے تسبیح مرجان چھوڑ کر

پیش خیمہ لے کے نکلا گردباد دور دو
ہے جو سرگرم سفر تن کو مری جان چھوڑ کر

اوٹھ گیا وہ آج سب ہستی کا سامان چھوڑ کر
تم گئے تھے کل جسے بیمار ہجران چھوڑ کر

گر خدا دیوے قناعت ماہ نکفتہ کی طرح
دوڑی ساری کو کبھی آدھی نہ انسان چھوڑ کر

ساغر دل بیچتا آیا ہون کھومت ہاتھ سے
چوکتا ہے کیون یہ جنبش دست گردان چھوڑ کر

پڑھ غزل ای ذوق کوئی گرم سی اتنی تو بجا
جانب مضمون طراز گفتہ جانان چھوڑ کر

غزل آتش

پڑ گئی آنکھ جوان چاند سے رخسارون پر
لوٹتے کباب نظر آگئے انگارون پر

ابروے یار کا سر مین ہے جنہون کے سودا
رقص وہ لوگ کیا کرتے ہین تلوارون پر

روز و شب رہتے ہین بلبل کیطرح سے نالان
ٹوٹی پھولون کی چھڑی ہمسے گنہگارون پر

باد کے جھونکے کے لگنے سے ہین میلے ہوتے
نازکی ختم ہے اون پھول سے رخسارون پر

موسم گل مین جو ہوتا ہے زیادہ سودا
دوڑتے پھرتے ہین ہم باغ کی دیوارون پر

شور نالیکا مری جب سے سنا ہے آتش | نقل مرغان چمن کہتی ہین منقارون پر

غزل مطلب

مارتا ہون تمہاری ہین ہر بار | اشناؤن مین سب برائی یار
تمکو لازم ہے پکڑو گلے میرا | ہاتھہ مین ہاتھہ با محبت و پیار
مجکو پیاری لگی تمھارے آج | چال وہی اے سرو خوش رفتار
خوب کروایا اب تو مت کروا | مجکو رسوا کوچہ و بازار
اک ذرہ بھی تو مجکو کرنے دے | یار من درد دل کی اب تکرار
حکم ہووے تو آج یار من مین | کھینچکر پیٹ مین عدو کے کٹار
گرچہ مطلب کا خوش لگے تمکو | تو پڑھون ریختہ سجن للکار

غزل غیور

تمھین بھی لگی شیرین نے کچھ تیشہ زنی پر | تیھر پڑین غم رہا تو ترے کوہ کنی پر
اوس لب نے نہ اک لعل کا بازار کیا سرد | کچھ آگ سی ہے ایک عقیق یمنی پر
اون زلفون کا عنبر کے تئین دیکھہ ہو خواہ | سر پیش دھرا نافہ مشک ختنی پر
اب رامجی کے نام کی جپتا ہون مین سمرن | دل جیسے گرفتار ہے اک رامجنی پر
کیون سینہ و سر اپنا مین پتھر سے نہ پھوڑون | وہ وعدہ شکن ہے مرے اب دلشکنی پر
کیون غنچے کے مانند گریبان نکرون چاک | گل کھاوے جو ہاتھون پہ وہ ہر گلبدنی پر
شاباش غیور آفرین صد مرحبا تمکو | کیا خوب غزل اسے کہتے ہو اس کم سخنی پر

غزل خلیق

ہے حسن ترا مہر درخشان کے برابر | دندان در و لب لعل بدخشان کے برابر
کیا چاہیے عاشق کے تجھے قتل کو خنجر | ابرو ہین ترے خنجر بران کے برابر
اوس مست حنائی کے تصور مین خلیق اب | فرد | جی ڈوب چلا پنجۂ مرجان کے برابر

کشت پہ تخم عمل کے لینے جتنا چاہیے بو
نفع یان رکھتی ہے سودا آبیاری بیشتر

غزل تحسین

کس مزے کی رنگت سے بن بن کے آئی ہے بہار
حسن کو اپنے عجب سج سے دکھاتی ہے بہار

چاندنی ہے سیر ہے اور بادۂ گلرنگ ہے
گر نہین ساقی تو کس کافر کو بھاتی ہے بہار

ماہتابی کے مزے مین ہاے وہ مہتاب نے
حیف اسکے ہجر مین کیا مفت جاتی ہے بہار

جھومتی جھکتی جھمکتی جھنجھلاتے چاند سے
چاندنی کے رنگ مین کیا دل لبھاتی ہے بہار

واہ واہ تحسین نہیٹ یہ مصرعہ موزون ہوا
جو وہ گلرویان نہین کسکو خوش آتی ہے بہار

غزل انشا

جا سکتے نہ تھے جسکے چھپر کھٹ کے برابر
شب اوسنے سلایا ہمین کروٹ کے برابر

اس ملگجی پوشاک پہ ہسکی ہوئی چولے
ہے بگڑی ادا لاکھ بناوٹ کے برابر

اس موسم برسات مین کیون گھر نہ ہین ہم
آنکھین بھی برستی ہین مہاوٹ کے برابر

وہ پردہ اوٹھا گھر سے جو باہر نکل آیا
غش کھاکے گرا پٹ سے وہ چوکھٹ کے برابر

کب اوسکو اثر کرتی ہین انشا کی دعائین
تعویذ لٹکتا ہے پڑا الٹ کے برابر

غزل راقم

کس پہ جان قربان کرین ابروی دلبر چھوڑکر
کسکے سودائی نہین زلف معنبر چھوڑکر

ہم چلے ملک عدم کو پاسے قاتل کو تلے
تن تڑپتا چھوڑکر اور لوٹتا سر چھوڑکر

آج تمنے کر دیا اندھیر عالم مین بپا
روے رشک مہر پر زلف معنبر چھوڑکر

رشتۂ الفت ہے باہم ہو جدا ممکن نہین
تیغ سر کو چھوڑکر اور تیغ کو سر چھوڑکر

خانۂ اصلی سے نردونکی روش اوٹھ اوٹھ کر گئے
کیسے کیسے نوجوان دنیا کی چوسر چھوڑکر

بوسۂ لب کی عوض مین گالیان سنتے ہین ہم
زہر کھایا کرتے ہین قند مکرر چھوڑکر

کسکو راقم اپنی چھاتی سے لگائین ہجر مین
اوس پری پیکر کی تیغ نازپرور چھوڑکر

غزل انشا

ای دل سمجھ کے اسکی نہ زلف دوتا کو چھیڑ — کمبخت کیا کرے ہے نہ کالی بلا کو چھیڑ
غنچون کو روند گل کو مسل اور صبا کو چھیڑ — لیکن نہ اسکے عقدۂ بند قبا کو چھیڑ
مین مند قین جو اونکی رچانے لگا تو وہ — بولے کہ چل پرے ہو نہ میری حنا کو چھیڑ
نالون سے میرے بجتی جو بلبل تو بولے آپ — واہ ای اجڑ گئے نہ مری آشنا کو چھیڑ
ای ہمنشین یہ موسم ہولی ہے اندنون — منظور ہے جو سیر تو اس خوش ادا کو چھیڑ
لیکن تو اور سانگ نہ لا سر پہ اپنے ایک — بنیلا قصا یہ باندھ کے انکی ددا کو چھیڑ
شوریدگان عشق سے با تو نہین ستا او لچہ — ای بے ادب پری نہ گروہ خدا کو چھیڑ
چمکا نہ میرے سامنے اسے مہر آئینہ — کہتا ہون بات مان نہ اہل صفا کو چھیڑ
اک بوالہوس نے انکے جو آنا سے کچھ کہا — رستے مین اپنے توسن حرص و ہوا کو چھیڑ
برقع اولٹ کے منہ سے وہ کہنے لگے کھینچ — بہنا کو لیتے چھیڑ اور اپنی بوا کو چھیڑ
دیکھے بھی ہے کسیکو دیوانہ تو کچھ نہین — بیٹیا کسی جوان سے ساز وفا کو چھیڑ
لیجا کے چپکے چپکے دوغالے سے کھینچ ہاتھ — ناخن گڑو کے چٹکی سے لے انگشت پا کو چھیڑ
انشا جو ہونی ہووے سو ہو دل کو ہے یون — تا چند ضبط آج تو اوس دلربا کو چھیڑ

غزل سودا

ہے دیکھ تجمل وادی ایمن ہر ایک جھاڑ — روڑا ہے کونسا جو نہین طور کا پہاڑ
تیری نگہ نے تیرے دلون کو اولٹ دیا — مژگان تری نے دی ہین صفونکی صفین پچھاڑ
کتنا شگفتہ رو ہے کہ مانند آرسی — چھاتی کے جسکے سامنے کھل جاتی ہین کواڑ
منعم بعمر بنائے عمارت کی فکر مین — یہ سب حویلیان تھین جہان تھا ہے اب اوجاڑ
بدتر ہے جی کے پینے سے رشوت کلال کی — کچھ محتسب ہے دختر رز کی نہ کھائے پچھاڑ
تہمانہ شمع رو ہے نہ سودا کے خاک پر — محمل کبھی تو لوٹتے ہین گریبان کو پھاڑ پھاڑ

غزل رنگین

کرون مین کہان تک مدارات روز — تمہین چاہیے جی وہی بات روز

مجھے گھر کے لوگون کا ڈر ہے کمال — کرون کسطرح مین ملاقات روز

مرا تیرا چرچا ہے سب شہر مین — بھلا آؤن کیونکر مین ہر رات روز

کہانتک سنون کان تو اوڑ گئے — تری سنتے سنتے حکایات روز

گئے ہین مرے گھر مین سب تجکو تا — کیا کر نہ رنگین اشارات روز

ایضاً لہ

تاس کر باجی نے جب میری بڑھائی پشواز — لیجئے جب پیر سے وہ ٹکڑے اوڑائی پشواز

ٹبہے اوجلی نے اک آن کے قصہ باندھا — اوس سے بندی نے وہ دھانی جو دھلائی پشواز

کرتی جالی کی مجھے بھاتی ہے ہلکی پھلکی — کیون مرے واسطے باجی نے سلائی پشواز

تو وو ایک سے اللہ رے او خفت مانہ — قاوری مانگی تھی تو دوڑ کے لائی پشواز

بوجھ سے اوسکے کمر لچکی ہی پڑتی ہے مری — کیون مجھے گھیر کے انّا یہ نیہائی پشواز

رشک سے منہ پہ بسنتی کے سگئے پھول بسنت
مین نے رنگین یہ بسنتی جو رنگائی پشواز

غزل مشفق

کنج تنہائی مین ہے صحبت اغیار عزیز — جیسے بیمار کو پرہیز ہو ناچار عزیز

اپنی عریانی کا یون دلکو خوش آیا خلعت — جسطرح شیخ کو ہو جبہ و دستار عزیز

دل سے تا عشر اترا وسکی نگہ کا نگیا — جان کو تھا تیر قضہ طالب سوفار عزیز

اپنے عاشق سے تکلف نہین اتنا لازم — تجھسے تو جان بھی مجکو نہین اے یار عزیز

عشق سے مین بخدا کھاؤن قسم ای مشفق — ترک الفت کو نہ سمجھے کوئی دشوار عزیز

غزل سودا

بال و پر ہوے نپائے تھے نمودار ہنوز
تب سے ہم کنج قفس مین ہین گرفتار ہنوز

ہونگے پامال نگہ ہمکو رہا اے صیاد
عشق پر دار نہین تا سر دیوار ہنوز

زخم شمشیر ستمگر نے کیا اپنا کام
یارو تم ڈھونڈھتے ہو مرہم زنگار ہنوز

حق تعالے اسے جیتا رکھے اس دنیا مین
اس قیامت سے نہین ہے تو خبردار ہنوز

قیس و فرہاد کے ماتم مین تو جگ مین اب تک
دشت مین خاک بسر روتے ہین کہسار ہنوز

تیری دوری سے عجب حال ہے اس سودا کا
مین تو دیکھا نہین ایسا کوئی بیمار ہنوز

غزل یقین

خوش مین آتا ہے بن مجنون ہمین صحرا ہنوز
ان غزالون سے ہمارا جی نہین لگتا ہنوز

اب تلک کرتا ہے تیشہ کام مین پتھر کی جگہ
مانتا ہے کوہکن کے نقش کو خارا ہنوز

سو نکالے پر بھی مستی حسن کی اوتری نہین
بھر رہا ہے می سے یہ معشوق کی مینا ہنوز

باوجود اسکے کہ سہنے زخمونکے ماری خون غرق
آب خنجر کو ترستا ہے جگر میرا ہنوز

ہے یقین کا عشق مین ہر مو زبان احتیاج
اس پہ کم ہوتی نہین اوسکی یہ استغنا ہنوز

غزل اسد اللہ

نہ گل نغمہ ہون نہ پردہ ساز
مین ہون اپنی شکست کی آواز

تو اور آرایش خم کاکل
مین اور اندیشہاے دور دراز

لاف تمکین فریب سادہ دلی
ہم ہین اور رازہاے سینہ گداز

ہون گرفتار الفت صیاد
ورنہ باقی ہے طاقت پرواز

وہ بھی دن ہو کہ اوس ستمگر سے
ناز کھینچون بجاے حسرت ناز

اے ترا غمزہ یک قلم انگیز
اے ترا ظلم سربسر انداز

اسد اللہ خان تمام ہوا
اے دریغا وہ رند شاہد باز

غزل انشا

اپنی انکھون کی جھڑی بھی کم نہین برسات سے — فیض سے جسکے ہوئے ہین سیکڑون ویرانے سبز

اشک کا قطرہ جو ٹپکا ریزۂ الماس تھا — کیا تعجب گر اثر سے اسکے ہو ہر سنگ سبز

عشق مین ہونے نہین پاتی کسی عنوان سے — غیرت و عار و حیا و شرم عار و ننگ سبز

کیون نہ ہو سرسبز انشا مثل سرو سبز آج — سبزۂ نوخیز ساقی سبز لب ہر رنگ سبز

غزل غالب

کب رہا ہے اب ہمین حور و بشر کا امتیاز — دیکھکر جاتا رہا تجھکو نظر کا امتیاز

اوسکا کوچہ چھوڑکر کے جاوے ہے گلشن کیطرف — ہو گیا معلوم بس باد سحر کا امتیاز

نازکی جسنے رگ گل کی نہ دیکھی ہو کبھی — ہو میان کیونکر اوسے تیری کمر کا امتیاز

ہے یہ سودائے محبت ہے کہان بس بات کو — کچھ نہین رہتا میان نفع و ضرر کا امتیاز

جب نشست اغیار کے پہلو مین ٹھہری یار کی — تب ہمارا رہ گیا پھر وان کدھر کا امتیاز

اہل ہمت بوجھتے ہین خاک جب اکسیر کو — انکو کب ہوتا ہے صرف سیم و زر کا امتیاز

آگے اپنے یار کے غالب ہمین معیوب ہین — ورنہ ہے کسکے لئے عیب و ہنر کا امتیاز

غزل میر

ہوتا نہین ہے باب اجابت کا وا ہنوز — بسمل پڑی ہے چہرے پہ میرے دعا ہنوز

دن رات کو کھینچا ہے قیامت کا اور مین — پھرتا ہون سنہ پہ خاک ملے جا بجا ہنوز

صد گالر دھر لاکے تم تو منہ ابھی چلے ولے — ہوتی نہین ہمارے تمھارے صفا ہنوز

غنچے چمن چمن کھلے اس باغ دہر مین — دل ہی مرا ہے جو نہین ہوتا ہے وا ہنوز

احوال مہر برسے مرا سنکے کہا وہ ٹھا — جیتا ہے وہ ستم زدہ مہجور کیا ہنوز

غنچہ نمو جہہ دل ہے کسی مجھسے زار کا — کھلتا نہین جو سختی سے تیرے صبا ہنوز

توڑا تھا کسکا شیشۂ دل تو نے سنگدل — ہے دل خراش کوچے مین تیرے صدا ہنوز

چلو مین سکے ... سو پی چکا — اترا نہین ہے طائر رنگ حنا ہنوز

بے بال و پر اسیر ہوں کنج قفس میں میر / جاتی نہیں ہے سر سے چمن کے ہوا ہنوز

غزل شہیدی

ترے پاس سے جو گذرنے لگے شرر نہ تڑپ تو بلبل زار بس / جلیگا قفس جلیگا قفس جلیگا قفس جلیگا قفس

نہیں گو کہ بار ہوا ن سال ہے ولے مجھے یہی مقال ہے / ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس

کوئی کاروان جو نکل گیا سو بجز صدا نہیں بول اوٹھا / وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس

ترے خنجر ہکا ہوں بریدہ سر ارے تیغ جو مرے قتل پر / نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس

تجلی کیسی فسونگری کہ وہ زلف سانپ سی ہو گئی / گئی دلکو ڈس گئی دلکو ڈس گئی دلکو ڈس گئی دلکو ڈس

تجھے دیکھا جسنے ہی اے پری بجز اسکو کی نظارگی / نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس

تو شہیدی اب ہے کہ وہ شراب پیتی ہوں جس جگہ / وہیں جا برس وہیں جا برس وہیں جا برس وہیں جا برس

غزل محکم

مجھے حیف ہے ترا ای صنم کہوں آہ جاکے یہ کس سے بس / نہ ملا درس نہ ملا درس نہ ملا درس نہ ملا درس

یوں پکار اوٹھا تری در پہ شب مجھے چور کہکے وہ بے ادب / ترا آج عسس ترا آج عسس ترا آج عسس ترا آج عسس

تری ہجر میں مجھے اے صنم یہاں تک پڑے روتے دو ماہ کم / ہوے دو برس ہوئی دو برس ہوئی دو برس ہوئی دو برس

نہ غم کے آتے اوٹھا جھڑک بجدا صنم یہ جگر مرا / نہ پیا چرس نہ پیا چرس نہ پیا چرس نہ پیا چرس

مجھے ہر میں محکم کہربا میں جان کر جو لپٹ گیا / ہر خار و خس ہر خار و خس ہر خار و خس ہر خار و خس

غزل انشا

پھنس گئی عندلیب ہو بیکس / وا اسے تنہائی اور کنج قفس

قیس لیلے سے ملگیا شاید / نہیں آتی ہے آج بانگ جرس

شب جو میں اونسے راہ میں لپٹا / خوف حاکم رہا نہ بیم عسس

ہاتھ پانے ہوے کچھ ایسے کہ بس / اونکی انگلی کی چڑھ گئی جٹ نس

لگے کہنے کہ میرے دامن کو / نہیں اب تک کیا کسو نے مس

مفت جل جائیگا پرے سے بھی سرک ارے مین آگ ہون اور تو ہے خس

جب یہ سمجھے کہ چھوٹتا ہے نہین تب تو ٹھہرے کہ دینگے بوسے دس

گن سکے دس لیے گیارہوان نسبی ہمکو پیٹے کرے جو زیادہ ہوس

ایک دو تین چار پانچ چھہ سات آٹھہ نو دس ہوئے بس انشا بس

غزل مشفق

آپنے بھیجا تھا خط جو اپنے اس اختر کے پاس وہ ہمیشہ رہتا ہے بالاے تکیہ سر کے پاس

دور ہی سے دیکھہ کے دربان خفا ہونے لگا ڈرتے ڈرتے پونہچے ہم جسدم تمھارے در کے پاس

کانون مین بیٹھے تمھارے دیکھکر کہتے ہے خلق کیا ہی روشن دو ستارے ہین مہ انور کے پاس

اوربھی مخمور چشم یار ہو جاتی ہے مست میکدے مین شیشہ جب آجاتا ہی ساغر کے پاس

عقدۂ دل صاف کھل جائیگا ای مشفق مرے حل مشکل کا ہے نسخہ خالق اکبر کے پاس

ردیف سین مہملہ غزل جدید تخلص معروف

لیچلو مجکو اوس آئینہ رخسار کے پاس خاک ہے زندگی جو یار نہین یار کے پاس

نرگس مست کا مت رکھہ دل بیمار خیال بیٹھے بیمار کو رکھتے نہین بیمار کے پاس

ذبح کرتا ہے تو کر پر ذرا اتنا کیجو رکھیو قاتل تو مجھے اپنی ہی دیوار کے پاس

جی مین آتا ہے کہ اب کیجیے بدل جوگی کا دھونی دی بیٹھیے اب لب جو انہار کے پاس

اب خیال اوسکا سرافراز کرے ہی معروف
شہ قدم رنجہ کرے جا کسی نادار کے پاس

غزل رضا

تمنے کچھہ قدر مری آہ نجانی افسوس قدر دانی سے کوئی بات نمانی افسوس

داستان درد کی اپنے مین کہون کس سے اجی کوئی سنتا ہی نہین میری کہانی افسوس

دل اگر سینے مین ہوتا تو یہ دکھ کیون ہوتا سب ہے بغل مین کبھی مرا دشمن جانی افسوس
چشم تر ضعف بدن خشکی لب زردی رنگ یہ ملے درد محبت کی نشانی افسوس
رحم آتا ہے رضا دیکھ ترا حال مجھے مفت برباد گئی تیری جوانی افسوس

غزل میر

اے ابر تر تو اور کسی سمت کو برس اس ملک مین ہمارے ہی چشم تر ہے بس
حیران تو دیکھ پھول بکھیرے تھی کل صبا اک برگ گل گرا نہ جہان تھا مرا قفس
مژگان بھی بہ گئین مرے رونے سے چشم کی سیلاب موج مارے تو ٹھہرے ہے کوئی خس
مجنون کا دل ہون محمل لیلی سے ہون جدا تنہا پھرون ہون دشت مین جون نالۂ جرس
اے گریہ اسکے دل مین اثر خوب ہی کیا روتا ہون جب مین سامنے اسکے تو دے ہے ہنس
اسکی زبان کے عہدے سے کیونکر نکل سکون کہتا ہون ایک مین تو سناتا ہے مجھکو دس
حیران ہون میر نزع مین اب کیا کرون بھلا احوال دل بہت ہے مجھے فرصت ہے یک نفس

غزل انشا

پھر تو کہہ پھر کے دم سرد مرے منھ تجھ پر ہان وہ کسطرح جھکے بے درد مرے منھ تجھ پر
تھوہ ہے لعل سے زینت سے ترا یون کہنا رنگ یاقوت ہے یان گرد مرے منھ تجھ پر
رہ فضیحت نہو چلون تو مجھے چھوڑ رنے دے دیکھ جاگہ ہے یہ بے پرد مرے منھ تجھ پر
مجکو حیران نکر چھوڑ تری دہشت سے دیکھ رخسار ہوے زرد مرے منھ تجھ پر
صدقے اس ناز کے انشا سے یہ کہنا چلیے چوٹ لگتی ہے ہوا درد مرے منھ تجھ پر

غزل شہید

نہوگا مجسا دنیا مین کوئی ناکام سو سو کوس کہ مطلب بھاگتا ہے سنکے میرا نام سو سو کوس
ہماری شکل سے ہین آپ ہی مانوس اے ہمدم بلاتے تجھے بہتیرا جو بھیجکر پیام سو سو کوس
مبارک ہو تجھے اے ہمصفیر و سیر گلشن کے ہماری راہ مین پھیلے ہوئے ہین دام سو سو کوس

نکالا آسمان نے جھگڑی کوچے سے جانان کے	ہوا تھا ناتوان غم کو ہر ہر گام سو سو کوس
مریض عشق کی اپنے خبر لے جلد اے ظالم	ہوئے ہین دور راحت سے طاقت و آرام سو سو کوس
نہ اکدن خضر نے بھی آکے میری رہنمائی کی	بھٹکتا ہی رہا مین صبح سے تا شام سو سو کوس
غضب ہے حال سے اپنے نہین واقف ہی وہ تک بھی	شہیدی جسکی خاطر سے ہوے بدنام سو سو کوس

غزل حاجی

تم خفا ہو مجسے تو مین بھی سے علے ہذا القیاس	آپ کی خو ہے وہی میری علے ہذا القیاس
تم جو کہتے ہو کہ تجسے کچھ غرض مجکو نہین	ہمکو کب پروا ہے اب تیری علی ہذا القیاس
کون تو میرا مین تیرا کون جو تم کہتے ہو	کچھ مرے دل مین بھی اب سوجھی علی ہذا القیاس
کوئی امید وفا پر مت لگاو اوس سے دل	ہو گئی اک مجسے نادانی سے علے ہذا القیاس
بیٹھتے ہین جسطرح نزدیک تیرے آکے غیر	ہوگا میرے پاس بھی کوئی علے ہذا القیاس
کیجیے بدنام مجکو خوب لیکن میرے ساتھ	ہو گی صاحب کی بھی رسوائی علی ہذا القیاس
پوچھتے کیا ہو کہ اس حاجی نے دلکو جسطرح	کھو دیا تھا جان بھی کھوئی علی ہذا القیاس

غزل شاہ ظفر خلد اللہ ملکہ

جو کہ سینے مین ہے داغ دل سوزاں کی طپش	وہ نہو حشر کے دن مہر درخشان کی طپش
خاک پر میرے خس و خار نہ کیونکر جلجائین	اب تلک دل مین ہے سوز غم پنہان کی طپش
ہمنے گو آنکھون سے رو رو کے بہائے دریا	نہ بجھی پر نہ بجھی یان غم جانان کی طپش
نبض پر رکھتے ہی انگشت پھپھولا پڑ جاے	اے طبیبو وہ بلا ہے غم ہجران کی طپش
نہین معلوم یہ کیا عشق نے بھڑکائی آگ	پھونکے دیتی ہے مجھے میرے دل و جان کی طپش
لکھہ بہ تبدیل ردیف اور غزل گرم ظفر	جسکو ہو سنکے زیادہ دل یاران کی طپش

غزل میر

اسکا خیال آوے سے ہے عیار کی روش	کچھ اسکی ہمنے پائی نہ رفتار کی روش

کیا چال سیکھی زہر بھری روزگار کی	سب اس کو زندگی ہے سیہ مار کی روش
وہ وقت خیر گرم تو مدت سے ہو چکے	رہتے ہیں اب گرسے پڑے بیمار کی روش
جاتے ہیں رنگ و بوئے گل و آب جو سے چلے	آئی نہ خوش ہمیں تو یہ گلزار کی روش
مائل ہوا ہے سرو گلستاں پہ دل مرا	کچھ آگئی ہے اس میں قد یار کی روش
زنداں میں جہاں کے بہت ہیں خراب حال	کرتے ہیں ہم معاش گنہگار کی روش
یوں سر بکھیرے عشق میں پھرتے نہیں ہیں میر	اظہار بھی کریں تو ہیں اظہار کی روش

غزل شاہ ظفر خلد اللہ ملکہ

ساقی نہ کھا بزم میں تو جام کی گردش	یاد آتی ہے چشم بت خودکام کی گردش
پھرتی ہے مری خاک بگولے میں ہمیشہ	اب تک بھی مرے ساتھ ہے ایام کی گردش
اک شب نہ مرے پاس وہ آیا مہ تاباں	گردوں نے نہ کی ایک مرے کام کی گردش
آنکھوں کے تصور میں ترے صاف ہی لکھا	خامہ نے نہ کی جب رقم ارقام کی گردش
مے بھرتے ہی ساقی کے ظفر ٹوٹ گیا جام	قسمت ہی میں تھی رندی ناکام کی گردش

غزل سودا

دیں شیخ و برہمن نے کیا یار فراموش	یہ سبحہ فراموش وہ زنار فراموش
دیکھا جو حرم کو نہیں وہ دیر کی وسعت	اس گھر کی فضا کر گیا معمار فراموش
بھولے نہ مرے دل سے مرا صفحۂ عالم	نالہ نہ کیے مرغ گرفتار فراموش
دل سے نہ گئی آہ ہوس سیر چمن کے	اور سنتے کیا غنچہ و گل [illegible] فراموش
یا نالہ تھا کرنے تو یا گریہ کو تا صبح	[illegible] فراموش
بھولا پھروں ہوں گو اک عمر سے لیکن	[illegible] فراموش
دل و دست سے کس طرح مرا جائے ہے سودا	وہ [illegible] میں [illegible] فراموش

غزل میر

اسکی صحبت مین تو ہوا اوباش — آفرین میرے من چلے شاباش

مین اگر جانتا کہ بانکا ہے — دل نہ دیتا تجھے مین پہلے کاش

کوئی منصف نہین کہون کس سے — کیونکہ گذرے گی اس سے میری معاش

ناخن پا نظر پڑا تھا کہین — ابتلک ہے جو دل مین ہے وہ خراش

جسکو دیکھا سو ہے وہ رشک پری — سوز تو دیکھ صنعت نقاش

غزل انشا

کیون ساقیا نہ لعل ہوا اپنا یہ رنگ فرش — شیشے شراب سرخ کے ہین جابجا سنگ فرش

جون آئینہ ہے اسکے جہان چاندنی تجھے — وان عرش بھی نکلے بالون کا ہے سایہ لنگ فرش

تمنے پلنگ دور بچھایا تو کیا ہوا — تم جانتے ہو مجھکو کہ مین ہون پلنگ فرش

شیخ دراز قد نے جو مجلس مین ڈگ دھرے — پھٹتی کہی سبھون نے کہ آیا کلنگ فرش

نک فرش بھی کو شیخ کے دیکھو کہ ہے زیاد — دریا کے بھی نہنگ سے ہے یہ نہنگ فرش

جو تجھ مین اور ان مین دھما چوکڑی مچے — فراش بولے زور ہوے یہ تو جنگ فرش

دھبا پڑا جو پانون سے مسند پہ بولے آپ — کس سخت بے لحاظ ہے یہ ہے یہ ننگ فرش

غزل یقین

رات دن خوبان کو ہے دلہای مفتون کا تلاش — روز و شب لیلا کو تھا درپیش مجنون کا تلاش

اشک رنگین سے گلے کو تو نے مشہد کردیا — مرگئے ہین دیکھکر اس چشم پرخون کا تلاش

جسطرح جستے ہو ڈھونڈتے ہین لوگ خاطر ہای شاد — اسطرح رہتا ہے مجکو جان محزون کا تلاش

جیسے میرے لگ رہی ہے سانورونکی جستجو — جسطرح ہوتا ہے افیونی کو افیون کا تلاش

شاعری ہے لفظ و معنی سے یہ سب لیکن یقین — کون سمجھے یہان تو ہے الہام مضمونکا تلاش

غزل سراج

کیا شراب محبت نے دیکے خم مین جوش — عجب نہین جو قیامت تلک رہون مدہوش

صنم کے حسن کی خورشید کی حجابت سے — ہوا ہے چاند نقاب سحاب مین روپوش
نہین علاج بجز مرہم نوازش و لطف — جفا کے زخم سے کرتا ہے دل فغان و خروش
نہووے صور قیامت کے شور سے بیدار — جو کوئی خیال مین اس چشم کے ہوا مدہوش
ترے دو ابرو ہمسر کو دیکھ حیران ہو — سنا نہین ہون کہین دو ہلال دوش بدوش
فسردہ دل ہون زمانے کی سرد مہری سے — عجب نہین ہے اگر مثل شمع ہون خاموش
کمند عقل سے آزاد ہے مثال سراج — جو اسکی زلف کے زنار کا ہے حلقہ بگوش

غزل ناسخ

اس قدر زیر فلک ہے سرو گل اندام رقص — کر رہا ہے لو لیے گردون کو بے آرام رقص
سیکڑون مرغ بسمل تڑپتے ہین ہر ٹھوکر کے ساتھ — فتنۂ محشر وہ ہے جسکا رکھا ہے نام رقص
مرغ خوشخوان اس چمن کا ہون کہ جسکے صحن مین — آسمان طاوس سا کرتا ہے صبح و شام رقص
لگتی ہین مینا کی گردن کو ہزارون ٹھوکرین — کرتے ہین مستی مین جب مئے آشام رقص
ہوگیا بھونچال تیرے رقص سے محفل مین رات — سب لگے کرنے در و دیوار سقف و بام رقص
ہوگیا پیری مین عیش اپنا جوانی سے دوچند — ہاتھ مین رعشہ سے کرتا ہے جو مے کا جام رقص
حال مین صوفی اگر اچھے ہین خامی کی دلیل — کرتے ہین گلخن پہ جیسے دانہائے خام رقص
دور دامن ہوگیا ہے مجکو مثل آسیا — پیتا ہے دلکو تیرا اے بت کلفام رقص
گر عوض ناقوس کے جاکر مین اک نالہ کرون — بتکدے مین ہر طرف کرنے لگین اصنام رقص
تو ہے وہ صیاد او ظالم کہ تجکو دیکھکر — کرتے ہین تڑپنے کے لیے اسیر دام رقص
جی اوٹھے مردے ہزارون تیرے گھنگرو کی صدا — واسطے زندون کے لایا موت کا پیغام رقص
ناچنے گانے کا کیا رتبہ ہے اسکے سامنے — ہر سخن اسکا ہے اے ناسخ عنا تر کیا رقص

غزل سودا

ایام پھر کہان ہے جو ہو دل مین جائے حرص — آسودہ گر ہو چرخ نہین اشتہائے حرص

ممکن نہین ہے یہ کہ بھرے کاسۂ طمع　　دن مین گرد پھر تو پھراوے گدای حرص
انسان ہو ذلیل زمانے کے ہاتھ سے　　ذلت کسیکو کوئی نہ دیوے سوای حرص
نادان تلاش طرف ہوند سے تو باز آ　　چون شمع یہ نہ ہو کہ ترا سر کٹائے حرص
اپنے سوا کسیکو نہ پایا حریص مین　　کی قطع روزگار نے مجھ پر قبائے حرص
سودا اب ہو خوشی سے اوقات ہر طرح　　پر درمیان نہ ہووے بشرطیکہ ہای حرص

غزل میر تقی

شاعری شیوہ ہے شعار اخلاص　　دین و مذہب مرا ہے پیارا اخلاص
اب کہان وہ محبت ہے قبلے　　ہو وے ظاہر مین یون ہزار اخلاص
سورت اخلاص کی پڑھے یہ یون　　میر رکھتا نہین ہے یارا اخلاص

غزل رنگ

مرتبہ حق نے کیا خاص الخاص　　تم سے رکھتا ہے دل مرا اخلاص
غیر کی بو مرے دماغ نہین　　الفت دل عجب ہے خاص الخاص
حال تقلید طالب ہو نہین　　جسطرح سے بنا ہو ارقاص
آپ انا فتحنا ہووے پناہ　　مصحف رو ہے سورۂ اخلاص
بحر معنی مین غرق ہوگا رنگ　　ہاتھ آیا سخن کا ہو غواص

غزل کنور

مین نپٹ دل سے ہون ترا مخلص　　جذب باطن سے با صفا مخلص
دل کو فرقت مین کیا ہے بیتابی　　عرض تم سے کرے وہ کیا مخلص
منتظر تیرے دید کے ہین سب　　برقع منہ سے کہین اٹھا مخلص
بے سبب رہتے ہو خفا مجھسے　　آپ کا مین ہون بے ریا مخلص
شکر حق اب کنور وہ بر آیا　　جس دعا مین ہمیشہ تھا مخلص

غزل انشا

زہے نسائم فیضان سبد اۂ فیاض
نمود جس سے ہوئے سب جواہر و اعراض

مدام ناصیہ سا ہین حضور مین جس کے
سواد چشم شب و گردن سحر کی بیاض

بدیع فطرت و خیاط غلبۂ تنویہ
ہو جسکے ہاتھ گریبان صبح کی مقراض

حکیم حاکم و حکام و عز جس سے ہین
ہمیشہ خلق جہان کو ہزار ہا اغراض

ریاضی اور طبیعی سے ماحصل یہ ہے
الٰہیات سے تا فہم کو نہو اعراض

کہ تیری ذات کو مخلوق سے بے مواد کیا
سیاست بدنی سیکھ جاوین تا مرتاض

شفا اب اپنے تصدق سے اپنے دی مجکو
ہزار شکر کہ سب دفع ہو گئے امراض

و گر نہ دیکھ کے انشا کی نبض ہوتا تھا
غریق بحر تحیر مسیح سا نباض

غزل سودا

چشم بینا ہو تو لے گر گل سے ہی تا خار فیض
بخشتے یارون کو بہر صورت جہان یار فیض

فیض ہے وابستۂ تار عقیدت ورنہ یار
نفع نے تسبیح مین ہے اور نہ کچھ زنار فیض

بخشتے ہے یون تقویت دل کو مرے دشنام یار
جون دوای تلخ سے پاوے کوئی بیمار فیض

مہر سے جون مہ کو پہنچے ہے ضیا جو خوبرو
سیر سے سنکھ ہو تو پہنچا وے ترا رخسار فیض

جی بچے دون ہاتھون سے تو غنیمت جانیو
کسکو گنج اپنے سے پہنچاوے ہے یار و مار فیض

کر کے صاف آئینہ دل اسمین تو دیکھ آپ کو
بخشتے گا اے یار تیرا ہی تجھے دیدار فیض

تو نے وہ سودا زبان ریختہ ایجاد کی
پڑھ سکے اک عالم اوٹھاتا ہے تری اشعار فیض

غزل اهرج

[illegible] ہون گلبدن مجھے اس گل سے کیا غرض
کاکل مین اسکے بند ہون سنبل سے کیا غرض

خونی دلون نے قتل کو سر تیغ نگاہ [illegible]
اس تیغ کو فسان تغافل سے کیا غرض

رسوائی جہان ہے مجھے فکر کچھ نہین
دیوانۂ جنون کو تامل سے کیا غرض

بس ہے غبار راہ لباس شہنشہے
سلطان بیخودی کو تجمل سے کیا غرض

جام مے الست سے بیخود ہوں اے سراج
دور شراب شیشہ پر بل سے کیا غرض

غزل یقین

کب سے زنجیر مجھ مجسم ہے دیوانے کی عرض
پہونچی تھی کان تلک اوس لٹ کو شانے کی عرض

گرمی اہل بزم سے متنگر ہیں پیتا ہوں اداغ
شمع کی خدمت میں ہے اپنے ہی پروانے کی عرض

شیشہ مجھ دل سا بنادے اور تری آنکھوں سا جام
گر کرے ساقی ہزاران سال میخانے کی عرض

فصل جاتی ہے یقین اور باغبان ہے ایکبار
کوئی کر دیتا نہیں ہے باغ میں جانے کی عرض

ہذا تبرک غزل مولوی عبد الصمد صاحب سلمہ اللہ تعالی

جو کری تری زلف سیہ پہ نظر ہو وے اوسکی دم میں تمیز غلط
جب مار سیہ رہبر اوسکی کیونکر نہ وہ ہوش و قدم غلط

نہیں تجھکو غرض کہ وہ تیر دے کمان تو نہیں ہے تو میں زہر انکو کیا
ترا تیر نگاہی اور ابرو کمان کج کی وصف ترک عجم غلط

نہیں ہیں تیرا گناہ ذرا مارے کوئی دم جو چپ رہا
کہاں لے سکا قصاص وہیں یہ بھلا جو ہو تو ہی آپ ستم غلط

دیکھ بلبل و گل کا نباہ صنم کیسے کرتی ہیں یہ جلوہ بہم
نہیں کوئی بجا نہیں ہے چشم نہیم جو ہو قول و قرار قسم غلط

ذرا چشم کرم سے تو دیکھ ادھر تری ہجر میں تڑپتے ہیں
جیسے بسمل مرغ ادھر اودھر نگہ ایسے اتنا ستم غلط

غزل انشا

کیا دخل تیرے غم میں ہے رہے تن میں جان غلط
حاشا غلط غلط غلط اے مہربان غلط

دو چار دن جو جیسے ہوئے تو کیا ہوا
پر چاہیے ہمیشہ جئیے یہ گمان غلط

میں اور ترک عشق بھلا کچھ بھی ربط ہے
اے مہربان غلط غلط اے قدر دان غلط

تصمیم عزم کعبہ نہو تو بھی زاہدا
گو ہنسنے کی ہے ہو رد کوے بتان غلط

ای میر حاج جب ہو خدا کا بھی نام لے
مجھ سے ہو ترک صحبت پیر مغان غلط

آوارہ وحشت شوق میں مانند گردباد
بھٹکا پھروں ہوں کر کے رہ کاروان غلط

انشا سے اب خیال یہ افشا راز کا
سمجھے وہ جو کچھ کہ آپ کی خاطر نشان غلط

غزل میر تقی

جسکو ہوا ہے اس صنم بیوفا سے ربط	اوسکو خدا سے کیا ہووے تو بچہ ہو خدا سے ربط
گل ہو سکے برگ برگ ہووے اور ہوا ہووے	رکھتے ہین اس چمن کے جو غنچے ہوا سے ربط
زنہار رشتہ پا سے نہین اوٹھتی اسکی آنکھ	اس چشم سرمگین کو بہت ہے حیا سے ربط
شاید اسیکے ہاتھ مین دامن ہو یار کا	ہو جس ستم رسیدہ کو دست دعا سے ربط
کرتی ہے آدمی کو دنی صحبت فقیر	اچھا نہین ہے میر سے بے تہ گدا سے ربط

غزل سودا

تو جو ہو پاس تو ہے صبح طرب شام نشاط	دیکھنا تجکو ہے ایجان و دل آرام نشاط
فضل حق جسکی طرف ہو تو اسے بخشے سپہر	دور ساغر کی طرح گردش ایام نشاط
دل جنھون کا ہے اسیری کے ہنر سے آگاہ	ہے قفس بیچ اونھین عیش و تہ دام نشاط
عکس تھا اسکی نگہ کا نہ پڑے جام کے بیچ	ہو سکے نشہ مے سے نہ سر انجام نشاط
دیکھ ہوتی ہے تجھے قمری و بلبل شادان	تو ہے اس باغ مین اے سرو گل اندام نشاط
شیشہ ہے زیر بغل آئینہ دل سودا	مے سے ہمکو نہین ہے ساقی گلفام نشاط

غزل سوز

اب ضرر کرنے لگا دل کو بتان کا اختلاط	سچ تو ہے ان بیوفایون سے کہا نکا اختلاط
اب کوئی دم مین مچا دیگی خزان یہان آکے لوٹ	عندلیبو چھوڑ دو تم گلستان کا اختلاط
[illegible]	پوچھ لو جا کر گلستان سے خزان کا اختلاط
[illegible] ان کو	فیض گر چاہے تو کر اس باغبان کا اختلاط
سوز سے مت دل لگاو مشفقو سمجھاوگے	کاہش جان ہے عزیزو میہمان کا اختلاط

غزل رضا

ستم ہاے مجھسے تھا اسے بیوفا شرط	دے دل کی تو کیا لایا بجا شرط

بھلا اب تجھ سے کیا بازی لگاؤں — دیا میں ہار پہلے دل لگا شرط

نگہبانی سے کیا ہوتا ہے یارو — غرض ہے خوبرو کو کچھ بجا شرط

اگر یاور نہیں جانبازی دل — تماشا یہ دکھاؤں بھی بھلا شرط

لگا کہنے یہ باتیں غیر سے کر — کرے ہے تجھ سے جا میری بلا شرط

رضا اسکی بہ رضا یہ رہ تو راستے — کہ راہ عاشقی میں ہے رضا شرط

غزل سودا

رہے ہے وہ معنی قرآن سے کہے جو تو واعظ — پھٹے وہ ہن کے تئیں اپنے کر رفو واعظ

بتوں کی حسن پرستی سے کیا خلل دین میں — خدا نے دوست رکھا ہی سخنگو واعظ

ثبوت حق کی کوئی سمجھو نپہ ہے لیکن — ترے تو نفے کرم پر ہے گفتگو واعظ

ڈرو ان ہوتی میں نکرین رند تیری ڈاڑھی کا — تبرکات میں داخل ہر ایک مو واعظ

سخن ہے وہ کہ ہو شر دلوں کا ہو نادان — یہ پوچ گوئی ہی جس سے ہی تجکو خو واعظ

کہا تو مان لے سودا کا توبہ کر اس سے — لب و دہن کے تئیں کر کر شست و شو واعظ

غزل میر تقی

لطف جوانی کو ساتھ گئے پیری کیا ہی کیا محفوظ — کیونکہ جبیں یارب حیرت ہے بی مزہ ایسی نا محفوظ

رونے کے ڈھب کو عشق کہو ہو تم تو تمہارے دعا گو یار — یونہیں ہمیشہ عشق میں اسکے رکھیو ایسا خدا محفوظ

تر رہی منہ کی اشک کے سرخی دونوں ابتو رنگ تیغ — شاید میر بہت رہتی ناواس ہو گئے جدا محفوظ

غزل انشا

اسکو سنا کر کہا آپ سنے وہ بے لحاظ — مجھ سے نہ اتنے اجی بدے رہو سب بے لحاظ

گریہ کنان دیکھ کر مجھکو کہا شوخ نے — تاڑتے ہیں لوگ سب چپ رہو نہ رنیے لحاظ

جو تجھ پہ ہی ال ڈالتے ہو یہ ٹھنی دل میں خیر — اسکو مجھے اب سے تم کہنے تو دو سب بے لحاظ

آج جو کچھ دل میں یار سے کہہ بیٹھنے — ایک گھڑی کے لیے ہو جیے گو بے لحاظ

پاؤں لگا داستے ہیں وہ تو غصہ ہو رات
کہنے لگا چونک کر چھوڑ یہ جو بے لحاظ

سیکڑوں ادب لاکھ بار ہنسکے کہا بات مان
پھر وہی کرنے لگا کرتے ہیں جو بے لحاظ

چھوڑ رہے اب انشا کوئی آپ کو کیا وصل ہے
اور بھی دو گالیاں اور کہو بے لحاظ

غزل سراج

[illegible] می پرستوں کے تجھے کیا کام ای واعظ
شراب شوق کا تو نے پیا نے جام ہے واعظ

لگا سنگ خجلت شیشۂ ناموس پر تیرے
محبت ہم بیگانوں کو نکو بدنام ہے واعظ

نہیں ہے امتیاز نیک و بد چشم حقیقت میں
تجھے یکساں ہوا ہے کفر اور اسلام ہے واعظ

نیاز نجیہ وری بہتر نماز خود نمائی سے
لگی ہم پختہ مغزوں کو خیال خام ای واعظ

ہیں مکتب کے علم مختصر میں یہ معانی ہے
نہیں ہے زہد کے طومار کو انجام ہے واعظ

وہ شیریں لب کی کڑوی بات امرت ہیں مرے حق میں
تجھے معلوم کیا ہے لذت دشنام ای واعظ

سراج اس کے پچھان تصویر کو کیا سمرن
یہی ورد سحر ہے اور [illegible] نام ای واعظ

غزل حاجی

سرخ جوڑا سج کے نکلا گھر سے دلبر الحفیظ
آگ رکھتا ہے یہ کس کس کے جگر پر الحفیظ

تیری یہ تیغ مژہ اور تیغ ابرو دیکھکر
اچھے اچھے بول اٹھتے ہیں بہادر الحفیظ

اسکے کوچے کی تو کرا ہی دل سکونت اختیار
ساکن کوچے صنم سنتے ہیں اکثر الحفیظ

دیکھیے ہوتا ہے کیا بیتی چلی جاتی ہے جان
ان دنوں گھر میں ہے جیسے کینہ پرور الحفیظ

حاجی اس نا آشنا سے دیکھیے کیسی بنے
آج سے کہتے ہیں پکارینگے ہم بیر الحفیظ

غزل کنور

جاتا ہے مرے بر سے دلبر کا خدا حافظ
دل لبکہ مشوش ہے مضطر کا خدا حافظ

کوچے میں ستمگر کے سر تک بھی تو ہم کھوئے
وادی طلب میں اب ہمسر کا خدا حافظ

یک عمر قفس میں ہوں بے بال و پر اسنے
زندان میں عزیزو اب بے پر کا خدا حافظ

صحرا لیے پر آفت مین ہے عشق کی یہ جولان — کیا کیجیے اوس دل کو بے قدر کا خدا حافظ
ہے ڈر یہ کہ غور ہمکو فوراً نہ کہین ٹوٹے — ان تیر نگاہون کے خنجر کا خدا حافظ

غزل ناسخ

ایسا پروانہ زمانے مین کبھی دیکھا نہ شمع — طور کا شعلہ ہے پروانہ رخ جانانہ شمع
جل رہے ہین جوہر آئینہ پروانون کیطرح — آئینہ فانوس عکس عارض جانانہ شمع
مجھسے نفرت غیر سے اس شعلہ رو کو ہے تپاک — اس لگن سے آشنا پروانے سے بیگانہ شمع
بیٹھنے دیکھا نہین اسکو کسی نے ایک دم — کہتی ہے اس بزم کو ایسا مسافرخانہ شمع
گر نقاب اوٹھے وہ روے آتشین سے باغ مین — ہے یقین بنجاے بلبل شاخ گل پروانہ شمع
سر پہ سوزان داغ سودا پاؤن مین زنجیر اشک — تیری محفل مین کھڑی ہے صورت دیوانہ شمع
لگن ہی اسکو بتاتے ہین کہ تجکو دیکھکر — پھر پابوسی نہ دوڑی آ گئے بیتابانہ شمع
منہ دکھا دیتا ہے پروانون کو گر وہ شعلہ رو — بھول جاتی ہے ابھی سب ناز معشوقانہ شمع
شاد ملک عشق ہون لیتا ہون قمری سے بھی باج — گل چڑھا جاتی ہے بلبل قبر پر پروانہ شمع
ہے بجا دشمن اگر جلتے ہین پروانون کی طرح — جسمین ہے ہر ایک رشک عارض جانانہ شمع
کچھ فقط تو ہی نہین ناسخ دل و جان سے نثار — بزم مین پروانہ ہین سب اور ہے صاحب خانہ شمع

غزل سودا

گو اب نہ مجھ غریب کی بالین پہ آئے شمع — دل لے کسیکا مجھسے جلے ہے بجاے شمع
پروانہ کے ہون مین اثر عشق سے خجل — کیون منفعل تجھے نہین کرتی وفاے شمع
آتا ہے جی مین یہ کہ قدم تیرے چھوڑکر — گر رہیے جون پتنگ بہم ہو کے پاے شمع
بیگانہ تیری چشم سے مجھپر تو اشک گرم — جلنے سے اسکے آپ کو آگے جلاے شمع

غزل میر تقی

سینے پہ داغ سر پر جو آئے تھی شمع — سحر تک سب اشکے ہی کھائے تھی شمع

پتنگے کے حق مین تو بہتر ہوئی
اگر موم سے کے کبھی بنائی تھی شمع

نہ اس مہ سے روشن تھی شب بزم مین
نکالا تھا اسکو چھپائی تھی شمع

وہ بھی ساتھ میرے شب تیرہ مین
کہ تاب اسکو رخ کی نہ لائی تھی شمع

پتنگ اور وہ کیون نہ باہم جلین
کہین سے گر اک لگ آئی تھی شمع

فروغ اسکے چہرے کا تھا پردہ در
ہوا کیا جو ہمنے بجھائی تھی شمع

تف دل سے میرا اک کف خاک ہے
مری خاک پر کیون جلائی تھی شمع

غزل انشا

بوقت صبح ہو یون نشۂ شراب طلوع
کہ جیسے شرق سے کرتا ہے آفتاب طلوع

یکایک ابر سے شیشے کے ہوگیا ساقی
وفور نور سے خورشید ذرہ تاب طلوع

جو دیکھے اشعۂ لمعات کی جھلک اسکی
شعاع شمس کی ٹک لا سکے نہ تاب طلوع

افق سے نیر طفلی کے ناگہان وہان تو
بسان نیر اعظم ہوا شباب طلوع

شب فراق کی ظلمت سے ہی بہ تنگ انشا
خدا کے واسطے اے مہر کر شتاب طلوع

غزل ناسخ

عریانی نے جنون مین مرے کام آئے داغ
طاؤس کی طرح ہے بدن پر قبای داغ

سوداگران مشک کا ملتا نہین دماغ
مرہم کی ہے تلاش جو ہمکو براے داغ

جلتا ہون سر سے پاؤن تلک مثل آفتاب
حاصل ہوا فلک سے نہ مجکو سواے داغ

ہوتا ہے گرم خوردہ گل لالہ جس طرح
ناسور یون ہین میرے جگر مین بجاے داغ

بے داغ آسمان نے دکھایا کسیکو یہان
ہر ایک مہ جبین نے چیچک کے پاے داغ

شکوہ نہین ہے جوشش سوداے عشق کا
مانند شمع سر سے ہمارا براے داغ

سودائی ہین ہم ایسے کہ ہر سال لالہ سان
ہوگا ہماری خاک سے نشو و نماے داغ

جراح اپنے پنبۂ مرہم کو دور رکھ
بھڑکین گے اسسے اور مرے شعلہاے داغ

کیونکہ گلون کی خاطر نازک کو توڑ دون	گلشن مین عندلیب نے ہین چھپائے داغ
مرنے کا غم نہین یہ مگر داغ ہے مجھے	دامن ہے اسنے میرے لہو کے چھوڑا اسنے داغ
جنت کو جائین کے لیے دوزخ بغل مین ہم	ناسخ یونہین جو بعد فنا ہی بقائے داغ

غزل تقی

ہم اور تیری گلی سے سفر دروغ دروغ	کہان دماغ ہمین اسقدر دروغ دروغ
تم اور ہمسے محبت نہین خلاف خلاف	ہم اور الفت خوب دگر دروغ دروغ
غلط غلط کہ رہین تمسے ہم تنک غافل	تم اور پوچھو ہماری خبر دروغ دروغ
فروغ کچھ نہین دعوی کو صبح صادق کے	شب فراق کو کب ہے سحر دروغ دروغ
کسیکے کہنے سے مت بدگمان ہو میرسے تو	وہ اور اوسکو کسو پر نظر دروغ دروغ

غزل انشا

اے آتش فراق مرا ابے سوز داغ	جھلکے ہے دلمین دور سے جون دیر کا چراغ
آنکھون مین تا کہ نشہ وحدت کا ہو طلوع	ساقی می مغانہ سے بھر دے مرا ایاغ
بیٹھا ہے آج مجلس رندان مین شیخ یون	طوطی کے پاس جیسے کوئی ہم قفس ہو زاغ
پیدا لگاوٹ آہ کسی سا تجھ سے کیجیے	لیکن دل و دماغ کہان کسکو یہ فراغ
پونچھون مین کسکی کنہ حقیقت کو آج تک	انشا مجھے ملا نہین اپنا ہی کچھ سراغ

غزل سودا

سرد مہری سے بتون کی مٹ گیا ہی سوز داغ	کر دیا ان ظالمون نے ملک دل کا بے چراغ
وای اس پیشہ پرای بلبل کہ جسکی ہو یہ قدر	خار مین کوچہ بکوچہ تو ہے رسوا باغ باغ
مملکت ساری مین باور کر سلیمان کو نہ تھا	گوشہ خاطر مین اپنی ہے مجھے جو کچھ فراغ
بلبل خوش نغمہ ہون لیک اس گلستان مین جہان	نالہ مرغ چمن سے کم نہین فریاد زاغ
خوش کبھی اس بزم مین جو دل نہ دیکھے ایک جا	دم بدم مینا ہی روتا ہے تو ہنستا ہی ایاغ

حیف اس گلشن مین عاشق ہر طرف ہین ناقبول
گل سدا بلبل سے ناخوش تجھسے تو ہے بیداغ

دل اگر کھویا ہے سودا چھوڑ مت دنبال شتاب
شاید اس مین ہو اونکا طفلان سے تو پاوے سراغ

غزل میر تقی

میلان دل ہے زلف سیہ فام کی طرف
جاتا ہے صید آپ سے اس دام کی طرف

دل اپنا عدل داور محشر سے جمع ہے
کرتا ہے کون عاشق بدنام کی طرف

اس پہلوی فگار کو بستر سے کام کیا
مدت ہوئی کہ چھوٹی ہے آرام کی طرف

ایک شب نظر اوٹھا کہین تو سوی بام اب
رہتی ہے کون چشم تری بام کی طرف

آنکھین جنہون کی زلف و رخ یار سے لگین
وہ دیکھتے نہین سحر و شام کی طرف

جون چشم یار بزم مین اگلا پڑے ہے آج
ٹک دیکھ شیخ جی کر بھرے جام کی طرف

غارانشگاف سینہ خراش ایک ہی ہے تیر
لیکن نظر نہین ہے تجھے کام کی طرف

دل پک رہے ہین جنکا وہین ہے مجھے ہی شوق
میلان طبع کب ہے کسو خام کی طرف

دیکھی ہے جب سے اس بت کافر کی شکل میر
جاتا ہے جی نہین تنک اسلام کی طرف

غزل سوز

زندگی آخر ہوئی آیا نہ وہ دلدار حیف
مرتے مرتے بھی نہ دکھلایا مجھے دیدار حیف

مین بھی بندہ تھا اگر ملتے تو کیا آتا خلل
پر ترے دل مین نہ آیا حیف میرے یار حیف

لے چلے دنیا سے ہم ارمان تیرے وصل کا
گور مین نکلیگی یہ آواز اے عیار حیف

حسن صورت کو ہے لازم میرے پیاری حسن خلق
یہ تری صورت فلانی اور یہ اطوار حیف

شعر پڑھنا بات کرنا مسکرانا اب کہان
سوز کے منہ سے یہی سنتے ہین لاکھون بار حیف

غزل سودا

دیکھون ہون یون نہین اس ستم ایجاد کی طرف
جون صید وقت ذبح کے صیاد کی طرف

بے مشورت نگہ کی ترے طبع روزگار
آوے نہ تازہ جور کے ایجاد کی طرف

سے دانہ ہم قیاس کیا نہ لحاظ دام
پھنس گئے قفس مین دیکھ کے صیاد کی طرف

غیرون کی بات پر نہ کبھو مت رکھو خیال
لیکن کبھو تو میری بھی فریاد کی طرف

طرے کے تیرے واسطے صد چوب شانہ وار
قمری گئی ہے کاٹنے شمشاد کی طرف

جور و ستم تعدی و اندوہ و درد و غم
مائل ہوئے ہین اوس دل ناشاد کی طرف

سامان نالہ سب ہین مہیا پر اے اثر
مین دیکھتا ہون تیری ہی امداد کی طرف

ثابت نہووے خون مرا روز باز پرس
بولین گے اہل حشر بھی جلاد کی طرف

خون کر رہا ہے جوش رگ جان مین ترے
سودا نہ دیکھ نشتر فصاد کی طرف

غزل انشا

لکھے مرے قتل کے محضر پہ وہ شنجرف کے حرف
تا وہ سب یاد رہین لوہو بھرے حرف کے حرف

یا علی سوزن مژگان مین پرا دلبر تو
بن گئے رشتۂ تار نگہ ژرف کے حرف

نوش جان ہے جو ترے جام بلورین پہ کھدا
اسکے گویا کہ تراشیدہ ہین سب برف کے حرف

پنجتن پاک کے جو نام ہین سب گرداگرد
زیب دہ تیرے گلے کے ہین دو یہ ظرف کے حرف

قَتَلَ یَقتُلُ قَتلاً ہی پڑھے ہے قاتل
کبھی دو چار وہ سنتا ہی جو کم ظرف کے حرف

تیس حرفون مین سبھی کچھ ہے پر انشا سچ ہے
بس یہی بیچون کے ہین حرف یہی حرف کے حرف

غزل نصیر

دیکھا جو سیم تن تری تصویر کا ورق
سمجھا دل اسکو نسخہ اکسیر کا ورق

مضمون سرد مہری جانان رقم کرون
گر ہاتھ آئے کاغذ کشمیر کا ورق

کیون سطر کہکشان ہے فزون ہو فلک
ہے یہ کتاب کاتب تقدیر کا ورق

نیچے ہے وہ لب کو جسنے نہ دیکھا ہوا صبا
برگ گل بہشت ہے بے پیر کا ورق

تعریف تیری ترے خط کی کس سے ہو
ہے مصحف مجید کی تفسیر کا ورق

ایسے نے خط جو لکھوا اسکے قاصد سے یون کہا
ہے یہ کسیکے عاشق دلگیر کا ورق

تب اوس نے عرض کی کہ اسے دیکھیو یہ ہے / جوان قیس پاے زنجیر کا ورق
تم گنجفے کے کھیل مین خنجر بکف نہو / رکھتا ہے یہ غلام بھی شمشیر کا ورق
تو وہ ہے آج دیکھے جو چاہے یہ رخ ترا / دھولا دے آپ شرم سے تصویر کا ورق
خط پر نظر پڑے تو زمرد رقم کرے / سو ٹکڑے اپنے ہاتھ کی تحریر کا ورق
لیلے نے جب مرقع عالم کی سیر کی / دیکھا ہے ایک عالم دلگیر کا ورق
سب پان کر لگا لیا چھاتی پہ ان نے بھی / مجنون پاے بستۂ زنجیر کا ورق
سودا نے دیکھکر ترے دیوان کو نصیب / پھاڑا بیاض منتخب سیر کا ورق

غزل حافظ

نہ کوئی ہو جیو یان مجھ سا مبتلاے فراق / گذر گئی ہے مری عمر در بلاے فراق
غریب و عاشق و بیدل فقیر و سرگردان / اوٹھا چکے ہین سبھی رنج و داغہاے فراق
ملے فراق مجھے گر تو جان سے مارون / سرشک دیدہ سے بھردون مین خونبہاے فراق
فراق تیرے کو فرقت کا مبتلا یہ کرون / کہ صرف خون جگر روئین دیدہ ہاے فراق
کدھر فراق کہان مین کدھر کے رنج و تعب / فلک کے ہاتھ سے اب ٹوٹ جاے گو پاے فراق
مین داد پاؤن کہان کیا کرون کہون کس سے / فراق کو کوئی ہیگا جو دے سزاے فراق
یہ بیدلی ہے کہ حافظ کے اور مرے سینہ سے / برنگ مرغ سحر نکلے ہے صداے فراق

غزل سودا

رنگ سے چہرے کے رسوا ہووے ہے بیمار عشق / عشق کو یارو چھپا سکتا نہین انکار عشق
گاہ اشک تر کبھے خون گاہ ہے لخت جگر / اسطرح جاری ہے ان آنکھون سے دربار عشق
کیا کرون سینے مجھے سے کر دیا ہے بے خانمان / مرحبا فرصت کہ ہو یو سایۂ دیوار عشق
تھا سکندر طالع اس دم تک کہ دل تھا میرا یار / کھا گیا افسوس اس آئینہ کو زنگار عشق
اس چمن مین طرح بلبل کے وو نالان کو تھا / روز و شب کھٹکا کرے ہے سینہ مین جیسے خار عشق

غزل میر تقی

گر بار یہ مین مجکو صبا لے کے جاے شوق
مجنون کو میرے اور سے کہیو دعاے شوق

وصل و جدائی سے ہے مراد وہ کام جان
معلوم کچھ ہوا نہ ہمین یان سواے شوق

ہر چاپ اور اڑتی پھرے ہے ہماری خاک
سر سے گئے نہ جی سے گئے پر ہواے شوق

دیر و حرم مین ہمکو پھراتا ہے دیر تک
پھر بھی ہمارے ساتھ ہے وہ ہی اداے شوق

افسوس ایسے کوچے سے تم آشنا نہین
کیا دردناک مین بھی کوئی ہے نواے شوق

درد اور آہ بھی جو کرے ہے دم سحر
اک مشت پر ہے مرغ گلستان ہاے شوق

کیا پوچھتے ہو شوق کہانتک ہے ہمکو میر
مرنا ہے اہل درد کا ہے انتہاے شوق

غزل مومن خان

وہ جو زندگی مین نصیب تھا وہی بعد مرگ رہا قلق
قلق ہے کیسا کہ ہے ستم گئی جان پر نہ گیا قلق

کسیکے خرام کی یاد مین تہ خاک بھی یہ رہا قلق
کہ زمین کو زلزلہ ہی رہی جو لٹا دی مجکو ذرا قلق

یہ ہم حالت جان کے غرض اب تو جان پہ آ بنی
یہ عذاب مرگ ہے یا طپش یہ خدا کا قہر ہے یا قلق

یہ کہان کی جی کو بلا لگی مری ہاے کیونکہ ہو زندگے
کوئی کیا جیے جو ہو ایک سا شب و روز صبح و مسا قلق

شب ہجر تیری وصال کی تری شوخیان تھین نظر مین یا
کہون کیا تغیر حال دل کبھی تھا سکون کبھی تھا قلق

نہین چارہ میری اگر انھین نہین راہ ملین تو کس لیے
مجھے روتے دیکھکے رو دیا مرا حال سنکے ہوا قلق

غم ہجر یار کیے ساتھ سے شب و روز ہون مین عذاب مین
یہ ہمیشہ ایک نئی طپش ہے مدام ایک نیا قلق

شب وعدہ جذبۂ شوق سے ہوئی کشمکش یہ ستم ہوا
کہ وہ آتے آتے جو تھم گئے تو کسیطرح کا نہ تھا قلق

کہا جان جب ہے ان جو آ گئے تو مری زندگی ہو تو یہ کیا
ترے جینے کی مجھے کیا خوشی ترے مرنیکا مجھے کیا قلق

یہ شوخ ابروؤن کی شکائتین یہ جلانا غیر کا دیکھنا
کبھی ہنستے تیرے ساتھ سے نہین چین مجکو سوا قلق

نظر اب یہ میر جو کبھی پڑے تو خیال رونے کا آ بنا ہے
جو طپش کو برق کی دیکھون تو مجھے یاد آیا نیا قلق

غزل انشا

عشق سچ ہو تو نہ معشوق ہو کیونکر عاشق
جیسے کہ عشق ہم ہین اجی وہ بھی ہے ہمپر عاشق

مجھے روکا جو کسی نے تو وہ بولے اتی واہ
ایک میرا ہے وہ لاکھون کے برابر عاشق

تیری تصویر کے بدلے مجھے دیتا ہے تمام
شیخ سعدی کی گلستان مصور عاشق

حیف دروازے کی کنڈی نہ کھلی اور تیرا
مر گیا رات کو چوکھٹ سے ٹپک سر عاشق

دیکھ تو عشق کے ڈہر کے کو شب وصل مین آہ
گرچہ ہے پاس ترے تو بھی ہے ششدر عاشق

آنسو بھر لائے جو ہم آنکھون مین تو کہنے لگے
آپ اس شکل پہ اپنا ہے میرے مقرر عاشق

دیکھکے اونکی طرف شیخ رہا تو بولے
خوبی قسمت کی ہوا مجھپہ مجسم عاشق

سنگ و خاک و در معشوق حقیقی کے سوا
خو گرفتہ نہین بابالش و بستر عاشق

بادشاہت ہے اگر عہدہ دربانی مین
ہو وے معشوق کے دروازے پہ نوکر عاشق

ادب آموز ہو مانند ارسطا طالیس
تا جبلت پہ ترے ہو وے سکندر عاشق

سیکھے تقریر تو وہ شستہ و رفتہ جس سے
قلزم علم کے ہون پختہ شناور عاشق

فارسی پر ترے آوے شہ ایران کو غش
عربی بولے تو ہو روم مین قیصر عاشق

نہ کہ صحبت ہو زنانون کی جو یون تجھکو کہین
دم مونت کی خیر رہے دولہ بہادر عاشق

دیکھتا تجھکو جو مین ہائے تو کن آنکھون سے
تک رہی تھی طرف غرفہ و منظر عاشق

شرط تھا عشق کو گر حسن تو پھر کیون ہوتے
چھوڑ کے گل کو بھلا ورنہ صنوبر عاشق

کہہ بہ تبدیل قوافی غزل ایسی اور گرم
جسکے مطلع یہ ہوا آتشنا شہ خاور عاشق

غزل ناسخ

برنگ گل مجھے کیا چاہیے گریبان چاک
کہ مثل غنچہ ہزارون ہین دلمین پنہان چاک

تصور اوس دل صد چاک مین ہے اس مہ کا
ہوا ہے جسکے اشارے سے ماہ تابان چاک

ہر ایک لالۂ صحرا ہے تیرا داغ بدل
ہر ایک گل ہے چمن مین ترا گریبان چاک

تو ایسا ماہ لقا ہے کہ تیرے سامنے ہو
کتان کی طرح گریبان ماہ کنعان چاک

یہی دعا ہے خدا سے رہوں بیابان میں	نہ میرے غم سے ہو پیراہن عزیزان چاک
جو زیست چاہے کہے مال سے تہی پہلو	صدف کے سینے کو کرتے ہیں دیکھ یاران چاک
نہیں ہے جادہ میں وحشی پھنسا جو زندان میں	مرے فراق میں ہے سینۂ بیابان چاک
کیا کلال قضا نے خمیر خاک بتان	یہ مہر و ماہ پیالے ہیں چرخ گردان چاک

غزل میر تقی

عزت اپنی اب نہیں ہے یارو گو منظور تک	پاس جاتا ہوں تو کہتا ہے کہ بیٹھو دور تک
حال میرا شہر میں کہتے رہیں گے لوگ دیر	اس فسانے کے تئیں ہونے دو تو وہ مشہور تک
نسبت پا مار ہیں شاہی پہ گدائی کوی عشق	دیکھو تو یاں کا خدا کے واسطے دستور تک
چاہیے گا مجھ سے بی قدرت کا کیا ہی اعتبار	عشق کرنے کو کسی کے چاہیے مقدور تک
حق تو سب کچھ تھا نہ تھا حق جا دی سر واسطے	حوصلے سے بات کرنا کاش کے منصور تک
سنکر حسن بتان کیونکر نہووے شیخ شہر	حق ہے اسکے اور وہ آنکھوں سے بھی معذور تک
پھر کہیں کیا دل لگایا میر جو پھر آرزو	منہ پہ آیا تھا ترے دو چار دن سے نور تک

غزل انشا

گر ہوں افلاک و عقول اور نظر بیسوں ایک	مدرکات اور مقولات عشر بیسوں ایک
رعد و برق و شفق و ژاله اور اسکے پل در	چار سمت اور فلق شام و سحر بیسوں ایک
استقسات و موالید و جواہر خمسہ	ہفت اقلیم جہان معدن زر بیسوں ایک
سبعہ سیارہ ارکین جہات و ابعاد	ہو وین گو مل کے یہ جوں شیر و شکر بیسوں ایک
چودہ علم اور سب اجلال و ذکا و دانش	فی المثل ہو وین ہم یہ بھی اگر بیسوں ایک
جسکے ہیں اذن پہ نو امر جد پنج حواس	کب ہوں پا بستۂ ندوم بشر بیسوں ایک
حامل وحی خضر چاک کسب بارہوں راس	مدح میں ان کے ہیں با شمس و قمر بیسوں ایک

والشفیع آپ ہوا دیگیارہ امام اٹھ بہشت
جسپہ اشفاق کرین منھہ یہ او دھر بیسون ایک

سات دن او دشب جمعہ سینے بارہ
رکھتے ہین اسکے اطاعت کا ہنر بیسون ایک

پنجتن چودہ ہوئن معصوم حق انشاء اللہ
رکھین الطاف کی سب تجھہ پہ نظر بیسون ایک

غزل سودا

شمع اوس عارض کی سب کہتے ہاین پہونچی نور تک
ہے جو پوچھے کوئی بے حرف شمع طور تک

بس چلے تو دیکھنے ہرگز تجھے مجھکو نہ دون
آئینہ گھر مین ترے رہنے نہ دون مقدور تک

آنکھ اس سیکدہ کے بیچ جز چشم پر آب
قسمت اپنی ہم نہ پائی ساغر معمور تک

رہیو مت غافل نگاہ حسرت آرا اوسکی سے
پہونچے وقت جان کنی گر اپنی تو رنجور تک

کون ہے عارف کو یہان دعوی انا الحق کا نہین
یہ ترانہ ختم لیکن ہو چکا منصور تک

ہجو ہے اس زلف کی تشبیہ مینا مشک سے
شاعرو یہ بات پہونچے گی دراز و دور تک

یہ غزل سودا کہی ہے تونے اس انداز سے
ہند سے پہونچے گی ہاتھون ہاتھ نیشاپور تک

غزل سوز

مجکو تہمت مت لگا بہر خدا تو اے فلک
ہاتھ بھی پہونچا نہین اب تک مرا اوس تاک

یان مگر قصہ یہ کی ہے کہ گلشب باغ مین
رخنہ دیوار سے دیکھی تھی قاتل کی جھلک

اس گنہ پر جو ترے دلمین ہو سو کر سلوک
لیکن تھا اس شرابی کے سینے مین لگ گک

[illegible] اک یاد آئی ہے کہ مین جھوٹا نہیں
جون گیا مین پاس اوسکے اور تھہ گیا [illegible]

دیکھکر مجکو نزاکت طیش سے بولا کہ [illegible]
اپنے رتبہ سے نہ [illegible]

[illegible] منہ لپیٹ سیم [illegible]
ہر قدم پر بار سے خجلت [illegible]

اس گنہ پر جو ترے دلمین ہوا سے جرب [illegible]
اپنے اس [illegible]

غزل [illegible]

[illegible] اس مژگان کی [illegible]
[illegible]

سوزش فرقت مین جان ناتوان گردش مین ہے
کب اوٹھا سکتی ہے داغ دل کی جوالیکی جھونک

شوق مین اوس شعلہ رو کے خانمان اندرون
پھونک ہی ڈالے ہے اپنی آتشین نالیکی جھونک

مت لگا جامہ پہ اسے رشک قمر سنجاب زر
بس قیامت ہی ترے دامن کی ہوالیکی جھونک

بجتے ہین ساز محبت بزم مین اوس شوخ کے
آگیا ہے غش مین عالم سنکے جو تالے کی جھونک

پڑگیا ناسور سا شاید کہ دل مین عشق کا
روز و شب جاری ہے جو یک خون پرنالیکی جھونک

آہ بھر بھر سوز غم سے ان کلیجہ جل گیا
پر نہ سمجھا مین کہ کیا ہے دل کی شنجالیکی جھونک

مر ہی جاتا ہون جو یاد آتی ہے روز ہجر مین
وصل کی شب کی جو اپنی شت میتوالیکی جھونک

نازکی اتنی کہ جھک جاتی ہے گردن ناز سے
جھگھڑی پڑتی ہی جاسکے کان کے بالیکی جھونک

ہار پھولون کے سلیمی جسکو لاتی ہے صبا
وہ اوٹھا سکتے نہین یک غنچہ لالیکی جھونک

غزل ناسخ

ایسی شب غم سے دل نالان مین لگی آگ
جب نالہ کیا عالم امکان مین لگی آگ

یہ سوزش غم ہے پس مردن بھی کہ مین نے
جب سانس بھری روضہ رضوان مین لگی آگ

ساتھ اشک کے آنے لگے لخت دل سوزان
دیکھو گے کہ تہخانہ مژگان مین لگی آگ

ہے صبح شب وصل ہوئے گرم فغان ہم
سمجھو نہ شفق گنبد گردان مین لگی آگ

یہ آتش رنگ لب جانان نے جلایا
اخگر ہوئے یاقوت بدخشان مین لگی آگ

پہلو کی جلین ہڈیان نالان جو ہوا دل
یہ شیر کے نالون سے نیستان مین لگی آگ

تیرے لب جانبخش ہوئے پان سے جب سرخ
عالم نے کہا چشمہ حیوان مین لگی آگ

آیا ہے نظر ہجر مین جب رنگ گلون کا
سمجھا ہون یہی صحن گلستان مین لگی آگ

دریا مین لگا دھونے جو تو دست حنائی
مشعل کی طرح پنجہ مرجان مین لگی آگ

بدنام ہوئے آہ شرربار ہمارے
ناسخ جو کبھی کوچہ جانان مین لگی آگ

غزل میر تقی

غافل ہین ایسے سوتے ہین سارے یہانکے لوگ | حالانکہ رفتنی ہین سب اس کاروان کے لوگ
مجنون و کوہ کن نہ تلف عشق مین ہوئے | مرنے پہ جی ہی دیتے ہین اس خاندان کے لوگ
کیونکر کہین کہ شہر وفا مین جنون نہین | اس خصم جان کے مارے دیوانے ہین یہانکے لوگ
رونق تھی دل مین جب نہین بستے تھے دلبران | اب کیا رہا ہے اوٹھ گئے سب اس جہان کے لوگ
تو ہم ہین اور آپ مین مت دے کسیکو دخل | ہوتے ہین فتنہ ساز یہی درمیان کے لوگ
مرتے ہین اسکے واسطے یون تو بہت ولے | کم آشنا ہین طور سے اس کام جان کے لوگ
تپی کو اس چمن سے کہ نہین دیکھتے ہین گرم | جو محرم روش ہین کچھ اس بدگمان کے لوگ
بت چیز کیا کہ جسکو خدا مانتے ہین سب | خوش اعتقاد کتنے ہین ہندوستان کے لوگ
فردوس کو بھی آنکھ سے پھر دیکھتے نہین | کس درجے سیر چشم ہین کوئے بتان کے لوگ
کیا سہل جی سے ہاتھ اوٹھا بیٹھتے ہین ہاے | یہ عشق پیشگان ہین الٰہی کہان کے لوگ
منہ تکتے ہی رہے ہین سدا مجلسون کے بیچ | گویا کہ میر محو ہین میرے زبان کے لوگ

غزل آتش

ایک سے ایک ہے تماشا رنگ | دیدنی ہے جہان رنگا رنگ
سامنے تیرے روے رنگین کے | لالہ و گل نے بھی ہے پکڑا رنگ
آنکھین ہین اور زلف یار کا دھیان | کچھ نہ کچھ لاوے گا یہ سودا رنگ
تم جو خمخانے مین نہین آئے | مے گلرنگ کا ہے تیلا رنگ
زلف و رخ سے ترے کھلا کہ نہین | ایسا کالا نہ ایسا گورا رنگ
مست تیرے نہ لین جو نذر بھی دے | مے سرخ آسمان مینا رنگ
حسن نے گیسوؤن کو تیرے دیا | مشک کی بو کے ساتھ کالا رنگ
فکر رنگین نے تیرے اے آتش | کیسے کیسے کیے ہین پیدا رنگ

غزل انشاء اللہ خان

پھونکدی عشق نے جب اس دل بیتاب مین اگ
غل پڑا یہ کہ پڑی معدن سیماب مین اگ

جب سے یہ شعلہ برق انکھو مین پھرتا ہو مرے
چونک چونک اٹھتو ہون مین دیکھ کے جی خواب مین اگ

جی یہ چاہے ہے ابھی شیشہ صہبا کو انڈیل
شمع سے دیجیے بس چادر مہتاب مین اگ

تجھ بن اے ماہ شب چار دہم بر لب جو
پڑ رہی ہے مرے اس دیدہ پر آب مین اگ

یاد مسجد مین جو آیا خم ابروے تیرا
لگی انشا کے دم گرم سے محراب مین اگ

غزل سودا

دل مسخر کر نہین سکتے بہ تیغ و تیر و جنگ
ملک تو کچھ یہ نہین جسکو کرے تسخیر جنگ

یہ نگر مہر و محبت سے جو ہاتھ آوے تو آے
اسکے ہاتھ آنے کی اے پیارے نہین تدبیر جنگ

جنبش ابرو نے مارا لشکر صبر و قرار
ہو وہے فیصل کہ جب ہو تیرے تیغ یا شمشیر جنگ

سامنے چہرے کے تیرے مہر و مہ کا ہے یہ حال
رنگ نامرد کا کرتی ہے جون تغیر جنگ

کب اہی کام پر آقا کے دیوے اپنا جی
مجھ کہے سے کرتا ہے ہوکہ زندگی سے سیر جنگ

یہ نہین ممکن کہ وہ وحشی کسیکا ہووے رام
کرتے ہین اسپر عبث باہم جوان و پیر جنگ

روبرو آیا جو تھا سودا کی قسمت کا لکھا
کر چکے اسکے قلم با خامہ تقدیر جنگ

غزل شیدا

جی نکل جاوے گا سن او گلبدن
جو ہوا ہمسے تو یک آن الگ

عاشق زار کا طور
اندنون ہے کچھ اور

شق گل غم سے ترے غنچہ دہن
چاک دامن سے گریبان الگ

[illegible] کشتی کا جو ہوا
ہے یہی نام خدا

یار جب ساقی ہو او سیر چمن
تیری خلوت مین مری جان الگ

[illegible]
مینھی با تو نہ تھا

[illegible]
ان سے [illegible] تو کہا ہون الگ

زیست عاشق کی بتا — ہووے کسطرح بھلا
مار ہی ڈالے ہے مستی کی گھڑی — خون کیا ہے ادھر پان تلک
دیکھیے کس کسکو یہ دل — ماجرا ہے مشکل
شیدا ہانگے ترے بالون کے — بکھری ہے زلف پریشان الگ

غزل ذوق

ازل سے یون دل عاشق ہے نور کی قندیل — کہ جیسے عرش خداے غفور کی قندیل
سمجھ وہ ذرہ بناگوش نور کی قندیل — تجلی ہے اختر صبح نشور کی قندیل
ہمارے کعبۂ دل مین ہمیشہ روشن ہے — اسیکی تاب کمال ظہور کی قندیل
جہان ہو خانۂ عشرت جسے ہوا اسکا فراش — کہ لٹکی اوس پہ سر پر غرور کی قندیل
رہی ہے جون قمر منخسف سدا بے نور — سیاہ مجنون کے بالین گور کی قندیل
پڑے جو عکس ترا جام مین تو ہو روشن — حباب بادہ تجلی سے طور کی قندیل
عیان ہے یون مرے روز سیہ مین اختر دل — کہ جیسے شب کو نظر آوے دور کی قندیل
سوائے دل کے ہو تاریک باغ خلد سے بھی — کبھی پسند نہ اس رشک حور کی قندیل
اوڑے جو آہ کے ہمرہ نکل کے پارۂ دل — ہوئی ہوا مین بصورت طیور کی قندیل
وہ تیر ہان پہ ترے نالۂ قیامت زا — کہ انکے رکھنے کو لازم ہے صور کی قندیل
نسیم کرتی ہے روضہ مین تفرقہ جنون کی — نہ گل ہو یا ہے آواز صور کی قندیل
سمجھنا قدر ہے ناقص کب ان نظر کی ذوق — ہے روشن آپ سے کیون شب [illegible] کی قندیل

غزل عارف

فلک جو دیکھے مرے رشک حور کی قندیل — نہ آفتاب کو پھر سمجھے نور کی قندیل
حباب بحر مین گر عکس رخ پڑے تیرا — اثر سے اسکے وہ ہو جاوے [illegible]
سوا جہ سے کہین شعلہ زن ہے آتش غم — بھڑک اوٹھیگی دل ناصبور کی قندیل

وہی تو ہے درِ دارالعدالت یزدان
جہان کہ لٹکے سر پر غرور کی قندیل

تمھارے تیر رہا کرتے تھے مرے دل مین
پھر اوسکو توڑ کے کیون چور چور کی قندیل

فروغ حسن سے روشن ہو اسکی لگاوے
وہ بے چراغ جو گھر مین بلور کی قندیل

ہوا کو دخل کہان ازدحام رحمت مین
بجھیگی کب مرے بالین گور کی قندیل

یہ شیخ جی کا عمامہ تو دیکھیے گویا
منڈھی ہوئی ہے کسی بے شعور کی قندیل

جہان عیش کا اک آسمان مجھے کہیے
کہے ہے یہ ترے بزم سرور کی قندیل

ہمارا گھر ہے بہت تنگ بہر آسایش
ہے جو دیکھیے تو چشم سور کی قندیل

ستارا سا جو چمکتا ہے اونکے کوٹھے پر
اونھین نے رات کو روشن ضرور کی قندیل

ہزار تیر نگہ چلتے ہین جو ایک پل مین
نہان ہے چشم مین کیا رشک حور کی قندیل

ہمارے آئینۂ دل کو پاس سے دیکھو
دکھائی دیوے ہے چھوٹی سی دور کی قندیل

بجا و کچھ تو ہے پروانے کا لگائے ہوئے
قدیم سے ہے کسی باشعور کی قندیل

سبوے مے نظر آئے جو نشہ مین عارف
تو سمجھے ہم کہ یہ ہے بزم سور کی قندیل

غزل آتش

کانون مین ترے دیکھکے سونیکے کرن پھول
ایسر و روان بھول گئے مرغ چمن پھول

پیدا کیے سو رنگ کے گو خاک چمن پھول
ممکن نہین رخ سے ترے اے غنچہ دہن پھول

ساقی یہ بہار چمنستان ہے دو ہفتہ
پانی بھی جو مانگون تو پلا مشفق من پھول

وہ سادگی یار کے اوپر ہے تکلف
جھمکا ہے نہ مد نظر اپنا نہ کرن پھول

زعفران کی لٹک دیکھکے سودائی ہو سنبل
نازک بدنی پر ترے کھائے نہ سمن پھول

...شفتہ ہے جو شہرت تری ناوک فگنی کی
ہوتی ہے خوشی ایسی کہ جاتے ہین ہرن پھول

دکھلائیگی کیا شام غریبان کے شگوفے
ہر چند کہ غنچون کو کرے صبح وطن پھول

...ت کدہ عاشق و معشوق نہین باغ
دولہ نہ بلبل تو یک شب نہ دلہن پھول

تلوونکے تلے رکھکے ملے یار نے سمجھا	سونگھتے ہوئے بلبل کے جو وہ غنچہ دہن پھول
بیفائدہ قمری کا ہے یہ دردسر عشق	پھل ہی نہین رکھتا ہے نہ کچھ سرو چمن پھول
قرآن کے عوض چلکے پڑھو مطلع رنگین	آتش سے سخن گو کہین یہ اہل سخن پھول

غزل انشا

فروغ ہی سے ہوے کیونکر ایاغ روشن مراد حاصل	مثل یہ مشہور ہے جہان مین چراغ روشن مراد حاصل
ہمارے پاؤ نہین آیا ہے ہین لبان گو ہر کچھ ایسے خشان	کہ جسکے پرتو سے عکس کے ہی سراغ روشن مراد حاصل
چراغ روشن مراد حاصل مزار پر دل جلون کے مت رکھ	یہان یہ لازم ہے تجھکو رکھنا کہ داغ روشن مراد حاصل
خوشی سے گت کیون بھرے نہ صوفی کہ دیکھتا لکھہ ہو گیا ہے	بجے ہے ڈھولک ادھر اودھر ہے ایاغ روشن مراد حاصل
نشہ ہے انشا کو آج ایسا طلوع ہی جسکے کہہ رہا قیاس ہے	میسر و بیجد فراغ خاطر دماغ روشن مراد حاصل

غزل میرتقی

دل دل لوگ کہا کرتے ہین تیرے جانا کیا ہے دل	چشم بصیرت وا ہووے تو عجب دیکھی جا ہے دل
اوج و موج کا آشوب اسکی کیے زمین ہے تا بہ فلک	صورت مین تو قطرۂ خون ہے معنی مین دریا ہے دل
جیسے صحرا کو کشادہ دامن ہم تم سنتے آئے	بند کر آنکھین ٹک دیکھو تو ویسا ہی صحرا ہے دل
کوہ کن مجنون جو اسی تم جیسے پوچھو بتادیوے	عشق جنون کے شہرون مین ہر جا طرف رسوا ہے دل
ہائے غیوری دل کی اپنے داغ کیا ہے خودسر نے	جی ہے جسکے لیے جاتا ہے اوس سے ذرہ پروا ہے دل
مت پوچھو کیون زیست کرو ہو مر ہیے افسردہ تم	ہجر مین اوسکے ہم لوگون نے برسون تک مارا ہے دل
میر پریشان دل کے غم مین کیا کیا خاطرداری کی	خاک ملے کیون نہ بھرین اب خون ہو بہ گیا ہے دل

غزل کمترشاہ

لیگیا وہ دلربا دل آہ دل افسوس دل	یہ گیا دل وہ گیا دل آہ دل افسوس دل
مین نہ کہتا تھا پریشان ہوگا در سودائے زلف	ای گرفتار بلا دل آہ دل افسوس دل
نقد کو دل کے سمجھ کر قلب اس دلبر نے آج	بے درم سستا لیا دل آہ دل افسوس دل

لگ گئی کسکی نظر جو ہو گیا یون مضمحل
تھا بھلا چنگا مرا دل آہ دل افسوس دل

مین نہ کہتا تھا تجھے اے دل کمتر نہ مل
پھر خدا کی جو رضا دل آہ دل افسوس دل

غزل شہید

اے گل اندام چمن مین تو نہ مل بر سر گل
ڈھیر ہوتے ہین ابھی ٹوٹ کے گل بر سر گل

کچھ تو شبنم کو محبت ہے کہ ہر رات نثار
ادھر اودھر سے پیا آ رہتی ہے ڈھل بر سر گل

کان تو پھوٹ گئے شور و فغان سے بلبل
ایسا ہی ہو وہ تو کیون کرتی ہے غل بر سر گل

عرق اس چہرۂ گلرنگ پہ یون لہرایا
جیسے شبنم رہے بیتابی سے ڈھل بر سر گل

ہو رہے آمد گلشن کی تمنا مین شہید
عندلیبون کو پڑھا چاہیے قل بر سر گل

غزل سودا

اس چمن کی سیر مین آیا ہے یہین مل کے تل
کیا بنائے صانع قدرت نے رنگین گل کے گل

یہ نہ وہ دریا کہ جسمین گذرئیے پل باندھکر
موج چشم عاشقان نے توڑ پل مین پل کے پل

قتل کا کسکے کیا ہے آج ان آنکھون نے عزم
کھینچکر تیغہ رہے ہین ابرو اس قاتل کے تل

عہد مین تجھ حسن کے جسکو ہوا ہے شغل عشق
مچ رہی ہین شرق سے لے غرب اس شاغل کی غل

حل مشکل کس سے ہو سودا کی تم بن یا علی رض
کھولدے مشکل کشا عقدے مرے مشکل کو کھل

غزل تسلیم اللہ

[illegible] تماشا کو جائین چل
اپنے پیا کے عشق سے آپ ہی رجھائین چل

[illegible] جسکی تجلی سے تا بدا
وہ آفتاب حسن نظر مین سجھائین چل

[illegible] محل سے چلے مین آج
خلوت مین اپ خفی کے پیا کو بلائین چل

[illegible] پیا کو [illegible] کے وصال [illegible]
فرقت سے ایسکے اسکو آپس مین رجھائین چل

[illegible] کو اوسے کو [illegible]
سر سدا کا صور بنا کر سنائین چل

[illegible] تفرج سے یا حیم
لاہوت کے مکانین سدا غل مچائین چل

غزل مومن خان

ٹھانی تھی دلمیں اب نہ ملینگے کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم

ہنستے جو دیکھتے ہیں کسیکو کسی سے ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بیکسی سے ہم

مجھسے نبولو تم اسے کیا کہتے ہیں بھلا
انصاف کیجے پوچھتے ہیں آپ ہی سے ہم

بیزار جان سے جو نہ ہوتے تو مانگتے
شاید شکایتوں پہ ترے مدعی سے ہم

اس کوہ میں جا مرینگے مدد اے ہجوم شوق
آج اور زور کرتے ہیں بیطاقتی سے ہم

صاحب نے کس غلام کو آزاد کردیا
لو بندگی کہ چھوٹ گئے بندگی سے ہم

بے روے مثل ابر نہ نکلا غبار دل
کہتے تھے اونکو برق تبسم ہنسی سے ہم

ان ناتوانیوں پہ بھی تھے خار راہ غیر
کیونکر نکالے جاتے نہ اسکی گلی سے ہم

کیا گل کھلیگا دیکھیے ہے فصل گل تو دور
اور سوے دشت بھاگتے ہیں کچھ ابھی سے ہم

ہے چھیڑ اختلاط بھی غیروں کے سامنے
ہنسنے کے بدلے روئیں نہ کیوں گدگدی سے ہم

وحشت ہے عشق پردہ نشین میں دم بکا
منہ ڈھانکتے ہیں پردۂ چشم پری سے ہم

کیا دلکو لیگیا کوئی بیگانہ آشنا
کیوں اپنے جی کو لگتے ہیں کچھ اجنبی سے ہم

لے نام آرزو کا تو دل کو نکال دیں
مومن نہوں جو ربط رکھیں بدعتی سے ہم

غزل ابراہیم ذوق

شمع نازاں نہو ایک رات بہا آنسو گرم
برسوں یہاں چشم سے ٹپکا ہے مرے لوہو گرم

بل بے اے آتش غم دل کو کرے یہ تو گرم
کہ زمیں پشت سمک تک ہو مرے پہلو گرم

لطف بوسہ نرہا ہم پہ ہوا جب سے تو گرم
شربت قند دیا کرتے ہیں آتش جو گرم

تن رہا یونہیں غم ہجر سے گر گرم میرا
تیغ آہن کی طرح ہوں گے بدن پر مو گرم

شیشہ چل سکے نہ کیوں کشتۂ فولاد ہو خاک
نکلے ہے آتش سودا سے مرے جو جو گرم

کٹ سکا صید محبت سے نہ قاتل کا گلا
اس سے تیغ اسکی گرا کہ ہو حبا تو گرم

آتش دل سے پس از مرگ برنگ شعلہ | خاک عاشق سے نکلتا ہے گل خودرو گرم
صہروش حلبی ترے حسن جہانتاب کی تاب | رخ سے گرم آئینہ ہوا آئینے سے زانو گرم
کیا کہون نامۂ جانسوز کی اپنے تاثیر | جل گیا بسکہ کبوتر کا ہوا بازو گرم
سر مجروح کو ٹکرا کے گیا اور وہ مین | چونکا اوس وقت کہ جب منہ پہ چلا لوہو گرم
دست خورشید کے رعشے سو سپر جاوے چھوٹ | کھینچکر تیغ کو جب ہووے وہ ہلال ابرو گرم
دل عاشق کے جلانے کا ہے سارا سامان | بنیے شعلہ ہے ترا رنگ بھبوکا رو گرم
کون سا سوختہ جان صبح سے ہے گرم فغان | کہ ہوا آئی ہے کوچے سے ترے گلرو گرم
ہم تو سنتے تھے سدا کل حموض بارد | ذوق ہوتا ہے وہ کیون ہوکے ترش ابرو گرم

غزل شاہ نصیر

کب دل ہے کہ پھولون سے ہمارا ہمہ تن چشم | نظارۂ ساقی کو ہے مینا ہمہ تن چشم
تو وہ چمن آرا ہے کہ ہر دستۂ نرگس | دیکھے ہے ترا بن کے تماشا ہمہ تن چشم
ای تیر فگن ہم ترے ہاتھون کے ہین قربان | تودے کی طرح مجھکو بنایا ہمہ تن چشم
بت تیغ کو الٹ منہ سے جو کرتا ہے تو باتین | اب مین ہمہ گوش ہون یا ہمہ تن چشم
کیا خاک ہو صیاد مجھے چشم رہائی | عاشقون سے بنا دام ہے تیرا ہمہ تن چشم
ای رشک قمر شب کو کہان نکلے ہین تارے | نظارے کو تیرے ہے فلک کیا ہمہ تن چشم
وہ مے ہے اگر جام بلوری مین ہو ساقی | بن جاے حبابون سے یہ دریا ہمہ تن چشمہ
آنکھون کے تصور مین نصیر اسکو شب و روز | دل صورت آئینہ ہے اپنا ہمہ تن چشم

غزل ناسخ

ساتھ لائے ہین ازل سے دید کا آزار ہم | گلشن عالم مین کیا ہین نرگس بیمار ہم
جانتے کوئے یار مین ہین رات دن بیدار ہم | آنکھین وا رکھتے ہین مثل روزن دیوار ہم
بہ گئے ہین واعظا گرداب دید جام مین | زیست بھر ہونگے نہ اس دریائے مے سے پار ہم

گر نظر آتا نہین یک لمحہ وہ نور نگاہ
کرتے ہین اپنے نظر کو آنسوؤن کا تار ہم

جب چھپا گلبرگ مین کانٹا ہمارا دل دکھا
نرگس بیمار کے غم مین ہوئے بیمار ہم

ہین جو غافل اونکو سولی پر بھی آجاتی ہے نیند
پنبہ تو شک پہ ہین منصور سے ہشیار ہم

عمر گذری ایک بت کا فر نظر آیا نہین
حشر مین کیونکر خدا کا پائینگے دیدار ہم

ہو وہ کافر جسکو دیدار خدا کی ہو ہوس
او بت کافر ترے ہین طالب دیدار ہم

دوڑتے ہین پیچھے قاتل کے گریبان پھاڑ کر
رکھتے ہین کیا اشتیاق زخم دامن دار ہم

نفرت ایسی ہوگئی نظارہ بازی سے ہمین
رکھتے ہین تار نظر کو رشتہ زنار ہم

داغ سودا ہین بجائے پرشش کعبہ ہمین
واعظا اپنے حریم دل کے ہین زوار ہم

سب رگین تن پر نظر آتی ہین مثل تار ساز
کہتے ہین ناسخ جو یک مطرب پسر کو پیار ہم

غزل جرأت

کوچہ یار مین جو ہو وے سو ہو بیٹھے ہم
بد کہو دوستو یا نیک کہو بیٹھے ہم

اپنا تو قصد یہ ہے یہان سے کبھی نہ اوٹھینگے ہم
آگئے تم رہنے دو یار رہنے دو بیٹھے ہم

پھر توقع یہ نہین ہے کہ یہان آوینگے
ایک دن آکے ترے بزم مین گو بیٹھے ہم

آج جیتے ترے کوچے سے نہ ہم جاوینگے
سنتی ہے مرنے پہ اے عربدہ جو بیٹھے ہم

کبھی رنجش کبھی غصہ کبھی پیار اور اخلاص
نت نئی دیکھتے ہین آپ کی خو بیٹھے ہم

دل کو اوس یار ستمگر سے لگا کر جرأت
اپنی سب راحت و آرام کو کھو بیٹھے ہم

غزل میر تقی

ہے تہ دل بتون کا کیا معلوم
نکلے پردے سے کیا خدا معلوم

یہی جانا کہ کچھ نجانا ہائے
سو بھی یک عمر مین ہوا معلوم

علم سب کو ہے یہ کہ سب تو ہے
پھر ہے اللہ کیا نا معلوم

گرچہ تو ہی ہے سب جگہ لیکن
ہمکو تیری نہین ہے جا معلوم

عشق جانانہ تمہارا مار رکھے گا
ابتدا مین تھی انتہا معلوم

اس سینہ چشم و لبون سے ہین
تھی وفا چشم سہو و فا معلوم

طرز کینہ کی کوئی چھپتی ہے
مدعی کا سبب مدعا معلوم

عشق گر ہے طبیب جی کا روگ
لطف گر ہے جو کچھ دوا معلوم

دل بجا ہو تو میر کچھ کہا وے
کر شنیدے بیچنے مین اشتہا معلوم

غزل آتش

ہوتا ہے سوز عشق سے جل جل کے دل تمام
کرتی ہے روح مرحلۂ آب و گل تمام

حقا کہ عشق رکھتے ہین تجھ سے حسین پر
دم بھرتے ہین ترابت چین و چگل تمام

ٹپکا تے زخم ہجر سے سارے ترک کیا کرین
خالی ہین تیل سے ترے چہرے کے تل تمام

دیکھا ہے جب تجھے عرق آ گیا ہے یار
غیرت سے ہو گئے ہین حسین منفعل تمام

عشق بتان کا روگ نہ اے دل لگا مجھے
تجھکو ایا خون کرتا ہے آزار سل تمام

قد سے بھی کشتہ ہین ترے شمشیر ناز کی
مارے پڑے ہین متصل و منفصل تمام

درد فراق یار سے دکھتا ہے بند بند
اعضا ہمارے ہو گئے ہین مضمحل تمام

ساری عدالت الفت صادق کی ہے گواہ
مُہرون سے ہی لپی ہوئی اپنی سجل تمام

تیر نگاہ ناز کا رہتا ہے سامنا
چلتی ہوا مین سینہ مشبک سے دل تمام

ہوتا ہے پردہ فاش کلام دروغ کا
وعدہ کا دن سمجھ لے وہ پیمان گسل تمام

خلوت مین ساتھ یار کے جانا نہ تھا تمھین
ارباب انجمن ہوئے آتش خجل تمام

غزل نظیر

کبھو دیکھون نہ سنبل باغ کو مین مجھے ہے خم زلف دوتا کی قسم
نہ نگہ کرون جانب غنچۂ گل کہ طرف مجھے اوس غنچۂ دہن فا کی قسم

یون پھیری ہے تیرے چمن کی فضا مین صبا وہ ہزار طرح سے ہوا نافہ کشا
میرے دلکو نہو کبھی آہ سکے ہوا مجھکو صنم کے ہوا کی قسم

جو ہین آیا اودھر کو وہ چشم سیہ ہی لیگیا دلکو سیہ نگہہ
رہی عقل و خرد کی نہ جا مین جگہ مجھے اوس ہوش ربا کی قسم

بدل سکا ہی روکش برگ سمن مگر بر تن چرتی ہی وہ رشک چمن
کھلے غنچہ دل مرا گل کی نمط مجھے اوس گل نو قبا کی قسم

ترے عشق نے دل مین یہ درد دیا تو کچھ اوس سے مزہ مین نے پا لیا
نکرون نکرون نکرون مین اسمین نے کھائی ہی تو دوا کی قسم

لگی مہندی کچھ ہاتھون مین جسکے عیان تو وہ سرخی کچھ ایسی تھی لالہ فشان
وہ شفق جو کہ صبح کو ہووے عیان مجھے کھاتی ہی اوسکی حنا کی قسم

مین نے دیکھا نظیر جو اسکے تئین تو وہ شرم سے ہوگئی سرو قرین
لیا آنچ نگاہون سے جان و دل وہ مین ہون کہ جان اسکی ادا کی قسم

غزل سودا

نہ غرض کفر سے رکھتے ہین نہ اسلام سے کام
مدعا ہمکو تو ساقی سے ہے اور جام سے کام

دل نالان کو مرے کسکے ہے آرام سے کام
کوئی بے چین رہے اپنے اسے کام سے کام

کیون نہ افعی چلے ہر ایک جگہہ ٹکرا کر
نہ پڑا اسکو ترے زلف سیہ فام سے کام

ہون اسیر اوسکا جسے بعد گرفتاری صید
نہ گرفتار سے مطلب ہے نے دام سے کام

گر کہیں لا کہین ملجاے ہین تو دل کا
لیجے مین مانتا اوس شوخ گل اندام سے کام

جو مین آغاز ترے کام کا دیکھ سودا
آئے وہ دن کہ تجھے اوسکے ہو انجام سے کام

غزل وزیری

جون سبزہ رندی اُگتے ہی پیرون کے تلے ہم
اس گردش افلاک سے چھوٹے نہ پھلے ہم

روتے ہین شب و روز اسی فکر سے یارب
غنچہ کی طرح باغ مین گل ہو نہ کھلے ہم

ارمان بہت رکھتے تھے ہم دل کے چمن مین
بیٹھے نہ خوشی سے کبھو سایہ کے تلے ہم

جس گل پہ نظر کرتے ہین آتا ہے نظر خار
گلشن کے تلے جاتے ہی کانٹون مین رلے ہم

ہم وہ نہ قلم تھے کسی مالی کے لگائے
نرگس کے نہالون مین تھے صف کے پلے ہم

افسوس کہ اس دل کا کنول کھلنے نہ پایا
کوئی دنکو چلے جاتے ہین مٹی کے تلے ہم

اب پہلے ہی آغاز مین پامال ہوے ہاے
فریاد کرین کس سے قسمت کے جلے ہم

دکھلا اپنا عبث کہتے ہین بید روکے آگے
بے بس جو جہان آگرے ہرگز نہ ٹلے ہم

زندان نصیبیت میں بھلا کسکو بلائیں | رہتے ہیں زنجیری سے ہی دن رات ملے ہم

غزل ولی

نہیں تاب کہ دیکھوں جمال صنم مجھے اپنی ہی خوش نظری کی قسم | مجھے حسن کے جلوہ گری کی قسم مجھے عشق کی پردہ دری کی قسم

ہوں عاشق زار ہزار یہاں مجھے دیکھنے آتی ہے خلق جہان | کوئی دیکھا ہے مجھسا بھی سوختہ جان مجھے تیری ہی دیدہ دری کی قسم

نہ ہوا تھا یہ تو چھپ بیٹھیں ہمیں بھی اپنا خیال ہے اور کہیں | ابھی ہوش کی اپنی خبر نہیں ہے مجھے عالم بیخبری کی قسم

شب وصل کی ہو گئی صبح عیان کہ تڑپ نہ لگا دل سوختہ جان | مرے دیدۂ تر ہوئے شعلہ فشان مجھے اس شفق سحری کی قسم

نہ کر اتنا فغان تو ولی جگر کو لہو کہ نہ شوق سخن ہے نہ ذوق سبو | ترے شعر سے آتی ہے خون کی بو مجھے تیری ہی بیجگری کی قسم

غزل میر تقی

اگر راہ مین اسکے رکھا ہے گام | گئے گذرے خضر علیہ السلام

دہن یار کا دیکھ چپ لگ گئے | سخن یہان ہوا ختم حاصل کلام

مجھے دیکھ منہ پر پریشان کی لٹ | غرض یہ کہ ہماؤ ہوئی اب تو شام

سحر شام سے رہتی ہین کاہشین | ہمین شوق اس گاہ کا ہے تمام

قیامت ہے یہان چشم دل سے رہے | چلے بس تو وہان چلکے کرتے مقام

نہ دیکھے جہان کوئی آنکھون کے اور | قطعہ | نہ دیوے کوئی جس جگہ دل کا نام

جہان میر زیر و زبر ہو گیا | خرامان ہوا تھا وہ محشر خرام

غزل سوز

اے گل صبا کی طرح پھرے اس چمن مین ہم | پائی نہ بو وفا کی ترے پیرہن مین ہم

شیشہ کی طرح شام سے رو رو گئے تا سحر | خالی کرین ہین دل کو ترے انجمن مین ہم

فانوس بیچ شمع جلے جس طرح ہنوز | جلتے ہین تیرے ہجر سے ظالم کفن مین ہم

شعلہ اوٹھا نہ سر سے ہمارے کبھی بھی سوز | بھٹے کی طرح جل گئے کچھ من ہی من مین ہم

غزل نظیر

دور سے آئے تھے ساقی سنکے میخانہ کو ہم
بس ترستے ہی چلے افسوس پیمانے کو ہم

مے بھی ہے مینا بھی ہے ساغر بھی ہے ساقی نہیں
دل میں آتا ہے لگا دیں آگ میخانے کو ہم

کیوں نہیں لیتا ہماری تو خبر اے بے خبر
کیا ترے عاشق ہوئے تھے درد و غم کھانے کو ہم

ہمکو پھنسنا تھا قفس میں کیا گلہ صیاد کا
بس ترستے ہی رہے ہیں آب اور دانے کو ہم

طاق ابرو میں صنم کے کیا خدائی رہ گئی
اب تو پوجینگے اسی کافر کے بتخانے کو ہم

باغ میں لگتا نہیں صحرا سے گھبراتا ہے دل
اب کہاں لیجا کے بیٹھیں ایسے دیوانے کو ہم

کیا ہوئی تقصیر ہم سے تو بتا دو اے نظیر
تاکہ شادی مرگ سمجھیں ایسے مر جانے کو ہم

غزل سودا

کیا چھپائی اس نے میرے دل کے کاشانے میں دھوم
شور ہے جسکے لیے کعبہ میں بتخانے میں دھوم

زلف کو کھولا تو کر اس دلکی سوزش کا علاج
سخت دیوانے کی زنجیر کھلجانے میں دھوم

مٹ گئے وہ شور رہ لکے آہ تب آئی بہار
ورنہ کیا کیا ہم بھی کرتے شہر ویرانے میں دھوم

تجھ نگاہ گرم کی حسرت سے دل مارے ہے جوش
رات کو دیکھوں ہوں میں جب شمع پروانے میں دھوم

اسقدر ہے لاغری میری سے خوش اپنا ہے دہر
جوں ہلال عید ہے میرے نظر آنے میں دھوم

دلکو سن کو ہیچ تیرے اب چلی ہے فوج رشک
ہو گئی بے وجہ وہاں اطفال و دیوانے میں دھوم

کب ہے ای سودا شراب اس بزم میں تجھ بن یار
تو نے ای کم ظرف کی پہلے ہی پیمانے میں دھوم

غزل ہوس

یہی کہتی تھی لیلی پردہ نشیں نہیں جاتی ادب سے خدا کی قسم
تم قیس ابھی کچھ نہیں غم اسی کشتہ ناز و ادا کی قسم

روکا پایا جو لیلی نے مجنوں کو کہا کون ہے خفا مرے بھی
نہ تو میں کسی سنگ بات بھی کی مجھ پہ یہی شرم و حیا کی قسم

مرے گریہ سے جاوے سحر سکوں [illegible] شکوں چپکے ہی قطرہ
تو کہا یو قمری زار زبوں بیر سرو کے خندق پا کی قسم

شب ہجر میں اشکوں کا [illegible] رنگ شفق کا ادا
نہیں اس میں مبالغہ ایک ذرا مجھے تیری ہی رنگ حنا کی قسم

ترے کشتہ غم کا ہے حال [illegible] سر تجھ جانا ہو تیرا ادھر
تجھے قاصد صبح نسیم سحر ہے ہجر کی نسبت [illegible] کی قسم

کبھی کہتا تھا قیس اون سے سمجھا کہو ناقہ ادھر کدھر کو گیا
کبھی کہتا تھا تو ہی بتا دے صبا تجھے لیلی کی زلف دوتا کی قسم

کبھی نالۂ غم وصل میں لیے پیا کبھو زخم جگر کو نہ میں نے سیا
غم و رنج و تعب کو عزیز کیا مجھے عشق کے جور و جفا کی قسم

نہ تو پائی ہوس کبھی پھولونکی بو نہ تو بیٹھا ہوں میں کبھی اب جو
نہ تو بیکلی دل کی گئی ہے کبھو تجھے جانکی اپنے وفا کی قسم

غزل میر تقی

تظلم سے کے کھینچے الم بر الم
ترحم کہ مت کر ستم بر ستم

علم باز ہے آہ جانکاہ سے
رہی ٹوٹتے ہی علم بر علم

جو سو سر کے ہو آؤ مانوں نہیں
عبث کھاتے ہو تم قسم بر قسم

کئی بار آنا ادھر لطف سے
عطا بر عطا ہے کرم بر کرم

خطرناک تھے وادی عشق میں
گئے اس پہ بھی ہم قدم بر قدم

غزل انشاء اللہ خان

مل مجھ سے ای پری تجھے انسان کی قسم
دیتا ہوں تجھکو تخت سلیمان کی قسم

کروبیان کی تجھکو قسم اور عرش کی
جبریل کی قسم تجھے رضوان کی قسم

طوبے کی سلسبیل کی کوثر کے جام کی
حور و قصور جنت و غلمان کی قسم

روح القدس کی تجھکو قسم اور مسیح کی
مریم کی تجھکو عفت دامان کی قسم

تجھکو محمد عربی کی قسم ہے اور
مولا علی کے شاہ خراسان کی قسم

توریت کی قسم قسم انجیل کی تجھے
تجھکو قسم زبور کے فرقان کی قسم

دامن کو میرے ہاتھ سے اس مت جھٹک
تجھکو سحر کے چاک گریبان کی قسم

مدت سے تیری چاہ ذقن میں غریق ہوں
باللہ تجھکو یوسف کنعان کی قسم

قیدی ہوں تیرا میں بخداوندی خدا
اور اس عزیز مصر کے زندان کی قسم

موسیٰ کی ہے قسم تجھے اور کوہ طور کی
نور و فروغ جلوۂ لمعان کی قسم

سوگند اب ہنسی کی تجھے کچھ دلائیے
سن تجھکو اپنے ناز کی اور آن کی قسم

ع کو قسم ہے غنچۂ زنبق کے تاک کی | اور شور عندلیب غزلخوان کی قسم
نرگس کی آنکھ کی قسم اور گل کے کان کی | تجھکو ہے عزیز گلستان کی قسم
سو نیکی گامی کی قسم اور رود نیل کی | فرعون کی قسم تجھے ہامان کی قسم
بستر ہوا ہے خار مغیلان بسان قیس | لیلے کی ہے تجھے صف مژگان کی قسم
ایسی بڑی قسم بھی نمانی تو ہے تجھے | جنون کے قبلہ گاہ ابو الجان کی قسم
کو نہین باغ کے وہ جو رہتا ہے ایک خبیث | تجھکو اوسی کی شوکت و ذیشان کی قسم
دیو سفید کی قسم اور کوہ قاف کی | باغ ارم کی اور پرستان کی قسم
لونا چماری کی قسم اور کلوہ بیر کی | کالی بلا کے غول بیابان کی قسم
قسمین تو ساری ہوچکین بی بی ہے ایک | پیپل تلے کے بھتنے و شیطان کی قسم
ہاں پھیر تو کہیو ہائے وہ کسطرح ہو غضب | انشا نجیب تجھکو مرے جان کی قسم

غزل میر تقی

کون کہتا ہے منہ کو کھولو تم | کاش کے پردے ہی مین بولو تم
حکم آب روان رکھے ہے حسن | بہتے دریا مین ہاتھ دھو لو تم
کیا سراہین وہ اپنے حسن کو لیک | دل عجب ہے متاع جو لے لو تم
جانا آیا ہے اب جہان سے ہمین | تھوڑی تو دور ساتھ ہو لو تم
جب میسر ہو بوسہ اوس لب کا | چپکے ہی ہو رہو نہ بولو تم
پنجہ مرجان کا پھر دھرا ہی ہے | ہاتھ خون مین ذرا ڈبو لو تم
دست تہ ہے کسی پلک سے سیل | دل جہان پاؤ اب پرو لو تم
آتے ہین متصل چلے آنسو | آہ کب تک یہ موتی رو لو تم
رات گذری ہے سب تڑپتے میر | آنکھ لگ جاوے ٹک تو سو لو تم

غزل ناسخ

یہان ازل سے داغ سودا ہے دل آگاہ مین
سنگ اسود جسطرح ہے نصب بیت اللہ مین

جاسکے کیا کوئی اس قاتل کے جولانگاہ مین
سایۂ مژگان بچھا دیتا ہے کانٹے راہ مین

حسن جانا ایک عالم پر ہے ممکن نہین
یہان کمی بیشی رہا کرتی ہے نور ماہ مین

دل مین رہتا ہے پر آنکھون مین نظر آتا نہین
کیا تفاوت اب رہا اس بت مین اور اللہ مین

وہ بہشتی رو لگا پھرنے جو پائے ناز سے
راہ مین آیا نظر خورشید یوسف چاہ مین

ہون ترے تاثیر کا قائل جو ای مضمون شوق
یار کو مکتوب پہونچے نامہ بر ہو راہ مین

ہے وہ مجنون جو نظر آتا ہے زیر آسمان
کون لیلے ہے جنون انگیز اس خرگاہ مین

مثل نرگس اک سمن بر کی ہین آنکھین منتظر
کھل گیا ای گل پہ تیرے فرقت جانکاہ مین

بعد مردن اسکو راحت اوسکو حسرت ہی نصیب
فرق اتنا ہی نظر آیا گدا و شاہ مین

چشم کاہیدہ ہے غم سے دل ہے سوزان جسے
شعلۂ آتش نہان ہے اپنے برگ کاہ مین

رشک نخل وادی ایمن ہے ہر برگ سیاہ
سنگ ریزے طور مین اسکے تجلی گاہ مین

خوش عبث ہوتے ہین نادان ماہ نو کو دیکھکر
اک مہینا عمر کا ہوتا ہے کم ہر ماہ مین

سرتہون کے آستانے سے نہ اوٹھو حشر تک
یہ دعا ناسخ کی ہے یا رب تری درگاہ مین

غزل درد

ہم تجھسے کس ہوس کی فلک جستجو کرین
دل ہی نہین رہا ہے جو کچھ آرزو کرین

تر دامنی پہ شیخ ہمارے نہ جائیو
دامن نچوڑ دین تو فرشتے وضو کرین

سر تا قدم زبان ہین جون شمع گو کہ ہم
پر یہ کہان مجال جو کچھ گفتگو کرین

ہر چند آئینہ ہون پر اتنا ہون ناقبول
منہ پھیر لے وہ جسکے مجھے روبرو کرین

نہ گل کو ہے ثبات نہ ہمکو ہے اعتبار
کس بات پر چمن مین ہوس رنگ و بو کرین

ہے اپنی یہ صلاح کہ سب زاہدان شہر
ای درد آکے بیعت دست سبو کرین

غزل ذوق

بے یار روز عید شب غم سے کم نہین
جام شراب دیدۂ پرنم سے کم نہین

ہو گیا ہے دور چرخ کسے فرصت نشاط
ہو جسکے پاس جام وہ اب جم سے کم نہین

اس زلف فتنہ زا کے لیے ای مسیح دم
کچھ دست شانہ پنجۂ مریم سے کم نہین

زیبا ہے روے زرد پہ کیا اشک لالہ گون
اپنے خزان بہار کے موسم سے کم نہین

سرعت ہے نبض کی رگ سنگ مزار مین
دل کی طپش کچھ اب بھی تپ غم سے کم نہین

وحشی کو تیرے چشم کے مژگان ہر غزال
صحرا مین تیز ناخن ضیغم سے کم نہین

ہوتی ہے جمع زر سے پریشانی آخرش
درہم کی شکل صورت درہم سے کم نہین

ساقی ملے ہزارون فلاطون خاک مین
جو خم بنے ہے قالب آدم سے کم نہین

اس حور وش کا گھر مجھے جنت سے ہے سوا
لیکن رقیب ہو تو جہنم سے کم نہین

شورابۂ سرشک سے دھوتا ہون زخم دل
تیزاب میرے حق مین یہ مرہم سے کم نہین

ہاتھون سے تیرے پارۂ الماس زخم دل
مجھکو تو جلوۂ گل و شبنم سے کم نہین

ای ذوق کسکو چشم حقارت سے دیکھیے
سب ہمسے ہین زیادہ کوئی ہم سے کم نہین

غزل میر تقی

دل عجب جنس گران قدر ہے بازار نہین
دے ہے ہاسل جو دیتے ہین خریدار نہین

کچھ تمھین ملنے سے بیزار ہو میرے ورنہ
دوستی ننگ نہین عیب نہین عار نہین

ایک دو بات کبھو ہمسے کہو یا نہ کہو
قدر کیا اپنی ہمین اسلیے تکرار نہین

ناز و انداز و ادا عشوہ و اغماض و حیا
آب و گل مین ترے سب کچھ ہی ہے پیار نہین

صورت آئینہ مین ٹک دیکھ تو کیا صورت ہے
بد زبانی تجھے اس منہ سے سزاوار نہین

دل لگے او لجھاؤ کو کیا تجھسے کہون اے ناصح
تو کسی زلف کے پھندے مین گرفتار نہین

اوسکے کاکل کی پہیلی کہو تم بوجھے میر
کیا ہے زنجیر نہین دام نہین مار نہین

غزل نصیر

شمیم زلف معنبر جو روے یار سے لون
تو پھر خطا ہے مری مشک گر تتار سے لون

قدم رکھے مرے سینے پہ آکے گر وہ نگار
حنا کا کام مین خون دل فگار سے لون

اگر ملے ترے ہاتھون سے اے جنون فرصت
قصاص آبلۂ پا مین نوک خار سے لون

مرے حضور یہ لوٹین اہرن تیرے چھاتی پر
جو پہونچے ہاتھ تو بدلا گلون کے ہار سے لون

دلا بجے کہین گھڑیال تا مین گھڑیون کا
حساب اس شب ہجر سیاہ کار سے لون

عجب ہے سیر کسی دن تو ساتھ باغ مین چل
کہان تلک مین قدم عجز و انکسار سے لون

لپاٹی کا مرے پاس گر نہو خیمہ
تو یار تیرے لیے ابر نو بہار سے لون

جو مے کشی کا ارادہ ہو کچھ ترے دل مین
چمن مین ساغر گل دست شاخسار سے لون

اگر صراحی غنچہ مین ہو نہ بادۂ سرخ
تو شیشۂ مے خس سرو جویبار سے لون

نہووے مطرب نغمہ سرا تو اسکا کام
قسم ہے مجھکو ترے عندلیب زار سے لون

لگے نہ ہاتھ جو کوئی رباب چنگ نوا
تو اپنے دوش پہ رکھ بین کو کنار سے لون

یہ جی مین ہے کہ نہ دیکھے کوئی بھی پردے کو
کنار آب روان چادر آبشار سے لون

بلائین لینے سے میری اگر خوشی ہو تری
بلائین مہر سے اخلاص دل سے پیار سے لون

گر اسپہ بھی گل عارض کا تو نہ دے بوسہ
تو پھر مین جبر کرون اپنے اختیار سے لون

نصیر مدرسۂ عشق مین معلول کا
سبق نہ کیونکہ مین زلف دراز یار سے لون

غزل آتش

بہار دلالۂ گل سے لگی ہے آگ گلشن مین
گریبان پھاڑ کر چل بیٹھیے صحرا کے دامن مین

جنون کے جوش مین یکجا نہین دم بھر قرار آتا
کبھی گلشن سے صحرا مین کبھی صحرا سے گلشن مین

عذاب گور کا وہان سامنا یہان رنج دنیا کا
نہ گھر مین چین زندون کو نہ مردونکو ہے مدفن مین

کھلا زلفون کے لہرانے سے اس نہار رنگین پر
زر گل کی نگہبانی کو دو کالے ہین گلشن مین

شریف کعبہ کو کعبہ مبارک ہم تو اے آتش
بتون کے گھورنے کو جاتے ہین دیر برہمن مین

غزل مومن خان

تن ہی کے تیر سے بسمل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین — ہے پاش پاش جگر دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

جنون عشق پری رو میں دل شکن ہے بلا — کہ ہو نہ طوق و سلاسل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

اوٹھا کے سوتے ہین دے ٹھکارات شاید — کہ زیر سر کے مرے سل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

دراز دستی پہ کس بے ادب نے کی دم صبح — تمام دامن قاتل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہ کسکے چشم فسون گر نے کی فسون سازی — طلسم جادوی بابل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہان ہے چاک گریبان تو وہان بھی چستی سے — قبای شوخ شمائل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

نہ کیونکہ رشک سے خون ہو کلیجا اوس پر — ہمیشہ یک تنی بسمل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

غزل سرائی کی مومن نے کیا کہ رشک سے آج — چمن مین سینہ عنادل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

غزل معروف

ڈوبا دیا مجھے اس چشم تر کو کیا کہون — جلا دیا مجھے سوز جگر کو کیا کہون

کہے تھا مجھسے کہ سو کوس روز چلتا ہون — گیا تو مر ہی گیا نامہ بر کو کیا کہون

یونہین بغل سے مرے مفت لیگیا دل کو — بغل بھی گرم نہ کی مفت بر کو کیا کہون

رقیب ایک دم اس سے جدا نہین ہوتا — یہ جم کے بیٹھی ہے اس راہبر کو کیا کہون

شب وصال کے ہوتے ہی چاک جیب کیا — طرب کو کر دیا ماتم سحر کو کیا کہون

نہ آنکھ بھر کبھی اوس مہروش کو دیکھ سکا — وفور اشک قصور بصر کو کیا کہون

پڑے ہین سینہ مین دل تک ہزارون چھید — غضب کیا مژہ رخنہ گر کو کیا کہون

کل ان سے بزم مین بوسہ طلب کیا تو کہا — حیا کسی کی نہین اس بشر کو کیا کہون

جفائین جب تری آتی ہین یاد آخر شب — لحاظ آنے ہے پچھلے پہر کو کیا کہون

دیا ہے لینے سے ظالم کو اسنے دل معروف — اب اور اوس بت بیدادگر کو کیا کہون

غزل جرأت

لگجا گلے سے طاقت اے ناز مین نہین
ہے ہے سے ہے خدا کیو اسطے مت کر نہین نہین

کیا مرگ کے وہ کہے ہے جو تاک اس سے لگ چلو
بس بس پڑے ہو شوق پہ اپنے تئین نہین

پہلو مین کیا کہون جگر و دل کا کیا ہو رنگ
کس روز اشک خونی سے تر آستین نہین

فرصت جو پا کے کہیے کبھو درد دل سو ہا
وہ بدگمان کہے ہے کہ ہمکو یقین نہین

آتش سی پھنک رہی ہے مرے تن بدن مین آہ
جب سے کہ روبرو وہ رخ آتشین نہین

اس بن جہان مین کچھ نظر آتا ہے اور ہی
گویا وہ آسمان نہین اور وہ زمین نہین

کیا جانے کیا وہ اس مین ہے لوٹے ہے جس پہ جی
یون اور کیا جہان مین کوئی حسین نہین

سنتا ہے کون کس سے کہون درد بیکسی
ہمدم نہین ہے کوئی مرا ہمنشین نہین

ہر چند ہے بلطف شب ماہ سیر باغ
اندھیر پر یہی ہے کہ وہ مہ جبین نہین

آنکھون کے راہ نکلے ہے کیا حسرتون سے جی
وہ روبرو جو اپنے دم واپسین نہین

طوفان گریہ کیا کہین کس وقت ہمنشین
موج سرشک تا فلک ہفتمین نہین

حیرت ہی مجھکو کیونکہ وہ جرأت ہی جین سے
جس بن قرار جی کو ہمارے کہین نہین

غزل سودا

گدا دست اہل کرم دیکھتے ہین
ہم اپنا ہی دم اور قدم دیکھتے ہین

ندیکھا جو کچھ جام مین جم نے اپنے
سو یک قطرۂ مے مین ہم دیکھتے ہین

یہ رنجش مین ہمکو ہے بے اختیاری
تجھے تیری کھا کر قسم دیکھتے ہین

غرض کفر سے کچھ نہ دین سے ہے مطلب
تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہین

حباب لب جو ہین ہین باغبان ہم
چمن کو ترے کوئی دم دیکھتے ہین

نوشتے کو میرے مٹاتے ہین رو رو
ملائک جو لوح و قلم دیکھتے ہین

خدا دشمنون کو نہ وہ کچھ دکھاوے
کہ جو دوست اپنے سے ہم دیکھتے ہین

مٹا دیا سے ہے حرف حسرت آنسو ان کے
جو نامہ کو سے کر رقم دیکھتے ہین

اگر سے نہیں کام سنبل سے کچھ ہمکو
کسی زلف کا پیچ و خم ہم دیکھتے ہین

ستم سے کیا تو نے ہمکو یہ خوگر
کرم سے ترے ہم ستم دیکھتے ہین

مگر تجھسے رنجیدہ خاطر ہے سودا
او سے تیرے کو جبین ہم دیکھتے ہین

غزل احسان

کیسے کیونکر طفل اشک اپنے گلے کے ہار ہین
اس زمانے کے تو کچھ لڑکے ہی ناہموار ہین

جسکے خاطر دشمن جان یار اور اغیار ہین
ہای ری قسمت کہ وہ بھی ہمسے اب بیزار ہین

چھیڑ تو دیکھو سنا کر مجھکو غیرون سے کہا
آج عاشق ہمکو صدقے کے لیے درکار ہین

چشم پوشی تیرے مذہب مین ہے کیا عین ثواب
ہمسے یون پرہیز تجھکو اور ہم بیمار ہین

یا خدا اپنے کرم سے تو کسی موسی کو بھیج
سیکڑون مانند فرعون اب تو دعویدار ہین

فائدہ اس کج ادائی کا نہ سمجھا مین کبھی
بے الف قد راستی کہنے سے کیون بیزار ہین

لاغری کی کچھ نہایت ہے کہ تیرے پاس بھی ہون
اور مجھکو ڈھونڈتے پھرتے مرے غمخوار ہین

شیخ جی کے ہم ہین قائل کیا ہی اک دانا ہے یہ
سبحہ کے پردے مین وہ پہنے ہوئے زنار ہین

آتش دوزخ تلک مجبور ہے ہمسے کہ ہم
خانہ زاد دودمان احمد مختار ہین

مے سے ہین توبہ کرون استغفر اللہ سب غلط
نام توبہ سے سدا ہم پڑھتے استغفار ہین

اہل دین ہم جانکر بہر زیارت تھے گئے
حضرت احسان کو دیکھا ایک دنیادار ہین

غزل انشا

دھوم اتنی ترے دیوانے مچا سکتے ہین
کہ ابھی عرش کو چاہین تو ہلا سکتے ہین

مجھسے اغیار کوئی آنکھ ملا سکتے ہین
منہ تو دیکھو وہ مرے سامنے آسکتے ہین

وہ یہان آتش نفسان کہ بھرین آہ تو جھٹ
آگ داماں شفق کو بھی لگا سکتے ہین

سوچیے تو سہی ہٹ دھرمی نہ کیجے صاحب
چٹکیون مین مجھے کب آپ اڑا سکتے ہین

حضرت دل تو بگاڑ آئے ہین اس سے لیکن
اب بھی ہم چاہین تو پھر بات بنا سکتے ہین

شیخی اتنی نہ کر اے شیخ کہ رندان جہان
انگلیون پہ تجھے چاہین تو نچا سکتے ہین

تو گروہ فقرا کو نہ سمجھ بے جرأت
ذات مولا مین بھی لوگ سما سکتے ہین

چارہ ساز اپنے تو مصروف بدل ہین لیکن
کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا سکتے ہین

ہے محبت جو ترے دل مین وہ اک طور پہ ہے
ہم گھٹا سکتے ہین اسکو نہ بڑھا سکتے ہین

کر کے جھوٹا نہ دیا جام اگر تو نے تو چل
مار سے غیرت کے تو افیون تو کھا سکتے ہین

ہمنشین تو جو یہ کہتا ہے کہ قدغن ہے بہت
اب وہ آواز بھی کب تجھکو سنا سکتے ہین

اپنی آواز سناوین مجھے ورنہ کہ گر
اپنے پاؤنگے گردون کو تو بجا سکتے ہین

ایک ڈھب کے جو قوافی مین ہم انمین انشا
ایک غزل اور بھی چاہین تو سنا سکتے ہین

غزل غالب

دھوتا ہون جب مین پینے کو اس سیمتن کے پاؤن
رکھتا ہے ضد سے کھینچ کے وہ باہر لگن کے پاؤن

مرہم کی جستجو مین پھرا ہون جو دور دور
تن سے سوا فگار ہین اس خستہ تن کے پاؤن

اللہ رے ذوق دشت نوردی کہ بعد مرگ
ہلتے ہین خود بخود مرے اندر کفن کے پاؤن

ہے جوش گل بہار مین یانتک کہ ہر طرف
اوڑتے ہوئے اوچھلتے ہین مرغ چمن کے پاؤن

شبکو کسی کے خواب مین آیا نہو کہین
دکھتے ہین آج اس بت نازک بدن کے پاؤن

غالب مرے کلام مین کیونکر اثر نہو
پیتا ہون دھو کے خسرو شیرین سخن کے پاؤن

غزل نظیر

گل نظر آیا چمن مین ایک عجب رشک چمن
گل رخ و گلگون قبا و گلعذار و گلبدن

مہر طلعت حور پیکر مشتری رو مہ جبین
سیمبر سیماب طبع و سیم ساق و سیمتن

نازنین ناز آفرین نازک بدن نازک کمر
غنچہ لب رنگین ادا شکر دہان شیرین سخن

زلف و کاکل خال ابرو کے ہین بیچارون غلام
مشک تبت مشک چین مشک ختا مشک ختن

مبتلا [illegible] ہوتے [illegible] ہین اے نظیر
بے قرار و دل فگار و خستہ جان و بیوطن

غزل مضطر

پھیکی اس لب سے ہوئی لعل بدخشان کی شان
رشک سے خون جگر کھا گئی مرجان کی جان

شاخ گل رقص میں ہے وجد میں آئی ہے نسیم
کف زنان برگ ہیں سن بلبل بستان کی تان

بت کے پوجے سے جو مقصد نہ بر آوے تیرا
گور کو جا کے کسی پیر مسلمان کی مان

کنہ ذات میں جب فکر کیا انسان نے
ہوش اسجا پہ ہوے صاحب عرفان کی ہان

حادثہ دہر سے اعداد نہ ہونا مضطر
تیغ ہمت کو چڑھا لیجیے اوسان کی سان

غزل ناسخ

ماہ نو ہے مثل ابرو لیکن اس کا رو نہیں
ماہ کامل صورت رو ہے مگر ابرو نہیں

کونسا تن ہے کہ مثل روح اسمیں تو نہیں
کون گل ہے جو ترا سا کن برنگ بو نہیں

مشک میں خوشبو ہے پیچ و تاب مثل مو نہیں
پیچ ہیں سنبل میں مثل مو مگر خوشبو نہیں

جام نرگس میں کہاں شبنم جو نکلے آفتاب
یار کے آگے مری آنکھوں میں یک آنسو نہیں

یاد گیسو میں ہوا میرا یہ دھجی سا بدن
مجھ پہ سمجھے کہتے ہیں موباف میں گیسو نہیں

جسم ایسا گھل گیا مجھ سے مریض عشق کا
دیکھ کر کہتے ہیں سب تعویذ ہے بازو نہیں

دیکھتے ہیں یاستی میں جسم ان سے دُر دندان یار
چین مثل گوہر غلطان کسی پہلو نہیں

عشق میں بدمست ہوں میں پر کوئی واقف نہیں
نشہ ہے جام مے الفت میں لیکن بو نہیں

زلف جانان میں نہیں کوئی دل وحشی اسیر
یہ عجب تاتار ہے جو ایک بھی آہو نہیں

ہو گیا ہے یہ فراق آفتاب ماہ نو
یار کے رخسار آتش رنگ پر ابرو نہیں

ہو گیا ہے مثل مو تا رنگ اپنا سیاہ
آگے آنکھوں کے صنم جیسے مرے گیسو نہیں

رات دن ناقوس کہتے ہیں بہ آواز بلند
دیر سے بہتر ہے کعبہ گر بتوں میں تو نہیں

قمریان دیوانہ ہیں کیونکر گلے ڈالیں نہ طوق
باغ میں یک سرو مثل قامت دلجو نہیں

غزل آتش

آرزو ہے یہ تجھے سجدے سے سحر و شام کریں / ہمہ تن ہو کے زبان ورد ترا نام کریں

سیر سے ماتم میں نہ کہہ رہے وہ سیہ فام کریں / خود بھی رسوا ہوں مجھکو بھی نہ بدنام کریں

گریۂ شادی مینا سے سبب ظاہر ہوتا / حال پر صوفیوں کے خندہ زنی جام کریں

کوچۂ یار کا ہیں پاؤں ارادہ رکھتے / کعبۃ اللہ کے چلنے کا سرانجام کریں

منہ لپیٹے ہوئے ہیں ہم بھی مزہ چکھنے کو / پختگی تو کہیں پیدا ثمر خام کریں

مست رکھتی ہے تری گردش چشم اے ساقی / وہ نہیں ہم کہ جو تجھسے طلب جام کریں

رخ روشن میں ہے خورشید قیامت کی چمک / حشر برپا ہو وہ دیدار اگر عام کریں

دل میں کچھ یاد دنیا کفر تو نکالا ہے خیال / خلوت خاص کو کیا بارگہ عام کریں

یک طرح حسن رخ زلف جنہیں تو دکھلا کے / نشۂ عشق سے مستی سحر و شام کریں

شب کو جاتا ہوں تو منہ پھیر کے وہ کہتے ہیں / نیند آئی ہے ہمیں آپ بھی آرام کریں

بیٹھ کے گوشۂ عزلت میں نہ بول اتنا جو شہ / قصد چھٹ پڑنے کا اے تیشہ نہ در و بام کریں

غزل مومن خان

ہو گئی گھر میں خبر ہے منع وہاں جانا ہمیں / وہ بھی رسوا ہو خدا جسنے کیا رسوا ہمیں

دم بدم رفتہ ہیں چاروں طرف تکنا ہمیں / یا کہیں عاشق ہوئے یا ہو گیا سودا ہمیں

ہر ستم صیاد کا کیا التفات آمیز تھا / بند کرنے کو قفس میں دام سے چھوڑا ہمیں

یا تجھے یا دشمن جان تجھے آئی چارہ گر / پہلے مرتے ہی زنداں سے سوئے صحرا ہمیں

طالع برگشتہ بخت خفتہ مت پوچھو کہ ہم / غش پڑے تجھے پھر گیا وہ جانکر سوتا ہمیں

تو نجانے عشق بازی اور ہم نادان ہیں / بے سمجھ کہتا ہے ناصح تو نے کیا سمجھا ہمیں

ہے تقاضا یا تغیر پیکرانہ ہے پوچھو تو ہے / یار کے ناز بجا سے شکوۂ بیجا ہمیں

کیا ہمیں ہم رہ گئے حیران تجھکو دیکھکر / آگیا دل یاد اسے آئینہ رو اپنا ہمیں

دل ہاتھ سے رو گئے سے طرح منہ ڈھانپ کے / مرتے مرتے پاس اس پردہ نشین کا تھا ہمیں

ہمنے نازکی طبع سے کب اوٹھہ سکے بیداد چرخ — مرگئے مضمون جو ریار جو سوجھا ہمین
مومن ان کا تو تجھسا ملنے مین ہرگز حیا — یہ شکایت ہی خدا سے ہے بتوان سے کیا ناز

غزل نصیر

قدم نرکھہ میرے چشم پر آب کے گھر مین — بھرا ہے موج کا طوفان حباب کے گھر مین
کہے ہے دیکھہ کے وہ عکس رخ بناغوش — نزول ماہ ہوا آفتاب کے گھر مین
مدام رند کرین کیون نہ آستان بوسی — حرم ہے شیخ مشیخت مآب کے گھر مین
ہمارے دل مین کہان آبلے ہین ایساقی — چنے ہوئے ہین یہ شیشے شراب کے گھر مین
تڑپ کو دیکھہ مرے دل کی برق آتش بار — خجل ہو چھپ گئے آخر سحاب کے گھر مین
دلا نہ کیونکہ کرین اختلاط کی باتین — حجاب کیا ہے اب اس بے حجاب کے گھر مین
نصیر دیکھہ تو کیا جلوہ خدائی ہے — ہمارے اس بت خانہ خراب کے گھر مین

غزل محبت

مین رنج محبت کبھی راحت سے نہ بدلون — عیش دوجہان اسکی مصیبت سے نہ بدلون
تجھسے کبھی یوسف کو اگر بدلے زلیخا — زندان مین پڑون پر کسی صورت سے نہ بدلون
یہ رنگ رخ زرد جو اب دیکھو ہو میرا — قارون کے اگر بدلے دولت سے نہ بدلون
گر لاکھہ کوئی مجھہ پہ قیامت کیے برپا — تو بھی ترے قامت کو قیامت سے نہ بدلون
اس عشق کی رسوائی مین ہے یہ میری عزت — حرمت سے کوئی بدلے تو حرمت سے نہ بدلون
مالوف ہے دل اس غم الفت سے بیانتک — گر بدلون خوشی سے غم الفت سے نہ بدلون
دے خضر اگر چشمہ حیوان بھی تو ہرگز — واللہ تری چشم عنایت سے نہ بدلون
جنت کو اگر بدلے کوئی اسکے گلی سے — مرجاؤن ولے تو بھی مین جنت سے نہ بدلون
تو چاہے کہ اے شعلہ خواب بدلے یہ کروٹ — یہ یاد رہے تیری شرارت سے نہ بدلون
کیا ہے حلاوت ترے بوسے کی شکر لب — مین تلخ مین بھی قند کے شربت سے نہ بدلون

سحر و مرے پاس ہے وہ گنج قناعت — اسکندر و دارا کے بھی شوکت سے نہ بدلوں

غزل میر تقی

جنون میر کی باتین نہ بہشت او گلشن بہین چلیان — نہ چوب گل نے دم مارا نہ چھڑیان بید کی ہلیان
گریبان شور محشر کا اوڑایا دھجیان کر کر — فغان پر ناز کرتا ہون کہ بل سے تیری ٹھہ ہلیان
تفاوت کچھ نہین شیرین و شکر اور یوسف مین — سہی معشوق گر پوچھے تو سب مصری کی ہین ڈلیان
ترے غمزے نے جور و ظلم سے آنکھین غزالون کو — بیابان مین دکھا مجنون کو آنکھون کے تلے ملیان
چمن کو آج مارا ہے بیا شک رشک گلشن نے — کہ بلبل سر پٹکتی ہے نہین منہ کھولتی کلیان
مری آہ سحر کی برچھیان سختی کی تڑپون پر — نگاہین کر کے گر پڑتی ہین بجلی کی بھی اچپلیان
صنم کے زلف مین کوچہ ہے سربستہ ہر ایک مو پر — نہ دیکھی ہونگی تو نے خضر یہ ظلمات مین گلیان
دیوانہ ہو گیا تو میر آخر ریختہ کہکر — نہ کہتا تھا مین اے ظالم کہ یہ باتین نہین بھلیان

غزل انشا اللہ خان

حیف ایام جوانی کے چلے جاتے ہین — ہر گھڑی دن کی طرح ہم بھی ڈھلے جاتے ہین
سامنے آنکھون کے ڈستا ہے چمن نرگس کا — کھلکے آتا ہون ابھی آپ چلے آتے ہین
ہاتھ کیا پھیر و ہو عارض پہ ابھی کیا ہی وہان — خط کا کچھ دخل نہین گال ملے جاتے ہین
یاد مین اوس خط نو خیز کے جون دانہ نمط — اشک سبز آنکھون سے ہر وقت بھی جاتے ہین
آسیا ایکی ہے چشم تر اپنی جس سے — روز چھاتی پہ مرے مونگ دلے جاتے ہین
گرم ہو آپ جو انک ملتے ہین انشا سے کبھی — آتش رشک سے اغیار جلے جاتے ہین

غزل نظیر

صفائی اوسکی جھلکتی ہی گورے سینے مین — چمک کہان ہے یہ الماس کے نگینے مین
نہ موتی ہے نہ کناری نہ گوکھرو تس پر — سجی ہے شوخ کی انگیا بت کے سینے مین
جو پوچھا مین نے کہان تجھے تو ہنس کے یون بولے — مین لگ رہی تھی اس انگیا مونی کے سینے مین

پڑا جو ہاتھ مرا سینہ پر تو ہاتھ جھٹک
پکار سے اگ لگے آہ اس قرینے مین

جو ایسا ہی ہے تو اب روز ہم نہ آوینگے
کبھو جو آئے تو ہفتے مین یا مہینے مین

کبھو ٹھنک کبھو بس بس کبھو پیالہ ٹیک
دماغ کرتے تھے کیا کیا شراب پینے مین

چڑھی جو دوڑ کے کوٹھے پہ وہ پری ایکبار
تو مین نے جا لیا اوسکو اودھر کے زینے مین

وہ پہنا کرتی تھی انگیا جو سرخ لاہی کی
لپٹ کے تن سے وہ تر ہو گئی پسینے مین

یہ سرخ انگیا جو دیکھی ہے اوس پری کی نظیر
مرے تو آگ سی کچھ لگ رہی ہے سینے مین

غزل غالب

ہیگا جو ناز روا اس بت لاثانی مین
ایک بھی بات نتھی یوسف کنعانی مین

عشق مین دیتا ہون اس لیلی کی کاوش جان کو
دسترس ہے یہ کہان قیس بیابانی مین

چرخ نے پنبۂ مہتاب کو کانون مین دیا
سوزش یہانتک ہے مرے اشک کی طغیانی مین

جان مردون کی پھرے لب سے جو نکلے دشنام
کیا مسیحائی ہے اوس لعل بدخشانی مین

کار شمشیر کا کرتا ہے خیال ابرو
داغ اسکا ہے ازل سے مری پیشانی مین

پہنکر ہووے گا خوش شال و دوشالہ کوئی
ہم بھی ہین شاد اے غالب تن عریانی مین

غزل رضا

خواہ نزدیک رکھو خواہ رکھو دور ہمین
دیکھنا ایک نظر تمکو ہے منظور ہمین

صورت حق تو ہر آئینہ مین ہے جلوہ نما
دیدۂ حیرانی سے لیکن نہین مقدور ہمین

دشت گلشن کی کرے سیر یہ کسکا دل ہے
اب [illegible] یار رکھے خود ہمین

ہجر کی رات تو ٹلتی ہی نہین ہے یارب
کیا دکھاوے گی اب آخر شب دیجور ہمین

اب تڑپنے کی بھی طاقت نرہی ہمکو رضا
اسقدر آہ کیا ضعف نے رنجور ہمین

غزل شاہ عالم

عاجز ہون ترے ہاتھ سے کیا کام کرون مین
کر چاک گریبان تجھے بدنام کرون مین

رم رہتا ہے ای تند خو کو اب کی تو مجھ سے — پر و کچھ تو کیا ہے تجھے رام کروں مین
اس دور جہان مین مجھے سب شکوہ ہی ہے — کیوں کچھ گلہ گردش ایام کروں مین
حیران ہوں تر سے تیرین کس طرح سے پیارے — شب روز کو اور صبح کے تئین شام کروں مین
آوے جو تصرف مین مرے میکدہ ساقی — یکدم مین خموں سے کے حسنِ انعام کروں مین
مجھکو شہ عالم کیا اوس رب نے نہ کیونکر — اللہ کا شکر انہ اکرام کروں مین

غزل درد

مژگان تر ہوں یا رگ تار بریدہ ہوں — جو کچھ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں
کھینچے ہے تو بر آپ کو میری فروتنی — افتادہ ہوں پہ سایۂ قد کشیدہ ہوں
ہر شام مثل شام ہوں مین تیرہ روزگار — ہر صبح مثل صبح گریبان دریدہ ہوں
کرتی ہے بو سے گل تو مرے ساتھ اختلاط — پر آہ مین تو موج نسیم وزیدہ ہوں
یہ جا بجا ہے اب طپش دل کہ بعد مرگ — کنج مزار مین بھی نہ مین آرمیدہ ہوں
اے درد جا چکا ہے مرا کام ضبط سے — مین غمزدہ تو قطرۂ اشک چکیدہ ہوں

غزل محو

یوں وہ رخ ہے حجاب مین روشن — ماہ ہے جوں سحاب مین روشن
اوسکے بینی مین یہ بلاق نہیں — شمع ہے آفتاب مین روشن
جام مے مین ہے عکس چہرہ یار — یا چراغ آفتاب مین روشن
اوسکے گورے بدن پہ لال لباس — دیکھو آتش ہے آب مین روشن
ساتھ رہتا ہے خنجر [illegible] — پنج شاخہ رکاب مین روشن
سو ہے برنگ شمع [illegible] — نام ہے شیخ و شاب مین روشن
[illegible] گے تو مجھے — آنکھین دیکھو گے خواب مین روشن

غزل حسین

میں عشوہ زدہ کوچۂ بازار کھڑا ہوں
لالہ کی طرح داغ سا گلزار کھڑا ہوں

قاتل تو مرے قتل کا اندیشہ نہ کر آہ
گر قتل مجھے میں بھی تو تیار کھڑا ہوں

افسوس ترے وصل کی شب مجھکو [illegible]
میں منتظر اس بات کا دلدار کھڑا ہوں

مجلس میں تری خالی کیے شیشے جو مستان
میں بھی تو ترے [illegible] کا خمار کھڑا ہوں

ملنے کا حسین اوسکے نہ پیغام تجھے سے
عہدے سے ... کے بیٹے بر سر اقرار کھڑا ہوں

غزل سوز

شہد میں جیسے مگس ہم حرص میں پابند ہیں
وائے غفلت اس سپند دان میں یوں [illegible]

رزق کا ضامن خدا ارشاد کلام اللہ سے ہے
تیری اپنی صورتوں کی روز جا جنس [illegible]

مقبروں میں دیکھتے ہیں اپنی آنکھوں سے [illegible]
یہ برادر یہ پدر یہ خویش یہ فرزند [illegible]

تو بھی رعنائی سے ٹھوکر مار کر چلتے ہیں یار
سوچتے اتنا نہیں ہم خاک کے پیوند [illegible]

جب تلک آنکھیں کھلی ہیں دیکھ لو جو دیکھنا
بند ہوگئیں جب انکھڑیاں تب اے سوز [illegible]

غزل سلطان

گل پہ بستر مجھے نشتر تجھ بن
ایک آفت تھی رات بھر تجھ بن

میرے حق میں تو وہ ہی دوزخ ہے
جاؤں میں خلد میں اگر تجھ بن

کفر کسکا ہے اور کیا اسلام
آپ اپنی نہیں خبر تجھ بن

ہو درخت امید بار آور
عمر کا کچھ نہیں ثمر تجھ بن

آ رہی ہے لبوں پہ جان حزین
دم کا دم میں نہیں اثر تجھ بن

تو ہی اے ماہ ایک ہمدم ہے
کون لیجاوے وہاں خبر تجھ بن

گر میں سلطان ہفت کشور ہوں
لیک مفلس ہوں سیم و زر تجھ بن

غزل حاجی

تکتے ہیں ترے آنکھوں کو اے یار چمن میں
کیا چپکے کھڑے نرگس بیمار چمن میں

ہو جاے گی بیزار ہر اک پھول سے بلبل
تو جانیو مت زینت گلزار چمن مین

جو آج تو آتی ہے صبا اور طرح سے
شاید کہ وہ پہونچا ہے طرحدار چمن مین

ہم وحشیون کا رہیو بیابان سلامت
اب سیر سے مطلب ہے نہ کچھ کار چمن مین

تاکید ہے دربانون کو یہ باغ مین جاکر
آجاے یہ حاجی نہ خبردار چمن مین

غزل عاشق

دونون رخسار ماہ پارے ہین
ابرو اور خال چاند تارے ہین

مین نے وہ بول کہکے ہارے ہین
تم ہمارے ہو ہم تمھارے ہین

نہین بوندین عرق کی چہرے پر
چاند کے منھہ پہ یہ ستارے ہین

ایکباری تو خواب مین آؤ
کب سے مشتاق ہم تمھارے ہین

ہین مجلس مین آنکھہ مارتے ہو
سچ بتاؤ یہ کیا اشارے ہین

راتین کاٹین ہین تارے گن گن کے
تنکے چن چن کے دن گذارے ہین

جنکو کہتے ہین غول صحرا نے
وہ مرے آہ کے شرارے ہین

پیچ مین کسکو لاؤگے صاحب
بال کسکے لیے سنوارے ہین

دل بیتاب کو دو نیم کیے
تیرے ابرو نہین یہ آرے ہین

عاشق ہونے سے اوس پری رو کے
ہوگئے سب عدو ہمارے ہین

غزل رونق

تاب کی ضبط فغان آہ مجھے تاب نہین
ناصحا صبر کی واللہ مجھے تاب نہین

دل کے یان ٹکڑے نہو دین کہین ہائے نہ کتان
بس تری دید کی اے ماہ مجھے تاب نہین

صفحۂ دل سے مٹا دے تمثال بتان
بت پرستی کی اب اللہ مجھے تاب نہین

حوصلہ تنگ ہے یہان بیہودہ گوئی تا چند
بس زبان کیجیے کوتاہ مجھے تاب نہین

ہمنشین چاہ مین یوسف جو پھنسا ہاے غضب
اور مرے دنیا سے کہین جاہ مجھے تاب نہین

دی ہے کھویا غم جو واسطے مین رونے رونے
آہ ای شمع سحر گاہ مجھے تاب نہین

غم ہجران سے ہوئی رونق بیدل کو نجات
آگئے غمخواری کے یا شاہ مجھے تاب نہین

غزل سودا

باتین کدھر گئین وہ تری بھولی بھولیان
دل لیکے بولتا ہے جواب تو یہ بولیان

ہر بات ہے لطیفہ و ہر یک سخن ہے رمز
ہر آن ہے کنایہ و ہر دم ٹھٹھولیان

حیرت نے اوسکو بند نکرنے دی پھر کبھو
آنکھین جب آدمی نے ترے منہ پہ کھولیان

اندام گل پہ ہو نہ قبا اس فرے سے چاک
جون خوش بھبون کے تن پہ مسکتی ہین چولیان

ساقی پہونچ کہ تجھ بن اس ابر بہار مین
پڑتے نہین تگرگ برستی ہین گولیان

کسطرح ہووے آنکھون کی کاوش سے دلکو چین
مژگان نہ کر سکین تو لگا ہین ٹٹولیان

کیا چاہیئے تجھے سر انگشت پر حنا
جس بیگنہ کے خون مین چاہین ڈبولیان

جون برف ہو گئے ہین خنک اب تبان ہند
ان سے تو بلکہ گرم ہین کابل کی لولیان

سودا کے دل سے صاف نرہتی تھی زلف یار
شانے نے پیچ پڑ کے گرہ اسکی کھولیان

غزل صمصام

رات دلبر نے جو آنکھون مین ملائی آنکھین
خانۂ چشم مین بھولی نہ سمائی آنکھین

ہم اسیرونکو نہ کچھ گل سے نہ گلشن سے خبر
پھنس گئی دام مین کھلنے بھی نپائی آنکھین

منہ ملا دل کو پھنسا دور ہوئے آخر کار
دیکھ مین دیکھا تو کچھ کام نہ آئی آنکھین

کس بدآموز کی صحبت کی ہے یارب تاثیر
آج کچھ شوخ کی بے ڈھب نظر آئی آنکھین

اور دنیا مین طرحدار نہ تھا کیا صمصام
ایسے بے مہر سے تو نے تو لگائی آنکھین

غزل احسن

صبح سے شام تلک تا بہ سحر روتے ہین
اشک آنکھون کے ہمارے یہ گہر ہوتے ہین

جادو کرتا ہے رقیب ہم پہ تو کیا ہوتا ہے
سامری کی کہین موسے پہ اثر ہوتے ہین

بیوفائی کا بتون سے کیے جو کرے ہر شکوہ / کیا جہان مین نہین بے ثمر شجر ہوتے ہین
اسقدر روتے ہین شب کو ہی کہین جان کر / نالہ سے نالے و گریہ سے سحر ہوتے ہین
عدو جلتے ہین ترے شعر کو سنکر احسن / دوست کہتے ہین کہین ایسے بھی شعر ہوتے ہین

غزل نظیر

کیون نہو بام پہ وہ جلوہ نما تیسرے دن / ماہ بھی چھپ کے نکلتا ہے ولا تیسرے دن
ہاتھ سے اپنے قلم رشک مسیحا رکھدے / نسخے بدلے ہین جہان کے حکما تیسرے دن
غرق دریاے محبت کی نہین ملتی تلاش / ورنہ ڈوبا ہوا نکلے ہے سدا تیسرے دن
دل بیمار رہے عشق مین کیونکر سر سبز / خاک سے دانہ کو ہے نشو و نما تیسرے دن
چھیڑ مت زلف کے مارے کو تو دریا مین / سانپ کے کاٹے کو دیتے ہین بہا تیسرے دن
تین دن چشم کے بیمار کا کر اپنے علاج / ہوتی معلوم ہے تاثیر دوا تیسرے دن
لوگ کہتے ہین کہ ہین پھول ترے کشتی کے / مہندی ہاتھون کو تو قاتل نہ لگا تیسرے دن
عمر ایک ہفتہ نہین باغ مین اے گل مت پھول / رنگ بدلے ہے زمانے کی ہوا تیسرے دن
چار حرف اس بت پرخون کے اوپر بھیج نظیر / آپ سے آپ جو ہو جاتے خفا تیسرے دن

غزل عبداللہ

شب کٹی ہجر مین اور دن کٹا غمخواری مین / کھو دیا دل کو عبث یار کی عیاری مین
جسے دیکھا اوسے خود مطلب و خود غرضی کا پایا / آشنا پورا نہ دیکھا مین کہین یاری مین
کم سنا عشق مین ہوگا جو سنا ہوگا کہین / گھر دیا سر دیا اور دل دیا دلداری مین
ذبح کرنے سے مرے فائدہ کیا تجھکو ملا / ہاتھ کیا آیا ترے ایسی ستمگاری مین
قیس و فرہاد سے لاکھون ہین یہان عبداللہ / آخرش مر ہی گئے عشق کی بیماری مین

غزل جہادی

شب وصال مین کیا یار سے دوچار ہون مین / رہا فراق مین جیتا تو شرمسار ہون مین

بسنج نگہ مجھے رونے سے بسے گل خوبی
چمن ہے کوچہ ترا ابر نوبہار چشم نمین

مجھے خیال جو نت صید افگنی کا ہے
لگا ہے تیر مجھے مفت کا شکار ہون مین

جو دیکھی ہے ترے کانون کے بالے کی مچھلی
تمہاری ماہی کے سے آپ بیقرار ہون مین

جو تیری تیغ جہادی نہ مجھسے منہ موڑے
تو بیلے وار ہین دریا سے غم کے پار ہون مین

غزل آصف

تری تیغ جب ہم علم دیکھتے ہین
وہ این سر کو اپنے قلم دیکھتے ہین

جو جلوہ صنم تجھ مین ہم دیکھتے ہین
خدا کی خدائی مین کم دیکھتے ہین

تو جلدی سے آؤ نہ میرے مسیحا
کوئی دم مین راہ عدم دیکھتے ہین

گذرتے ہین سو سو خیال اپنے دل مین
کسیکا جو نقش قدم دیکھتے ہین

جو چاہون لکھون مین کچھ احوال دل کا
تو ہاتھون کو اپنے قلم دیکھتے ہین

ملے تم ہو میرے رقیبون سے جاکر
ہمین ہین کہ سو سو ستم دیکھتے ہین

بہت جھوٹے وعدے کیے تو نے ہمسے
بھلا ہم تو تیری قسم دیکھتے ہین

تو آوے نہ آوے میان ہم تو ہر شب
تری راہ تا صبحدم دیکھتے ہین

بتون کی گلی مین شب و روز آصف
تماشا خدائی کا ہم دیکھتے ہین

غزل نظیر

تفرقہ ہوتا ہے ایسا بھی گل اندام کہین
مے کہین شیشہ کہین ساقی کہین جام کہین

دل کی بیتابی نہین ٹھہرنے دیتی ہے مجھے
دن کہین رات کہین صبح کہین شام کہین

ایک دل دیجیے کس کسکو سبھی مانگتے ہین
بندے اور بالے کہین لعل سیہ فام کہین

نامہ بر نامہ لکھون یا مین زبانی کہدون
خط کے پرزے پہ لکھون قاصد اب نام کہین

دل بھی اور جان کفایت نے سبھی کی ہے نظیر
گل کہین غنچہ کہین جسم بدنام کہین

غزل فیض

خطِ جادہ ہون یا مین نقشِ پا ہون
غرض افتادگان کا رہنما ہون

جو ناکارہ ہون یا مین کام کا ہون
تمھارا ہون بھلا ہون یا بُرا ہون

کہون کیا اپنے جینے کی حقیقت
جو اک دن خوش ہون برسون تک خفا ہون

عبث رکھتے ہین مجھپر تہمتِ مرگ
بہت راتون جگا تھا سو رہا ہون

کہے ہے شخص کوئی عکس کوئی
خداوندا نہین معلوم کیا ہون

نہ پہچانو مجھے گر آپ تو کیا
مگر مین آپ کو پہچانتا ہون

تامل شرط ہے اے اہلِ معنی
کتابِ فقر کا مین مدعا ہون

نکر اس چشم کا پھر مجھکو بیمار
ابھی اے فیض مر مر کے جیا ہون

غزل ہدایت

ہین خطِ تقدیر سے یہ سب کی سب پیشانیان
پیش آتی ہین وہی باتین جو ہین پیشانیان

غیر نے باتین جو کچھ کی تو نے وہ سب مانیان
اور رہیسے تیری اے لالہ یہ نافرمانیان

دیکھ صورت کو ترے آئینہ سا مین رہگیا
چشم تھی حیرت زدہ جو دیدۂ قربانیان

بے نصیبون سے یہ پوچھے منزلِ مقصود کو
خاک راہ و دشت صحرا ہم نے کیا کیا چھانیان

کھینچ سکتا ہے مصوّر یہ کوئی ناز و ادا
مانی و بہزاد نے بھی تیرے آگے نین مانیان

گاہ گریان گاہ نالان گاہ خندان گہ خموش
ہم دیوانون کی ہین باتین سب سر کچھ دیوانیان

میرے ہی سر کی قسم تجھکو ہدایت سچ بتا
کس سے سیکھی چشم تیری یہ گہر افشانیان

غزل رحمت

سارے جسم مین خوب کہاتی ہے یہ زبان
ہر ایک کو دوستدار بناتی ہے یہ زبان

مجلس مین شور شار مچاتی ہے یہ زبان
باہم کے قطرہ قطرہ بتاتی ہے یہ زبان

پھر جو کوئی نہ قید کرے اس زبان کو
جوتی سر بازار کھلاتی ہے یہ زبان

اے یار دل نہ دیجے کسی بیقدر کے تئین
ہر کار بھی بدکار بتاتی ہے یہ زبان

رحمت خدائی اسپہ یہ جس نے کیے ہین بیت
حق کی ثنا و صفت ثنائی ہے یہ زبان

غزل انشا

جون صبا اوٹھ جائین اور تیری بہارین لوٹ جائین
تجھکو جو گھورین الہی اونکے دیدے پھوٹ جائین

اون سے کیا کوئی بر آوے جو ذرا سی بات پر
آگ ہی ہوکر اوٹھین اور اپنے ماتھے کوٹ جائین

دربلا بودن بہ از بیم بلا مشہور ہے
کاش جو ہوتی ہو جلدی ہو بلا سر چھوٹ جائین

بزم خوبان مین نہ انشا ایک سے آنکھین لڑا
خاطرین نازک بہت اونکی ہین شاید ٹوٹ جائین

غزل ناسخ

ہے عجب طرح کی وحشت ترے دیوانہ مین
جی نہ آبادی مین لگتا ہے نہ ویرانہ مین

ہون وہ میکش کہ نہ مستی مین کہون اتنا کبھی
لا کے قلقل سے کہے شیشہ مجھے مے خانہ مین

آفتاب اسمین اگر آوے تو آبن جاوے
نور کا دخل نہین میرے سیہ خانے مین

حشر تک جی ہی مین بیہوش رہون الساقی
کاش مے بھر دے مرے عمر کے پیمانے مین

نازکی سے ہوا قاتل مری حالت کا شریک
یہان لگا زخم تو وہان درد اوٹھا شانے مین

اسطرح طائر دل ہو ترے چہرے پہ نثار
شمع رو طاقت پرواز ہے پروانے مین

بال توڑے تری زلفون سے نہ بیدردی مین
جب مرے ہاتھ کے مانند ہو گر شانے مین

عشق مین دل نے پھنسایا تو ہوا غیرونکو رنج
نہین اپنے مین مروت جو ہے بیگانے مین

پارۂ شیشۂ دل نصب ہے ہر روزن مین
کیجیے عیش زمستان مرے کاشانے مین

یہان تو بجلی بھی سنبھل جاتی ہے گرتے گرتے
شست سے کے ٹھہرین قدم کیا میرے ویرانے مین

نوش کر شوق سے دل کھول کے صرفہ کیا ہے
خوف بد مستی کا ناسخ نہین غم خانے مین

غزل لمترشاہ

خریدار سے کب نہان بیچتا ہون
متاع دل اپنا عیان بیچتا ہون

خریدار تم ہو لیا چاہتے ہو
مین دل بیچتا ہون مین جان بیچتا ہون

زلیخا سا ہو گر حسن بدار یوسف | تو مین سب کا سب کاروان بیچتا ہون

کہا مجھسے قاتل نے سر بیچتا ہون | کہا مین لیجے ای مہربان بیچتا ہون
اگر تو مرے چھیڑنے کو ہے کہتا | نہین بیچتا ہون تو ہان بیچتا ہون
بجانام پرا سکے وہان مین تو گستر | اب آگے رہا کیا عیان بیچتا ہون

غزل نظیر

لیتا ہے جان میری تو مین سر بدست ہون | ای یار مین تو کشتۂ روز الست ہون
یکدم کی زندگی کے لیے مت اوٹھا مجھے | ای تیغ مین نقش زمین کا نشست ہون
تو مست کر شراب سے ای گلبدن مجھے | مین آپ اپنے شیشۂ دل کا شکست ہون
دورے طریق مجھکو سمجھیو نہ زاہدان | گر تو خدا پرست ہے مین بت پرست ہون
ان سنگدل بتون کا گلہ کیا کرون نظیر | ظالم مین تیری چشم گلابی سے مست ہون

غزل میر تقی رح

عام حکم شراب کرتا ہون | محتسب کو کباب کرتا ہون
ٹک تو رہ اے بنای ہستی تو | تجھکو کیا ہی خراب کرتا ہون
کوئی بجھتی ہے یہ بھڑک مین عبث | تشنگی پر عتاب کرتا ہون
سر تلک آب تیغ مین ہون غرق | اب تئین آب آب کرتا ہون
جی مین پھرتا ہے میر وہ میرے | جاگتا ہون کہ خواب کرتا ہون

غزل کنور

پڑے ہے جب کہ وہ میرے نظر مین | لگی ہے آگ سینہ مین جگر مین
نشان ہرگز نپاسکے بے نشان کے | بہت ڈہونڈھا مین اوسکو بحر و بر مین
ٹپکتا ہے جگر خون ہو کے آخر | رہا باقی نہ آنسو چشم تر مین
جھلکتا ہے اسی بیرنگ کا رنگ | بچشم باصرہ لعل و گہر مین

جب آئی مین جفا جو سے نظر یہ تو
نہین باقی ہے حالت کچھ کہو ورہین

غزل اوباش

باغبان نخل محبت مین ثمر ہے کہ نہین
کوئی اس باغ مین الفت کا شجر ہے کہ نہین

موسے باریک بتاتے ہین کمر دوش گل کی
نہین معلوم کہ اوس گل کی کمر ہے کہ نہین

بیٹھنے کوچے مین مجھے دیکھا تو ٹک کر بولے
میان اوٹھ جائیے آپکا گھر ہے کہ نہین

ہجر کی شب نے گھٹی گھٹ گئی سب عمر مری
یا الٰہی شب ہجران کی سحر ہے کہ نہین

سچ بتا مجھکو صنم تجھکو خدا کی سوگند
وہ تری مہر کی اگلی سی نظر ہے کہ نہین

بال و پر توڑ کے صیاد لگا یون کہنے
کوئی بتلاؤ تو اس مرغ کے پر ہے کہ نہین

وہ جو اس طرف سے گذری تو لگے یون کہنے
میان اوباش کا اس رہ مین گذر ہے کہ نہین

غزل مفتون

بتان جبکہ زلف دوتا باندھتے ہین
گرہ مین دل مبتلا باندھتے ہین

نہین ہنستی بلبل سے اپنے چمن مین
ہم اب آشیانہ جدا باندھتے ہین

مین یہان خون روتا ہون ہاتھون سے اونکے
جو پاؤن پہ اونکے حنا باندھتے ہین

جفا کھینچینگے پر نہ مارینگے جی کو
یہ ہم تجسے شرط وفا باندھتے ہین

گرہ دیکے سر پر جو بالون کا جوڑا
یہ نازک بدن خوش ادا باندھتے ہین

ہر اک تار مین اوسکے دلہاے عاشق
بہم جمع کر کر بلا باندھتے ہین

میان حال مفتون کا دیکھا نہین کیا
کمر آپ کس پر بھلا باندھتے ہین

غزل سراج

عید وصل سرو قد سے ہین مرے گھر شادیان
عالم بالا سے آتی ہین مبارک بادیان

کیا تبسم کیا ادا کیا ناز کیا انداز ہے
یاد ہین اوس شوخ کو کیسی طرح کی استادیان

صاف ہو کون [illegible] لگا ہون کہ مجھے کرتا ہے قتل
خشم مین اس ظالم خونریز پر جلادیان

پانو میں زنجیر الفت اور گلے میں طوق غم — کہہ دل وحشی کو میرے کیونکہ ہو آزادیان

کیا چلے دام نگاہ مہربانی سے ترے — صید ہو جاوین یہان صیاد کی صیادیان

گرچہ لیلی اپنی شوخی سے نہیں آتی ہے باز — چھوڑتا میں اب تلک مجنون بھی اپنی وادیان

طاق پر سے دل کے گر جاتا ہے آئینہ سراج — یاد آتی ہے مجھے جب اونکی طرحین سادیان

غزل سودا

میرے دل میں ہے خواہش وصل تا اوسکو نصیب ہوا ہے نہیں — کرون کس سے میں حال اپنا بیان مرے درد کی وہ تو دوا نہیں

مرے دل کی طپش کو تو غور کرو کرے واسطے فکر نہ اور کرو — کوئی یار کر ملنے کا طور کرو کہ دوا سے تو ہوتی شفا ہے نہیں

کبھو خندۂ گل سے یہان کھلا رہے رونے پہ مردم دیدہ سدا — کرون اے عزیزو میں باغ میں کیا مجھے راس یہان کی ہوا ہے نہیں

تری کو جیسے گل کہیں باغ میں جا ترا باد صبا نے جو نام لیا — کچھ بھی دیکھا نہ اب ہوش رہا کسی گل کا جو آنکھ بچا ہے نہیں

ایسی اور بھی ہو کوئی تازہ غزل ایسی بحر کا قافیہ سودا ہے — غم ہجر تو کر چکا اپنا خلل بارے وصل کا حال کہا ہے نہیں

غزل

دیوانہ ترا عاشق زار ہون میں — فدا تجھپہ مدت سے اے یار ہون میں

فریبون میں کب تیرے آتا ہون ظالم — فریبے جو تو ہے تو عیار ہون میں

جسے تو نے کاٹا ہو اسپے اجل رہ — سمجھتا ترے زلف کو مار ہون میں

اگرچہ تو گل ہے و یا چشم نرگس — ترے باغ تازہ کا اک خار ہون میں

غزل مصحفی

بزم سرو خوبان میں گو وہ ڈنگیان شاہین بچین — ساتھ فقیر کے ڈھولک کے اب وہ ہم ہیان نگین بچین

نالہ کشی سے رات جو گلشن رشک بزم عشرت تھا — منقارین مرغان چمن کی صبح تلک جون بین بچین

شمع بزم جب شب لگ جاتی نیند نہ آئی مجھکو ذرا — جھانجھین پروانون کے پرونکی جبکہ سرہانین بچین

بلبل بے مزاج نازک ترا نیند اوچٹ گئی اس گل کے — بالیان جو تو ہون تو جھلک رات سرہانین بچین

میں نے تجھسے کہتا تھا ناصح مینا کی راہ نہ چل — آخر تجھپر رستے میں تالیان ہوی دین بچین

ای نجبر سے ہو کے ملاپ مر جو گیا عاشق تیرا
تو بتین گیا کیا شادی کی مرقد پہ دم تکفین بحین

شب آخر ہو نیکا دھر کا مصحفی مجھسے کیا مین کہون
جیان نکل گئی تن سے جب پھر تین ہیر تن بچین

غزل ایمان

گر نہ اٹکی ہو تری زلف کے زنجیر مین جان
آہ جاتی رہے یک نالۂ شبگیر مین جان

اسکے جیوان سے بجھا ہے مگر اس کا پیکان
تازہ پڑتے ہی ترے تیر کی نخچیر مین جان

وہ جو گستاخ مین کیا بات ہے اونکی پیارے
یہان تو جاتی ہے نکل ایک ہی تقصیر مین جان

او سطرف بھی تو کسی روز کمان ابرو چل
نز ہے صید حرم کی کہین تجھہ تیر مین جان

آوے جسدم کہ تو اعجاز مسیحائی پر
بات کہنے مین پڑے قالب تصویر مین جان

شعر ہوتا ہے کب ایمان کسیکے دلچسپ
جب تلک معنی شیرین نہون تحریر مین جان

غزل شاہ ظفر ادخلہ اللہ الجنتہ

کون نگر سے آئے ہم اور کون نگر مین باسی ہین
جائینگے پھر ہم کون نگر کو ہوتے من مین ہراسی ہین

کیسا ملک ہے کیسا روپ ہے کیسی چال اور کیسی ڈھال
یہ ہی من کو اندیشے ہین اور یہ ہی جنکو سا سی ہین

دیس نیا ہی بھیس نیا ہے رنگ نیا ہی ڈھنگ نیا
کون انند کرے تھی وہان رہتی کون اوداسی ہین

کیا کیا پھلون دیکھے ہمنے پھلے اس پھلواری مین
اب جو پھلے اسمین پھلون اور ہی انمین باسی ہین

بادشہی سب ہے یہان کی وہان کی ہی کچھہ اور ہوا
کونی جتاوے یہ اونکو جو لٹتے لوگ جو آ[illegible] ہین

دنیا ہے اگ رین بسیرا ہوت گو یہی تھوڑی سی
اون سے کہدو ہونا جاوین [illegible] نندا سی ہین

[illegible] پڑا اسی سے تو ہی کہ اسکے پھندے مین
دنیا کے جو ناتے رشتے لیتے ساتھہ تلاسی ہین

[illegible] آپ [illegible] موزان کو غزل الغیا جلد کہ [illegible]

[illegible] ہمن [illegible]
ام کو پاس کو [illegible]

تری اندام [illegible] خطا کی بجز خجلت
ہمن واعوان [illegible] سر کو [illegible]

جبکہ کس کو دو [illegible] تھو نسی اتی قاتل
گماری کو [illegible] کو بانک [illegible]

تیرے دندان و لب نے کر دیا بیقدر عالم مین
گہر کو لعل کو یاقوت کو ہیرے کو مرجان کو

لڑا کر آنکھ اونسے جسنے دشمن کر لیا اپنا
نگہ کو ناز کو انداز کو ابرو کو مژگان کو

نہین قلقل دعا دیتا ہے شیشہ دمبدم ساقی
سبو کو خم کو مے کو میکدہ کو مے پرستان کو

نہو جب تو ہی اے ساقی بھلا پھر کیا کرے کوئی
ہوا کو ابر کو گل کو چمن کو صحن بستان کو

بنایا اے ظفر خالق نے کب انسان سے بہتر
ملک کو دیو کو جن کو پری کو حور و غلمان کو

غزل شاہ ظفر ادخلہ اللہ الجنۃ

کہوں کیا رنگ اوس گل کا اہا ہا ہا اہو ہو ہو
ہوا رنگ چمن سارا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

نمک چھڑکے ہے وہ کس کس مزے سے لیکر زخمون پر
مزے سے لیتا ہون مین کیا کیا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

شرار و برق مین کیا فرق سمجھو منکے دونو مین
ہے شعلہ ایک بھبوکا سا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

بلا گردان ہون ساقی کہ جام عشق سے مجھکو
دیا گھونٹ اوسنے اک ایسا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

مری صورت پرستی حق پرستی کی کہون مین کیا
کہ اس صورت مین دیکھا ہے اہا ہا ہا اہو ہو ہو

خدا جانے حلاوت کیا ہے اوس تیغ قاتل مین
لب ہر زخم سے ہے گویا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

ظفر عالم کہون کیا مین طبیعت کی روانی کا
بہے ہے اک امڈا ہوا دریا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

غزل آتش

ٹھوکرین مار کے مردون کو جلاتے نہ چلو
رشک سے خاک مین زندون کو ملاتے نہ چلو

اونکی پازیب کی جھنکار کی آتی ہے صدا
فتنۂ حشر کو بیخواب جگاتے نہ چلو

باغ مین آئے ہو ساتھ اونکے تو پھر لوگو
کبک و طاؤس کا جھگڑا ہی چکاتے نہ چلو

برق و شمشیر کی جیسی نہین چالین چلنی
راہ کو کاٹتے جا دیکھو جلاتے نہ چلو

اہل حسن کو منہ پھیر کے کہتا ہے وہ شوخ
خاکی طینت ہو تو وہ ناری جلاتے نہ چلو

گر کے پڑتے ہین [illegible]
[illegible] کے عالم کو جلاتے نہ چلو

دو قدم ساتھ جو چلتا ہو نہین گریبان اوسکے
یہی فرماتے ہین ہنس ہنسکے ہنساتے نہ چلو

گوشمالی دو نہ گلگشت مین گل کو پیارے
طفل غنچہ ہے غریب اوسکو ڈراتے نہ چلو

پر شفقت سے ہے رہ عشق چلے ہو وہ گام
کوسون دریا جو پسینے سے بہاتے نہ چلو

منہ چھپا کر یہ نکلتا ہے تمھارا اندھیر
رہ نشین عاشقونکو راہ بتلاتے نہ چلو

مشق رفتار کرو گرم روی کی نہ سہی
کون سی چال ہے یہ آگ لگاتے نہ چلو

بھاگ کر عاشق بیث ابھی کہان جاوے
قدم آہستہ رکھو ٹھوکرین کھاتے نہ چلو

اپنے ہاتھونسے نہ اندھونکا گلا گھٹواؤ
یون چلو پاؤن کی آواز سناتے نہ چلو

کوئی معشوق مین اے عاشقو جاتے ہو تو جاؤ
یہ شگون خوب نہین خاک اوڑاتے نہ چلو

اونسے کہدو کوئی آتے ہین جو یہ لکہ ابر
چشم آتش کیطرح آنسو بہاتے نہ چلو

غزل جرأت

اے ولا ہم ہوئے پابند غم یار کہ تو
اب اذیت مین بھلا ہم ہین گرفتار کہ تو

ہم تو کہتے تھے نہ عاشق ہو اب اتنا تو بتاؤ
جا کے ہم روتے ہین اب [illegible] کہ تو

ہاتھ کیون عشق بتان سے نہ اوٹھایا تو نے
آہ افسوس اب ہم سے [illegible]

وہی محفل ہے وہی لوگ وہی ہے چرچا
اب بھلا بیٹھے ہین ہم شکل گنہگار کہ تو

ہم تو کہتے ہین کہ لب سے نہ لگا ساغر عشق
[illegible] اندوہ سے اب ہم ہوئے سرشار کہ تو

بے جگہہ جی کا پھنسانا تجھے کیا تھا درکار
طعن و تشنیع کے اب ہم ہین سزاوار کہ تو

وحشت عشق بری ہوتی ہے دیکھا نادان
ہم چلے دشت کو اب چھوڑ کے گھربار کہ تو

آتش عشق کو سینہ مین عبث بھڑکایا
اب بھلا کھینچتے ہین آہ شرربار کہ تو

ہم تو کہتے تھے نہ ہمراہ کسی کے لگ چل
آ بھلا ہم ہوئے رسوا سر بازار کہ تو

غور کیجے تو یہ مشکل ہے زمین اے جرأت
دیکھین ہم اسمین سے اب کہتے ہین اشعار کہ تو

غزل شہید

سو نہ دو دو ہی دو بوسے پر میاں اس گرد لب کے دو | ہے مثل مشہور ین مطلب کے سو مطلب کے دو
دو ہی دو پر دو ہی دو بھی شتابی سے کہین | خال کے دو خط کے دو رخسار کے دو لب کے دو
ایک ہنسنے کب لیا دو نون ہین دینے ہون تو دو | خواہ دو سیب ذقن کے خواہ دو غبغب کے دو
آٹھہ بوسون کا ہون نوکر اوس بہت اوباش کا | صبح کے دو شام کے دو روز کے دو شب کے دو
بوسے اوس رخ کے پیا پے ہم جو سب لینے لگو | کہنے لگے یون یہ اب کے دو پھر جب کے دو پر تب کے دو
لکھہ شہیدی اور بھی شعرین بہ تبدیل ردیف | دلربا کو بھیجتے ہین ریختے اس ڈھب کے دو

غزل میر تقی

قتل کیے پر غصہ کیا ہے لاش مری اوٹھوانے دو | جان سے بھی ہم جاتے رہے ہین تم بھی آؤ جانے دو
جان سلامت لیکر جاوین کعبہ مین تو سلام کرین | اک جرأت ان ہاتھون کا صید حرم کو کھانے دو
اوسکی گلی کی خاک سبھون کے دامن دل کو کھینچے ہے | ایک اگر یہ جی بھی گیا تو آتے ہین مرجانے دو
کرتے ہو تم نیچی نظرین یہ بھی کوئی مروت ہے | برسون سے پھرتے ہین جی ہم آنکھہ تو آنکھہ ملانے دو
کیا کیا اپنے تو ہو بہین گے دم مین مرینگے دم مین جینگے | دل جو بغل مین نہین رکھ سکتا اسکو کسی سے لگانے دو
اب کی بہت ہے شور بہاران ہمکو مت زنجیر کرو | دل کی ہوس ٹک ہم بھی نکالین دھومین ہمکو مچانے دو
عرصہ کتنا سارے جہان کا وحشت پر جو آجاوین | پاؤن تو ہم پھیلاوینگے پر فرصت ہمکو پانے دو
کیا جاتا ہے آہ ہمارا جیکے ہو تم بیٹھے ہین | دل جو سمجھتا تھا سو سمجھا ناصح کو سمجھانے دو
ضعف بہت ہے میر تمہین کچھہ اوسکی گلی مین مت جاؤ | صبر کرو ٹک اور بھی صاحب طاقت جی مین آنے دو
بات بنانا مشکل سا ہے شعر سبھی یہان کہتے ہین | فکر بلند سے یارون کو اک ایسی غزل کہلانے دو

غزل سودا

آلودہ قطرات عرق دیکھہ جبین کو | اختر پڑے جھانکے ہین فلک پر سے زمین کو
آ جیتے جی اے شوخ کہ مین روک رہا ہون | مانند حباب اپنے دم باز پسین کو
دنیا سے نہین جیتے جی بدی اپنی گمان کی | ساتھہ اوسکے مین جاتا ہون کوئی جان کہین کو

ہرگز بجہان مرد سیہی اسکہ نہوتی	لکتا نہ مرے نام سے گر عیب نگین کو
جون دانہ سمجہہ مورد ابر کرم حق	زاہد در میخانہ نے کی ہر خاک نشین کو
یک گل بچمن مین شنوا گوش نہین ہے	دے مرغ گرہ سینے مین فریاد حزین کو
مطلب کی مرے عرض پہ یکبار بہی سودا	مان نے نہ چہوایا کبہی اپ سے نہین کو

غزل محتسب

کب بیز سبزہ ہو جو ترا پا بیاں ہو	ٹہہرے تو جس شجر کے تلے وہ نہان ہو
موے کمر ہے یون بدن یار مین عیان	دُر نجف کے جرم مین جب سرخ بال ہو
گل کی زبان لٹک ہے تو لٹک ہے سرو	کیا عندلیب کبک مین نہ بول چال ہو
رندو ضرور رقص ہو بزم شراب مین	ہاتھ آئے گر نہ بھانڈ تو صوفی کا حال ہو
موذی کو بہ مرگ بہی آرام ہے محال	کس طرح زیر تیغ یہ گینڈے کی ڈھال ہو
دو دو نہ میری آنکھوں مین کیونکر ہون پتلیان	آنکھوں مین ہر جو تیرے تصور مین خال ہو
کیا نیند آئے ہو جو یہی رات بہر خیال	گل تکیہ کے عوض کوئی مخمل کا گال ہو
گر محتسب کو خون ہمارا ہوا حلال	یارب بہلا شراب تو ہم پر حلال ہو

غزل ہوس

تو نے رعنائی کی قامت جو دکھائی مجھکو	روش سرو چمن پھر نہ خوش آئی مجھکو
دل مرا سینہ مین جون برق ہے شب سے بیتاب	کسنے یاد اوسکے تبسم کی دلائی مجھکو
ہاتھ سے آبلہ پائی کے بتنگ آیا ہون	کوچۂ یار تلک کب ہو رسائی مجھکو
جان گر تن سے جدا ہو تو جدا ہو لیکن	جان منظور نہین تیری جدائی مجھکو
باغ ہستی کی وہین سوجھ گئی کیفیت	مے گلرنگ جو ساقی نے پلائی مجھکو
نہ ہوئی غم سے کسی طرح رہائی ہیہات	وصل کے دن بہی رہی خوف جدائی مجھکو
بیٹھہ کر پہلو سے میرے جو گیا اوٹھہ وہ ہوس	فتنہ برپا ہوا آفت نظر آئی مجھکو

غزل انشا

ضعف آتا ہے دلکو تھام تو لو
بولیو مت ذرا اسلام تو لو

کون کہتا ہے بولو مت بولو
ہاتھ سے میرے ایک جام تو لو

ہم صفیرو چھٹو گے مت تڑپو
دم ابھی آ کے زیر دام تو لو

انہین باتون پہ لوٹتا ہون مین
گالی پھر دے کے میرا نام تو لو

ایک نگہ پر بکے ہے انشا آج
مفت مین مول ایک غلام تو لو

غزل آصف

تجھسا دلدار ہو اور ناز و خرام ایسا ہو
کیون نہ دل کفر سے منکر ہو جو رام ایسا ہو

لب مسیحا سے کرے بات تو ای مصحف رو
مردہ دل کیون نہ جیے جسکا کلام ایسا ہو

مین ہون صدقے ترے تو گالیان دے اے ظالم
بندگی ایسی ہو اور اس کا انعام ایسا ہو

زلف مشکین مین پرے پر دیہ دل کیون نہ پھنسے
ایسا صیاد ہو اور ہاتھ مین دام ایسا ہو

آرزو ہے کہ شب وصل میسر ہووے
مین ہون اور یار ہو اور گردش جام ایسا ہو

ملتجی مت ہو سوا ذات علی رض کے آصف
پھر تجھے چاہیے کیا جس کا امام ایسا ہو

غزل نیاز

عشق مین تیرے کوہ غم سر پر لیا جو ہو سو ہو
عیش و نشاط و زندگی چھوڑ دیا جو ہو سو ہو

عقل کے مدرسے سے اوٹھ عشق کے میکدے مین آ
جام فنا و بیخودی آب تو پیا جو ہو سو ہو

لاگ کی آگ لگ اوٹھی پنبہ طرح سا جل گیا
رخت وجود جان و تن کچھ نہ بچا جو ہو سو ہو

ہجر کی سب مصیبتین عرض کین جس کے روبرو
ناز و ادا سے مسکرا کہنے لگا جو ہو سو ہو

دنیا کے نیک و بد سے کام ہمکو نیاز کچھ نہین
آپ سے جو گذر گیا پھر اوسے کیا جو ہو سو ہو

غزل بے بدل سوز

مری جان جاتی ہے یارو سنبھالو
کلیجے مین کانٹا گڑا ہے نکالو

نہ بھائی مجھے زندگانی نہ بھائی
سب مجھے مار ڈالو سب مجھے مار ڈالو

خدا کے لیے اے مرے ہمنشینو
یہ بانکا جو جاتا ہے اسکو بلا لو

اگر وہ نہ آوے ہماری کو سے
تو منت کرو گھیری گھیری بلا لو

اگر وہ خفا ہو کے وہ گالیان دے
تو دم کھا رہو کچھ نہ بولو نہ چالو

کہو ایک بندہ تمھارا مرے ہے
اسے جانکنی سے تو جا کر نکالو

جلون کی بُری آہ ہوتی ہے پیارے
تو اس سوز کی اپنے حق مین دعا لو

غزل صبا

جو سونگھے اوس گل زیبا کے پیرہن کی بو
خوش آوے کب اوسے نسرین و نسترن کی بو

دماغ کیون نہ معطر ہو بلبل شیدا
ہر ایک گل سے جو آتی ہے چمن کی بو

خط آگیا ترے چہرے پہ اے گل خندان
گئی مزاج سے ابتک نہ بالپن کی بو

جو بیٹھا آن کے محفل مین وہ مرا گل رو
گئی وہ مست اوسی وقت انجمن کی بو

نشانی جب تری زلفون کی لیگئی ہے صبا
خطا سے جاتی رہی نافہ ختن کی بو

غزل نظیر

جدا کسی سے کسیکا غرض حبیب نہو
یہ داغ وہ ہے کہ دشمن کو بھی نصیب نہو

جدا جو ہمکو کرے اوس صنم کے کوچے سے
الٰہی راہ مین اب کوئی رقیب نہو

علاج کیا کرین حکما تپ جدائی کا
سوائے وصل کے اوسکا کوئی طبیب نہو

نظیر اپنا تو معشوق خوبصورت ہے
جو حسن اوس مین ہے ایسا کوئی عجیب نہو

غزل یوسف

دیکھکر اوسکے روے خندان کو
گل نے پرزے کیا گریبان کو

اوسکے ہونٹون کے آگے قدر نہین
لعل پھر جاوے گر بدخشان کو

آنکھ تیری شکار افگن ہے
کیون نہ بھاگے ہرن بیابان کو

گرم ہو کر نہ سوے نے یار کے ساتھ
آگ لگ جاوے اس زمستان کو

یاد آتی ہے صورت یوسف
کھولکر دیکھتے ہین قرآن کو

غزل انشا

کوئی اس دام محبت مین گرفتار نہو
اے خدا یہ تو کسی بندے کو آزار نہو

کیجیے اقرار کچھ ایسا کہ پھر انکار نہو
یعنے آپس مین کسی قول کی تکرار نہو

غیر کو صحبت دلدار مین کیون بار نہو
یعنے کیا معنی جہان گل ہو وہان خار نہو

دیکھ آئینہ مین منہ اپنا خریدار نہو
ناک چوٹی مین بس اتنی بھی گرفتار نہو

اوسکے ملنے سے گرانی ہی بن آجاتی ہے
نکہت گل کی طرح سے جو سبکسار نہو

کیا ہی خوش آیا یہ مقطع ہو کل انکا کسنا
آدمی کیا کہ جسے بوجھ نہو بھار نہو

سیر تو ایک طرف لاکھ غنیمت کہ یہان
سانس لینے مین کوئی شخص گنہگار نہو

جام اے ساقی گلفام وہ کس کام بھلا
آدمی پی کے جسے خوب ہی سرشار نہو

سطر منصور کے لوہو سے ہوئی یہ تحریر
یعنے سردار نہین وہ جو سردار نہو

نالۂ مرغ چمن نے اوسے بے خواب کیا
مجھے ڈر ہے کہ خفا مجھسے وہ دلدار نہو

ہے تو یہ قصد کہ چھیڑون اوسے لیکن کیونکر
مین جو چھیڑون تو بھلا مجھسے وہ بیزار نہو

کھول دیتا ہون ترے کان ابھی سن اے گل
ایسی تقصیر کبھی پھر خبردار نہو

آج ہے دھوم اسیران قفس آتے ہین
جا کے دیکھو تو کوئی تازہ گرفتار نہو

بخت بیدار اگر خواب مین مجھکو یاد آوے
تو وہ پھر تا بقیامت کبھی بیدار نہو

کہہ غزل اور دعا یہ بھی دے انشا ایسا
کوئی اوس یوسف مصری کا خریدار نہو

غزل ذوق

اس بلندی پہ دیا عشق نے پہونچا ہمکو
کہ فلک آیا نظر خال سے چھوٹا ہمکو

ہم وہ مجنون ہین کہ دل اپنا ہے صحرا ہمکو
اور جون خیمۂ لیلے ہے سویدا ہمکو

رکھہ مکدر بس اب اے چرخ نہ اتنا ہمکو
ہمنے جانا کہ کیا خاک سے پیدا ہمکو

ہووے گا کشتی طوفان زدہ تابوت اپنا
آگیا اپنے اگر رونے پہ مرنا ہمکو

اور ہم دردکہان ہونہوا ے حضرت دل
دروا ب تمکو ہمارا ہو تمھ را ہمکو

پھینک کر شیشۂ دل ہاتھہ سے کہتا ہے وہ مست
کیا بنایا تھا ہتیلی کا پھپولا ہمکو

نخل خرما کی طرح باغ محبت مین ملا
کثرت زخم سے اک خلعت زیبا ہمکو

تن سے کیا جان کہ دل اپنے نکلنے پاوے
ہو بشرطے ترے آنے کا بھروسا ہمکو

آچکی ہے سر گرداب فنا کشتی عمر
ہر نفس باد مخالف کا ہے جھونکا ہمکو

ہم گئے جسکی طرف جون گل بازی اوسنے
پاس آنے نہ دیا دور ہی پھینکا ہمکو

رشک تھا اپنے نوشتے مین کہ اس نوخط نے
خط لکھا غیر کو اور بھول کے بھیجا ہمکو

ایک دم عمر طبیعی ہے یہان مثل حباب
فکر امروز ہے نہ ہے نہ فردا ہمکو

کیا ستم ہے کہ نہ اپنے قطع رہ عشق فلک
آرہ سان دیوے [illegible] ہمکو

دل مین ہے قطرۂ خون چند سو مانند حباب
نہ ہی وہ بھی جب نفت [illegible] ہمکو

ہمتو کہتے تھے کہ ذوق انکی تو زلفونکو نہ چھیڑ
اب وہ برہم ہے تو [illegible] ہمکو

غزل سودا

بہار باغ ہو مینا ہو جام صہبا ہو
ہوا ہو ابر ہو ساقی ہو اور دنیا ہو

روا ہے کہہ تو بھلا اے سپہر بے انصاف
ریا و زہد جھپے راز عشق [illegible]

بھرا ہے ساغر ابر دل ہمارا بھی
کہ ایک لہر میں روے زمین [illegible]

جو مہربان ہے سودا کو مغتنم جانین
سیاہی زلف [illegible]

غزل وحشت

زخم جدائی دل پہ لگا گر اس پہلو گہ اوس پہلو
[illegible] گہ اوس پہلو

وہ خواب مین ہم آغوش ہوا اور کھلی آنکھ [illegible]
[illegible]

ہیہات کہاں اب ہاتھ لگی وہ رشک پری ہم بر صنم
پالیں بیٹھا جسکے ہاتھ مرا گہ اس پہلو گہ اوس پہلو

تھا خواب عدم میں حسرت آسی کے عشق جگایا تو نے مجھے
اے یار تڑپتا ہوں میں پڑا گہ اس پہلو گہ اوس پہلو

پہلو سے لگا کر پہلو کو مجھہ پاس نہ بیٹھا تو وحشت سے
اے یار یہ اشک خار چبا گہ اس پہلو گہ اوس پہلو

غزل سوز

تا در کوے صنم یا تو مجھے پہونچا دو
یا ابھی دل کو مرے پاس سے اوسکو لا دو

رسم و آئین اسیری کی مجھے یاد نہیں
نو گرفتار ہوں اے ہم قفسو سکھلا دو

سانس لینے دو چھری نیچے شتابی کیا ہے
ذبح تو کرتے ہو ٹک صبر کرو جتلا دو

ہنسو اور توقع تو نہیں تمسے اب
آتش عشق تو دامن سے بھلا بھڑکا دو

درد ہی سوز ہے دنیا میں غریبونکی بساط
شاعری تمکو مبارک یہ رہے شتا دو

غزل میر تقی

منعقد کاش مجلس مل ہو
درمیاں تو ہو سامنے گل ہو

گر میاں متصل رہیں باہم
نہ تساہل ہو نا تغافل ہو

اب دھواں یوں جگر سے اوٹھتا ہے
جیسے پر پیچ کوئی کاکل ہو

نہ تو طالع نہ جذب پھر دل کو
کس بھروسے پہ ٹک تحمل ہو

لگ نہ چل اے نسیم باغ کہ میں
رہگیا ہوں چراغ ساگل ہو

اوٹھہ چلا لالہ ساں رہا تو کیا
داغ بھی ہو تو کوئی بالکل ہو

طول رکھتا ہے درد دل میرا
لکھنے بیٹھوں تو خط ترسل ہو

ہو جو مجھہ بادہ کش کے عرس میں تو
جب کہ قلقل سے شیشے کے قل ہو

دیر رہنے کی جا نہیں یہ چمن
بوے گل ہو صفیر بلبل ہو

مجھہ دیوانے کی مت ہلا زنجیر
کہیں ایسا نہو کہ پھر غل ہو

منکشف ہو رہا ہے حال مرا
کاشکے ٹک یار کو تامل ہو

غزل کنور

تم سبھون کا یار ہو محبوب ہو — ہر طرح اچھا ہو خوش اسلوب ہو
قتل کرتا ہے ہمین یا نہ وہ شوخ — دیکھیے کیا اوسکے تئین مرغوب ہو
ایک حالت پر نہین رہتا مزاج — شیخ جی تم ہو نہ ہو مجذوب ہو
شکر اللہ اوسکے پاس اسوقت شیخ — عاشقون مین تم بھی ایک محبوب ہو
جان و دل تو کر چکا تیرے نثار — سر تلک بھی دون اگر مطلوب ہو
کیا برا ہے رسم شہر عشق کا — وصل وو دل ایک جا معیوب ہو
سہے کھڑا عاشق تمہارا وہ کنور — گر بلا لیجے تو اوسکو خوب ہو

غزل انشا

چھیڑنے کا تو مزا تب ہے کہو اور سنو — بات مین تم تو خفا ہو گئے لو اور سنو
تم کہوگے جسے کچھ کیون نہ کہے گا تمکو — چھوڑ دیوے گا بھلا دیکھہ تو لو اور سنو
یہی انصاف ہے کچھہ سوچو تو دل مین اپنے — تم تو نشلو کہہ لو مری ایک نہ سنو اور سنو
اتنو کچھہ اتنے خفا ہو کے کہو ہو مجھہ سے — ہے قسم تمکو میرا نام تو لو اور سنو
غرض احوال میر اسنکے جھڑک کر بولے — جا ورے وا وز برو ہو چلو اور سنو
چلکے وہ ایک قدم دیکھتے ہو پھر یون کیون — گالیان سن تو چکے چاہتے ہو اور سنو
آپ ہی آپ مجھے چھیڑ دو کو پھر آپ ہی — آپ ہی بات مین پھر روٹھہ او ٹھکو اور سنو
آفرین لین نہ یہی چاہیے شاباش تمہین — دیکھہ روتا مجھے یون ہنسنے لگو اور سنو
بات میری نہین سنتے جو اکیلے مل کے — ایسی ہی ڈھب سے سناؤن کہ سنو اور سنو
شکوہ سند آپسے انشا ہو سو اسکا کیا دخل — تم نہ مانو تو کہون چل کے چھپو اور سنو

غزل سودا

بلبلان سب تی آئین باغبان رو دیجیو — آنسوے شبنم ستی حوض و نہر بھر دیجیو

یہ وصیت کر کے بلبل باغبان سے مر گئی
کہہ گئی تجھکو جگہ تحت چمن پر دیجیو
بعد میرے دفن کے تو قل پڑھا چاہے اگر
کھود کر ہر بیخ گل کو صاف مٹی دیجیو
پھر قدم چالیس ہٹ کر آکے تربت پر مرے
فاتحہ کی جا سے پر تعریف گل کی کیجیو
یاد تھا مدت سے سودا کے تئین یہ ماجرا
آج دیوان ظاہر نہین کچھ عیب اسکا کیجیو

غزل مومن خان

اوٹھے وہ شکوے کرتے ہوے اپنی ادا کے ساتھ
بیطاقتی کے طعنہ ہین عذر جفا کے ساتھ
پھر عیادت آئے ولیکن قضا کے ساتھ
دم ہی نکل گیا مرا آواز پا کے ساتھ
بے پردہ غیر پاس اوسے بیٹھا نہ دیکھتے
اوٹھ جاتے کاش ہم بھی جہان سے حیا کے ساتھ
شاید وہ لالہ رو گیا گلگشت باغ کو
کچھ رنگ و بوے گل کی عوض ہے صبا کے ساتھ
اوسکی گلی کہان ہے یہ کچھ باغ خلد ہے
کس جا ہے مجھکو چھوڑ گئی موت لا کے ساتھ
آتی ہے بوے داغ شب تار ہجر مین
سینہ بھی چاک ہو نہ گیا ہو قبا کے ساتھ
گلبانگ کسکا شورۂ قلقل ہو گیا
کچھ آئی بوے خون وہان کی ہوا کے ساتھ
تھے وعدے سے پھر آنیکے خوش یہ خبر نہ تھی
ہے اپنی زندگانی اوسی بیوفا کے ساتھ
اللہ ری گمرہی بت و بتخانہ چھوڑ کر
مومن چلا ہے کعبے کو ایک پارسا کے ساتھ

غزل ولی

سن تو دل کیون توڑا اس بت عیار کے ہاتھ
کوئی آتا ہے بھلا ایسے ستمگار کے ہاتھ
دام مین آن کے صیاد سے بلبل نے کہا
بیچیا مجھکو کسی آئینہ رخسار کے ہاتھ
بوسے اون ہاتھون کے لیتا ہون ہر دم ہر آن
کیونکہ مدت سے رہے ہاتھ نہین دلدار کے ہاتھ
جلد پھیر اوسکو ملا دے یا مجھے دو پٹے
ایسی ہی بات درے حضرت غفار کے ہاتھ
حشر کا خوف ولی کو تو نہین ہے واللہ
یاں ہے شفاعت یہ وہان احمد مختار کے ہاتھ

غزل میر تقی

عز و وقار کیا ہے کسی خود نما کے ہاتھ
ہے آبرو فقیر کی شاہ و ولا کے ہاتھ

بٹھلا دیا فلک نے زمین نقش پا کے رنگ
اوٹھنا ہمارا خاک سے ہے اب خدا کے ہاتھ

انکھوں میں آشنا تھا مگر دیکھا تھا کہیں
تو گل کل ایک دیکھا ہے میں نے صبا کے ہاتھ

دیکھ اوسکو مجھکو یاروں نے حیران ہو گیا
کس ڈھب سے لگ گیا ہے یہ گوہر گدا کے ہاتھ

دلکی گرہ نہ ناخن تدبیر سے کھلی
عقدہ یہ کھلے گا میر یہ مشکل کشا کے ہاتھ

غزل انشا

یہ چھپا ئیے اپنے جمال کی کام منہ کو موڑ دیکھ
گردن کی یہ لچک یہ کمر کی مروڑ دیکھ

پیکان تیر آہ سے آلودہ زہر سے
باور نہو تجھے تو مرے دل کو توڑ دیکھ

میں نے کہا کہ عشق کو اب چھوڑتا ہوں خیر
بولا کہ سے سنا و سے ہی اچھا چھوڑ دیکھ

چوکھٹ پہ میں نے اوسکے جو پٹکا یہ سر کہا
دروازہ کھولتا ہوں سر اپنا نہ پھوڑ دیکھ

جوڑی جو اوسنے مجھسے تو توڑی رقیب نے
انشا تو اپنے یار کے یہ توڑ جوڑ دیکھ

غزل سودا

کہاں وہ نور کا شمس و قمر میں ہے شعلہ
جو حسن یار کا اپنی نظر میں ہے شعلہ

نظر کرو وہ بنا گوش گوشواروں میں
کہ بحر حسن کے ہر ایک گوہر میں ہے شعلہ

غضب جو ذرہ دل اوسکے میں تو کم جان
کہ سنگ میں ہے شرر اور شرر میں ہے شعلہ

شرر سے کم نہیں آتا ہے گرم قطرۂ اشک
یہ عاشقوں کی مگر چشم تر میں ہے شعلہ

سموم عشق کی تاثیر نے جلا مارا
تری بھی ای نفس سرد تر میں ہے شعلہ

سدا تلاش میں یار و اس آتشیں خو کے
یہ رات دن مہ و خور کا سفر میں ہے شعلہ

ندی تو نالہ یہ تکلیف ہمصفیر سے مجھے
کہ نالہ یہاں نہیں اس مشت پر میں ہے شعلہ

یہ تکمے کی سے ہے جھلک یار کے گریبان پر
کہ جیسے مہر کا جیب سحر میں ہے شعلہ

بتان کا عشق بھی سودا برا ہے شعبدہ باز
کہ دل کے سوختہ گو اس ہنر میں ہے شعلہ

غزل صاحب

گر تجھے قتل ہے منظور چل آ بسم اللہ
تیغ موجود ہے حاضر ہے گلا بسم اللہ

ہم تو حاضر ہین نہ کرتے ہین ترا حکم عدول
خون دل تو جو پلاتا ہے پلا بسم اللہ

دیکھیے اپکی ملاقات ہے مجھے کب ہو نصیب
ہجر مین تیرے مرا دل تو جلا بسم اللہ

اسطرح خوب نہین جان کا دینا بسمل
در ایوان پہ ٹک تڑپ تو بھلا بسم اللہ

گر تعقد ہے تجھے حال پہ صاحب کے سخن
زخم دل کا تو اب اوسکے نہ سلا بسم اللہ

غزل مشتاق

کیا ہجر مین تڑپتا دل بیتاب ہے واللہ
سیماب ہے سیماب ہے سیماب ہے واللہ

تاب رخ دلدار سے ہمتاب ہو خورشید
کیا تاب ہے کیا تاب ہے کیا تاب ہے واللہ

جو نیچے مژگان مین ترے گوہر آنچو
نایاب ہے نایاب ہے نایاب ہے واللہ

کہتا ہے وہ شمشیر دکھا تشنہ لبون کو
کیا آب ہے کیا آب ہے کیا آب ہے واللہ

مشتاق ہین کر کے بھلے آئے جناب آپ
آداب ہے آداب ہے آداب ہے واللہ

غزل رمضان علی دوام

تمکو مبارک ہووے ناز و ادا واہ واہ
سب سمجھے ہو کیا خوب ہی تم نام خدا واہ واہ

فخر جہان ہو تمھین مقصد جان ہو تمھین
کیون نہ کہین تمکو سب شاہ و گدا واہ واہ

یوسف مصری کہان اور یہ خوبی کہان
دیکھ تمھین خلق مین شور سا اوٹھا واہ واہ

اسلیے آئے ہین دیکھکے جاوین تمھین
بندہ نوازش تمھین جو ہو رضا واہ واہ

تکے گلی مین ترے صبح کو اور شام کو
تیری گدائی میان یہ ہے صدا واہ واہ

کمترین رمضان کہین دیکھ کے جلوہ ترا
سر کو جھکا با ادب صل علی واہ واہ

غزل جرات

امشب کسی کاکل کی حکایات ہے واللہ
کیا رات ہے کیا رات ہے کیا رات ہے واللہ

دل چھین لیا اوسنے دکھا دست حنائی
کیا ہاتھ ہے کیا ہاتھ ہے کیا ہاتھ ہے واللہ

عالم ہے جوانی کا جو اوبھرا ہوا سینہ
کیا گات ہے کیا گات ہے کیا گات ہے واللہ

دشنام کا پایا جو مزا اوسکے لبون سے
صلوات ہے صلوات ہے صلوات ہے واللہ

جرأت کی غزل جسنے سنی اوسنے کہا واہ
کیا بات ہے کیا بات ہے کیا بات ہے واللہ

غزل سودا

غیر پہ نت ہے کرم ہم پہ ستم واہ واہ
دیکھ لیا بس تجھین تجھنے صنم واہ واہ

مہر کرے یا جفا جسمین ہو اوسکی رضا
اوسکی رضا مین سدا گذرے ہے جو دم واہ واہ

سبز کیا کشت کو برس کے عالم مین تو
ٹک تو ادھر بھی کبھو ابر کرم واہ واہ

خانۂ مشرب کی دیکھ تازہ بنا کو کہ ہم
کہتے ہین نت ساکن دیر و حرم واہ واہ

لکھنے لگے جو کوئی ریختہ سودا کیطرح
اوسپہ زبین ہے ہوتا ہیچ و قلم واہ واہ

غزل مظہر

اوس کو تو بھیجنا ہے مجھے خط صبا کے ہاتھ
اسواسطے لکھا ہے چمن مین ہوا کے ہاتھ

برگ حنا پر لکھو ہون احوال دل میرا
شاید کبھی تو جا لگے اوس دلربا کے ہاتھ

آزاد ہو رہا ہون دو عالم کے قید سے
مینا لگا ہے جب سے مجھے بینوا کے ہاتھ

ڈرتا ہون میرزائی تری دیکھ ہر سحر
سورج کے ہاتھ جو پڑے دیکھی صبا کے ہاتھ

مظہر چھپا کے رکھ دل نازک اب اسکے تئین
یہ شیشہ بیچنا ہے کسی میرزا کے ہاتھ

غزل درد

ہر طرح زمانے کے ہاتھون مین ستم دیدہ
گر دل ہو تو آزردہ خاطر ہو تو رنجیدہ

ہم گلشن دوران مین از خفتگی طالع
سر سبز تو ہون لیکن جیون سبزۂ خوابیدہ

اے شور قیامت رہ اودھر ہی مین کہتا ہون
چونکے ہے تو بھی یہان ہے کوئی دل شوریدہ

اور روبرو تو ہنستے ہو نظرون سے ملا نظرین
ایدھر کو نگہ کوئی پھینکے بھی تو دزدیدہ

بدخواہ بھی جو عالم کو ہووے تو ہو لیکن — یارب نہ کسی کے ہون دشمن یہ دل و دیدہ
کرتا ہے جگہ دل مین جون ابروی پیوستہ — ای درد یہ تیرا ہے ہر مصرعہ چسپیدہ

غزل میر تقی

نظر آیا تھا صبح دور سے وہ — پھر چھپا خور سا اپنے نور سے وہ
جز برادر عزیز یوسف کو — نہین لگتا کبھی غرور سے وہ
دیکھین عاشق کا جی بھی ہے کہ نہین — تنگ ہے جان ناصبور سے وہ
کیا تصور مین پھرے ہے صورت — کہ سرکتا نہین حضور سے وہ
خوبی اس خوبی سے بشر مین کہان — خوب تر ہے پری و حور سے وہ
دل لیا جس حزین کا تو نے شوخ — دی گیا جی ہے یک سرور سے وہ
خوش ہین دیوانگی میر سے سب — کیا جنون کر گیا شعور سے وہ

غزل انشا

تو جب مجھ سے لگا کہنے کہ چل ہٹ کے پرے بیٹھ — یون مجھ سے لگا شان جتانے نہ ارے بیٹھ
کب تک تو ڈراتا ہے پھرے ہاتھ مین لے تیغ — غصہ تو کہین جا ڈبو دے بس خیر سے بیٹھ
تو دوڑ کے آتا ہے مجھے چھیڑنے شب کو — نادان یہ بھلا کون ہے سوچین نہ ارے بیٹھ
کیسا ہی ملا کیون نہ وہ بیٹھا ہے مرے پاس — کہتا ہون بھی اس سے کہ ٹک اور ورے بیٹھ
انشا کہین ہنس بول مرا جی نہ کڑھا بس — مت ہاتھ کو اسطرح سے تو سر پہ دھرے بیٹھ

غزل ذوق

ترے کوچے کو وہ بیمار غم دار الشفا سمجھے — اجل کو جو طبیب اور مرگ کو اپنی دوا سمجھے
نگہ کیا اور مژہ کیا ہم تو دونون کو بلا سمجھے — اوسے تیر قضا اوسکو پر تیر قضا سمجھے
شہیدان محبت خوب آئین وفا سمجھے — بہا رخون کو قاتل مین اپنے خون بہا سمجھے
تری کچھ تلخکامی اس زندگانی کا مزا سمجھے — کہ جو زہر آب تیغ یار کو آب بقا سمجھے
ہم اک گردش مین سو انداز ناز فتنہ زا سمجھے — فلک کو ہم کسی کافر کی چشم سرمہ سا سمجھے

ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم وفا سمجھے
اور اس پر بھی نہ وہ سمجھے تو اوس بت سے خدا سمجھے

برائی میں بھلا ہے وہ اگر اپنا بھلا سمجھے
برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے

سب سمجھے اے سنگدل آرام جان دلربا سمجھے
پڑین پتھر سمجھ پر اپنی ہم سمجھے تو کیا سمجھے

وہ ہے خاکساروں کو جب اپنا خاک پا سمجھے
ہم اپنی خاکساری اپنے حق مین کیمیا سمجھے

تری کشتی جو یوں غرق آب عدم سے یک بیک نکلے
مگر شور قیامت کو تری آواز پا سمجھے

نسیم صبح گلشن مین اگرچہ ہو دم عیسے
ترا بیمار غم تجھ بن سموم جانگزا سمجھے

روان ہوتا ہے اوس لبستان سے مرا کاروان تحمل
چٹکنے کو صبا غنچہ کی آواز درا سمجھے

حساب اصلا نہ سمجھے سمجھے پیر گنتے زخموں کا
حساب دوستان دردل اگر وہ دلربا سمجھے

اگر دلکو نکالا چیر کر پیکان تو سینے دو
کہ عاشق اپنے پہلو مین اوسیکو دلکی جا سمجھے

کیسے آہ رسا میری جو سیر عرش بالا
فلک کو بھی یہ ہین یک آبلہ سا زیر پا سمجھے

ہنسے ہین زخم دل تدبیر پر جراح کے کہدو
او نہین ٹانکے نہ سمجھے خندۂ دندان نما سمجھے

محبت سے قضا اگر موم ہو اوس سنگدل کا دل
دل شکستہ میرا اپنے حق مین مومیا سمجھے

خدا آیا ہے مین کہ نامہ پر لکھا نصیبون کا
کرین گے کیسے خط کیا مدعی کہہ رہا سمجھے

سمجھے آتا ہے رشک اس رندی آشام پر ساقی
نہ جو درع ما کدر جانے نہ جو خذ ما صفا سمجھے

نہ آیا خاک بھی رستہ سمجھ مین عمر رفتہ کا
مگر سمجھے تو نقش معصیت کو نقش پا سمجھے

خبر سنتے ہی قاصد سے ہوئے ہم بے خبر بالکل
ترے پیغام کو گویا کہ پیغام قضا سمجھے

نحوست بھی سعادت ہوگئی زلفوں مین جو تو نے
گلیم تیرہ بختی سر پہ ہم ظل ہما سمجھے

کشادہ کار ہمنے پنجۂ تقدیر کو سو بنیا
گرہ کے ناخنون کو ناخن انگشت پا سمجھے

بلا اوس زلف کے مصرع مین ہے مضمون پیچیدہ
اوسی سے یہ کھلے جو معنی ناز و ادا سمجھے

ہوا نے زلف کو چھیڑا اور اپنا دل لرزتا ہے
کوئی جانے تو کیا جانے کوئی سمجھے تو کیا سمجھے

سمجھ مین تیری نہین آتی ہے کوئی بات ذوق ایسی
کہین ایسا نہ ہووے ہم سے وہ کافر خدا سمجھے

غزل مومن خان

کشتۂ حسرت دیدار ہین یارب کس کے
نخل تابوت مین جو پھول لگے نرگس کے

وہ چلا جان چلی دونون یہان سے کھسکے
اوسکو سمجھا ہون کہ اسکے پاؤن پڑون کس کس کے

پاؤن تربت پہ مرے دیکھ سنبھلکر رکھنا
چور ہے شیشۂ دل سنگ ستم سے پسکے

مجھکو مارا یہ مرے حال تغیر نے کہ ہے
کچھ گمان اور ہے دھڑکے ہین دل مونس کے

کس پری رو کی ستمگر سے ملا دل افسوس
کس پہ دیوانہ ہوا ہوش گئے ہین اس کے

بخت پروانے سے قربان عدو ہون یعنے
آگ مین جاے ہے وہ گرد پھرون ہون جس کے

لہ رشک نہو باعث دردسر مرگ
غیر کے سر پہ لگاتا ہے وہ صندل گھس کے

لذت مرگ سے ہجران سے دعا ہے کہ خدا
یہ مزا ہو نہ نصیبون مین کسی بیکس کے

کیون نہ ہم شمع کے مانند جلین دور کھڑے
جب عدو باعث گرمی ہون تری مجلس کے

مومن سے بھی ہین مدعی طبع روان
واہ افکار تر ان اور حسد ابلیس کے

غزل نصیر

جدھر وہ ماہ لقا صبح جلوہ گر ہو جاے
مرا بھی جون گل خورشید منہ ادھر ہو جاے

کسیکا تشنۂ خون وہ نگار گر ہو جاے
تو اوسکے آگے حنا ہاتھ باندھکر ہو جاے

تصور اوسکے ہی آنکھون کا روز و شب ہمکو
دل اپنا کیون نہ وہ عالم سے بیخبر ہو جاے

شکایتون کے قدونکا یہ ہے خیال مجھے
جو دل سے آہ بھی نکلے تو نیشتر ہو جاے

شتاب اوسپہ کھلے ماجرا اسے دل اپنا
سرشک چشم اگر تو پیامبر ہو جاے

الہی عشق مین جون جون کہا ہی تیری قدم
اسی قدم پہ مری زندگی بسر ہو جاے

وہ جام مے مین نہ کیون دیکھے عکس رو ساقی
رگ سحاب جو مژگان چشم تر ہو جاے

ہمارے سر پہ یہ پانی چڑھا ہے سوز ترے
رگ سحاب جو مژگان چشم تر ہو جاے

ترے کرم سے محبت کا آہ سر رشتہ
درست اس سے خدایا یہین اگر ہو جاے

توسو طرح سے میرا متصل رشتہ تسبیح
یقین ہے مجھکو کہ دلمین بتون کے گھر ہو جائے

خدا دکھائے کہین روئے روز وصل نصیر
شب فراق شتابی سے کٹے سحر ہو جائے

غزل درد

ارض و سما کہان تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے یہ کہ جہان تو سما سکے

وحدت مین تیرے حرف دوئی کا نہ آسکے
آئینہ کیا مجال تجھے منہ دکھا سکے

مین وہ فتادہ ہون کہ بغیر از فنا مجھے
نقش قدم کی طرح نہ کوئی اوٹھا سکے

قاصد نہین یہ کام ترا اپنی راہ لے
اسکا پیام دل کے سوا کون لا سکے

غافل خدا کی راہ پہ مت بھول زینہار
اپنے تئین بھلا دے اگر تو بھلا سکے

یارب یہ کیسا ظلم ہے ادراک فہم یہان
دوڑے ہزار آپ سے باہر نجا سکے

گو بحث کر کے بات بنائی تو کیا حصول
دل سے اوٹھا غلاف اگر تو اوٹھا سکے

اطفاء نار عشق نہو آپ سے کبھی
یہ آگ وہ نہین جسے پانی بجھا سکے

مست شراب عشق وہ بیخود ہین جسکے شعر
اسے درد چاہیے لائے بخود پھر نہ لا سکے

غزل میر تقی

پسند زلف کرے قید یا کمند کرے
پسند اسکی ہے وہ جسطرح پسند کرے

ہمیشہ چشم ہے نمناک ہاتھ دل پہ ہے
خدا کسیکو نہ ہمسا کبھی دردمند کرے

بڑون بڑون کو جھکاتی ہے سربلندی دم
بالٹکے تیغ وہ اپنی اگر بلند کرے

بیان جلکے ہی جلنے کو کرے محفل مین
اچھلنے کودنے کو ترک گر سپند کرے

نہ مجھکو راہ سے بیجا سے مکر دنیا کا
ہزار رنگ یہ فرتوت گو چھند کرے

سوا اسکے بڑی داڑھی مین ہے کیا اے شیخ
کہ جو کوئی تجھے دیکھے سو ریش خند کرے

دکھاوے آنکھ کبھو زلف کھول منہ پہ کبھو
کبھو خرام سے رستے کے رستے بند کرے

اگرچہ سادہ ہے لیکن بتون دل کو
ہزار پیچ کرے لاکھہ رکھہ فند کرے

سخن یہی ہے جو کہتے ہین شعر سب ہے سحر | زبان خلق کو کس طرح کوئی بند کرے

غزل آتش

بہار آئی مراد چمن خدا نے دی | شگفتہ غنچے ہوئے بو سے گل صبا نے دی
دکھائے روی مخطط نے یار کے اعجاز | گلیم پوش کو پیغمبری خدا نے دی
گئی ہے دیر سے اب تک بھری تہین شاید | در قبول کے اوپر دہی دعا نے دی
عزیز داغ محبت کو رکھتے ہم آتش | نشانی اپنی یہ کس لالہ گون قبا نے دی

غزل ناسخ

نہ فقط چاہ مجھے قامت دلدار کی تھی | مثل منصور زمانے کو ہوس دار کی تھی
ہر خریدار کو تھا مرتبہ موسائی کا | آتش طور سے گرمی تری بازار کی تھی
جو ترا تختہ دیوار نظر آتا تھا | صاف تصویر مری دیدہ بیدار کی تھی
تھا مجھے بال ہما سر پہ نگاہ دیوار | چھاؤن جب دن کو مرے سر پہ تری دیوار کی تھی
آشنا تھا نہ کبھی پائے نگہ کانٹون سے | رات دن دید مجھے گلشن بیخار کی تھی
چند روز گلشن رخسار ترا تھا بیخار | کون بلبل تھی کہ خواہش جسے گلزار کی تھی
تھا تری نرگس کے گون سے زمانہ بدمست | ت کسی رند کو کب خانہ خمار کی تھی
چہرہ آتش کدہ ابرو بھی تھے محراب حرم | گردن آگے تری خم کافر و دیندار کی تھی
صلحنامہ جو لکھا تیرے خط مشکین نے | نہ رہی جنگ جو کچھ میری اور اغیار کی تھی
ہو گیا سبزہ خط اسکو شفا کے بوٹے | نہیں سودا اور دوا کیا دل بیمار کی تھی
ہے نا امید رہائی کی دل ناسخ کو | لاکھ زنجیر تری گیسوئے خمدار کی تھی

غزل قطب

کس شان سے آتی ہے یہ چالاک بنی تھی | اور پہنے ہوئے سرخ ہی پوشاک بسنتی
ہون شہید رہ عشق مین ہم کس کے گرفتار | کیون رکھتی ہے یہ سینہ کشین بیباک بسنتی

ہم ہین ترے مشتاق ذرا آ کے لپٹ جا
فرقت مین ترے ہوگئی بس خاک کی بستی

گل کیا ہے جو پھولے ترے سامنے گلشن مین عزیزو
اور باد صبا جھاڑے ہے خاشاک کی بستی

کیونکر نہ قطب ہووے فدا جان و جگر سے
ہوتا ہے تصدق ترے افلاک کی بستی

غزل انشا

نگہ ہے اوس پری کی سحر چتون ایک آفت ہے
معاذ اللہ جو دیکھے اسطرف یہ کس کی شامت ہے

چمن ہے جام صہبا ہے گھٹا ہے یہ جا خلوت ہے
اگر ایسے مین آجاوے تو صاحب وقت فرصت ہے

رگڑنے وہ مجھے تلووں سے تا تو اپنی آنکھین تم
تصدق مین تمھارے جاؤن اس سے مجھکو راحت ہے

مبادا جھاڑ کر پیچھے ہٹ جاوے کہین وحشت
ترے تیور نظر آتے ہین اس سے مجھکو دہشت ہے

بھلا کیونکر نہ غش ہوں ہم کروں دن وضع کی آہین
لطافت ہے ملاحت ہے نزاکت ہے صباحت ہے

مجھے کیون گالیان دیتے ہو بیجا کرکے ناحق تم
ارے مکتب کے لڑکو ہین بھلا یہ کیا شرارت ہے

بھلا انکو بھی صاحب کو آنے دو کہون گا مین
کہ ای حضرت سلامت آپ بیٹھے جیسی نیت ہے

ولے ہے پاؤن شوخی مین یہ شاگرد ان نے صاحب کے
یہان چھٹی ملی ان کو تو اک برپا قیامت ہے

کسی کا منہ چڑھانا سیکھے ہے تیرے کہنا
سدھارے آپ مسجد کو یہان ہوتی قباحت ہے

کتابون پر پڑی دیکھو بچے ہے تماشا طفلون کی
اگر خیال کے نظر کیجے تو یہان کیسے طرفہ صحبت ہے

مراتب غوث کا ملتا ہے اجزا گلستان کو
نہایت شیخ سعدی کی یہان ہوتی فضیحت ہے

وہ آئے ہین کہ نیلا کھیس اوٹھ سے سلتے جو جو
غرض تم صاحبون کی خوب اب ہوتی ضیافت ہے

نہین تو کچھ مجھے دیتے ہیں کہو سب ال کے لئیں
مزے سے کھیلو کودو لوٹو پوٹو یہ فراغت ہے

بدل کر قافیہ انشا غزل اب اور کوئی پڑھ
خدا کے فضل سے تجھکو فصاحت ہے بلاغت ہے

غزل مومن

سینہ کوبی سے زمین ساری ہلا کے اوٹھے
کیا علم دھوم سے تیرے شہدا کے اوٹھے

آج اوس بزم مین طوفان اوٹھا کے آئے
یہان تلک روئے کہ اوسکو بھی رولا کے اوٹھے

دلسے کیونکر نہ دھوان ساتھہ بہولکے اوٹھے
شعلہ ہائے تپ غم سینہ جلاکے اوٹھے

گر نہو دلمین خیال نگہ خواب آلود
درد کیا کیا اثر خفتہ جفا کے اوٹھے

شمع کے چور کا محفل مین جو مذکور ہوا
دل جرا بیٹھی تہی جب آنکھہ چرا کے اوٹھے

گو کہ ہم صفحۂ ہستی پہ ہین ایک حرف غلط
لیک اوٹھی کبھی تو اک نقش بٹھا کے اوٹھے

ہو عذاب شب یلدا سے رہائی یارب
زلف منہ سے کہین اس مہر لقا کی اوٹھے

اف رے گرمی محبت کہ ترے سوختہ جان
جس جگہ بیٹھہ گئے آگ لگا کے اوٹھے

ہین دکھاتا تمھین تاثیر مگر یاتھہ مرے
ضعف کے ہاتھہ سے کب وقت دعا کے اوٹھے

سوزش دل سے ہوا کیا ہی مین پانی پانی
وہ جو پہلو سے پسینے مین نہا کے اوٹھے

جی ہی مانند نشان کف پا بیٹھہ گیا
پاؤن کیا کوچے سے اس ہوش ربا کے اوٹھے

شعر مومن کے پڑھتے بیٹھے اوسکے آگے
خوب احوال دل زار سنا کے اوٹھے

غزل سودا

گوہر کو جوہری او صراف زر کو پرکھے
ایسا کوئی نہ دیکھا وہ جو بشر کو پرکھے

وہ شخص بار خاطر ہرگز نہو کسی کا
جسکا ندیم ہووے اوسکی نظر کو پرکھے

جوہر نہووے جسمین جوہر شناس کسکے
جو صاحب ہنر ہے وہ ہی ہنر کو پرکھے

دُر سخن کے خواہان دو یار ہین جہان مین
جسمین نہ جھوٹے سچے کوئی گہر کو پرکھے

خاطر مین جو نہ لاوے رکھا ہی ابر نیسان
جو قطرہ ہای اشک مژگان ترکو پرکھے

سب سمجھے کہ چشم عاشق یاقوت کا ہی معدن
ظالم اگر تو میرے لخت جگر کو پرکھے

دُر سخن کو اپنے پرکھا لے آدمی سے
ہرگز نہ کہہ تو سودا ہر جانور کو پرکھے

غزل عارف

گر نہین شوخی سے کہون ہے تری ہمسر بجلی
تو گرے مجھپہ ترے قد کے برابر بجلی

بہو نہس ہنس کے وہ باتین جو کیا کرتے ہین
بذلہ گو کہتے ہین برسائے ہے گوہر بجلی

تیرا دیدار ہے تسکین دہ مضطر جان | ہوئی بیتاب ترے کان کی کیونکر بجلی

لوٹتے لوٹتے مین فرق ہوا کرتا ہے | ایک دن دیکھ مرا تو دل مضطر بجلی
ہو وی رونے سی سوا کیون نہ شرر ریزی آہ | جوش بارش مین چمکتی ہے فزون تر بجلی
چین یکدم نہین بیتابی دل سے عارف | کسنے رکھ دی ہے مری سینے کے اندر بجلی

غزل انشا

تب سے عاشق ہین ہم ای طفل پریزاد ترے | جب سے مکتب مین لگا پڑھنے الف بے تے ثے
یاد آتا ہے وہ حرفون کا اوٹھانا مجھکو | جیم کے پیٹ مین یک نقطہ ہی اور خالی حے
حے کی بھر شکل جو اصل کی سی آتی ہے نظر | نقطہ جو اسپہ لگا دین تو ہوئی پھر وہ خے
دال کے کبڑے سے وا اسکے مرے قد کی شبیہ | ہے سو یک پانچ ہی بن بیٹھی ہی اور بن نقطے
ذال بھی چھوٹی بہن اسکی ہے جون آتو سجے | ایک پرکالہ سا ہے ساتھ ہے گھر مین اسکے
رے بھی خالی ہے ورے زی پہ بھی ہے یک نقطہ | کہ مشابہ ہے یہ تل سے مرے رخسار تلے
سین خالی ہے ٹرے شین پہ ہین نقطے تین | صاد اور ضاد مین بس فرق ہی یک نقطے سے
طوے ین طرہ ہے اور ظوے پہ ہے یک نقطہ | عین بے عیب ہے اور کان میان غین ہوے
فے پہ یک نقطہ ہے اور قاف پہ ہین نقطے دو | کاف بھی خالی ہے اور لام بھی خالی بچے
میم بھی یونہین ہے اور نون کے اندر نقطہ | مفلسا بیگ ہے یہ واو بھی اور چھوٹی ہے
کیا خلیفہ جی ہی ایسے بچپن سے نکلے | آگے چھوٹی دو ابھی لام الف ہمزہ سیے
گالیان تیری پہنتا ہے یہ **انشا** ورنہ | اسکی طاقت ہے کہے کوئی جو یہ اسکو سے لے

غزل خاکسار

اوسکے ملنے کی نہ سوجھی کوئی تدبیر مجھے | آہ دکھلاوے گی کیا دیکھیے تقدیر مجھے
وہ جہان کو مین کرون اوسپہ تصدق پل مین | اوسکی دکھلا دی بھلا جو کوئی تصویر مجھے
ایک بوسے کے سوا کچھ نہین مانگا ہے تمنے | جسکا جی چاہے اگر دیجیے تقدیر سے مجھے

آج ہے عید ذرا عید منا لو پیارے
شرط اسلام کی ہے کیجیے بغلگیر مجھے

تب تو جھنجھلا کے وہ بولا بت کافر مجھسے
آج یہان عید مین کیون کرتے ہو دلگیر مجھے

خاکساری کو نہین دولت و زر کی خواہش
خاکساری ہے بہت نسخۂ اکسیر مجھے

غزل آتش

چمنستان کی کہین نشو و نما پھرتی ہے
رت بدلتی ہے کوئی دن مین ہوا پھرتی ہے

خال مشکین کو تری کرتے ہین فتنے سجدے
عنبرین گیسوؤن کے گرد بلا پھرتی ہے

خاک چھنوا رہی ہے کوچۂ قاتل کی تلاش
ساتھ ساتھ اپنے خراب اپنی قضا پھرتی ہے

کج نگہ تو نے تو کی ہے سے کے سکتے ہین
آنکھ تیری بھی صنم مثل خدا پھرتی ہے

ملتجی جو ترے درگاہ کے ہین اے محبوب
[illegible] تشریف [illegible] پھرتی ہے

نشہ ہی نے نقاب رخ زیبا اولٹا
نشہ کرین کہان ان آنکھون کی حیا پھرتی ہے

قتل سے کس کو کرے دیکھیے ہنگام خرام
یہ قدم سے جو لگی انکے حنا پھرتی ہے

پاؤن تک یار کے پہنچے گی لٹک کر سر سے
پھیر لے سے کوئی وہ زلف رسا پھرتی ہے

وہ جنون خیز ہے وہ مایۂ سودا ہے زلف
دیکھتی ہے جو پری برہنہ پا پھرتی ہے

اپنے جامے سے ہو نہین بکیش مفلس باہر
رہن ہوتی ہوئی دستار و قبا پھرتی ہے

صبح محشر کے سوا صبح شب ہجر نہین
یہ بلا وہ نہین آتش جو بلا پھرتی ہے

غزل میرتقی

ہم نے جانا تھا سخن ہونگے زبان پر کتنے
پر قلم ہاتھ جو آئے لکھے دفتر کتنے

مین نے اس قطعۂ صناع سے سر کھینچا ہے
کہ ہر اک کوچے مین جسکے تھے ہنرور کتنے

کشور عشق کو آباد نہ دیکھا ہمنے
ہر گلی کوچے مین اوجڑے پڑے ہین گھر کتنے

آہ [illegible] جو یہ کس کی ہوس [illegible]
آگے [illegible] باغ مین آوارہ ہوئے ہین پر کتنے

[illegible] دستی
پھر بھی خاک مین ملتے ہین قد سرو کتنے

کب تلک یہ دل صد پارہ نظر میں رکھتی — اپنی آنکھوں میں سدا رکھتے ہیں دلبر کتنے

عمر گذری کہ نہیں دو وہ آدم کوئی — جس طرح دیکھیے عرصہ میں ہیں اب خر کتنے

تو ہے بیچارہ گدا میر ترا کیا مذکور — مل گئے خاک میں یہاں صاحب افسر کتنے

غزل ذوق

کب حق پرست زاہد جنت پرست ہے — حوروں پہ مر رہا ہے یہ شہوت پرست ہے

دل صاف ہو تو جلوہ معنی پرست ہو — آئینہ خاک صاف ہے صورت پرست ہے

درویش ہے وہی جو ریاضت میں چست ہو — تارک نہیں فقیر بھی راحت پرست ہے

جز زلف سوجھتا نہیں اے مردہ دل تجھے — خفاش تو نہیں ہے کہ ظلمت پرست ہے

دولت کی رکھ نہ مار سر گنج سے امید — موذی وہ دیگا کیا کہ جو دولت پرست ہے

عنقا نے گم کیا ہے نشاں نام کے لیے — گم گشتہ کون کتنا ہی شہرت پرست ہے

یہ ذوق حق می پرست ہے یا ہے صنم پرست — کچھ ہے بلا سے لیک محبت پرست ہے

غزل ناسخ

آتش عشق وہ ہے جس میں سمندر جل جائے — اک شرر جائے جو پتھر میں تو پتھر جل جائے

پر پروانہ کیا شمع رخ جاناں کو — کہ فرشتہ بھی کوئی آوے تو شہپر جل جائے

تن بدن پھونک دیا ہے شب فرقت نے مرا — کیا عجب ہے جو مرے جسم سے بستر جل جائے

شمع ساں شمع تپ غم سے ہے سوزاں مکتوب — کیوں نہ پروانے کے مانند کبوتر جل جائے

ہو ترا روے جہاں سوز اگر عکس فگن — ہے یقیں خانہ آئینہ ستمگر جل جائے

شجر طور کے مانند عصائے موسےٰ — دیکھکر کاکل دلدار کا اژدر جل جائے

دوست کہتے ہیں اسے ساتھ جو دے آفت میں — شمع کے جلنے سے پروانہ کیونکر جل جائے

کھیل سمجھے نہ صنم جان سے کے آتشبازی — سوز غم سے جو کوئی عاشق مضطر جل جائے

جب نہ تپ نالہ سوزاں سے جلا خانۂ دل — نہ ہوا یہ کہ کسی غیر کا بھی گھر جل جائے

ہے وہ پرکالۂ آتشکدہ موزون تیرا — دیجیے اس سے جو تشبیہ صنوبر جل جائے

آتشین چہرہ ہے پر شاہد مضمون ناسخ — کیا عجب ہے مرے اشعار کا دفتر جل جائے

غزل نیاز

دکھلائے داغ دل نے گلستان نئے نئے — وحشت دکھا رہی ہے بیابان نئے نئے

جور بتان سے مجھکو الٰہی بچائیو — پیدا ہوئے ہین جان کے خواہان نئے نئے

مین کسطرح جنون کے ہاتھونسے تنگ ہون — لاؤن کہانسے روز گریبان نئے نئے

دیر و حرم مین کوئی نہین تیرے راہ پر — کافر نئے نئے ہین مسلمان نئے نئے

کسطرح ہو گذر در جانان پہ اے نیاز — دربان نئے نئے ہین نگہبان نئے نئے

غزل طور

مین جی جاؤن اجل سے آپ آجاوین اگر پہلے — یہ پیغام زبانی خط سے کہنا نامہ بر پہلے

شب وصل صنم مین صبح تک ہمنے دعا مانگی — الٰہی آج نکلے مہر تابان سے قمر پہلے

عوض بوسے کے ہمنے گالیان دی تھین کہ صاحب نے — ذرا انصاف تو کیجے نکالا کسنے شر پہلے

ارے اے بیمروت مجھکو دل دینا نہین لازم — کوئی پیدا تو کر لیوے ہمارا سا جگر پہلے

شب وصل غریبان ہے تری گردن پہ خون ہوگا — نہ بول اوٹھنا کہین زاہد سے ای مرغ سحر پہلے

عجب پرکار ہے اللہ کی ای طور رہین صنعتے — ہنرمندون سے پیچھے جاتے ہین پہلے بے ہنر پہلے

غزل علی

جبریل امین جسکی سدا خاک قدم لے — کرتا تھا عجب کحل بصر عرش پہ دم لے

نام اسکا لکھا حق نے ملا نام سے اپنے — نہ پایۂ افلاک پہ عزت کا قلم لے

کس شان سے جاویگی محمدؐ کی سواری — عرصات سے جنت مین سبھی فوج امم لے

فدوی کو ترے آتش دوزخ سے نہ ڈر ہے — گر کفو ہستی سے گیا راہ عدم لے

ثابت کیا معجز نے ترے فیض کا دعوے — انکار پہ کفار کے اقرار صنم لے

ہمسر نہ ترے حسن کے ہے یوسف کنعان
بیچا ہے جسے مصر مین مالک نے درم لے

آتی ہے عجب فوج ملک عرش برین سے
جس تحفۂ صلوات سدا سوے حرم لے

ای ساقی کوثر ہے ترا فیض عجب عام
مے اپنی محبت کی پلا جام کرم لے

محبوب خدا اور نہ محمد کے سوا ہے
اس بات کی اب مجھسے خداہی کی قسم لے

کرتے ہین ملک فرش سدا اپنے پر و بال
جس راہ مین چلتی ہے تری فوج علم لے

محروم نہو جاوے در فیض نبی سے
کیا فکر مین بیٹھا ہے علی گوشۂ غم لے

غزل آصف

یہ اشک چشمون مین اب تھم رہے رہے نہ رہے
حباب بحر کوئی دم رہے رہے نہ رہے

تو اپنے شیوۂ جور و جفا سے مت گذرے
تری بلا سے مرا دم رہے رہے نہ رہے

قمر کو ہوتا ہے ہر ماہ مین کمال زوال
ترے بھی حسن کا عالم رہے رہے نہ رہے

عرق ہے منہ پہ ترے خوشنما صنم لیکن
ہمیشہ گل پہ یہ شبنم رہے رہے نہ رہے

شتاب آکہ تری دید تک میسر ہو
یہ دم لبون پہ ہے اب تھم رہے رہے نہ رہے

جو وصل مین ہے جدائی تو کیا کرے آصف
یہ اتفاق ہے باہم رہے رہے نہ رہے

غزل عاقل

تیری الفت مین ہوئے جان کے خواہان کتنے
تشنۂ خون ہین مرے گبر و مسلمان کتنے

ایک امید بھی تجھسے نہ بر آئی میری
رہ گئے دل مین مرے حسرت و ارمان کتنے

نہین ملتا ترے ناقہ کا پتا اے لیلے
چھان مارے ترے مجنون نے بیابان کتنے

زلفون کو کان کے بالے سے جھکایا تو وہین
زلف پیچان کے پڑے پیچ مین پیچان کتنے

جسنے دیکھی تری تصویر کہا صل علے
پڑھتے صلوات ہین آ آ کے مسلمان کتنے

ایک تھا آئینہ وہ جسکے ہین حیران کتنے
پھر گئے ہین زلف پریشان کے پریشان کتنے

اوٹھ کے صحرا سے چلا شہر کے جانب جب مین
لپٹے دامن سے مرے خار مغیلان کتنے

مصحفی رو مین کھنچی جاتی ہے اسکی تصویر
ایک قرآن سے لکھے جاتے ہین قرآن کتنے

کوئی سمجھا نہ ترے شعر کا رتبہ عاقل
یون تو ہین کہنے کو دنیا مین سخندان کتنے

غزل لطیف

داغ ہجران کا نہ جاویگا کبھو دل سے مرے
یہ نشانی تو ملی ہے مجھے قاتل سے مرے

وصف اوس شوخ نگہ کا نہ زبان سے ہو کبھی
حال صیاد کا پوچھو دل بسمل سے مرے

حال کیا پوچھتے ہو ہجر کی بیماری کا
ظاہر آثار تو ہے یار شمائل سے مرے

شب کو تو بند یہ اوسکے ہو گیا دست دراز
بو الہوس دور ہو کیا کام حمائل سے مرے

چاہا ہر چند کہ مین دامن لیلے پکڑون
ہاتھ تو دور ہے بیہ محمل سے مرے

قتل تو اوسنے کیا مجھکو یہ تشہیر کی
اتنی کوتاہی ہوئی حیف قاتل سے مرے

آگ بجھی ہے نہ دنیا مین مجھے ڈر ہے لطیف
آہ سوزان جو نکلتی ہے نہان دل سے مرے

غزل شہید

کہو اوس برق وش سے آج لازم ساتھ جانا ہے
جنازے پر ہمارے ابر رحمت شامیانا ہے

چلونگا سر کے بل شوق شہادت دستگیری کر
جہان تلوار چلتی ہے اوسی کوچے مین جانا ہے

لیا جسنے ہمارا نام مارا بیگنہ اوسکو
نشان جسنے بتایا ہے وہ تیرون کا نشانا ہے

جو تیر ابرو تو پیارے چھوڑدون مژگان کے چبھون کو
تمہارے عین وعدے پر یہ انکھین بچھانا ہے

گریبان پھاڑ کے دست جنون سے کب ہوئی فرصت
ابھی تو دامن صحرا کے بھی پرزے اوڑانا ہے

جو بال اوسکے الجھتے ہین تو دل میرا الجھتا ہے
یہان ہے درد شانے مین جو بال زلفون مین کھاتا ہے

نشان نقش پا لاکھون ترے رہتے ہین سر پر جا
مگر قاتل ترا کنج شہیدان آستانا ہے

غزل آبرو

تمہارا دل اگر ہمسے پھرا ہے
تو بہتر ہے ہمارا بھی خدا ہے

ہماری کچھ نہین تقصیر لیکن
سبھی تمکو کہین گے بیوفا ہے

ہوئے میوا مقصد بیزار ہمسے	کہو سچ ہمنے تمھارا کیا کیا ہے
وہ احمق ہے کہا ہے جسنے تم سے	ملو جس سے تمھارا دل ملا ہے
عبث بیدل کرو مت آبرو کو	مسافر ہے شکستہ ہے گدا ہے

غزل بخشش

تاثیر تیرے عشق سے نہ مجھپر فسوں کی کی	میں کیا کروں نصیب نے کچھ یاوری نہ کی
دلبر سمجھکے دل میں دیا تیرے ہاتھ میں	دل لیگیا مرا مری کچھ دلبری نہ کی
ای رشک مشتری تری خوبی کے سامنے	خورشید نے بھی تجھسے ذرا ہمسری نہ کی
نزدیک تھا کہ پہنچے سکندر لب حیات	ای خضر وہاں تلک بھلا کیوں رہبری نہ کی
بخشش کے پاس گوہر دل تھا بسا ملا میں	کچھ قیمت اسکی تونے تو ای جوہری نہ کی

غزل حاتم

کروں قربان جسکو او گھڑی او قیمت اوس پل کے	کہ جب جن گھڑی وہ دلدار آوے گھر میرے چل کے
جہان کے خوبصورت دیکھ تجھ صورت کو مجلس میں	رہے خاموش حیرت سے گویا پتلی ہیں کل کے
نہ آوے کیونکہ مجھکو خواب راحت بستر غم پر	تصور تیرے نقش پا کے گل تکیے ہیں مخمل کے
بیرطی یہم ستی بدزیب گلرو یاد رکھنا تم	کریگا دن شوق سے اتار ہو جاوینگے ہم کل کے
فدا ہونیکو آیا ایک جی کس کس کے اب چل کر	لبوں کے پان کے مسّی کے منہ کے تل کے کاجل کے
سجن تم کا جی حاتم آن پر قربان جاتا ہے	تمھاری چال کے سج کے ادا کے زلف کے بل کے

غزل عنا

تصدق دمبدم ہوتا ہے جی میرا ستمگر کے	ادا کے سج کے دھج کے اور انکھوں کے جواہر کے
پڑے مارے ہوئے ہر سو گلی میں اوس جفا جو کے	بھون کے چشم کے پتلی پلک کے نوک خنجر کے
خبر لا شوخ کی جلدی کبوتر میں ہوا صدقے	زبان کے چونچ کے سر کے لبوں کے بال و پر کے
ہوے لکھتے ہیں سارے ایضہ اوس شوخ کے اوپر	ختن کے چین کے ایران کے سندھ کے ہند کے بربر کے

عنا آشنا نہ کر شور و فغان لرزا پڑا تن میں
سما کے شمس کے مہ کے زمین کے بحر کے جبہ کے

غزل حیرت

خاکبازی طفل کی میں گھر بنے اور ٹوٹ جائے
اشک آ مژگان پہ جون گوہر بنے اور ٹوٹ جائے

یار تیری دوستی مجھ سے نہ ٹوٹی اس طرح
جسطرح سے فکر کچھ دلپر بنے اور ٹوٹ جائے

وہ ڈرکتا تھا کہ گر نچوڑے سر کے بال
آتے آتے طشت تک گوہر بنے اور ٹوٹ جائے

اب تصور یار کا آنکھوں سے یون پھرنے لگا
جسطرح افسون سے جون اژدر بنے اور ٹوٹ جائے

کب تجھے پروا ہے حیرت غیر ذات بوتراب
لعل و گوہر کا اگر افسر بنے اور ٹوٹ جائے

غزل مستان

عرقِ رخسار نمکین سے جو دریا میں ٹپک نکلے
یہانتک شور دریا ہو کہ ماہی پر نمک نکلے

اگر یوسف کی طرح گرم بازاری کرے ظاہر
خریداری کو آدم اور جن حور و ملک نکلے

مجھے کیون قطرہ قطرہ مے کے ترساتا ہے اے ساقی
یہانتک بھر پیالہ تا کہ رنگ گلگون چھلک نکلے

یہ رنگین حنائی سرخ کا دیکھے تو پھر خون میں
شفق ڈوبی ہوئی لے سر سے تا پاؤن تلک نکلے

مثال خار رہ ہون حیف یہ کیا زندگانی ہے
لگون میں جسکے دامن سے تو وہ دامن جھٹک نکلے

پڑی رخسار پر وہ زلف بلتی یون نظر آئی
کہ جو گلشن سے لہراتی ہوئی ناگن سٹک نکلے

تمہاری بزم میں حاصل ہے سکو عیش رات و دن
ہمیں جو غیر تجھے سو تیری آنکھوں میں کھٹک نکلے

پڑے جو عکس تیرے حسن جبین کا آب دریا میں
تو ہر اک موج اسکے سر کو پتھر سے پٹک نکلے

تبسم دیکھکر اس غنچہ لب کا صحن گلشن میں
ہر اک جا غنچۂ گل جوش میں آکر چٹک نکلے

مباف موے زرین کی جھلک پہونچے جو گردون تک
تو بجلی پیرہن سے مضطرب ہو کر چمک نکلے

بس اب خاموش ہو مستان ترا مضمون یہی ہے
کوئی شکر ترے حق میں کہیں یا حق نہ یک نکلے

غزل آتش

خوشا وہ دل کہ ہو جس دل میں آرزو تیری
خوشا دماغ جسے تازہ رکھے بو تیری

یقین ہے اسکے گی جان اپنی آ کے گردن مین
سنا ہے چاہے ہے فریب رنگ گلو تیری

وہ گل ہون مین کہ تیرا رنگ حسن سے ظاہر ہے
وہ غنچہ ہون کہ بغل مین ہے جسکی بو تیری

بھرے ہین شرق و مغرب سے تا جنوب و شمال
تلاش کی ہے صنم ہمنے چار سو تیری

شب فراق مین اکدم نہین قرار آیا
خدا گواہ ہے شاہد ہے آرزو تیری

دماغ اپنا بھی اے گلبدن معطر ہے
صبا ہی کی نہین حصے مین آئی بو تیری

پڑھا ہے ہمنے بھی قرآن قسم ہے قرآن کی
جواب ہی نہین رکھتی ہے گفتگو تیری

مری طرف سے صبا کہیو میرے یوسف سے
نکل چلی ہے بہت پیرہن سے بو تیری

فرشتے بھی تجھے کہتے ہین بشر شاعر
یقین ہوا ملک الموت مین ہے خو تیری

یہ گردش فلک پیر سے ہوا ثابت
قوی ضعیف کو کرتی ہے جستجو تیری

شراب جام و صراحی حجاب کھووے گی
دکھائے گا ہمین کیفیتین سبو تیری

رہا نہ شبہہ ہمین اسکے حلقہ ہونے سے
یہ عقد ناف کے کھولا کرے ہے مو تیری

جو ہووے دسترس اس کا بھی ہاے قاتل تک
حنا بھولائیگا شوخی مرا لہو تیری

شب فراق مین ہے روز وصل تا دم صبح
چراغ ہاتھ مین ہے اور جستجو تیری

جو ابر گریہ کنان ہے تو برق خندہ زنان
کسی مین خو ہے ہماری کسی مین خو تیری

یہ چاک جیب کے حق مین دعا مجنون سے ہے
نہو وہ دن کہ درستی کرے رفو تیری

کسی طرف سے تو نکلے گا آخر اے شہ حسن
فقیر دیکھتے ہین راہ کو بہ کو تیری

چمن مین صبح کو جا کر نہ منہ دکھاتا تھا
برنگ آئینہ حیران ہے آب جو تیری

زمانے مین کوئی ایسا نہین ہے سیف زبان
جو رکھے معرکے مین آتش آبرو تیری

غزل وفی

دیکھ کر دستار سنبتی ساقی سرشار کی
کھل گئی ہین آج آنکھین نرگس بیمار کی

بات رہجاویگی قاصد وقت رہنے کا نہین
دل تڑپتا ہے شتابی لا خبر دلدار کی

بات کہنے کا کبھی جو وقت پاتا ہے غریب — بھول سب جاتا ہے وہ تجھ دیکھ صورت یار کی
معرکہ مین عشق کے ہر بوالہوس کا کام کیا — دیکھ حالت کیا ہوئی منصور سے سردار کی
ای ولی اس بیوفا کی مہربانی پہ نہ بھول — دل کا دشمن ہے مگر کرتا ہے باتین پیار کی

غزل ذوق

ہون یہ لاغر جھک گئے قامت ایک خس کے بوجھ سے — جون گیاہ ہلتا ہے پائے مگس کے بوجھ سے
یہ اسیری مین گران خاطر ہون مین جاتا ہے ٹوٹ — آہنی قلاب بھی میرے قفس کے بوجھ سے
زندہ تو ڈوبے سے ہے اور تیری ہی مردہ آب مین — بوجھ شاید جسم کا ہے کم نفس کے بوجھ سے
مت لگا ای عشق دل کے آبلے پر نیش غم — ٹوٹ جاویگا یہ گنبد اس نفس کے بوجھ سے
باندھ دے ناقہ کے گردن مین دل نالان قیس — بوجھ کم ہے اسکا ای لیلی جرس کے بوجھ سے
نکلے دنیا سے کہان احمق اوٹھا کر بار حرص — رہ گیا یہ تو گدھا دلدل مین پھنس کے بوجھ سے
کیون ہوا دل اسنے لیا گر ایک کوہ غم اوٹھا — یہ نہین ای ذوق دبتا ایسے دس کے بوجھ سے

غزل موج

ڈرتا ہون جدا تجھسے مرا یار نہو جاے — یہ زندگی میری کہین دشوار نہو جاے
دفنائیو ہرگز نہ میری لاش کو یارو — جب تک کہ جنازے پہ مرا یار نہو جاے
جلدی سے پلا ساقی مجھے وصل کی دارو — رخصت کہین دنیا سے یہ بیمار نہو جاے
ساقی توسے جان کے مست کیجیو بیہوش — ایسا تو نشا پی کہین سرشار نہو جاے
ڈرتا ہون تری شوخ شرارت سے پریرو — ایسا نہ کہین تو سر بازار نہو جاے
ای موج تجھے خوف نہین کیا دل وحشی — الفت مین کسی بت کے گرفتار نہو جاے

غزل دائم

عاشق کی یاد کیون نہ کرے دلبری پری — باتین تمہاری بھولی ہین جادوگری پری
سبزہ بھی نہ سبز پری تیرے سامنے — پوشاک سبز پہنکے بیٹھے ہمسری پری

جلجاوے غم کی آنچ سے آتش پری کا دل
جب دیکھے تیرے بر میں لباس ہری پری

دیوانے ہیں جو رہتے ہیں تجھ سے پرے پرے ہم
آہن دلوں سے اتنی نگر زر گری پری

شیشے کے بیچ جبکہ اوتارینگے ہم تجھے
پھر دوانگی رہیگی تری سب دھری پری

جو رہ عدم کو چھوڑ کئے ہم ترے سوا
دیوانہ ہیں سے وہاں بھی پکار اپری پری

غزل دلبر

مرتا ہوں ترے عشق میں شکر رنج خبر لے
تک میرے دل زار کی ای یار خبر لے

ای یاد تو ہی جا کے ذرا شوخ سی کہنا
مرتا ہے کوئی جا پس دیوار خبر لے

اللہ ہی بچاوے مجھے اس آتش غم سے
یا تو ہی مہر کھا کے مری یار خبر لے

کیوں یار بھلایا ہے مرے دل کو تو بیکبار
مرتا ہے ترا طالب دیدار خبر لے

کو چمن میں ترے آنیکی طاقت نہیں اے یار
مرتا ہے پڑا بر سر بازار خبر لے

یہ حال مرا دیکھ کے کہتے ہیں طبیبان
بچتا ہے کہیں عشق کا بیمار خبر لے

ای نازنین جو ناز او ٹھاؤ ترے دلبر
پوچھینگے سبھی کوچہ و بازار خبر لے

غزل سراج

خبر تحیر عشق سن نہ جنون رہا نہ پری رہی
نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بیخبری رہی

شہ بیخودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی
نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنون کی پردہ دری رہی

چلی سمت غیب سے ایک ہوا کہ چمن سرور کا جل گیا
مگر ایک شاخ نہال غم جسے دل کہیں سو ہری رہی

نظر تغافل یار کا گلہ کس زبان سے بیان کروں
کہ شراب صد قدح آرزو خم دل میں تھی سو بھری رہی

وہ عجب گھڑی تھی کہ جس گھڑی لیا درس نسخہ عشق کا
کہ کتاب عقل کی طاق میں جوں دھری تھی تیوں دھری رہی

ترے جوش حیرت حسن کا اثر اس قدر سے یہاں ہوا
نہ تو آئینہ میں جلا رہی نہ پری میں جلوہ گری رہی

لیا خاک آتش عشق نے دل بینوائی سراج کو
نہ حذر رہا نہ خطر رہا مگر ایک بے خطری رہی

غزل قلندر

بے نصیبی پہ اے دل اپنی عبث روتا ہے
جو لکھا کاتب قدرت کا وہی ہوتا ہے

سفر ملک عدم تجھکو ہے آخر درپیش
خواب غفلت سے تو بیدار ہو کیا سوتا ہے

نہین ممکن کہ مغیلان سے جو بووے پیدا
تخم نیکی کا بونا ہے جو کوئی کچھ بوتا ہے

کر لے کچھ کام غنیمت ہین یہ ایام حیات
بازی و لعب مین کیون عمر کو تو کھوتا ہے

غم کی تحصیل سے قلندر نہ کرو دلکو بہ تنگ
عشق کا دام بلا ایسا ہی کچھ ہوتا ہے

غزل سودا

جون غنچہ تو چمن مین بند قبا کو کھولے
پھر گل سے اے پیارے بلبل کبھو نہ بولے

آوے گا وہ چمن مین تڑکے ہی میکشی کو
شبنم سے کہدے بلبل پیالی گلونکی دھولے

باغ جہان مین اگر کچھ ہمنے پھل نہ پایا
یک دل ملا کہ جسمین ہین سیکڑون پھپھولے

ایسا ہی جاؤن جاؤن کرتے ہو تو سدھارو
اس دل پہ گل جو ہونی سو آج ہی وہ ہو لے

کم بولنا ادا ہے ہر چند پر نہ اتنا
مند جائین چشم عاشق تو بھی وہ لب نہ کھولے

چشم پر آب ہون مین جون آئینہ حبابے
کر کر کے پھٹ گئے ہین چھاتی مین سب پھپھولے

کون ایسا ہے کہ سودا گلی مین اوسکے
لا تجھکو لے چلین ہم دل کھول کر کے رو لے

غزل عشرت

شب فراق ہے دل پر قلق ابھی سے ہے
سحر ہے دور مرا رنگ فق ابھی سے ہے

ابھی لکھا ہے نہین حال دل کا اے قاصد
ہوا سے شوق مین اوڑتا ورق ابھی سے ہے

ہنوز دفن ہوا ہے نہین تیر بسمل
کہ زلزلہ مین زمین کا طبق ابھی سے ہے

ارادہ سیر کا کرتا ہے جبکہ وہ گل رو
یہ نازکی کہ جبین پر عرق ابھی سے ہے

کسی نے شام سے آنکو کیا کہا عشرت
پہ منہ پہ آپکے پھولی شفق ابھی سے ہے

غزل حیدری

باغ مین تیرے گل تو عجب دھوم رہی
راہ پائی نہ کہین باد صبا گھوم رہی

موتیا اور چنبیلی گل نسترن گلاب — کیتکی مست ہو ڈالی پہ سدا جھوم رہی

پاؤں تو نقش ہوئے یار کے لب سے مل کر — نکلی تھی سو حنا بر کف پا چوم رہی

قافیہ تھک گیا تھا کیا کرے تیری خاک — عقل یا نبیے کیطرح اپنے تئین توم رہی

غزل قدرت

ہمصفیران چمن ہم سے چمن چھوٹے ہے — ہائے اے شام غریبان کہ وطن چھوٹے ہے

غمزۂ شوق سے دل ویکے مین ایسا بھاگا — جیسے صیاد کے ہاتھوں سے ہرن چھوٹے ہے

اتہلاک تیرے شہیدوں کے تن بیدرد سے — لاکھ فوارۂ خون زیر کفن چھوٹے ہے

شب ہجران کی مصیبت مین لکھون کیا قدرت — تن سے جان چھوٹے ہے اور جان سے تن چھوٹے ہے

غزل بلہار

دل کو پابند ہے محبت سے ہمنے خبرداری سے — نا بیداری سے ہوشیاری غمخواری سے

حسن صاحب کی شرافت پہ نظر کیجیے — جان کے بوجھ کے پہچان کے ہوشیاری سے

سب سے باطن میں خفا غیر و نہ ظاہر میں جفا — یہ تو امید نہ تھی بت بے وفاداری سے

ساندلی بیدرد ستمگار کے دن کا پایا — دینا ایمان لٹرتا ہے یہ عیاری سے

شاکر حق صبر کے دولت کہ شب ہجر کے [illegible] — وصل حاصل ہوا طالع کی مددگاری سے

نازو خرام [illegible] — کتنے سب دشمن قاتل [illegible] باری سے

سو رہیں آج [illegible] بلہار — نیند آئی ہے شب ہجر کی بیداری سے

غزل شاداں

معشوق کے آنے کی اشتیاقی خبر آوے — تیر کرے دل [illegible] امید بر آوے

خورشید خجل ہو کے [illegible] — محفل میں اگر آج وہ رشک قمر آوے

گرتا ہے غبار [illegible] — کانوں میں [illegible] ان کھل پھینکر اگر آوے

کس کام کا وہ نخل [illegible] — [illegible] چمن [illegible] آوے

آتا نہین دلدار نظر کس سے کہون مین
ہین منتظر آنکھین کہ کوئی پل نظر آوے

شادان تو خوشی اپنی سے کہہ مطلع ثانی
معشوق جو آغوش مین تیرے اگر آوے

غزل جراءت

لے آئینہ مانگ اسنے جو یکبار نکالی
ظلمات سے کیا راہ نمودار نکالی

وہ کشتۂ الفت کہ دم نزع مین جسنے
منہ سے نہ شکایت کبھو ای یار نکالی

سو آج تری کوچے کے باشندون نے ظالم
لاش اوسکی بظاہر سر بازار نکالی

نظارہ کا گر شوق تھا اوسکو تو اوسنے
کیون بام پہ کھڑکی سر بازار نکالی

ہمسایہ بجھانے لگے سب اپنے گھرون کو
مین دل سے جو یک آہ شرربار نکالی

غزل رضا

جب شکر لب نے لب پنہے سے سنائی گالی
مجھے میٹھی لگی خوش ہو کے مین کھائی گالی

کیا حلاوت تھی تری گالی مین اللہ اللہ
قند مصری سے مگر تھی یہ بنائی گالی

چھپ کر تیرے تئین آپ سے ہم کھاتے ہین
عاشقون کو تو ہے یہ دودھ ملائی گالی

ترش رو ہوکے شکر لب جو مجھے دیتا ہے
وصف رکھتی ہے کھٹائی مین مٹھائی گالی

ای رضا تیری زبان پر تو نبیٹ شیر و شکر
یہ نئی طرح کی اب تو نے بنائی گالی

غزل شاہ ظفر غفر اللہ ذنبہ

جلوہ جو اوسنے دکھایا مرا جی جانتا ہے
پھر خدا ہی نظر آیا مرا جی جانتا ہے

اوٹھ گئی میری زبان سے تو جہان کی لذت
جو مزا عشق مین پایا مرا جی جانتا ہے

مین خطاوار ہون خط کیونکہ لکھون ای صاحب
جیسا لوگون نے سکھایا مرا جی جانتا ہے

کون کہتا ہے ترے عشق سے انجان رہا
جیتے جی تو نے جلایا مرا جی جانتا ہے

ای ظفر اوس گل خندان کی محبت تجھکو
دمبدم اوس نے ستایا مرا جی جانتا ہے

غزل بیدار

کون اب بازار خوبی مین ترے ہم سنگ ہے
حسن کی میزان مین تیرے مہ و مہر پاسنگ ہے

سرمئی آنکھون کا تیرے جو کوئی بیمار ہے
ایک میل اسکے تئین رکھنا قدم فرسنگ ہے

مین جو دیوانہ ہوا سرخیل ارباب جنون
ہاتھ مین تیرے لیے ہر طفل میرے سنگ ہے

جاے تکیہ عاشقون کا خانمان ہر وقت خواب
زیر سر کوچے مین تیرے خشت ہی یا سنگ ہے

سخت زاری ہے مجھے ظالم تری سنگین دلی
آہ مثل آسیا کے سنگ اوپر سنگ ہے

وہ سدا گرگر کے ہے آسیا پھیر پھیر مدام
مشت گندم کے لیے چھاتی پہ جسکے سنگ ہے

اوس جواہر پوش کے دیکھین جو ہین یاقوت لب
اسکی نگینی کے آگے لعل بھی پاسنگ ہے

غزل نصیر دہلوی

دل کہین میرا گرفتار ہوا چاہتا ہے
پھر مجھے عشق کا آزار ہوا چاہتا ہے

دیکھ لینے دو مجھے اوسکو بھی یارو اوسکو
بند اب روزن دیوار ہوا چاہتا ہے

باتین کرتا ہے رکاوٹ کی خدا خیر کرے
یار رو ہم پر ستمگار ہوا چاہتا ہے

روز گل کھاتا ہون فرقت سے تری سینہ پر
سینہ اب تختۂ گلزار ہوا چاہتا ہے

آج شب وصل کی خفگی سے کٹی ہائی نصیر
دن جدائی کا نمودار ہوا چاہتا ہے

غزل قدرت اللہ

کسکے نیرنگی کی یہ برق دل مانوس سے ہے
جوش شر دل سے اوٹھا سو جلوۂ طاؤس ہے

حسن کو اپنے ہوا اظہار سے کاوش ہے مدام
ہر طپش یہان شمع کی برق دل فانوس ہے

ایک ہی پردہ کی گر سمجھو تو یہ سب ہین آلاپ
گر صدائے بانگ ہے یا نغمۂ ناقوس ہے

کل ہوس اسطرحسے ترغیب دیتی تھی مجھے
خوب ملک روس ہے اور سرزمین طوس ہے

گر میسر ہو تو کیا عشرت سے کیجے زندگے
اس طرف آواز طبل اودھر صداے کوس ہے

صبح سے تا شام چلتا ہو کے گلگون کا دور
شب ہوئی تو ماہرویون سے کنار و بوس ہے

سنتے ہی عبرت یہ بولی ایک تماشا مین تجھے
چل دکھاؤن تو یہ قید آز کا محبوس ہے

لیلیٰ یکبار گی گور غریبان کی طرف ‏— جس جگہ جان تمنا سب طرح مایوس ہے
مرقدین دو تین بتلا کر لگے کہنے مجھے ‏— یہ سکندر ہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے
پوچھہ تو ان سے کہ جاہ و حشمت و دنیا ہے آج ‏— کچھہ بھی ان کے ساتھہ غیر از حسرت و افسوس ہے
کل تو قدرت پاسے خم رکھتے تھے تسبیح ریا ‏— آج رہن جام مے مین جنت قدسا لوس ہے

غزل مولائی

دل ہوا پابے زنجیر خدا خیر کرے ‏— دام ہے زلف گرہ گیر خدا خیر کرے
کسکی آمد ہے صبا آج جو گلشن کی طرف ‏— کہتی ہے بلبل دلگیر خدا خیر کرے
سرخ پوشاک پہن بیٹھے ہو جاہ تخت اوپر ‏— کسکی ہے قتل کی تدبیر خدا خیر کرے
شب بسمل مجھے بستر پہ تڑپتے دیکھا ‏— ہنسکے بولا مہ تنویر خدا خیر کرے
کل عیادت کو جو آیا تو یون کہتے ہین رقیب ‏— ہوئی مولائی کی توقیر خدا خیر کرے

غزل فدوی

انکو بھی خجل ہووے مصور جو ادم لے ‏— تصویر لکھی جاتی ہے نرگس کا قلم لے
دیکھا نہین تو احمد مختار کا لشکر ‏— جبرئیل بھی جس فوج مین چلتا ہی علم لے
گرمی ہی عرق ہو گئی جلتے ہوئی پر شاک ‏— اس سایۂ مژگان کے تلے بیٹھہ کے دم لے
ہم دلکو گوان بیٹھے تصور مین اسی کے ‏— اور پھر بھی تحقق ہے چلے راہ عدم لے
اس بات کی پرسش کے لیئی شیخ ہوئے تم ‏— کعبے کو چلے نام خدا نام صنم لے
یہ بارگہ شیر خدا جا ہے ادب ہے ‏— مجنون کو صدا پہونچی ہی تو اس سے رقم لے
ناحق کی تو نیت ہی مجھے غیر کی صاحب ‏— گر تیرے سوا غیر کو چاہین تو قسم لے
راتون کے تئین چونک پڑی نیند مین ستم ‏— گر خواب مین دیکھے اللہ کرے ملے
فدوی تو عبث اپنا گریبان ہی پکڑے ‏— لیتا ہے تو دامان علی مستحکم لے

غزل فراق

چمن کوچۂ جانان سے صدا آتی ہے
نا: کرتی ہوئی جو باد صبا آتی ہے

کون بھرتا ہے دم سرد جو رتون کو ہم
ٹھنڈی ٹھنڈی ترے کوچے کی ہوا آتی ہے

تکسکے ہین ست حنائی کا ہوا زخمی یا رب
جو بہار اک زخم سے پھر بوئے حنا آتی ہے

التجا یار کی رکھتا ہے ترے شام سے دل
رات کیا آتی ہے اک سر پہ بلا آتی ہے

چھوڑ جاتا ہے جو وہ مجھکو اکیلا گھر مین
در و دیوار سے رونیکی صدا آتی ہے

دوش سے تا بکمر اور کمر سے تا پا سے
جو نہین بل کھائی ہوئی زلف دوتا آتی ہے

جی مین آتا ہے مسیحا سے مین پوچھون جا کر
مرض عشق کی کچھ تمکو دوا آتی ہے

صبح کس طرح سے ہوگی شب تاریک فراق
نہ تو نیند آتی ہے مجھکو نہ قضا آتی ہے

غزل وحشت

نگاہ یار ہمسے آج بے تقصیر پھرتی ہے
کسیکی کچھ نہین چلتی ہے جب تقدیر پھرتی ہے

کبھی تو کھینچ لاوے گی اسے گور غریبان تک
کہ مدت سے ہماری خاک دامنگیر پھرتی ہے

تری تلوار کا منہ ہمسے پھر جاوے تو پھر جاوے
ہماری آنکھ قاتل کب تہ شمشیر پھرتی ہے

مین اس لیلی کا دیوانہ ہون غافل جو ہی صحرا مین
بغل مین اپنے مجنون کی لیے تصویر پھرتی ہے

مقام عشق مین شاہ و گدا کا ایک رتبہ ہے
زلیخا برملا کوچے مین بے توقیر پھرتی ہے

ترا دیوانہ جب سے اوٹھ گیا صحرائے وحشت مین
بگولے کی طرح سے ڈھونڈھتی زنجیر پھرتی ہے

غزل جراءت

درد غم عشق نے مارا سب مجھے
اب نہین دم لینے کا یارا مجھے

بات مین کس سے کرون اے مہربان
دھیان تو رہتا ہے تمہارا مجھے

ڈوب گیا پھر نہ وہ پایا ہے یار
بحر محبت کا کنارا مجھے

چونک پڑا سنتے ہی آوازہ یار
مین یہی سمجھا کہ پکارا مجھے

ہجر کی شب نے مجھے اب کیا دکھا [illegible]
دن تو گیا [illegible]

ذوق نہ کرون نام کا جرأت ہون مین
چھیڑے اگر عشق کا آرا مجھے

غزل ایضاً

بال زلف یار کے رخسار تک آنے لگے
چشمۂ خورشید مین بھی سانپ لہرانے لگے

آفتاب حسن کو مہتاب مینا دیکھکر
خانۂ خورشید مین ہم اشک ٹپکانے لگے

دیدیا سر سرحریص کو کاروان کے سنتے آہ
جون بگولا پھر یہان جنگل مین بھٹکانے لگے

عشق بھی سبقت کرے ہے تیغ خوبان کو
جو کہ جوہر تھے نہان سب صاف دکھلانے لگے

غزل شاہ ظفر غفر ذنبہ

مرغ دل مت رو یہان آنسو بہانا منع ہے
اس قفس کے قیدیون کو آب و دانہ منع ہے

تیرے ہی دیوار سے اب ہمنے سر ٹپکا کیا
روزن دیوار تک آنکھین ملانا منع ہے

قتل کر کے مجھکو اب سنگین دل نے یون کہا
قتل ہوجانا و لیکن تڑپھڑانا منع ہے

تڑپھنا مت دیکھنا خنجر تلے ای صید دل
عشق کے مقتل مین دست و پا ہلانا منع ہے

ای ظفر تمکو ہمیشہ چاہیے عشرت مدام
اب تمھین چالیس دن مہندی لگانا منع ہے

غزل دیگر

وہ صنم حال میرا کیا جانے
ہون مین کس فکر مین خدا جانے

اسکے ملنے کی مجھکو تہمت ہے
وہ کہان مین کہان خدا جانے

ہمتو روتے ہین ہنستے ہین اغیار
قدر بلبل کی زاغ کیا جانے

ہونٹ چاٹا کرے وہ ساری عمر
لب شیرین کا جو مزا جانے

سنکے احوال میرا کہنے لگا
ایسا جھگڑا مری بلا جانے

ایسے سفاک سے ڈرو یارو
خون عاشق کا جو حنا جانے

بخدا ثبت کسی کے دوست نہین
انکو دشمن ہی جان کا جانے

غزل نظیر

ہمتو عاشق ہین ترے ناز اوٹھانیوالے / [illegible] کم سمجھے ہین محبوب ستانیوالے

بند کر قید محبت مین خبر لی [illegible] / [illegible] پھنسے دام چھڑانیوالے

کل شب وصل مین کیا جلد کئی تھین گھڑیان / آج کیا [illegible] گھڑیان بجانیوالے

کل جو رستے مین ملاقات ہوئی تو یہ کہا / [illegible] نے ہو کے حسد اجلانیوالے

گذری مدت کہ مرے ساتھ لپٹنے نہین آئے / کیا ہوئے [illegible] گلے ہمکو لگانیوالے

یون تو اوقات گذرتی ہے مرے دار [illegible] / [illegible] مرے دار دکھانیوالے

اب کہ ملتا ہو نظیر یار سے کہنا جاکے / کیا ہوئے [illegible] یار رو بلانیوالے

غزل [illegible] بادشاہ

یہ کس ہستی کے آنیکی آرزو ہے / [illegible] سے سانس [illegible] ہے

سمایا ہے جب سے تو آنکھون مین میری / جدھر دیکھتا ہون ادھر تو ہی تو ہے

جتاؤن کیا اپنا حال پریشان / [illegible] زلف زردار کی مو بمو ہے

چلو قبر فرہاد پر فاتحہ کو / [illegible] شیرین سے لازم وضو ہے

نکلجاوے دم تیرے قدمون [illegible] / یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

گلستان مین جاکے ہر اک گل کو دیکھا / [illegible] رنگت نہ تیری سی بو ہے

ستایا ہے ناحق ہمین تو نے قاتل / [illegible] کے روبرو ہے

کیا چاک وحشت نے ایسا گریبان / [illegible] جانے رفو ہے

شفق بن گئے گردون پہ ہوتا [illegible] / [illegible] کشتہ بے گنہ کا لہو ہے

عبث مجھکو منہ [illegible] / زبان کو سنبھالو یہ کیا گفتگو ہے

اگر اپنی باری شب وصل بولا / چھری اور مرغ سحر کا گلو ہے

رہے سایۂ پنجتن بادشاہ پر / [illegible] نگہبان تو ہے

غزل [illegible]

مقدور مین جو کرون یار بڑائی تیری
عقل حیران ہے تیری دیکھ صفائی تیری

آفرین کیجیے میان تیرے مصور کے تئین
جسنے اس خوبی سے تصویر بنائی تیری

کیا کہون کس سے کہون کون کریگا آسان
سخت مشکل ہے مرے حق مین جدائی تیری

یہ جدائی جو جہان بیچ نہ ہوتی پیدا
کیا خدا خالی کبھی تھی یہ جدائی تیری

روز محشر کے خدا پوچھیگا سختی سے مجھے
تو مین اے دوست دلاؤن گا دہائی تیری

یا محمد ترا در چھوڑ کہان جاوے غریب
بادشاہی سے تو بہتر ہے گدائی تیری

غزل

تجھکو چاہ ذقن دکھاتا ہے
میرا یوسف کنوین جھکاتا ہے

دیکھیے کسکی پیاس بجھتی ہے
خنجر آبدار لاتا ہے

ساتھ پیتا شراب لے لے کے
ساقیا مجھکو یاد آتا ہے

ترش ہو کر کے منہ پھراتا ہے
زہر قاتل سب مجھے پلاتا ہے

شب کو مہ رو جو وہ نہاتا ہے
چاند غیرت سے ڈوب جاتا ہے

دل مرا ہے مثال شیشہ کے
کسلیے خاک مین ملاتا ہے

شمع محفل کا مجھکو سمجھا ہے
شاید اسواسطے جلاتا ہے

دیدبازی کی چشم رکھتے نہین
لن ترانی کسے سناتا ہے

نہین ملتے تو خوش رہو پیارے
بندہ کبھی تمسے ہاتھ اوٹھاتا ہے

غزل فیض

کردیے باغ کے دربند باغبانون نے
آخرش کھو دیے آکے مہربانون نے

تاب آئی نہ مجھے کچھ کے نظر دیکھے سے
کردیے بات پریزادونیہ انسانون نے

چین نہ مجھے راتکو آتی ہے نہ نیند
تجھسے کل کھائی پری جیسے وفادارون نے

طعنہ سر پہ دیتے ہین اپنے و غمخوار مرے
فیض کیا [illegible] مصاحبان شمع سے پروانون نے

بزم مین رونے لگا یار مین کچھ سمجھانے سے — زرد نہ چھپ نہ سکا اشکون کے بھر آنے سے

دل جتیا بشب تار مین لیا ہی او سلجھا — یہ سبب ہے وہ زلف کہ سلجھے نہ کبھو سلجھانے سے

ہاتھ گردن مین نہ ڈالو نہ ملو تم ہو وہی — جو خفا ہوگئے تھے غیر کے بہکانے سے

محتسب جاوے کہی کہین میخانہ سے — دل کو شیشے سے ملون آنکھون کو پیمانے سے

ای مسیحا ترے جانے سے مین مرجاتا ہون — جان آجاتی ہے تن مین تری آجانے سے

طور مذہب تیرا کیا ہے کہ تجھے کہتے ہین — کبھی مسجد سے ہے نکلے کبھی میخانے سے

غزل

لیکے کل تیر اور کمان تو نے — سینہ ہی چاک کیا نشان تو نے

کس سے لیتا ہے جو کو اک بسی — زرہ پہنی سے ہے آسمان تو نے

مال سب کر دیا میان کس نے — او میان تو نے او میان تو نے

دل مین جان مین جگر مین ہے الفت — آگ دی ہی کہان کہان تو نے

چشم آئینے مین اسے تصور یار — کیا دکھایا ہمین بستان تو نے

خاک سو اٹھے نہ سے ای قیس — سگ بے لیلے کو استخوان تو نے

اسکے سو مجکو اے حرارت عشق — کر دیا مثل زعفران تو نے

غزل سودا

کل چھینکے ہے [illegible] — اے خانہ بر انداز چمن کچھ تو ادھر بھی

[illegible] مجھ سا مجھ وگرنہ — کافی ہے تسلی کو مرے ایک نظر بھی

ای ابر قسم ہے تجھے رونے کی ہمارے — تجھ چشم سے ٹپکا ہے کبھو لخت جگر بھی

ای نالہ صد افسوس جوان مرنے پہ تیرے — پایا نہ تنک دیکھنے تین [illegible] اثر بھی

[illegible] نازان [illegible] تو ای یار — کچھ اپنی شب و روز کی ہے تجھکو خبر بھی

[illegible] — [illegible] ہے سدا چاک گریبان سحر بھی

سودا تری فریاد سے آنکھوں میں کٹی رات — آئی ہے سحر ہونے کو ٹک تو کہیں مر بھی

غزل درد

اے چشم مرے موتیوں کا بار نہ ٹوٹے — سب اشک مسلسل رہیں اور تار نہ ٹوٹے

ہم پاسے یہ بند چمن [illegible] کر — ہر چوب پکاری کہ مرا خار نہ ٹوٹے

صیاد سے بلبل نے کہا تو قفس [illegible] — میں موئی بلا سے یہ گلزار نہ ٹوٹے

کل رات صراحی نے [illegible] میں [illegible] — کہنے لگی پیالے سے خمار نہ ٹوٹے

دل دردی کی [illegible] سنبھل جانی — یہ رشتۂ نازک ہے میاں تار نہ ٹوٹے

غزل مصحفی

لاف خوبی [illegible] پہ [illegible] — آتش رخ پہ صبا طیش سے دامن مارے

کیا غضب ہے جو تو غرفہ میں کھولے بال پھرے — اور نظارہ ترا دیدۂ روزن مارے

ہے یہ خوشحال انھوں کا جو تری کوچہ میں — خاک پہ پڑے ملے بیٹھے ہیں آسن مارے

دشمن و دوست کو الفت نے تری ایک کیا — ہاتھ پر ہاتھ نہ کیوں شیخ و برہمن مارے

ہم [illegible] ملے اسے [illegible] لیلے کب تک — قیس کی طرح پڑے پھرتے ہیں بن بن مارے

وہ جو آنکھیں ہیں تری رہزن [illegible] کافر — قافلے لوٹ لیے سیکڑوں رہزن مارے

مصحفی ضبط سے اب کام ہمارا گذرا — کب تلک غم میں کسی کے کوئی تن من مارے

غزل نور

موا جاتا ہوں تیرے ہجر کے ہاتھ سے آرے — میرے جانی مرے دلبر مرے پیاری آرے

آرہ تو سر پہ چلا میرے ولیکن میں تو — شوق میں تیرے کہے جاؤنگا آری آرے

مدتیں ہو چکیں رہتے ہوئے [illegible] — ایک دن رات کو مہمان ہمارے آرے

یاد کرنے سے وہ ترا چاند سا مکھڑا [illegible] — بیٹھا گنتا ہوں فلک پر کے ستارے آرے

نور بیتاب ہے [illegible] سے تیرے — رشک خورشید مرے ماہ کے پیارے آرے

کسکو دکھلاؤن آبلے دل کے — **غزل** — زخم آسکے ہو گئے ہین پھپھولے پھل کے
اسکی نیرنگی پہ فدا ہوون مین — گل بنائے ہین جسنے اس گل کے
زلف ناگن نے آپ کے صاحب — دل لیا ہے ہمارا بل بل کے
تجھ سوا باغ کا یہ کیا احوال — پھول کملا گئے ہین کھل کھل کے
اس خطا اپنی کی کرین توبہ — رنج کھینچے ہین تجسے مل مل کے

غزل عاجز

عرق جب اس پری کے چہرۂ پرنور سے ٹپکے — خجل ہو گل سے شبنم جون لہو ناسور سے ٹپکے
مری آنکھون سے خونی اشک یون گرتے ہین پلکون پر — لہو سولی کے اوپر جون سر منصور سے ٹپکے
اگر کیفی سخن میرا نہال تاک کو پہنچے — صراحی شاخ بنجاوے شراب انگور سے ٹپکے
اگر اس زلف مشک آمیز سے چینی مین بال آوے — عجب نہ سمجھو عنبر کاسۂ فغفور سے ٹپکے
کرون فریاد رو رو یار کو جب یاد کر عاجز — دم اسرافیل کا لوہو بانگ صور سے ٹپکے

غزل عاقل

اس نگیلی نے جو ہاتھون کو لگائی مہندی — کون سے باغ کی پیچ کہیو منگائی مہندی
اشک گلگون سے ہوا تھا تر و تازہ جو درخت — جسکی ڈالی سے تجن تمنے تڑائی مہندی
رشک عناب کیا دست حنائی کے تئین — بوٹا پیر اپنے پہ جس وقت رچائی مہندی
اوڑ گیا دیکھتے ہی رنگ شفق کا ناگاہ — ایک ذرہ جو ہتیلی کی دکھائی مہندی
ہاتھ مین سرخی نہ سمجھے کوئی عاقل اسکے — کسی عشاق کا دل مٹھی مین لائی مہندی

غزل

جوہر سے کب آلودہ ہے شمشیر کسو کی — یہ قتل کے محضر پہ ہے سب تحریر کسو کی
بے رحم ہزارون کو کیا قتل جو تو نے — ثابت نہ ہوئی ایک بھی تقصیر کسو کی
گلچین نے چمن بیچ جو لب غنچہ کو دیکھا — آنکھون کے تلے پھر گئی تصویر کسو کی

آتا ہے جو تیری ٹیری سے جھنکار کا عالم / پر قید میں تھی بل گئی زنجیر کسو کی
حاصل تجھے کیا ہے مرے سمجھانے سے ارے / کب مانتا ہے وحشت لیے پھر کسو کی
دامان نسیم سحری وقت نشان ہے / شاید یہ کھلی زلف گرہ گیر کسو کی

غزل نظیر

تاب اسکی دیکھنے کی نہ لائے چلے گئے / کیا کیا جوان پری تھے کہ آئے چلے گئے
دارا رہا نہ جم نہ سکندر سا بادشاہ / تخت زمین پہ سیکڑوں آئے چلے گئے
آدم رہا نہ کوئی پیمبر رہے نہیں / وہ بھی اسی زمین میں سمائے چلے گئے
عالم تھا یہ زلیخا کا یوسف کی چاہ میں / رتھے ہزار بیاہ کے آئے چلے گئے
دیکھا نظیر میں نے چمن میں جو آپ کو / مہندی بھرے جو ہاتھ دکھلائے چلے گئے

درد مند وہاں نہ پوچھو کہ کدھر بیٹھ گئے / تیری مجلس میں غنیمت ہے جدھر بیٹھ گئے
ہے غرض دید یہاں کام تکلف سے نہیں / خواہ ادھر بیٹھ گئے خواہ ادھر بیٹھ گئے
مفت اوٹھنے کے نہیں یار کے کوچے سے فقیر / ایک بوسے کے لیے باندھ کے اڑ بیٹھ گئے
پیر و مرشد کی قسم ہے کہ وہی لیں گے وہی / جو کہ بستر پہ جمے کھول کمر بیٹھ گئے
لڑ گیا کام جو معشوق ستم پیشہ کا / سیکڑوں مرغ ہوا باندھ کر پر بیٹھ گئے

غزل صبا

حسن نے [illegible] دیکھا تجھے / ایک نظر دیکھا تو کیا دیکھا تجھے
[illegible] دیوانہ کہیں [illegible] / بال کھولے بارہا دیکھا تجھے
گریہ بلبل پر اوسنے ہنس دیا / جسنے ای گلگوں قبا دیکھا تجھے
[illegible] غیرت [illegible] نکلا آفتاب / بام پر [illegible] دیکھا تجھے

دیدین ہر چند ہے نقصان جان
فائدہ اتنا ہوا دیکھا تجھے

بوے گلشن بھی نہ لائی تا قفس
بس ہوا ہوا سے صبا دیکھا تجھے

غزل رضی

فندق پہ تیرے دیکھیے کس شان کی سرخی
پہونچے نہ جسے پنجۂ مرجان کی سرخی

تعریف کرون چہرہ کی یا لب کی نزاکت
مسّی کی اوداہٹ کہون یا پان کی سرخی

الماس نظر آتے ہین یاقوت کے مانند
پڑتی ہے کرن پھول پہ جب کان کی سرخی

قاتل مجھے ڈر ہے کوئی پہچان نہ لیوے
دھو ڈال ذرا گوشۂ دامان کی سرخی

گردن پہ ترے خون ہے فرہاد کا شیرین
دیتی ہے گواہی یہ گریبان کی سرخی

سنیے یہ غزل مجھ سے اب تازہ رضی کی
دکھلاؤن تمھین صاف گلستان کی سرخی

غزل ایضاً

قاصد لاوے خبر یار کے آجانے کی
جان جاتی ہے چلی ہجر مین دیوانے کی

آپ آئے نہ کبھی خط نہ کتابت بھیجی
سیکڑون راہ دکھائین ہمین ترسانے کی

چشم گریان ہے سدا سینہ بھی بریان ہے مدام
آرزو جی مین ہے اس جی سے گذر جانے کی

تو ملے غیرون مین آنکھون سے اپنے دیکھون
حیف صد حیف کہ اس پہ یہ مجا [illegible]

ای خدا یا بہر خدا کچھ مجھے تدبیر بتا
یا اوسے لا کے ملا یا مجھے لیجا [illegible]

کیا یہ زاری یہ مرے رحم نہین آنے کا
جب تلک چشم مری خون نہین برسانے کی

غزل

اس قدر ہے ناتوانی سے
ہوے [illegible] گرنی سے

میرے زخمون پہ مت رکھو مرہم
میرے قاتل کی یہ نشانی ہے

تلوے چھد چھد کے ہو گئے غربال
مینے صحرا کی خاک چھانی ہے

حال دل پوچھے تو طبیبون سے
کیون مرا رنگ زعفرانی ہے

جامے سے غم دل بھرے ہو جائیں | اچھی پوشاک اوسنے دکھائی ہے

غزل سودا

ساون کے بادلوں کی طرح سے بھرے ہوئے | یہ وہ نین ہیں جن سے کہ جنگل ہرے ہوئے

اے دل یہ کس سے بگڑی کہ آتی ہے فوج اشک | لخت جگر کی نعش کو آگے دھرے ہوئے

پلکیں تری کماں نہ صف آرا ہوئیں وہاں | افواج قاہرہ کی نہ برہم پرے ہوئے

آنکھوں کو تیری کیونکہ میں باندھوں غزال | جاتے تھے ہیں میرے دل کے زراعت چرے ہوئے

بوندیں کبھی جو ہیں بھرن کے یہ دیکھتے ہیں نگاہ کر | زلفوں کے بیچ آنسو وا ہے نت منگرے ہوئے

انصاف کس کو سونپئے اپنا بجز خدا | منصف جو بولتے ہیں سو تجھ سے ڈرے ہوئے

زنہار اپنے رہنے سے مت کر ہمیں تو منع | ہیں لاکھ کو چیں ترے دل سے پرے ہوئے

مجلس میں بیٹھ کر وہ کچھ جو بھرے ہیں شیخ جی | آئے ہے تو پھر خدا اسکے لئے کیا سرے ہوئے

سودا نکل نہ گھر سے کہ اب تجھ کو ڈھونڈتے | لڑکے ہیں پھرتے پتھر سے جھولی بھری ہوئے

غزل تاباں

عشق کیا شے ہے کسی کامل سے پوچھا چاہیے | کس طرح جاتا ہے دل بیدل سے پوچھا چاہیے

کیا تڑپنے میں مزا ہے قتل ہو یار کے ساتھ | اسکی لذت کو کسی بسمل سے پوچھا چاہیے

جسنے اس کا زخم کھایا ہے اوسے معلوم ہے | تیغ ابرو کی صفت گھائل سے پوچھا چاہیے

یار کے ملنے کی ہم کوئی طرح پاتے نہیں | طرح ملنے کی کسی واصل سے پوچھا چاہیے

آہ و نالہ کی حقیقت دیکھتا ہوں ہجر میں | کیا گذرتی ہوگی تاباں دل سے پوچھا چاہیے

غزل افسوس

صدقے میں تیری زلف کے اور تار تار کے | دستار گل اتار قبا بوٹے دار کے

بلبل نے وقت قید کے رو رو یوں کہا | صیاد واسطے ترے پروردگار کے

بیجھے گئے تو سہی ذرا اتنا تو کیجیو | تیجو تو ہاتھوں ہاتھ کسی نو بہار کے

یہ ہی وطن ہمارا ہے تم جو چھٹے ہو گیا — ہم رہنے والے ہین اسی باغ و بہار کے
افسوس تو شاد رہیو زمانہ کرے گا کیا — ہم ہین غلام اس شہ دلدل سوار کے

غزل معین الدین

راضی ہین ہم اوسی مین جو کچھ دلربا کرے — چاہے جفا و جور کرے یا وفا کرے
دل بار رفیق جسکا جدا ہو گیا ہو یار — وہ اپنی بیکسی کو نہ روئے تو کیا کرے
جسنے ہمارے دوست کو ہمسے جدا کیا — وہ کبھی مراد اپنی نہ پائے خدا کرے
کہتا معین الدین ہے تجھسے میر دوستان — آسان سبھونکی مشکلین مشکل کشا کرے

غزل نگین

تجھے تو تم پردہ نشین خانہ نشین کیون نہوئے — تھا تو پر دیکھا مکان لگ مکین کیون نہوئے
وہ جو چلتا ہے زمین پر جی آتی ہے ہوس — ہائے افسوس کہ ہم فرش زمین کیون نہوئے
تیر عاشق پہ چلا وہ تو لگا یون سے کہنے — ہائے ہم آج کے دن زیر زمین کیون نہوئے
آہ جس شخص پہ تم لطف و کرم کرتے تھے — حسرت آتی ہے کہ وہ شخص ہمین کیون نہوئے
جب سے دیکھا تھا ترا نام نگین سے کے اوپر — خون ہوتا ہے یہ دل ہم وہ نگین کیون نہوئے

غزل

چاک دامن کیے جانان ترے دیوانون نے — قید خانے کیے آباد پریشانون نے
نیم بسمل یہ تڑپتے سے مجھے دیکھا قاتل — شور عالم مین کیا ہے ترے بیجانون نے
بل پہ اس کاکل مشکین سے کیے شب تار مین آ — دل جو لیے زلف پریشان کیے پریشانون نے
فخر ان خاک کے پتلون کا نہو کیونکہ بھلا — ڈھونڈھا ہے عالم بالا مین بھی انسانون نے
سیر سے دلدار یہ دلبر شب معراج کی رات — نقش سے کیے حور و پری قدسی و غلمانون نے

غزل

مین وہ نہین ہون کہ تجھ سے دل مرا پھر جائے — پھرون مین تجھسے تو مجھسے مرا خدا پھر جائے

یقین ہے کہ جدھر کو وہ دلربا پھر جاسے
مثال قبلہ نما دل وہین مرا پھر جاسے

الٰہی وہ نہ پھرے جسکے غم مین مرتا ہون
بلا سے حلق پہ گو خنجر جفا پھر جاسے

پھرے زمانہ پھرے آسمان ہوا پھر جاے
بتون سے ہم نہ پھرین ہیسے گر خدا پھر جاے

بکھیر دیوے جو بالون کو اپنے مکھڑے پر
تو کیا عجب ہے کہ آئی ہوئی گھٹا پھر جاے

غزل

دیوانہ کیا بزم مین شب آ کے کسی نے
بیہوش کیا چہرے کو دکھلا کے کسی نے

تکرار جو کی بوسہ کے لینے مین بہت سی
دی گالیان آخر مجھے جھنجھلا کے کسی نے

کچھ دست درازی کا کیا قصد تو ہے ہے
جھٹکا کے مرے ہاتھ کو شرما کے کسی نے

رکھ ہاتھ مرے سینہ پہ گلدستہ نرگس
مارا مجھے دیدار سے ترسا کے کسی نے

سمجھا مجھے دیوانہ سا اس شوخ نے کیا
دل چھین لیا مفت مین بہلا کے کسی نے

غزل نیاز

صنم ہے گلبدن ہے مہ جبین ہے
بھلا کہیے وہ کیا کیا کچھ نہین ہے

وہ سب جا ہے وہ کس جاگہ نہین ہے
غرض اسکو جہان دیکھو وہین ہے

گیا اودھر کو پھر ایدھر نہ آیا
عجب کوچے کی تیرے سرزمین ہے

مرے اشکون کا اور نالون کا شاید
زمین و آسمان عرش برین ہے

نہو جسکے مقابل حور و غلمان
صنم نام خدا وہ نازنین ہے

غزل خلیق

مرغان قفس کرتے ہین سب نغمہ سرائی
کیا فصل بہار کی چمن سے خبر آئی

عاشق کو تو نرگس نے کہین آنکھ دکھائی
کر چاک گریبان نسیم سحر آئی

اوس یار کے ملنے کی جو امید مجھے تھی
کیا راہ گئی بھول قضا تو کدھر آئی

جس گھر مین بہم رہتے تھے مدت سے ہم او یار
خالی جو مکان دیکھا مری چشم بھر آئی

بیمار کی سے جلد خبر اے نئے مسیحا
کیا فائدہ جو اس سے اجل کام کر آئی

گلشن مین کسی شخص کا اگر گھر ہے بلبل
منقار مین لیجا کے وہان پھول خزانی

ایسا کوئی رسوا نہ ہوا ہوگا جہان مین
آفت جو خلیق جگر افگار پر آئی

غزل ذوق

ہر وقت نزع اپنا اسکے زیر پا سے ہے
یہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جاے ہے

رخصت اے زندان جنون زنجیر در کھڑکائے ہے
مژدہ خار دشت پھر تلوا مرا کھجلائے ہے

ہان مرو طاقت رکی ہے ضعف سے سینہ مین دم
دیکھیے لب تک مجھے کیونکر خدا پہونچائے ہے

واہ واہ شور محبت خوب ہی چھڑکا نمک
استخوان پیر ہما کس مزے سے کھائے ہے

بس کر اے سوز دروں بھن جائینگے دل او جگر
رحم جوش گریہ چھاتی پھر ابھی بھر آئے ہے

دل ہے استغنا کہ وہ تو آتے آتے رہ گئے
اف رے بیتابی کہ یہان تو دم ہی گھبرا جائے ہے

ذوق کو تو نزع مین بھی ہے گا تیرا انتظار
جانب در دیکھ لے ہے جبکہ ہوش آجائے ہے

غزل ناسخ

پھر بہار آئی چمن مین زخم دل اپنے ہرے ہوئے
پھر مرے داغ جگر آتش کے پرکالے ہوئے

پائے نازک جب رکھا اوس نے ہماری قبر پر
پارہ ہائے سنگ مرمر روئی کے گالے ہوئے

سبحہ گردانی ہوئی اعمال شب مین بسکہ [illegible]
دانون کے مانند ہاتھون مین مرے چھالے ہوئے

اے پری پیکر اگر نرگس تری بیمار ہے
باغ مین لالے کو اپنی زیست کے لالے ہوئے

کسطرح چھوڑون یکایک اوسکی زلفون کا خیال
ایک مدت سے یہ کالے ناگ ہین پالے ہوئے

جب شب تاریک مین ہم کوے جانان کو چلے
آگے آگے جاے مشعل آتشین نالے ہوئے

واہ کیا تاثیر ہے اوس روے آتشناک کی
شعلۂ جوالہ اوسکے کان کے بالے ہوئے

آیا وجب آیا چمن مین وہ نہال باغ حسن
ایک قلم لبریز اشکون سے [illegible] تھالے ہوئے

وہ پری پیکر کہا کرتا ہے اکثر فخر سے
اب تو ناسخ بھی ہمارے چاہنے والے ہوئے

ہمارے دل پہ ہے جو داغ حسرت تمھارے منہ پر جو خال ہے
یہ دونون چمکتے مثل اختر ادھر ہمارے اودھر تمھارے

تمھارے ابتک قسم ہے جانان ملو تو ایسا ملو کہ جیسے
غم جدائی نہ آوے ولپر ادھر ہمارے اودھر تمھارے

ملون مین کیونکر ہوا ہون حیران اگرچہ معشوق
پھرتے ہین جاسوس یہان تو گھر گھر ادھر ہمارے اودھر تمھارے

ستم کا کیا تم جواب دوگے بھلا جو پوچھے گا تمکو خالق
جو ہونگے منصف بروز محشر ادھر ہمارے اودھر تمھارے

شراب ہے یہ سمجھ کے پینا خراب کرتا ہے اسکو عالم
کہین نشہ مین کھلین نہ جوہر ادھر ہمارے اودھر تمھارے

غزل شرر

کیا نکلے سخن عاشق دلگیر کے منہ سے
کوئی بات سنی ہو گی نہ تصویر کے منہ سے

کسکی نگہ چشم نے مارا ہے طمانچہ
بہتا ہے لہو خنجر و شمشیر کے منہ سے

یوسف کو کیا قید جو زندان مین خوش ہو
آتی ہے صدا کان مین زنجیر کے منہ سے

طفلی مین ترے حسن کا مین وصف کہون کیا
ہاین منہ سے جوانون کے ہر اک پیر کے منہ سے

دیتا ہے دعا تجھکو ثناخوان شرر جب
آمین کی صدا نکلے ہے تاثیر کے منہ سے

غزل تاثیر

زلف سیہ فام گلوگیر ہے
وحشئ دل کے لیے زنجیر ہے

دام ترے زلف کا مین چھوڑ کر
جاؤن کہان کون سی جاگیر ہے

مونس جان اس دل بیتاب کا
حال میرا صورت تصویر ہے

مرنے سے ڈرتا نہین جینے سے آہ
عشق عجب کیا تیری تاثیر ہے

غزل عشاق

معجزہ اسقدر اپنے لب تقریر مین ہے
جو پری سحر بیان سے ہوئی تسخیر مین ہے

شرط ... نہ کیونکر جو عیان تجھسے اب
عالم صاعقہ قاتل تری شمشیر مین ہے

یار کی زلف مسلسل کا تصور ہے ہمین
اپنا آئینۂ دل خانۂ زنجیر مین ہے

جیسے گیسو کی اوڑتے جاتے ہین مرغان سبل
کیا یہ اعجاز مسیحائی تری تیر مین ہے

گر سے بھی کیونکر ہو موافق عشاق | خانۂ خلد مرا ثانی کشمیر مین ہے

غزل تسخیر

کچھ نہین در کار مجھکو ہے نشانی آپ کی | ایک بوسہ دیجیے ہو مہربانی آپ کی
ہان کرون تعریف کس منھ سے مین جانی آپ کی | خلق مین ہوگا نہ لیکن کوئی ثانی آپ کی
جب سنہرے بال دیکھون ہون کسی کے گلبدن | یاد آجاتی ہے فوراً نوجوانی آپ کی
بس نہین بھولینگے پیارے جب تلک ہے دم مین دم | ہر جگہ کہتے پھرینگے بس کہانی آپ کی
کیون نہ سمجھے ہر جائی عبداللہ بیٹھے بھی رہو | دی خدا نے چاند سی تصویر جانی آپ کی
مرحبا جوش جنون تسخیر کہتے ہین اسے | کھینچ لائی اسکو آخر جانفشانی آپ کی

غزل اخلاص

یاد چہرے کی زبان صبح و مسا کرتی ہے | بس تری آنکھون مین تصویر پھرا کرتی ہے
فرق نزدیکی و دوری کا بھلا کیا ہو یہان | کار قاصد کا جہان باد صبا کرتی ہے
اس گل خوبی کا رہتا ہے تصور ہر دم | سیر گلزار کی اب میری بلا کرتی ہے
شکوہ تقدیر سے کیا کیجیے اپنی قسمت | ورنہ اس طور کسیکو بھی جدا کرتی ہے
حال تو ہنج فراق کا ہوا ہمکو نصیب | آگے تقدیر بھلا دیکھیے کیا کرتی ہے
حسن وہ ہی کہ پری دیکھکے غش ہوتی ہے | سب ادا اپنی ترے آگے قضا کرتی ہے
کیون تو دیتا نہین تشبیہ ہماری رخ سے | حور فردوس سے آ آ کے کہا کرتی ہے
درد سر اسکو ہے کیا عود ہی کیا یہ صندل | مہ جبین اُسکے جبین پہ رکھا کرتی ہے
ہوتی ہی تجھکو تو اخلاص رسائی ہر دم | واہ کیا کام تری طبع رسا کرتی ہے

غزل اخلاص

آپ گر مہتاب ہو پھر تجھکو تارا چاہیے | ہے پری تسخیر شیشہ مین اوتارا چاہیے
قتل کرتی ہے جوانون کو نظر کے تیر سے | اب زبان تیغ سے اسکو بھی مارا چاہیے

وصل کا وعدہ کیا ہے آج رشک حور نے
مثل جنت کے مکان اپنا سنوارا چاہیے

عشق زلف عنبرین کالی بلا ظلمات ہے
خضر ہمت کے شناور کو کنارا چاہیے

پادشاہی تجھکو بس پھبتی ہے ملک حسن مین
سکہ ہر دل پر درم کے اب تمہارا چاہیے

دفتر عالم سے رنگ اوڑ جائے بس بہزاد کا
ایسے اک تصویر کا نقشہ اوتارا چاہیے

بوستان دہر مین ہوتے نگے قدم او گل عذار
بال سے مژگان کے رستہ کو جھارا چاہیے

دیکھکر جلوون سے کیون مجھکو پکارا کرتی ہو
عاشقون کو تیری آنکھون کا اشارا چاہیے

آشنائی غیر کی تصویر سے لائق نہین
ہر طرح سے دیکھنا نقشہ تمہارا چاہیے

بس ترے در پر رسائی ہو سدا یہ چاہیے
اوج قیصر چاہیے نہ تخت دارا چاہیے

مشتری اخلاص کی جب ہو سخن کی مشتری
اب بھلا کیا اوج پر اس سے ستارا چاہیے

قصیدہ فقیہ

حق نے بخشی ہے نبی کو دو جہان کی سروری
رمز معنی خدائی ظاہری پیغمبری

باعث ذات مقدس کا نہوتا گر عروج
خلعت پیغمبری کی کوئی نہ پاتا افسری

اوج گردون پر قمر انکا غلام داغ دار
پھٹ گیا یک آن مین کرتے اشارا سرسری

تابہ کی گرمی نہو دے اس مبارک چشم سے
خوف سے خورشید کا ہو رہے ہی تن مین تھرتھری

سرنگون تھے خاک ذلت مین بتان آزری
[illegible] کے تہجانی داب سے

کل جماعت انبیا سے نور ذات پاک نے
منزل صغری سے تا کبری تلک کی رہبری

ابتدا سے حضرت آدم کے اپنے وقت تک
تھا ہویدا نور احمد جون فلک پر مشتری

[illegible] نوح سے طوفان مین کر کی [illegible]
بخش دی حفظ و امان کی اسکے تین کشتی گری

[illegible] بعد اشتیاق کوہ طور پر
پشہ سا جلکر رہے جب اسکی جلوہ گری

[illegible] اوج عشق [illegible]
غرق قارونان و قبطیان و سحر سامری

[illegible] اژدہا [illegible]
قصہ طالوت اور جالوت مین کی داوری

ابن مریم حضرت عیسے کے تئین بستان ہین | چرخ گردون پر بٹھا کر دیے مقام برتری
نیم شب دولت سرائین امہانی کے رسول | خواب مین بستر پہ آسودہ ہوئے تھے یک گھڑی
با سواری وفد سے براق زرین حلہ پوش | کر ادب ناموس اکبر نے وہان دی حاضری
چوما انگشت مبارک اپنے لب سے ہو سعید | اور منگا کر روبرو معراج کے خلعت جھری
ہو سوار او سوقت پھر جا پہنچے اقصی کو ترت | کی امامت آپ نے نبیون کے پیچھے صف کھڑی
طے منازل کر گئی ہے منتہا تک پاک ذات | قدسیون نے کی زیارت ہین گر سوت پھری
رہ گئی اپنے مکان پر حضرت روح الامین | نور سے پھر آگے انکی کو دونے رفرف لگی
لیگیا اعلی مکان پر جس جگہہ کوئی نہ تھا | نور رب العالمین دیکھے بچشم انوری
اوٹھگیا پردہ حجاب خاص کا حاصل مرام | عاقبت واللہ اعلم کیون کیا پردہ دری
اس نشانی پر کہے ہین قطب عالم مصرع ایک | خود خدائی میکنی خود میکنی پیغمبری
گلشن اسلام کو اوس وفد سے آئی بہار | اور درخت کفر کو پہونچی ہوا سے بیت جھڑی
صبحدم مسجد مین آ اصحاب پر ظاہر کیا | لیکے ادنے سے وا اعلے تک تمام عسکری
حضرت صدیق نے سنکر کیا صدق رسول | مصطفے کے تھے مقرر وہ صحابی اکبری
دوسری فاروق عادل درہ دار شرع تھے | گلشن اسلام پر جس ذات سے صیقل گری
جامع القرآن ذی النورین عثمان باحیا | ریش انور ان کی تھی خون شہادت سے بھری
شیر رب العالمین جان رسول بوتراب | کفر کو توڑا علم کر ذو الفقار حیدری
حضرت خاتون محشر اور دونون نور عین | جنکے تئین پہونچا آلہی سے خطاب عابری
نعت پیغمبر مین رکھتا ہے فقیہ دولت عظیم | از مناقب سروری بہتر نہین ہے شاعری

مستزاد شاہ ظفر غفر اللہ ذنبہ

مین ہون عاشق مجھے غم کھانے سے انکار نہین . . . . . . کہ ہے غم میری غذا
تو ہے معشوق تجھے غم سے سروکار نہین . . . . کہ اسے غم تیری بلا

دل تو دین تیرے حوالے کیے کرتے ہی طلب . . . . اور جو کچھ کہا تو سب
پھر جو بیزار ہے تو مجھکو بتا اس کا سبب . . . . میری تقصیر ہے کیا
بھیجے خط سیکڑوں لکھکر تجھے ہشیاری سے . . . . بڑی دشواری سے
تو نے بھیجا نہ جواب ایک بھی عیاری سے . . . . یہ ہے قسمت کا لکھا
طلب بوسے پہ کیوں اتنا برا مانتے ہو . . . . ہمیں پہچانتے ہو
دیکھو ہم ہیں وہی جانباز نہیں جانتے ہو . . . . کرتے ہیں جان فدا
ہے حیات ابدی گر ہو شہادت حاصل . . . . تیرے ہاتھوں قاتل
تیرے آب دم شمشیر کو تیرا بسمل . . . . سمجھے ہے آب بقا
کیا کہوں تیرے میں انداز و ادا کا عالم . . . . ہے ستم ہے ستم
دیکھکر ہوش رہیں کیا کہ نکل جاوے ہے دم . . . . اے بت ہوش ربا
نہ تو تقریر سے ہو کام نہ تحریر سے ہو . . . . اور نہ تدبیر سے ہو
ہم تو کہتے ہیں ظفر جو کہ ہو تقدیر سے ہو . . . . ہے یہی بات بجا

مستزاد معزز

ہمیں نے اب تک تو تیرا عشق نباہا آہا . . . . کھا کے سو طرح کے غم
وسلے افسوس مجھے تو نے نہ چاہا آہا . . . . بل بے ظلم و ستم
خود بخود شب کو یکایک میں کہوں کیا تجھسے . . . . تیرے بن گذرا جو مجھپہ
دل پہ درد یہ پہلو میں کراہا آہا . . . . یاد کر تجھکو صنم
کاہے رس کھا سے کے تم روس رہے ہو پیتم . . . . آؤ کرپا کرو جی
جاوے ہے جان مری نت ہی کراہا آہا . . . . پاپ ہو جاوے قسم
سانو گھائل کیتی تقصیر کتی سے کے ٹینڈے . . . . مینڈی تو جان لینڈی
جھنڈری جادان میں تری ترچھی نگاہا آہا . . . . کچھہ نہیں تیروندی کم

بیوفی بیولے وے ہین تم لسل ویٹ ہیر . . . . کسکو ہاسے ذبیر
اینٹھ گو اپنی دبیر بوفار آیا یا آہا . . . . ہائی ہوس اوپرے کم
اتنا کو ایم نا مبیدہ آئندہ کو سیٹو . . . . ایدی ایم آن شیالم
نرمو کھٹ کہنی نے ملاتر کونڈی کا آہا . . . . سوسی تو میڈی غم
ایسے کائے چوک زبالی سانگ سکیا میر پاشین . . . . پیو تلا املے آن
جان مجھ ہین دو گور وے لے فار آیا یا ایا . . . . بازو دانکا ظلم
زاردی زادی زور خودی زور تو ئی . . . . ویچہ دے دخل دل
دیچہ معشوق دا شایستہ ادا ہا ہا آہا . . . . کچھ نہین ہیش نہ کم
وقت ستی چو کشیدیم ترا در بر خویش . . . . ہیچو امید وصال
دیدہ ام از تو صنم چند ادا ہا آہا . . . . کشتہ ناز توام
صرفت العمر و فی الہجر لعت یا صنمے . . . . ثم باتند کہن
ثم ہا ثم ہا اے ثم آیا آہا ✣ . . . . لیس بے مثل صنم
حیف صد حیف ہے افسوس افسوس . . . . آیا پیغام اجل
چیٹ گیا زخم جگر سے مرے پچھا یا آیا . . . . اب نکل جاویگا دم
ہین معطر تیرے سب شعر سلسل موزون . . . . مشک نہین ایسین فدا
یہ غزل جسنے سنی اوسنے سرا ہا آیا . . . . تازہ تر تازہ رقم

مستزاد ہمایون

جا بجضا طائر دل میرا لصد شوق پری . . . . تیری کاکل مین صنم
تو نہ آنار کسی ڈھب کا اسے دیونہ ذری . . . . لطف کر اور کرم
ہجر کے جور کی اب تاب نہین ہا ہے مجھ مین . . . . سچ یہ کہتا ہون بھلا
دلبری سر خدا اب تو ذری کر تو میری . . . . جان مست کرنہ ستم

تیری شوخی کی دغری بان کی سرخی نے بیان . . . . قتل کر ڈالا مجھے
دیکھ تو خنجر مژگان نے کیا کیا ساری . . . . آ رہا ہوں تجھ پہ دم
اپی زلیخا مین ترے چاہ پہ برباد ہوا . . . . یہ گلا کس سے کرون
مثل سیماب کے بیتاب ہوں فرقت مین تری . . . . تجھکو یوسف کی قسم
عقل و دین دونوں دیا دولت ایمان بھی ساتھ . . . . . . اس ہمایون نے ترے
دلبری اسپہ بھی تو نے نہ ذری اسکی کری . . . . یہ ہے سینہ پہ الم

مستزاد اکبر

اس عشق نے یارو تجھے دنیا سے اوٹھایا . . . . دیوانہ بنا کے
زلفوں مین پریرو کے گرفتار پھرایا . . . . پھر شانہ بنا کے
پھر شوق کے شیشہ مین شراب عشق کی اپنے . . . . بھر بھر کے پلایا
پھر سیر تماشا سا ہے عالم کا بنایا . . . . مستانہ بنا کے
یہ دختر رز لگتی ہے ہر ایک کے منہ سے . . . . افسوس الساقی
کیا نام ہے ساقی تیرا کیسا تو نے ملایا . . . . میخانہ بنا کے
بسمل کیا دلبر نے عبث لیکے مرا دل . . . . کس مکر و ہنر سے
پھر اپنے نگا کان کے بالے مین جھکایا . . . . دُردانہ بنا کے
نزدیک رقیبوں کے صنم رات کو بیٹھا . . . . مجلس کیا روشن
پھر اپنے شمع رو کے اوپر مجھکو جلایا . . . . پروانہ بنا کے
غیروں کو بلا کر وہ لگا پاس بٹھانے . . . . مدت سے کہ گویا دوست
ہم دوست یگانے کے تئیں دور بٹھایا . . . . بیگانہ بنا کے
اکبر کی بھی عرض ہے اب جو تیہ ہے شب و روز . . . . کر اپنا تو طالب
دنیا مین اگر رکھتا ہے تو رکھ سے لے خدایا . . . . ہمدردانہ بنا کے

مستزاد موج

اس کاکل پیچان معنبر کا ترے یار . . . . جیسے نہ کبھو بل گیا
خوشبو سے تری بالون کے سطر ہوا گھر بار . . . . . . جون غنچہ سمن کھل گیا
ہیگا دل رنجور ترے زلفون مین جانان . . . . مت کیجیو شانہ
بس گر ہی پڑے گا نہین سنبھلیگا وہ بیمار . . . . . . گر بال کہین ٹل گیا
نعرہ کرون جسوقت اگر کوہ کو پاؤن . . . . اوسکی جا سے ہلا دون
بس دیکھکے نازک بدنی حسن کے سردار . . . . . . وہ آپ سے [illegible] گیا
یہ زندگی لائی تھی عدم سے ہمین اوس جا . . . . . . یہان آکے جو دیکھا
سب قافلے کے قافلے ہین وہین کو تیار . . . . . . بس دیکھکے جی جل گیا
دربر مجھے آ دیکھکے دھر قبضہ اوپہ ہاتھ . . . . . . کہنے یہ لگا یار تب
گر خون مین لوٹیگا ترے حسن کا سردار . . . . . . گر ہاتھ کبھی جا لگا
ایک عرض ہے جو موج کی اب شیر خدا سے . . . . . . کہتا ہون بجا سر سے
حل کیجیو مشکل مری اے حیدر کرار . . . . تجھ نام سے [illegible]

مستزاد مزاج

تجھ زلف کی یہ باس گئی مشک ختن مین — اے نافۂ آہو یہ مشک خطا سے
ہر غنچہ دل تنگ ہوا کیول چمن مین — اے شوخ سمن بو تجھ مکھ کے سبب سے
ہو خار سی ہے اس پلک تجھ کون پاکو — ہے تجھ مین نزاکت از بسکہ سدا ہی
جسوقت سے کہے پاؤن تو [illegible] — اے دلبر گل رو اس ناز و ادا سے
[illegible] مثال [illegible] مطلق — مصحف ہے ترا منہ اے آیت خوبی
ہے سینہ اخلاص کی خواہش [illegible] — بسم اللہ ہے ابرو ہے بد رسا سے
ایک روز [illegible] ستم نے [illegible] سبب — عشاق کے اوپر سختی [illegible] ہماری

بیتاب ہین تجھ غمسے موئے بعد کفن ہین	گر رحم اے خوشخو بولا کہ بلا سے
سوگند مری اس حال پریشان کی موہن	مانو تو کہون مین کیون زلف لپیٹی
جمعیت دل بند ہے ہر ایک شکن مین	کھولو خم گیسو اب عمر و وفا سے
یکبار تلطف سے پلا شربت دیدار	ای شوخ شفا دے بیمار ہون غم کا
ہے مجھکو یہ درد جگر مین نہ بدن مین	حاجت نہین دارو کیا کام دوا سے
کچھ شوق عبث دل مین ترے شعر کو سنکر	ہر آن سراج اب آتے ہین پر پرو
تو دیکھ مری طبع کو ہر ایک سخن مین	کرتا ہون مین جادو کیا طبع رسا ہے

مستزاد انشاء اللہ خان

لینے جو بلائین لگے ہم آپ کی چٹ چٹ . . . . تو بول اوٹھے جھٹ
چل جا بے رے واہ بربرہ ہو پرے ہٹ . . . . ہے سب یہ بناوٹ
ان انکھون مین اب حلقۂ زنجیر کرون گا . . . . ایسا ہی بلا ہون
چھوڑون نہ کہین آپ کے دروازے کی چوکھٹ . . . . جب تک نہ کھلین پٹ
مرجائین لہو چہاتے نہ گونگا ہو وہ کیونکر . . . . جو شخص کہ دیکھے
سرخی تری انکھون کی اور ابرو کی کھچاوٹ . . . . سر نیکے کھلاوٹ
کیا پھبتی ہے اب نام خدا اوچھڑے آہا . . . . ہونٹو نپہ تمھارے
ایک بوسے کے صدمے سے دھوان دھار نلاہٹ . . . . مسّی کی اودہاہٹ
ای واے ری بالیدگی اور چنپئی رنگت . . . . یہ گات یہ سج دھج
اور جامۂ شبنم کی وہ چولی کی بناوٹ . . . . بازو کی گلاوٹ
مت چھیڑ مجھے دیکھو ابھی سے کہنے لگو گے . . . . اچھا کیا تمنے
چولی مری تکڑے ہوئی دامن بھی گیا پھٹ . . . . لگجاوے گی پھرٹ
ای عشق ادھر آ اوہمارا جون کے ساجہا . . . . ڈھوندوت سے ہے تکو

کر بیٹھے ہو تم لاکھوں کروروں کی ہی سر چٹ . . . . یک آن میں جھٹ پٹ
وہ سیج پڑی پھولوں کی مخمل کے وہ تکیے . . . . . . کمخواب کی توشک
پر دوسے وہ تمامی سکے وہ سوزنکا چھپرکھٹ . . . . . . اور اسکی سجاوٹ
پھرتا ہے سما آنکھوں میں اب تک وہی انشا . . . . . . ہے ظالم ارے کیوں
باہم جو لپیٹ سونے میں آجاوے رکاوٹ . . . . . . وہ پیار کی کروٹ

مستزاد حسین

سوتا ہے گلے لگ کے جب وہ یار پلنگ پر . . . . . . کیا ناز و ادا سے
آتی ہے لپٹ پھولوں کی مہکار پلنگ پر . . . . . . اوس بند قبا سے
ہے سرخ جو پوشاک تو اس گورے بدن پر . . . . . . سجتی ہے سجاوٹ
رکھتا ہے عجب طرح کا گلزار پلنگ پر . . . . . . مخمل کی جلا سے
ساقی میں ترے صدقے ذرا جام کو بھر دے . . . . . . جز شوق خدا ہو
جو ساتھ رہوں یار کے سرشار پلنگ پر . . . . . . سرمست نشے سے
ہے آرزو دل کی جو وہ آغوش میں آوے . . . . . . خواہش ہے مری یہ
سو جاوے تو جاوں میں بلہار پلنگ پر . . . . . . منت یہ خدا سے
رنگینی تری شعر کی سن سنکے حسین اب . . . . . . مشتاق ہوا دل
تو خوش رہے اور پاس ہو دلدار پلنگ پہ . . . . . . ہر روز رضا سے

مستزاد معلم

یہ عرض اور سنو بادشہ زمین وزمن . . . . . . مجھ سے ہی جنگ بھلا
رکھو آفات بلاؤں ستی مجھکو با امن . . . . . . بحرمت کربلا
دنیا و دین میں مری شرم و حیا رکھیو . . . . . . اور عزت دیجو
اور مکافات عمل سے مجھے رکھنا حسن . . . . . . اے شہ روز جزا

الغرض میری جو ہر بات مین آسانی ہو . . . . اور نہ حیرانی ہو
کھولدو کلمہ شہادت سیتی میرا یہ دہن . . . . تم مرے ہو رہنما
قبر کے بیچ مین آوینگے وہ منکر و نکیر . . . . نہ کرین مجھکو ذلیل
گرز او سنگے سے بچا لیجیو میری جان و تن . . . . یا امام الانبیا
جب کہ ہوجاوے سوال اور جواب . . . . نکرین مجھپہ عذاب
فضل رب کے سیتی ہو جاوے مری گور چمن . . . . یا محمد مصطفےٰ
جبکہ ہو روز حشر کیونکہ گرا نوقت ہے وہ . . . . اور بہت سخت ہے وہ
یا نبی بخشیو مجھے بہر حسینؓ اور حسنؓ . . . . اسکی آفت سے بچا
تمھارے آل کے صدقے یہ معلم ہے غلام . . . . ہے غلامان غلام
حشر مین پاس بلا لیجیو یا تخت عدن . . . . کیا کہون اسکے سوا

استزاد سراج

ہر صبح ملک بر فلک عالم بالا . . . . قد دیکھ ہے سجن کا
تسبیح کرین سبحٰنہ اللہ تعالےٰ . . . . مُنہ کالا سیہ من کا
تجھ چہرۂ زرتار کے تارون کی جھلک کے . . . . آنکھون مین نہین تاتا
شاید کہ نمودار ہوا جگ مین اوجالا . . . . سورج کی کرن کا
اے سرو سہی داغ جدائی کی خبر لے . . . . رکھ عزم تماشا
پھولا ہے عجائب یہ ہزارا گل لالہ . . . . مجھ دل کے چمن کا
تجھ ابروے خونریز کی شمشیر کی اوجھڑ . . . . ہے جسکے جگر پر
کہتے ہین اوسے جگ کے جوانمرد جوالا . . . . تجھ عشق کے رنگ کا
رجلا ہے اگر ہوش سے بیہوش ہوا ہون . . . . اے ساقی گل رو
مجلس مین محبت کے ہوا نشہ دوبالا . . . . تجھ جام نین کا

نسبت سے تیرے حسن کے ہوئی پھول کی پنکھڑی .... تو سب مین ہزار ا
تجھ پاک کے نزاکت آنکھین کس جھاڑ کا پالا .... سو ہے بات سمن زا
دیدار کی عمران ہے مجھ انکھو مین سراج آج .... پس کیون نہ پھیرا دین
انگلیون سے پلک کے لیے چمن ہاتھ مین پالا .... آنسو کے رتن کا

مخمس در مدح حضرت سید المرسلین خاتم النبیین احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم از شہیدی

بیان اس شمع روشن کی ہو کیا انوار بیحد کا
ہے شمع لم یزل کا پرتو جلوہ محمد کا
سراپا نور تھا اسواسطے سایہ نہ تھا قد کا
طلوع روشنی جیسے نشان ہو شہ کی آمد کا
[illegible]

اسی کے فیض سے کل دفتر عالم ہوا پیدا
اسی کے نور کا پرتو عقول عشرہ مین دیکھا
نہین جز مبدۂ فیاض کوئی ہمسبق اوسکا
دبستان ازل مین وہ معلم عقل کل کا تھا
[illegible]

چمن بند قضا نقاش اسکے بزم رنگین مین
قدر یک بندہ کی ہمتاش اوسکے بزم رنگین مین
ہر اک عرشی ہی حاضر باش اوسکے بزم رنگین مین
چمن پیرای کن فراش اوسکے بزم رنگین مین
[illegible]

نبی یہان جبکہ ٹھہرئے خوف سی شیطان بھی گھبرایا
ہوا سارے جہان کے کافرون مین تہلکہ برپا
تہ و بالا ہوے کعبہ مین یکسر لات اور عزا
عجم مین زلزلہ نوشیروان کے قصر مین آیا
[illegible]

محمد مصطفےٰ باعث ہوئے ایجاد عالم کے
تمامی انبیا کو اوسکی خلقت سے ملے رتبے
بڑھی اسکے سبب سے نوح و اسماعیل درجے
شرف حاصل ہوا آدم اور ابراہیم کو اوس سے
[illegible]

بہانہ اوسکے آنیکا نزول وحی قرآن تھا
فرشتہ تھا مگر ظاہر مین بنتا شکل انسان تھا
علاموں کی طرح اٹھون پہر دونون پہ قربان تھا
شب و روز اسکے صاجزادونکا گہوارہ جنبان تھا
[illegible]

نہ تھا بلبل و گل پر ہوا صیاد گل چین کو
رکھا آباد و شاداں گلشن دنیا کو اور دین کو
بنا تھا جسم اطہر دو جہاں کے زیب و تزئین کو
وہ اس عالم میں رونق بخش تھا تو روح کے تسکین کو

[illegible]

مثلث کو مربع کس طرح لکھتا کوئی یارو
احد میں میم اگر چار ارکان ہو گئے دیکھو
نہ ممکن تھا کسی ترکیب سے مفرد و مرکب ہو
گذر وحدت سے کثرت میں ہوے ذات مطلق کو

[illegible]

وہ مقصود لیکر حق سے شاہ بحر و بر آیا
عجب دریا دلی سے جا کے بے خوف و خطر آیا
بجا اوسکے ہمت عالی کا دریا موج پر آیا
شب معراج چڑھکر عرش پر دم میں اوتر آیا

[illegible]

سمجھکر گوشۂ ایمان پہ دامن تیرا پکڑا ہا
سمجھے کونین میں تیری سوا آسرا کیا ہے
مراد وہ تو جہان میں تو ہی بس ملجا و ماوا ہے
بھروسا ہر کسی کو ایک حصار عافیت کا ہے

[illegible]

نہ جانو فرق اک نقطہ کا احمد کو احد سمجھو
سراپا مظہر حق ظاہر و باطن میں ہے وہ تو
وہ خود مفتاح ہے مفتاح کی کیا اسکو چاہت ہو
کشود عقدۂ باطن میں کافی نام حق اسکو

[illegible]

مکان لا مکان سے ہے یہ برتر تجھہ ترا ایوان
ہے اونچ فرش پا انداز تیرا عرش عالیشان
ستارے ہیں ترے پابوس کے مہر و مہ تابان
تری پابوس سے ہفتم فلک پر منزل کیوان

[illegible]

جہاں پرواز کرنے سے پر جبرئیل جلتا ہو
بھلا ایسے محل میں دخل پھر شیطان کا کیا ہو
وہاں مارا پڑے گو سو طرح کا بھیس بدلا ہو
اگر افعی بن کے جا نکلے اودھر ابلیس اندھا ہو

[illegible]

ہے تجھ نور جہان میں رحمت و غضب کا کیونکر
تجھے بھیجا خدا نے رحمۃ للعالمین ہے تو
ترے انعام بے پایان کا کیا ہو شکر اے خوش خو
خدا بن مانگے کیا کیا نعمتیں دیتا ہے بندوں کو

[illegible]

خدا کا ذکر دل میں بخشش امت کی لب پر حل
معانی تو اودھر کے پر تلفظ میں اودھر مائل
اودھر مشغول تھا حق سے اودھر تھا وعظ میں شاغل
ادھر اللہ سے واصل ادھر مخلوق کا شامل

[illegible]

جو عاشق ہیں تحصیل حق ہے وہ ہو نگے فرحت میں
جو عابد ہیں حوران جنان سے ہو نگے خلوت میں
زہی قسمت کہ ہو نگے کیا کیا ناز و نعمت میں
بہشتی ہو نگے جس گھڑی عشرت کی سامان بہ جنت میں

[illegible]

شفیع المذنبین جب یاد فرماوینگے امت کو
خوشی کے مارے ہم سب بھول جاوینگے مصیبت کو
جو روتے ہونگے ہنستے کھیلتے جاوینگے جنت کو
لب گوہر فشان وا ہونگے جب عرض شفاعت کو

یہان یک حرف موزون گر کوئی اعجاز تو دیکھے
فصاحت اور بلاغت مین ہے بہتر سو کتابون سے
ردی ہو جاوینگی صدہا بیاضین سیکڑون نسخے
پھینکینگے مثل تقویم کہن دیوان ہزارون کے

تری محراب ابرو کا ہے طاق کعبہ شیدائی
ترے خال سیہ کا سنگ اسود بھی ہے سودائی
ہے دل مین سیکڑون ارمان حسرت شوق جبین سائی
رہا کعبہ مین تیرے روضہ کے در پر نہ جا پائی

طپیان شوق زیارت مین ہے اوسکو روح اور قالب
مرا ہادی مرا رہبر ہے علی ابن ابیطالب
جناب آسمان رفعت پہ پہنچونگا یہی طالب
ہوئی ہے ہمت عالی مری معراج کی طالب

وعید کبریائی تا کہ صادق ہو قیامت مین
یہودی اور نصرانی رہے تیری عداوت مین
محبون کو ترے اقرار ہو تیری نبوت مین
عدو کو حشر تک انکار ہو تیری رسالت مین

کبھی پیش دم دیدہ سواد شہر ہے دیکھین
کبھی اوس روضۂ اقدس کے وہ قبے نظر آوین
کبھی درگاہ مین تیرے کرون جاروب پلکین ہم
کبھی نزدیک جا کر آستانے پر ملون آنکھین

تری خاطر سے خالق نے کیے ہین خلق انس و جان
ہوا معمور تیرے نور سے یہ عالم امکان
کیا پیدا نہ پیدا ہو کبھی ایسا کوئی انسان
ہوا تجھسا نہ ہو سکتا ہے میرا ہے یہی ایمان

ترے کوچہ مین جا کر کب بھلا فردوس یاد آوے
کہ بہتر سدرہ و طوبیٰ سے دیوارون کے سایے ہین
مجھے خلد برین کی عیش و عشرت سے ہوئی بہتر
فراغ دل سے گر وان زندگی کا کوئی دم گذرے

عجب کیا لال کر دیوے زبان ترکی و تازی
کہ شعر آبدار اپنا ہے رشک تیغ فولادی
کٹے اس تیغ ہندی سے نہ کیون تیغ صفاہانی
تری تعریف سے میری زبان مین آئی ہے تیزی

الٰہی ہو نہ کیون شہرت مین یہی مقصود ہے میرا
اگر دو چار مین بیت کرون ان سے بہتر کیا
[illegible]
[illegible]

خرابی آشیان عنصری کی میری جب آوے
کہو تب بن سکے روح پاک میرے روضہ مین پہنچے
جو ہوا آزاد مرغ جان تو پائی شوق سی اڑ کے
تمنا ہے درختون پر ترے روضہ کے جا بیٹھے
[illegible]

اسکی ذات ہی کون و مکان کی باعث خلقت
اسکی شان مین لولاک نازل ہے بصورت
جب ایسی ذات با برکات ہووے پھر تو بیعت
سنو کیون نہ اسکے نور سے ہو خانۂ عقبیٰ
[illegible]

مذاق اس مسئلے کی ہے خبر ثابت روایت سے
کہ خالق نے درود افضل کیا ہے ہر عبادت سے
و ہی حاصل علے فرما کے بس بہای رحمت سے
خدا منہ چوم لیتا ہے شہیدی کس محبت سی
[illegible]

مقرر جو کچھ ہین اوسنے انہی شرع کے رستے
بغیر از اسکے کوئی منزل مقصود کو پہنچے
نہین ممکن فرشتہ ہووے وہ اور کیا ولی ہووے
بلکہ اسکا وہ ایوان مراتب ہی کہ بن آ سکے
[illegible]

مخمس در نعت محمد مصطفے احمد مجتبے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم از جرأت شاعر

اگرچہ لاکھہ پیغمبر اوسی کا آفریدہ ہے
موافق مرتبے انہی کے ہر اک حق رسیدہ ہے
محمد مصطفے لیکن باوصاف حمیدہ ہے
گروہ انبیا مین وہ ہی حق کا برگزیدہ ہے
[illegible]

تمام امت بھی اور مداح تھا ہارون بھائی کا
اور اک عالم کرے تھا وصف عیسی کی دوائی کا
نبی موصوف گذرا ہے ہر اک نوحی خدائی کا
محمد ہے نبی ممدوح ذات کبریائی کا
[illegible]

سلیمان و سکندر اور کسری کیقباد و جم
در یگانہ مین آ بار کب پالے رہین ہر دم
فرشتہ بھی جہان مشتبہ ہی ہرگز نہ محرم
رکھے ہے منزلیت آستان سرور عالم
[illegible]

اسی کے نور سے جاتی رہی ہے کفر کی ظلمت
اسکی شان مین نازل ہوئی شمس الضحی آیت
اسکے حق نے کی کونین مین بدر الدجی خلقت
سپہر معرفت حقا ہے وہ مہر الوہیت
[illegible]

کیا کلمہ نے اسکے نفی اور اثبات سی محرم
وہی روز قیامت کو بنے گا شافع عالم
نصیحت تجھکو کرتا ہون یہی جب تک کہ دم مین دم
اسکے عشق مین پابند الفت ہون ولا ہر دم
[illegible]

فرشتے اور بشر سے ہے خطا نسبت جداوسکو وہ
نہین خیر البشر ہے بلکہ فخر انبیا ہے وہ
بھلا بے میم احمد اور عرب بے عین ہو جسکے
سراپا نور حق نام خدا کہیے نہ کیون اوسکو

عشق خرام ناز سے تو جلوہ کرتا ہے جہان
جون سایہ رہتی ہین پڑے عشاق بیتاب و توان
چاہین کہا وٹھین خاک سی سو ہم مین طاقت کہان
ای راحت و آرام جان باقد چون سرو روان

فرشتے اور بشر کی حق سے نیکی ہو آپ سے خلقت
ورے خالق سے کی ہر جنس کی کونین مین کثرت
محمد مصطفے اخلاق کی اک خاص ہے خلعت
دلیل اوسکی سے ہے یکتائی کی یہ ادب آخر

رہتی تھی عاشق سی تجھے پر کس قدر بیگانگی
مانند نور و سایہ کے کچھ اور آمیزش تھی
پر انتہا عشق مین دیکھا کہ یہ صورت ہوئی
من تن شدم تو جان شدی من تو شدم تو من شدی

مخمس معروف بر غزل

حضرت امیر خسرو دہلوی
رحمتہ اللہ علیہ

مانا کہ مانی آج ہے تیرا قلم حسن آفرین
کھینچی ہین تونے عمر بھر نقش بتان نازنین
گو رنگ لاؤ ہو لاکھ تو پر ہم سے کہ قائل نہین
صورتگر دیبای چین گو صورت آئینہ ببین

عشوے سے ظاہر ہے ہر جلوہ حور و پری
غمزی مین تیرے مو بمو پنہان ہے فن جادوگری
جتنی کہ خوبی چاہیے ہے تیری صورت مین بھری
ای چہرۂ زیبا سے تو رشک بتان آذری

اور پر جو اسنے دیکھکر مجھکو وہ شوخ بیحیا
ہوکر غضب کہنے لگا تو کون ہے اوٹھ یہان سے جا
معروف نے مین رو دیا اور رو کے یہ مقطع پڑھا
خسرو غریب است و گدا افتادہ در شہر شما

نقاش قدرت نے تجھے جب ہم بنایا سر بسر
چننے کو اگلے نقش تجھے بروپ سب آئے نظر
سارا مرقع دہر کا ہر چند دیکھا غور کر
ہرگز نیاید در نظر نقشے ز رویت خوب تر

مخمس معروف بر غزل

خواجہ حافظ شیرازی
رحمتہ اللہ تعالے علیہ

نہ پوچھ مجھ سے غم و درد و صدمہاے فراق
وہ ذل سے مجھکو بنایا ہے آشناے فراق
لکھا نہیں مری تقدیر مین سواے فراق
بسا دکس چو من خستہ مبتلاے فراق

سیر بند بلا ہین یہ ناتوان شب و روز
سبب یہ ہے کہ وہ آنکھو نسو پہ پنہان شب و روز
سنا گئی ہین جو مصرعہ کے فغان شب و روز
از ین سبب سن حافظ چو بیدلان شب و روز

این
مخمس از حیدر علی
آتش است

غم فراق سے از بسکہ ہون سدا بیدم
پھر ایک دم ہے مرا میرے حق مین تیغ دو دم
طرف فلک کے یہ کہتا ہون دیکھکر ہر دم
کجا روم حکیم حال دل کرا گویم

بھرا ہے بسکہ دل و جان مین تیرے ہجر کا غم
بنا ہے چشمۂ خون جگر یہ دیدۂ نم
جو بس چلے تو بتقریب انتقام الم
فراق را بفراق تو مبتلا سازم

بھڑک کی عشق کی سارے بدن مین آگ لگی
یہ شعلہ آہ کا نکلا دہن مین آگ لگی
تری تو آتش رخ سے چمن مین آگ لگی
میرے تو جان و جگر اور تن مین آگ لگی

کیے ہین ہجر نے از بسکہ مجھ پہ جور و ستم
تو بن رہا ہے یہ غصہ سے اب مرا عالم
کہ دل ہی دل مین یہ سوچا کرون ہون مین ہر دم
اگر بدست من افتد فراق را بکشم

یہ کیا حنا تھی منگائی جو ہے شیرین نے
اور اسکے خلق مین شہرت اڑائی شیرین نے
ادھر تو ہاتھون مین مہندی لگائی شیرین نے
مگر یہ سیر عجائب دکھائی شیرین نے

تمام عمر رہا دوستون مین اس سے جدا
اور اسپہ کہتے ہو قسمت کا تو نکر شکوہ
تو نہ سمجھ کے ہوا ہے [illegible] براے خدا
من از کجا و فراق از کجا و غم ز کجا

کیا علاج اطبا نے نارسائی سے
نہ آخرش ہوئی صحت کسی دوائی سے
یہ رنگ جسم کا ہے تیری آشنائی سے
جلے ہے لاش مری آتش جدائی سے

تمھاری چپ سے میری چپ زبان ہے بولو تو
لبون کو دیکھ کے حیران جہان ہے بولو تو
مرے تو دل مین کچھ اور ہی گمان ہے بولو تو
یہ مسّی ہونٹھون پہ ہے یا دھوان ہے بولو تو
یہ سرخی پان کی ہے یا دہن مین آگ لگی

بھبھوکے تمتمے ہر ایک گل کے جھولی مین
گلون نے گھیر لیا تھا اسے ٹھٹھولی مین
چھڑکتے جاتی تھی ہنس ہنس کے رنگ چولی مین
گلال زلفون مین اسکے پڑا تھا ہولی مین
تو لالہ بولا کہ مشک ختن مین آگ لگی

اگرچہ ہوتے ہین گل سرخ ہزار غصہ مین
پر اس طرح کی نہ دیکھی بہار غصہ مین
یہ وصف تجھ ہی مین دیکھا نگار غصہ مین
ہوا جو سرخ ترا چہرہ یار غصہ مین
تو بلبلون نے بھی جانا چمن مین آگ لگی

ہوا اثر کشش دل کا دل مین تب اوسکے
تو خود بخود وہ لگا دوڑ کر گلے میرے
یہ سیر جسنے نہ دیکھی ہو آن کر دیکھے
طلب جو بوسہ کیا مین نے اوس صنم کے سے
زبان تو شمع بنی اور دہن مین آگ لگی

ملا ہے نام خدا مجھکو اک صنم ایسا
کہ جسکے دیکھے سے ہوتے ہین سیکڑون شیدا
مین بھولی باتون کا اسکے بیان کرون کیا کیا
شفق کو دیکھ کے کہتا ہے نوجوان میرا
عجب تماشا ہے چرخ کہن مین آگ لگی

ہذا مخمس معروف
بر غزل محمد ابراہیم
ذوق است

جو کوئی عاشق بت سفاک پہ ہو جاتا ہے
خنجر بیداد سے آخر شہادت پاتا ہے
لیکن ایسی موت کب ہر ایک کے ہاتھ آتی ہے
سر ہو وقت ذبح اپنا اوسکے زیر پا ہے
نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

مین پڑا ہون قید مین اب موسم گل آیا ہے
شوق کو موج صبا نے تازیانہ دکھلاتا ہے
سخت تنگ آیا ہون بیٹھے بیٹھے جی گھبراتا ہے
رخصت اے زندان جنون زنجیر در کھڑکاتا ہے
مژدہ خار دشت پھر تلوا مرا کھجلاتا ہے

ضعف سے مشکل ہے اب قدم کا اٹھنا ہم
زور اگر چلتا تو مرجاتے کہین چلتے ہی ہم
ناتوان ہین کس طرح طے کر سکین راہ عدم
جان مروڑ لی ہے ضعف سے سینہ مین قسمت
سینے کسے تنگ خدا کیونکر مجھے پہونچاتا ہے

سر ترے بھر کا ہون خم مین کتنا کم
کیا عجب گر خاک سے بھی ہر پیدا ہو نمک
لذت بیداد قاتل مین ہے کیسا نمک
واہ واہ شور محبت خوب ہی چکھا نمک
استخوان ہے یہ ہما کس کی نمک کہاتی ہے

ہر نفس جھڑتے ہین آہ گرم سے میرے شرار
خون دل ہردم بہاتی ہے رگ مژگان تار
کون ہے اسوقت مین میرا جو لے میری خبر
بس گرمی سوز درون بھسن جائینگے دل اور جگر
[illegible]

دینے لگا وہ پیچ و تفاخر مجھے یہ طنز
لینے جتایا اپنا تفاخر مجھے یہ طنز
جب دیکھا خوب مجھ کو تحیر مجھے یہ طنز
کہنے لگا ز راہ تحیت مجھے یہ طنز
[illegible]

بسکہ ور حسرت دیدار سے تھا بیقرار
کھو دیا بیچارہ نے ہستی کا رنگ اعتبار
کشمکش مین مرگ کے بیخود پڑا عمر دراز
نزع مین بھی ذوق کو تیرا ہی بس تھا انتظار
[illegible]

جب سب طرح سے پند و نصیحت وہ کر چکے
مین بیٹھا چپکا سنتا رہا وہ کہے گئے
جانا یہ مین نے یون تو یہ چپکے نہ ہوئینگے
مین نے کہا کہ ہم بھی ہین ہان خوب جانتے
[illegible]

ہذا المخمس از تالیف
مرزا محمد سلطان فتح الملک
ولیعہد شاہ بہادر دہلی متخلص بہ رمز

جو کچھ کہ آپ کہتے ہین سب سچ ہے تو یون
لیکن تمھارا زہد ہے یہ مکر اور فسون
دعوی جو آپ کرتے ہین ہے باطل و جنون
گستاخی ہو معاف تو یک عرض مین کہون
[illegible]

پرتو پڑنے جو اوسکے رخ بے حجاب کا
پیدا ہو رنگ سنگ مین لعل خوش آب کا
پردے مین تو یہ جلوہ ہے اس رخ کے تاب کا
جب پردہ رخ سے دور کرے وہ نقاب کا
[illegible]

جو طعن بیکسون پہ کرو تم بجا درست
ایسا ہی ظاہر آپ نے اپنا کیا درست
پر صلاح و زہد کا دعوی ہے نادرست
تقوی ہمارے آگے ہو جب آپ کا درست
[illegible]

شب بزم مے تھی اور تھے سب جمع آشنا
یک رندی پرست نے مذکور یون کیا
یعنی عجیب نقل ہے اور طرفہ ماجرا
کل بن کے شیخ محتسب عصر ساقیا
[illegible]

جسدن کہ روز ابر ہو اور سارے بادہ شر
پیاسے پکارین ہاتھ سے ساقی کے العطش
اوس دن یہ جلسہ سب ہو تو کرجاؤ تم بھی غش
ہے ابر کنج باغ ہو ساقی ہو ماہ وش
[illegible]

مدہوش کر دے باتون مین تمکو لگا کے منہ
پھر دیکھین بیٹھتے ہو کدھر تم چھپا کے منہ
اور جب زروی طنز ہنسے کا بنا کے منہ
کھینچے ہنسی سے اسکو وہ منہ سے ملا کے منہ

اک مست ناز جو رشمائل پری لقا
مستی مین جسکو پاس نہو کچھ بھی شرم کا
از روے لطف بوسہ کرے یون تمھین عطا
گردن مین ہاتھ ڈالکے وہ شوخ بے حیا

پھر دیکھین کیونکہ غنچی ہے بن پی دل بنیے
جب وہ حریف ہاتھ مین آجام مے لیے
گر تمنے مے کے پینے مین کچھ عذر بھی کیے
منت سے یون کہے کہ ہمارا لہو پیے

جسوقت اسطرح سر و سامان عیش ہو
اور مے پلانے والا بھی ایسا ہو خوبرو
اور بھی بضد وہ ہوکے کرے ایسی گفتگو
اوسوقت ہم سلام کرین قبلہ آپ کو

اور یون تو مین بھی جانتا ہون بادہ ہے حرام
اور آپ کو تو بادہ سے انکار ہے مدام
پر اعتقاد ہوگا اوسی وقت لاکلام
اور امتحان بغیر تو یہ آپ کا غلام

کرتے ہین مومنان کے لیے مومنان پاک
کیا کیا دعائین جو اسے ہو وقت اسیدوپاک
ہان رمز تو بھی کہدے بیک آہ دردناک
یارب غم حسین مین آخر ہو جب کہ خاک

مخمس معروف برغزل
میر نظام الدین التخلص
بہ ممنون

ہے داد خواہ تجھسے وفا اور دفا سے ہم
راضی ہے تجھسے پیرہن جفا و تپفا سے ہم
کیا لگ چلی ہے تجھسے ہوا اور ہوا سے ہم
نکہت کو تجھسے وہ ہے صبا اور صبا سے ہم

کرتی ہے جکو عمر بسر راہ عشق مین
ہے جسکو جان و تن کی خبر راہ عشق مین
بیٹھے گئے ہین سر سے گذر راہ عشق مین
دیتا ہر ایک گام پہ سر راہ عشق مین

رہتے ہین روز رات کو رو رو کے سنجر
ہچکی سی ایک لگتی ہے دو دو پہر تلک
پہونچی نہ پھر دعا کی رسائی اثر تلک
پہونچے نہ آہ کیا ر حجبت و دیکھ

تخمیس معروف بر غزل نواب اسد اللہ خان بہادر المتخلص بہ اسد ملقب بہ غالب

لازم ہے دوستون کو دیے دل سے عمر بھر
احسان مند خوبی اخلاق یک دگر
ہین ہم بھی فیض گلشن ہستی سے بہرہ ور
و دماغ بھر کے لیتے ہین نکہت سے ہر سحر
گل سے چمن چمن ہوا اور ہوا ہم

دلمین بھری ہین بسکہ محبت کی شوخیان
ہر غنچہ گل کا اپنے گمان مین ہے گلستان
نیرنگ کارخانۂ دل کیا کرون بیان
ہر ایک تازہ رنگ سے ہے خون دل یہان
خون جگر کا ہاتھ سے ہی حنا اور حنا سی ہم

شرح دردِ دل افگار کہون یا نہ کہون
ہے مجھے رخصت گفتار کہون یا نہ کہون
کچھ تو کہہ اے بت عیار کہون یا نہ کہون
اپنا احوال دل زار کہون یا نہ کہون
ہی حیا مانع اظہار کہون یا نہ کہون

راہ طلب مین کسکو میسر ہے بازگشت
یہان ہر قدم ہے صورت خورشید تیغ و طشت
دیوانگان شوق کی مت پوچھ سرگذشت
سرگرم جستجو ہین ترے بسکہ دشت دشت
منت پذیر ہم سے ہین پا اور بپا ہم

آہ سینے ہی دل وحشت زدہ کب ہے باہر
سینہ کبھی ہین نہین انداز کے ڈھب سے باہر
حرف بیجا نہین آتا ہی مرے لب سے باہر
نہین کرنیکا مین تقریر ادب سے باہر
مین بھی ہون واقف اسرار کہون یا نہ کہون

یون اب کوئی بڑھاوے کسو سے ہزار ربط
پر بے مناسبت کا نہو استوار ربط
ہوتا ہے اپنے جنس سے بے اختیار ربط
آشفتہ سے رکھے ہے یہ روزگار ربط
شانہ سے موو موئے بلا اور بلا ہم

باب ہجم کی گلستان کی حکایت سمجھو
مرثیہ کی اسے یا کوئی روایت سمجھو
خیر جو سمجھو سو سمجھو پہ نہایت سمجھو
شکوہ سمجھو اسے یا کوئی شکایت سمجھو
اپنی ہستی سی ہون بیزار کہون یا نہ کہون

احیا کا گرچہ معجزہ آرائی ہے مسیح
لیکن مریض عشق سے شرمائی ہے مسیح
معروف درد عشق کو کب پائے ہے مسیح
ممنون کا درد دیکھکے فرمائی ہے مسیح
عاجز ہے اس مرض سے دوا اور دوا ہم

دیکھکر بیکسی عاشق و بیماری دل
ہے سویدا بھی سیہ پوش عزاداری دل
تنگ ہے سے ہوتا ہی جگر دیکھکے لاچاری دل
اپنے دل ہی سے مین احوال گرفتاری دل
جب نہ پاؤن کوئی غمخوار کہون یا نہ کہون

جو کوئی کرتا گلہ ہے جو کسو اپنے کا
لوگ باور نہیں کرتے ہیں پھر اسکو صلا
ہے یہ مشکل کہ نہیں اور سے مجھکو شکوہ
دل کے ہاتھوں سے کہ ہے دشمن جانی اپنا

...نے تو نقش بدعائی ہے نشست
...نے صف غم ہی کو ملتی ہے شکست
...تو ب دیکھا اور دل الفت پرست
...ناز من رسید بجا صل است

بیٹھے پردے ہی میں یک ڈھب کا ہمان ہے غماز
اشک بیتابی و فریاد و فغان سب ہے غماز
پہلے تو عاشق غمگین کی زبان ہے غماز
میں تو دیوانہ ہوں اور ایک جہان ہے غماز

رو کرے جو ایک بوسہ کا سوال
وہ کوئے کیا خاک عاشق کو نہال
کب برآئی ہے تمنائے وصال
اے صنم ای سرو بستان جمال

ہے سخن اللہ ہی دل کی مجھے معروف مدد
ہوں زندان سخن صورت قفل ابجد
دل میں باتیں ہیں بھری بسکہ زیادہ از حد
آپ سے وہ مرا احوال نہ پوچھے تو بہ...

نزع کی حالت میں کیا ہوتا اگر
دیکھ جاتا ہے مجھی کو یک نظر
وا اسے حسرت اسے بت بیداد گر
جان بلب دارم نے داری خبر

مخمس شاعر بیدل معروف بر غزل حافظ احسان صاحب

ہر گھڑی تو یہ جو کرتا ہے بیان
دا... [illegible] زبان
تو کوئی واعظ سے مجھکو کیا [illegible]
ناصحا من دائم و عشق بتان

نالہ ہائے سب اثر ہے بے فائدہ
زاری شام و سحر ہے بے فائدہ
کیجے کیوں جی کا ضرر ہے بے فائدہ
گر پیام اسکے سیم بر ہے بے فائدہ

کہتے ہیں معروف ہی کو کیا زبون
میر کو بھی کہتے ہیں مرد فنون
کرتے ہیں سودا تلک ثابت جنون
... شعر احسان کہ [illegible]

مخمس رمز بر غزل محمد ابراہیم صاحب المتخلص بذوق

جوش مین طوفان کو لانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
اضطراب دل دکھانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
خاک مین گوہر ملانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
ابر تر آنسو بہانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

تھا یقین ہمکو کہ بس تجھ مین ہی قوت ہےقتل
کون مشکل ہے کرنا عاشق پر غم کو قتل
کر چکا ہے تو اسی انداز سے عالم کو قتل
ہمنے پہلے ہی کہا تھا تو کریگا ہم کو قتل

یہ تو ظاہر ہے کہ دشمن کو ہے بیشک تجھسے بیر
دیکھیے کیا ہوئی بیٹھے دیکھتے ہین ہم بھی سیر
یار ہو اسکے ہی کہتے ہین تو ہے یہ بھی بخیر
جو سکھایا اپنی قسمت نے وگرنہ اوسکو غیر

کیا ہی چھپاتے ہین اپنے دیکھکر دل کا یہ حال
سچ کہا ہے قدر نعمت ہوتی ہے بعد از زوال
سینہ کا وی سے حقیقت مین ہوا نقصان کمال
تیر و مژگان جتنے تھے دلمین دبے ہمنے نکال

شور الفت کا بیان اوس حال مین کس سے کرون
آہ او بھرنے لگا تازہ ہر اک زخم درون
کیا خوشی کا ذکر یہان ہے عشق کا ہی یہ فسون
دیکھکر قاتل کو بھر لائی خواہش دلمین خون

خوب ہے گر تو بچا لے ایسے جانیسے وہان
یعنے کچھ حاصل نہین ہے سر کٹانیسے وہان
ہے سوا ظلم و ستم سازی زمانیسے وہان
کہدو قاصد سے کہ جاوے کچھ بہانیسے وہان

ایسے غم مین گر جیے ہی کام ہے یہ مرد کا
حال لکھنا کیونکہ انکو رنگ ہے بو زرد کا
قصہ سنواتے ہین انکو اپنے آہ سرد کا
خط مین لکھوا کر نہین بھیجا تو مطلع درد کا

کر دیا گردن کو اوسکے سامنے خم آپ سے
اسطرح وابستہ دی ہے کوئی سر کم آپ سے
خوش ہوا ہے چاہیے وہ آشوب عالم آپ سے
تیغ تو اوچھی پڑی تھی گر پڑے ہم آپ سے

کاہیکو کچھ منہ سے کہتا جاتا مین اگر
اس طرح کا نکتہ چین ہو گیا ہے کینہ ور
باتون باتون مین کیا کیا جان بچا اپنے ضر
جب کہا مرتا ہون وہ بولے مرا سر کاٹ کر

کو نہ کھینچی ظاہرا اس دشمن عالم سنے تیغ
ہاتھ میں دی پر خیال ابروے پر خم نے تیغ
آپ آپنے پر لگائے عاشق پر غم نے تیغ
وہاں چلی ابرو یہاں گردن پہ پھیری ہمنے تیغ

انکو جب پاتے ہین تو اپنے کو کب پاتے ہین ہم
ساتھ اپنے شوق کے ہمدم تو او رجاتے ہین ہم
شوق کی نیرنگ سازی انکو دکھلاتے ہین ہم
سنکے آمد اونکی ازخود رفتہ ہوجاتے ہین ہم

گو سیہ کاری سے ہی اسے رمز حال دل تباہ
پہ ملی ہے لیکن اسکے دل مین گھر کرنے کی راہ
رہنمائے راہ الفت ہوگئے اپنے گناہ
کیا ہوا اے ذوق مین جو ہو دیکھ رو سیاہ

مخمس شاہ دہلی المتخلص
بہ ظفر غفر اللہ لہ
بر غزل رمز

تمھاری وضع سے صاحب بیان کیا تھا ہوا کیا ہے
ہمین تمسے محبت کا گمان کیا تھا ہوا کیا ہے
تمھارا قول ہمسے میری جان کیا تھا ہوا کیا ہے
کیا وہ آپنے ہمسے بیان کیا تھا ہوا کیا ہے

محبت ہوتے ہی پہلے تو کی مہر و وفا تو نے
ستم ہم پر جو کرتا ہے وہ کیا دیکھی خطا تو نے
بیمار ایسکے دل پھر آخر کی دغا تو نے
یہ جانا تھا کریگا تو وفا پر کی جفا تو نے

ہمیشہ سے ترا جان حزین کو یہ فیصلہ تھا
کہ دم قالب مین تن آسنین ہنسی کی مین اچھلا
وہ پہونچا اپنے گھر اور تو یہین تنہا رہ گیا ویلا
تجھے تھا ساتھ جانا وہ گیا تو رہ گیا تنہا

جو عہدہ قاصد نکالے وہ مر بیٹھا
کہ خط کو ہاتھ مین لیکر ہتیلی سر دہ سر رکھے
ہوا کیا اور خیال افسوس اپنے دل مین کیا لیا
تمنا تھی جواب خط کے قاصد ہو کر بیر رہے

زمانہ دوست ہو رنج یا ہو دشمن شادی
فلک کے ظلم سے خاموش کوئی ہو کر فریادی
ابے کیا غم جسکو قید دنیا سے ہو آزادی
ملا تھا خاک مین روح اب ہے کسکی بربادی

سراسیمہ یہ کیا اب دیکھتا ہے چار سو اے دل
نہ پایا سنے خوشی اور نہ تاب گفتگو اے دل
ہمین معلوم ہے احوال تیرا مو بمو اے دل
کیا وہ ہو کر فکر کرنا گر ہے تو اے دل

اگر سے جلوہ نما دل وہی جو کوئی چاہ کر اسکو
نصیبون سے ملے گر او سکے شاہ نکتہ ور اسکو
سنائین حسب حال اپنے پھر اپنا شعر گر اوسکو
اگر ہم جانتے ایسا نہ دیتے دل ظفر اوسکو

مخمس معروف بر غزل عبدالرحمن خان المتخلص به احسان

ہنسی سے چشم خونچکان چشم اشکبار دریغ
بچا نہ قطرۂ خون جگر فگار دریغ
ہزار حسرت و صد حیف و صد ہزار دریغ
ہوا ہے زرد مرا غم سے جسم زار دریغ

ملا جو تجھ سے سر راہ مین بیابان گرد
تو دیکھ دیکھ مرا حال زار چہرۂ زرد
ہنسا بزیر لب اک بھر کے ناز سے دم سرد
کڑھا ہے دیکھ کے تو سطرح دم بیدرد

سمجھے ہین پھول گلستان کے ہم نشیمن مین
ہر ایک جا پہ ہین مرغان باغ شیون مین
بھرے ہین لخت جگر غنچہ گل کے دامن مین
گذر ہوا تھا یہ کس رشک گل کا گلشن مین

سنین کوئی میرا دلدار آشنائی الحال
پر ایک تیر اجو چھٹا ہے یادگار وصال
اوسیکو سینہ مین دھرتا ہون خوب کر کر لال
جو گل مین کہائی لکھون کسطرح تجھے احوال

کرم سے تو نے جو مقتل مین جلوہ فرمایا
زبسکہ مجھکو تمنائے مرگ مین پایا
تو سب کو قتل کیا اور مجھکو ترسایا
گلو ہے تشنہ یہ میرے نہ تجھکو رحم آیا

نہ آپ مین ہے یہ معروف بے سر و سامان
نہ پاس شرم و حیا ہے نہ ضبط آہ و فغان
نہ باز رونے سے ہووے یہ دیدۂ گریان
نہ دلکو تاب ہے فرقت مین کیا کرون احسان

مخمس مرزا رفیع السودا بر مصرع یقین

اوس شوخ سے اس لگ لگانے کو کیا کہیے
ناحق کی اذیت سے دکھ پانے کو کیا کہیے
احوال مرا ہیان تک پہنچانے کو کیا کہیے
یون مفت مین اب جیکے پھنس جانے کو کیا کہیے

اس دل سے مین کہتا تھا وہ مجھکو ستاتا ہے
کیون اس لب شیرین کے باتون پہ تو جاتا ہے
گو زہر تو ہے میٹھا لیکن کوئی کھاتا ہے
یون دیدۂ و دانستہ جی کو کوئی کھوتا ہے

غم فراق سے سینہ تو شق ابھی سے ہے
سپید چہرہ برنگ افق ابھی سے ہے
جو جاؤن جاؤن کا مجھکو سبق ابھی سے ہے
شب فراق مین دل پر قلق ابھی سے ہے

نہ زر کہ اوسے دیجے نہ زور کی ہے طاقت
نہ عجز سے کچھ حاصل نہ کام کرے منت
کسطرح سے کاٹون نہین کٹتی نہین یہ زحمت
کیا فکر کرون یارب لاحول ولا قوت

دماغ دوستو میرے جو کج کلاہ کا ہے
نہ حور کا نہ پری کا نہ بادشاہ کا ہے
ہمارے دل مین سمایا جو اوسکی راہ کا ہے
چلا نہین پہ ارادہ تو سیر ماہ کا ہے

اس جینے سے بہتر ہے اب موت پہ دل دھریے
جل بجھیے کہین جا کر یا ڈوب کہین مریے
کس طور کٹین راتین کسطرح سے دن بھریے
کچھ بن نہین آتی ہے حیران ہو کیا کریے

روان ہو جیسے کہ نیسان کا قطرہ سوے صدف
کمان سے جون ہو گریزندہ تیر سمت ہدف
کہ جیسے پرچۂ کاغذ پہ ہووے خالی کف
مین لکھ چکا ہی نہین جا دل لگا اسکی طرف

مصرع کو یقین تیرے سودا نے سنا تھا کل
رقتا ہے وہ تب سے یون ہے گویا بادل
ہے رعد تڑپتا لان بجلی کی طرح بے کل
بھر بھر کے وہ پڑھتا ہے ہاتھون کے تئین ململ

نگاہ تیری نے جسکے تئین کیا گھائل
وہ آج مرگیا ظالم اوٹھا کر عرض دل
خدا کے واسطے چل دیکھ تو ارے قاتل
ہنوز دفن ہوا ہے نہین ترا بسمل

ہذا
مخمس از عشرت
است

ہوئے ہم ایسے جو مائل تو دکھ سہا عشرت
ہماری آنکھو سے ذرات خون بہا عشرت
صبح سے شام تلک تو وہ خوش رہا عشرت
کسی نے شام کے آ کر کیا کہا عشرت

ہذا

مخمس ارشاد

است

اس گردش افلاک سے حق آپ ہی سنبھالے
دنیا کی محبت سے مرے دل کو نکالے
یہ قوم دغاباز جفا جو سے بچا لے
کرتے ہیں ہر اک بات میں کیا حیلے حوالے
ابنائے زمانہ کی صحبت سے گریز

افسوس عجب طرح کا آیا ہے زمانہ
جو دل سے یگانہ تھا ہوا ہے وہ بیگانہ
جاتا ہوں ہر اک کام کو میں خانہ بخانہ
کوئی مجھکو نہ پوچھے کہ یہ ہے کون فلانہ
ابنائے زمانہ کی صحبت سے گریز

پوچھے ہیں اوسے جو کہ ہو زردار تونگر
مفلس کو نہ پوچھے وہ اگر ہووے برادر
آثار محبت کا نہیں روئے زمین پر
کیا غیر زمانہ ہے یہ اللہ اکبر
ابنائے زمانہ کی صحبت سے گریز

جو کچھ کہ بزرگوں نے کہا ہے سو بجا ہے
دل کو نہ لگائے جو کسی سے تو بھلا ہے
دنیا میں ذرا چشم مروت نہ رہا ہے
جو مجھکو ملا اپنی غرض کا تو ملا ہے
ابنائے زمانہ کی صحبت سے گریز

اسوقت توقع نہیں مادر و پدر سے
احمق ہیں جو امید رکھیں اپنے پسر سے
یہ مصرع عجب کس نے لکھا خون جگر سے
لائق ہے جو ہم اوسکو لکھیں آب گہر سے
ابنائے زمانہ کی صحبت سے گریز

ارشاد تو عاقل ہے پر اک خوف خدا کر
جو دوست نظر آوے دل و جان تو فدا کر
مقدور سے اپنے نہ گذر کام سوا کر
کوئی طعنہ نہ مارے تجھے یہ مصرع سنا کر
ابنائے زمانہ کی صحبت سے گریز

ہذا

مخمس از کنور است

اسودا ہے یار سے ہی نپٹ بیقرار دل
مدت سے یک نگاہ کا ہے انتظار دل
شوق وصال یار ہوا خار خار دل
کیا کہیے کسقدر ہے سدا اضطرار دل
[illegible]

آشفتگی ہے دلکو نپٹ اور پیچ و تاب
آزردگی و خستگی رہتی ہے بیحساب
سب طرح روز و شب ہے اسی آہ اضطراب
ہے قید زلف یار دل خستہ کو عذاب
[illegible]

سنگ جفا سے شیشۂ دل چور ہو گیا — زخموں سے سینہ خانۂ زنبور ہو گیا
کر عشق ہر طرح سے مین مجبور ہو گیا — دیوانگی مین نام ہی مشہور ہو گیا

بار گران سے عشق کے ہے زیر بار دل

چاہت نے ای نگو ہے مجھے ناتوان کیا — بار الم سے پشت دوتا جون کمان کیا
ہر طرح اس جہان سے مجھے خستہ جان کیا — لے لے کے دلکو قید سر زلف بتان کیا

تڑپے ہے سینہ مین مرے بے اختیار دل

مثلث از خان عالیشان فصاحت بیان حکیم محمد مومن خان سلمہ الرحمان

لذت فراست در دل شبہا گریستن — خوش در خور است حسرت طوبا گریستن
پنہان ملول بودن و پیدا گریستن

ہست بی حجاب جو تو نہ یون جھانک جابجا — ای دیدہ دار پاس کہ مقبول عشق کو
رسوا نگاہ کردن و رسوا گریستن

منظور ہے کچھ اور کہ اشک آنکھ سے چلے — من کیستم کہ گریہ بجا الم کند دلے
مے زیبدت بنرگس شہلا گریستن

ہین خون فشانیان عبث اے چشم اشکبار — گر کام دل بگریہ میسر شدی جہان
صد سال میتوان بتمنا گریستن

حیران دیکھ ربط گل و شبنم ای ہزار — بید ردرا بہ صحبت ارباب دل چہ کار
خندیدن آشنا بود بر ما گریستن

اس طرح یار دستے ہین کس کو تم سے خون — عمرم بگریہ ہای ہوس صرف شد کنون

عمرم بتازہ باید م و واگریستن

ای شیخ میر بندہ و خلد برین ترست | لگا ہے بیاد سرو قدے گریہم خوش آشنا

تا کے بشوق سدرہ و طوبے گریستن

لاکھون تباہ حال ہین اور اشکبار ایک | ہر کس کہ ہست گریہ بحالش رسد لیک

نتوان بعالم تن تنہا گریستن

مومن یہ کہدو جا کے کہ گرچہ ہے اشتیاق | عرفی زگریہ دست نداری کہ در فراق

در دوست زدل سے برود آلا گریستن

مسدس قدوی

سنیو ذرا یہ گفتگو شب کو بر دو آبجو | تھے تیرے سبو سبو ملکے صنم سے روبرو
مشغل نہ تھی رو برو ہم یار تھا خوبرو | لیکن ہو وہ سب قوا خرشب نے مشاو

صبح دمید شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار بدین بہانہ رفت

بانے کیے تھے واہ واہ شب کو مزے عجب عجب | بزم شراب آگ و رنگ اور بغل مین غنچہ لب
سینہ بسینہ لب بلب یعنی کٹی تمام شب | عین خوشی مین کیا ہوا دیکھو تو یار روبہ غضب

صبح دمید شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار بدین بہانہ رفت

یار نے کی تھی روشنی صحن چمن پہ ہر طرف | نہر و ن کے لب کیے دار پر جھکے چراغ صف بصف
آب روان و میکشی بانگ نے و صدای دف | کیا یہ سما بندھا جو تھا مفت گیا کفِ

صبح دمید شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روی سحر سیہ کنید یار بدین بہانہ رفت

شام سے لیکے تا سحر جشن ہا ہماری گھر | ہم تھے نشہ مین بیخبر آیا کہین سے سیمبر

[illegible]

تنگ گرفتش بہ بر دست نزاکت دو کمر
شوق تو دل مین بہت پر وقت گیا و ے گذر

صبح دمید شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار بدین بہانہ رفت

لذت عیش و زندگی ٹھاٹھ یہ تھا صبح تلک
بزم و شراب و راگ و رنگ مایہ کباب اور نزک
سوتے تھے ہم پلنگ پر ملکو صنم سے بیدھڑک
نیند کو آنکھ کھل گئی دیکھون ہون کیا یکبیک

صبح دمید شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار بدین بہانہ رفت

شب کو وہ شوخ دلربا صبر کی لیگیا متاع
اوسکے ہی عشق مین افترا اوسکو سخن مین اختراع
فدوی نے اوس سے یک ذرہ پایا نہ کچھ کبھی انتفاع
باتون مین شب گذر گئی اور پکارے الوداع

صبح دمید شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
روے سحر سیہ کنید یار بدین بہانہ رفت

ہذا مخمس از کلام فصاحت و بلاغت شعار حکیم محمد مومن خان سلمہ الغفار

ای چارہ گر آ جلد کہ دم چار گھڑی ہے
مین جان سے مرتا ہون تجھے بیخبری ہے
کیون پہلے سے درمان مین اثر بد اثری ہے
اپنی سی تو کر دیکھ عجب نسخہ ودی ہے
ہو جاؤن مین جان بر تو تری ناموری ہے
یون دعوے صرفہ تو بیہودہ سری ہے

گر ہیے مریضون کی دوا ہووے تو جانین
بیمار محبت کو شفا ہووے تو جانین

ہر چند کہ درمان نہین عشق بتان کا
زخم دل مجروح یہ لگتا نہین ٹانکا
مرتا قلق ہجر مین بچتا ہے یہان کا
بیشک ہوا سہل علاج اپنی تو جان کا
وہ حال نہین ہے دل بیتاب و توان کا
تھمتا نظر آتا ہے لہو زخم نہان کا

ناثیر دوا اب تزہی گر جاے تو کیونکر جاے
ہر چند کہ ناسور سے بھر جاے تو بھر جاے

بنتے اس دشمن جانی ہی سے بھر اب
بیطاقتی جان نہین آزار قضا اب
وہ عشق کی خاطر سے نہ وہ پاس وفا اب

گر تھا مرض الموت پہ ممکن ہی شفا اب
سینہ سے مرے ہاتھ جدا ہونے لگا اب
وہ فتنہ کی الفت ہی نہ وہ شوق لقا اب

کچھ کام نہین پیچ و خم زلف دوتا سے
کیا کرے پل سیکڑون اب سیری بلا سے

اک عمر تلک زیست سے بیزار رہا مین
معشوق کے پرہیز سے بیمار رہا مین
کیا کیا نہ مصیبت مین گرفتار رہا مین

سرشتہ غم ہر وقت صدا آزار رہا مین
بے جرم سزا اون کا سزاوار رہا مین
افسردہ دل گرمی اغیار رہا مین

آخر طپش اس آتش خاموش مین آئی
جان گرمی غیرت سے غضب جوش مین آئی

کل گھر مین وہ بیٹھے تھے سراسیمہ و حیران
غصہ کے سبب چھپ نہ سکی رنجش پنہان
انصاف کرو صبر کرے کب تلک انسان

اوس حال کے دیکھے سے ہوا حال پریشان
سمجھا مین کہ یون بھی تو ہی مایوسی حرمان
ناچار کہا طعن سے مین نے کہ مری جان

کس سوچ مین بیٹھے ہو ذرا سر تو اوٹھاؤ
گو دل نہین ملتا ہے پر آنکھین تو ملاؤ

دیکھو تو ادھر کو کبھی یار تھے ہم بھی
منظور نظر صورت اغیار تھے ہم بھی

غیرون کی طرح محرم اسرار تھے ہم بھی
اوس چشم عنایت کے سزاوار تھے ہم بھی

یون شربت دیدار سے کم آمیز نہین تھا
کچھ نرگس بیمار کو پرہیز نہین تھا

کیسے تو یہ کیا بات ہے قربان تمھارے | کچھ طور نظر آتے ہیں بدلے ہوئے سارے
ہے ناز نہ ایما نہ ادائیں نہ اشارے | اب کس لیے آتے نہیں تم گھر میں ہمارے
آتے کبھی برسوں میں تو آتے ہی سدھارے | بیٹھے بھی اگر پاس تو چپ تم کسے مارے

پھر کس لیے گھونگھٹ رخ روشن پہ لیا ہے
پھر کیوں نئے سر سے وہی پہلی سی حیا ہے

وہ ہی تو ہوں میں ہمدم و دمساز تمھارا | مد نظر چشم نظر باز تمھارا
وہ جس کے سوا صرف سب انداز تمھارا | یک عمر تلک جس پہ رہا ناز تمھارا
وہ محرم ہر غمزہ و غماز تمھارا | پوشیدہ نہ تھا جس سے کوئی راز تمھارا

حسن آئینۂ دیدۂ دیدار طلب تھا
سر حلقۂ عشاق وفادار لقب تھا

وہ مہر وہ الفت وہ محبت ہی نہیں ہے | یا طبع میں اخلاق تھی یا سرگیں سے
پھر وہ سدا ابروئے خمدار میں چیں ہے | بے وجہ شب و روز شکن زیب جبیں ہے
آتے ہی یہاں بس چلے جاؤ گے یقیں ہے | اب ہوش کہاں آپ کہیں ہاں کہیں ہے

فرق آہ پڑا طرز ملاقات میں کیسا
غصہ ہی چلا آتا ہے ہر بات میں کیسا

وہ پیچ خم طرۂ طرار کہاں ہے | وہ کشمکش کاکل خمدار کہاں ہے
وہ نازکی نرگس بیمار کہاں ہے | وہ تازگی رونق رخسار کہاں ہے
وہ بوئے تن رشک سمن زار کہاں ہے | وہ رنگ [illegible] گلنار کہاں ہے

گلگونہ سے چہرے پہ کدورت ہی نہیں ہے
بدلے گئے کچھ تم تو وہ صورت ہی نہیں ہے

ہے طبع میں ہر روز فزوں رنج فزائی | اپنے میں سماتے نہیں کیا دل میں سمائی

ہر تند ہی خو تو نہیں کچھ گرم ادائی
ہر ایک سے ہر بات پہ ہوتی ہے لڑائی
اس شعلہ مزاجی نے مری جان جلائی
کیون خصلت مذموم پسند آپکو آئی

کس واسطے بیوجہ غضبناک ہوئے ہو
کچھ شرم مین تھا عیب کہ بیباک ہوئے ہو

تم گھر مین کہان آئے کہ گویا غضب آیا
کچھ خیر تو ہے ایسا کہان کا غضب آیا
سمجھو تو ذرا بات کہ بیجا غضب آیا
کوئی ہو جہان سامنے آیا غضب آیا
پھر لڑکے چلے جاتے ہو یہ کیا غضب آیا
گھر والے کہان جائین یہ کیسا غضب آیا

بیوجہ عداوت کا سزاوار تو مین ہون
اور رونا یہ ہے کیون ظلم گنہگار تو مین ہون

ہر یک سے بگڑا کرے دم بھر نہ بن آؤ
کیون ہاتھ سے جاتے ہو تم اتنا بھی نہ آؤ
دل سرد ہوا تم سے مزاجی نہ جلاؤ
دن رات جہان رہتے ہو اب بھی وہین جاؤ
جو تمکو ستایا کرین تم اوسکو ستاؤ
اس گرمی الفت کو بس آگ لگاؤ

کب تک جلا کوئی یہ طپش خاک مین ملجائے
ٹھنڈا ہو کلیجہ جو کہین سوزش دلجائے

افسوس مرے غم نے نکی تجھسے سرایت
آئی وہی در پیش جو تھی عشق کی غایت
بھولے سے جو ملجاتے ہو یہ بھی ہی عنایت
بیفائدہ سی آئی نظر حرف و حکایت
بیجا ہین گلے سب تجھے بیہودہ شکایت
یعنی ہون سبب پوچھکے شرمندہ نہایت

ہے بجا بات یہ بھائی مرے جسکو
سچ کہتے ہو دل مین نے دیا اور کسیکو

مین ہی تو رہا ہون کہ شب کو خوش و خرم
میرے ہی نظر سے ہے عیان نیند کا عالم
پینے ہی تو کی بادہ کشی غیر سے باہم
آتی ہے جمائی یہ جمائی مجھے ہر دم

انگڑائیان لیتا ہون پڑا مین ہی تو پیہم ۔ میرے ہی تو گردن مین پڑا جاہے کی پہ خم

میرے ہی تو آنکھون مین غضب نیند بھری ہے
میری ہی جبین ہے یہ جو گھٹنے پہ دھری ہے

مین ہی تو کہین رات کو بیدار رہا ہون ۔ مین ہی تو ہم آغوش طلبگار رہا ہون
مین ہی تو مئے وصل سے سرشار رہا ہون ۔ مین ہی تو کف غیرت مے خوار رہا ہون
ملک ہوس تازہ خریدار رہا ہون ۔ لذت دہ اوباش ہوس کار رہا ہون

بدمستیان میری ہی تو آنکھون سے عیان ہین
میرے ہی تو ہونٹون پہ یہ دانتون کے نشان ہین

کوئی نہ کہے یہ کہ سکھایا ہے کسی نے ۔ تجھکو مری جانب سے لگایا ہے کسی نے
بیجرم یہ طوفان اوٹھایا ہے کسی نے ۔ ایسا مجھے دیوانہ بنایا ہے کسی نے
یہ جھوٹ نہین سچ ہی جتایا ہے کسی نے ۔ کیا کیا نہین آنکھون سے دکھایا ہی کسی نے

یون مانئے ایسا کوئی نادان نہین ہے
تم غیر سے ملتے ہو یہ طوفان نہین ہے

کیون لوگ لگے آپ پہ بہتان لگانے ۔ یہ بات تم اوس سے کہو جو باتکو مانے
ہین نے تمھین جانا کوئی جانے کہ نجانے ۔ سب عذر ہین بیفائدہ بیہودہ بہانے
کچھ خیر ہے مجھسے بھی لگے باتین بنانے ۔ معلوم ہین سارے مجھے جتنے ہین ٹھکانے

گر کہیے تو اک ایک کا مین نام بتاؤن
یہ پردۂ ناموس کہ ہے چاک اوٹھاؤن

یہ بات تو ہے آپ کی گفتار سے ظاہر ۔ یہ حال تو ہے آپ کی رفتار سے ظاہر
اقرار ہے صاف آپکے انکار سے ظاہر ۔ ہے مستی شب نرگس میخوار سے ظاہر
عالم ہے خزان کا گل خسار سے ظاہر ۔ بدطوری دوشینہ ہی اطوار سے ظاہر

کیا شکل بگاڑی ہے بس اب منہ نہ بناؤ
آئینہ دکھا دوں تو صورت نہ دکھاؤ

کیا تم ہے کیونکر نہ اوٹھے درد جگر مین
یک آن بھی مجھسے نہ ملو آٹھ پہر مین
سنتا ہون شب و روز تمھین بزم دگر مین

میری تو بغل خالی ہے آپ اور کے بر مین
گھر چھوڑ کے اپنا رہو یون اور کے گھر مین
کیونکر نہو تاریک جہان میری نظر مین

ہر روز تو ای مہر درخشان ہے کہین اور
ہر رات تو اے شمع شبستان ہے کہین اور

ہے وقت اگر دل مین سمجھ جاؤ تو بہتر
بیباکی بیصرف سے شرماؤ تو بہتر
اغیار کے ملنے کی قسم کھاؤ تو بہتر

اندیشۂ انجام سے پچھتاؤ تو بہتر
جو دلمین ٹھہرتی نہین ٹھہراؤ تو بہتر
اب بھی جو ان اطوار سے باز آؤ تو بہتر

پھر ورنہ مری طرح سے پچھتاؤ گے دیکھو
اپنے کیے کی تم بھی سزا پاؤ گے دیکھو

کچھ تم ہی تو دلبر نہین ای یار جہان مین
باقی ہین ابھی دل کے طلبگار جہانمین
نکلین گے بہت آپکے اغیار جہانمین

تم سے تو زیادہ ہین طرحدار جہان مین
اس جنس کی ہے گرمی بازار جہانمین
میری بھی ہزارون ہین خریدار جہانمین

معشوق تجھے گر تمھین عشاق بہت ہین
یہ یاد رہے میرے بھی مشتاق بہت ہین

کیا ایسی بنی مجھپہ کہ پامال وفا ہون
تم چھوڑ دو یون اور مین پابند وفا ہون
یہ چاہیے مجھکو بھی کہ اب اور کو چاہون

تم اتنے بگڑ جاؤ مین اوسپر بھی بنا ہون
تمسے نہون آزردہ مین گو جی سے خفا ہون
ایسے کسی معشوقہ دلجو پہ فدا ہون

ہر دم جو سوئے عاشق مضطر نگران ہو

فکر ستم اسکے دل نازک پہ گران ہے

یون دلشکن عاشق جانباز نہووے
ہر ناکس و کس محرم ہمراز نہووے
بار فلک تفرقہ انداز نہووے
جون ہمدم زمان حادثہ پرداز نہووے
ان بوالہوسون سے کبھی دمساز نہووے
بیصرفہ اون سے کوئی نالہ نہووے

کیا ذکر ہے بوسے وہ جو طور کسی ہے
کچھ بات ہی وہ بات کرے اور کسی سے

لازم ہے کہ ضد سے تری ہر بزم میں جاؤن
ہر ایک کو افسانہ دلچسپ سناؤن
اس شعلہ زبانی سے مین کیا کیا ہی جلاؤن
دیکھے کہ نہ دیکھے کوئی احوال دکھاؤن
یہ تیری جفا اسکی وفا سبکو جتاؤن
شاعر ہی تو ہون شکوہ شکایت پہ جو آؤن

مشہور اسے اور تجھے بدنام کرون مین
بدنام تجھے اور اسے خود کام کرون مین

غیرون کو ملاقات سے تیری حذر آوے
یون غیر کے ہتھے تو کیا کیا نہ بن آوے
تو بیٹھ رہے شہر سے اور وہ نہ بلاوے
ہر کوئی بہانہ سے مرا قصہ سناوے
طعنے تجھے دیوے کے جو دم ناک مین لاوے
پروا نکرے تجھ کبھی تو جاوے کہ نہ جاوے

ہرگز سبب ترک ملاقات نپوچھے
لگجاوے تجھے جب یہ کوئی بات نپوچھے

یہ نالہ ہو لب پر کہ خداوند دو عالم
کس جرم کی تعزیر مین یون خوار ہوے ہم
وہ عیش جو یاد آئین تو کیا کیا نہو ماتم
ہم بھی کبھی رہتے تھے جدا تجھ سے خوش و خرم
جتنی کہ ہوئی تھی خوشی اتنا ہی ہوا غم
دلمین ہے سو حسرت و افسوس ہے ہر دم

جلتا ہون تجھ مین مگر ان افروز کہان ہے
دل داغ ہی تو اے مرے دلسوز کہان ہے

ہوا ان حرکاتوں سے ندامت مجھے کیا کیا — وہ روٹھ کے خیال آئے کہ رونے نے کیا کیا
قسمت ہی بری ہو تو کرے کوئی بھلا کیا — الزام وہ دیں کیونکہ اسومیں اسکی خطا کیا
ہر وقت ہو افسوس کہ ہے ہے یہ کیا کیا — عاشق نہ رہا کوئی تو معشوق رہا کیا

ہر ایک سے کہے کچھ مجھے تدبیر بتا دو
اس وحشی رم خوردہ کی تسخیر بتادو

ہر ایک بہانے سے مجھے جلوہ دکھا جائے — ہر آن نئی آن سے وہ رو برو آ جائے
ہر لحظہ مرے سامنے سے ہنس کے چلا جائے — ہر وقت شرارت سے نئی آگ لگا جائے
ہر شوخ اشارت سے مرے دلکو لٹا جائے — یہ شعر سدا میرے سنانے کو پڑھا جائے

کیا کیجے ہمیں ناز اوٹھایا نہیں جاتا
روٹھے کو منانے یہ منایا نہیں جاتا

پھر دل نہ ٹلو بات سے گو بات کو ٹالون — پھر جاؤں نہ سنبھلے مری ہر چند سنبھالون
ناچار ہو پھر آپ سے میں تجھکو منالون — بیتاب ہو پیش و ظلم کو چھاتی سے لگالون
پھر دل کے نئے سر سے سب ارمان نکالون — تجھکو بھی میں اپنا سا وفادار بنالون

ہے نام جو تجھ تابع فرمان کروں میں
مومن ہوں تو تجھکو بھی مسلمان کروں میں

واسوخت میان قلندر بخش صاحب المتخلص بہ جرأت

یارب اندوہ جدائی سے تو مرنا بہتر — گذرے غم جیسے تو بن جیسے گذرنا بہتر
بحر الفت میں قدم کا نہیں دھرنا بہتر — ہے کنارا ہی اب اس چاہ سے کرنا بہتر

رفتہ رفتہ ہوئے اب لجۂ آفت میں غریق
موج زن دل میں رہا جسکے یہ دریائے عمیق

قیس و فرہاد سے اس ہجر میں کیونکر ہوں شریک ... بہ گئے آہ خدا جانے کہاں جوں خاشاک
آشنا شکل مری ہو کوئی سمجھے کیا خاک ... حاصل رہا یہی ہے کہ جگر ہووے چاک

تجھسے جوں موج رواں جبکہ پڑا او بچھڑا
نہ ملا پھر نہ ملا اوسکو کہیں تھل پڑا

دل کو ہر چند میں سمجھایا کہ او خانہ خراب ... جان اس ہستی موہوم کو تو نقش بر آب
جی لگا کر کسی پیرم سے مت ہو بیتاب ... اب جو دیکھا تو دم آنکھوں میں ہے مانند حباب

کوئی دم کا جو یہ مہمان نظر آتا ہے
ایک دریا مری آنکھوں سے بہا جاتا ہے

جس ستمگر نے کیا آہ یہ حال دل زار ... جی میں آتا ہے کہ رو کش ہو نہیں ورنہ کیا
اور کہوں صاف کہ اب تو نے لڑائی ظلم شعار ... واقف اس راز سے ہے ایک زمانہ بہزار

محو نظارہ ترا تا کہ یہ دل تھا نہ مرا
تازگی پر گل رخسار کب ایسا تھا ترا

آئینہ دیدۂ حیران نے دکھایا تجھکو ... جس سے آگاہ نہ تھا تو وہ جتایا تجھکو
دلکی بیتابی نے کیا کیا نہ سمجھایا تجھکو ... اپنی وحشت میں پریزاد بنایا تجھکو

آنکھ ہر ایک سے ورنہ تری شرماتی تھی
کل کی ہے بات تجھے بات نکر آتی تھی

تجھ میں یہ خوبی گفتار کہاں تھی توبہ ... ایسی اٹکھیلی کی رفتار کہاں تھی توبہ
طبع عالم کی طلبگار کہاں تھی توبہ ... اسقدر گرمی بازار کہاں تھی توبہ

اپنے ہی چاہنے سے تو یہ نمودار ہوا
کہ ترے حسن کا ہر ایک طلبگار ہوا

آشنا آنکھ نہ غمزے سے ذرا تھی واللہ ... دلبری کے نہ کچھ انداز سے تھا تو آگاہ

تھانہ یہ ناز و کرشمہ نہ یہ شوخی کی نگاہ
مین تو حیران ہون تجھے دیکھکے سبحان اللہ

ہیوفا ایسے تھی ہوسکتے ہین جہان مین محبوب
اپنی اس خوبی پہ مغرور رہو تو کیا خوب

جامہ زیبی سے کہان زیب مین تھا یہ لباس
آئی مخمل سے بدن مین تھی یہ بہ کب تھکی باس
گفتگو غیر محل تھی تری جیون تھی اودہر
پاس ان کا ہوا بیٹھنے سے اپنے پاس

اب جو کچھ اور بنا تو تو ہمین سمجھ غیر
گر یہی بات ترے دل مین سمائی تو خیر

مل نہ مل پاس مرے بیٹھ نہ بیٹھ اگر نہ آ
تجھکو بہکایا جنھون نے اونھین گھر اپنے بلا
میری ملنے سے اوٹھا ہاتھ اونھین پاس بٹھا
پر یہ تو دیکھیو کیا اسکا مزا دیکھے گا

ایسے محبوب سے دل اپنا لگاؤن مین بھی
کہ جو کچھ تو نے دکھایا سو دکھاؤن مین بھی

چشم پوشی نے تری اب تو سوجھایا یہی
کہ لگاؤن کسی اب ایسے ہی محبوب سے جی
چار سو دھوم ہو خوبان جہان مین جسکی
ناز بیجا سے جو آزردہ کرے دل نہ کبھی

قد قیامت ہو رخ آفت ہو بلا زلف سیاہ
چتونون مین یہ شرارت ہو کہ اللہ اللہ

سر سے لے پاؤن تلک کوئی ہو ایسی جا
حسن خوبی کے سبب نہ کہین جب کو ٹھیرا
ہوے اک حسن کی تصویر کھینچی سراپا
جاے دل جسپہ کہ نقاش ازل کا بھی کھینچا

جبکہ ہنس بول کے وہ مجھسے مقابل ہووے
سوچکر دل مین تو کچھ اپنے کیے کو رووے

بال بکھری ہوی پر دیکھے جو اوسکا مکھڑا
جی بکھرنے لگے ہو حال پریشان تیرا
اور نظر آئے جو اوس ماہ جبین کا ماتھا
عقل و دین کھو کر تو سر دہ مین سجدہ مین جھکا

[illegible]

تیغ ابرو کی جو دیانت کرے ترانی — پڑے تو ایسا ہی مار کہ نہ مانگے پانی

آنکھیں جو جادو بھری دیکھیں تجھکو اگر آئینہ نظر — شکل نرگس ہی آنکھوں میں تجھے نور بصر
اور رخسار بھری ایسے ہی ہوں رشک قمر — جان بے دیکھ کے جس پاس تو گھٹ ہی بھر بھر
تیری چہرے سے اوس غیرت خورشید کھلائے — تو خجالت سے کبھی منہ نہ کسی کو دکھلائے

گال جو گال ملاحت ہوں کہ دیکھے تو اگر — صورت گل نہ سنے کچھ نہ رہے اپنی خبر
رنگ یہ ہو بھبھوکا سا کہ دیکھے تو اگر — سب کو بیخ آئی ترا جوں گل پژمردہ نظر
ہو ٹھوڑی بانکی ایسی ہی جو دیکھے تو — غم خدا جانے ہو کتنا تری بالے جی کو

بینی ایسی ہو کہ دیکھے تو یہ ہو حال ترا — لوگ کیا جانیے لالا کے سونگھا دیں کیا کیا
تس پہ نتھنوں کی پھڑک سے یہ ہو جائے بپا — کہ تجھے دیکھنے سے بھی جائے نہ دل کا دھڑکا
اوسکی بو باس میں ان اور ترے دہ بد سونگھو — تجھکو دکھلاؤں میں نا کہیں دم لاؤں ترا

غبغب ایسا چاہ ذقن اوسکی نظر تجھکو جو آئے — غوطہ تو بحر تفکر میں پڑا کھون کھائے
گردن ایسی کہ صفا اوسکی کوئی کیا پائے — دیکھکر جسکی صفا صبح کی بو پھٹ جائے
حق تو یہ ہی کہ گلا تجکو دکھاوے — خون ناحق کوئی گردن پہ جو اپنی لیوے

دیکھ گال اوسکے تجھے کہنے لگے اہل نظر — دیکھتا کیا ہی کہ یکساں ہیں دونوں اگر
شورش حسن سے خورشید بھی لکھ ہووے — آہ کافی دیکھنے ہی رشک سے پھٹ جائے جگر
بو سی دو بید کی جو تجھے تجھکو پامال کرے — مار غیرت تما جون نے تو منہ لال کرے

ساعد و بازو بھی ایسے ہی ہوں نازک پیوست — شاخ گل جو میں ہیں جیسے ہوا میں جوں مست
ہو ہر انگشت نگارین کا یہ عالم تا دست — جوش سے پنجۂ مژگاں ہو جسے دیکھ کو پست
سیر تب ہو کہ جو گلشن میں ترے دست گلچیں — ہاتھ میں ان اپنے ہو ہاتھ ملے بیٹھا تو

سخت ایسی بھری ہتھی ایسی ہوں کافرستان — نگلیں جس کی شکل سہم ہو دوانا صفہان
ہوں ترنج جیسی حسن بھی اوپنہ حیران — دیکھکر دست بدل ہوں جھینپ خوبان جہان

پھیر کر یا تجھ مرے لگے جو مسند دا کوٹے
باری حسرت سے گئے تو بیٹھا ہوا چھاتی کوٹے

شکم پاک سپیدی کی لونی سا ہوا ایسا انشقاف
دیکھیے غور سے اوسکو جو بچشم انصاف

لوح سیمین کوئی جیسے بلور بنا لاوے صاف
صورت چشمہ نے دیکھ کے کو اوسکی ناف

گورا گورا شکم دیکھے جو مہتاب سا تو
پیٹ پکڑے ہوئی پھرتا پھرے بیتاب سا تو

وہ کمر جس سے کہ وابستہ رہے تار نفس
دیدۂ حسن کو بھی دیکھے جنکی ہو ہوس

ہو سرین گول بھری رانین ہون ایسی ہی کہ بس
ساق پا ہو یہ بلورین جو انھین چھیکے مس

بیٹھکر دست محبت کو دباؤن کیا کیا
تجھکو دکھلا کے مین جون شمع جلاؤن کیا کیا

پاؤن بھی پاؤن ہون ایسے کہ جب انکو پاؤن
اور جو ہاتھون مین اوٹھاؤن تو عجب لطف اوٹھاؤن

کبھی سہلاؤن کف پا کبھی آنکھون سے لگاؤن
پھیر وہ لطف اوٹھانا تجھے بتلا کے دکھاؤن

حسرت وصل عوض کھاوے تجھے دن ایسے کر کر
جسکے ہو نام سے اوسکے تو آ پاؤن پڑے

گفتگو ایسی کہ ہر بات پہ اوسکے اعجاز
گدگدی دیکھنے سے دلمین ہو تجھ پہ گداز

گرمی عشوہ و انداز و ادا ہو اور ناز
ہوئے پاک حسن کی تصویر کھینچی خوش انداز

لگا ہی وہ مستی حسن سے بیہوش کرے
اپنے کھڑاگ کو تو صاف فراموش کرے

اوس سے ہو گرم سخن تجھکو جلاؤن ظالم
اپنا دل شاد کرون تجھکو کڑھاؤن ظالم

ظلم جو تو نے دکھایا ہے دکھاؤن ظالم
چاہیے اب تجھے ایسا ہی بھلاؤن ظالم

کہ مری یاد مین دن رات تو فریاد کرے
ایسی یاد اپنی دلاؤن کہ بہت یاد کرے

سارے عالم سے ترے واسطے منہ موڑا ہے
تجھ سوا اور کسی سے نہ تھا گٹھ جوڑا ہے

رشتۂ ربط ہر اک شخص سے مین توڑا ہے
تو نے ناحق کا دل ایکو بیک توڑا ہے

کیا کہون جی نے مری کوفت اوٹھائی کیسی
ہٹ تری تفرقہ انداز کی ایسی تیسی

تو نے سمجھا کہ پڑا اب مجھے ہے اس شخص کو کام
حوریان خلد سے کرتی ہین جسے جھک کے سلام

جملہ خوبان جہان جسکے ہین مشتاق مدام
بیوفائی سے کیے اس آغاز کا بس ہے انجام

ظاہرا تو تو نہین صبر دل شیدا ہو — چاہیے چاہنے والا کوئی اب پیدا ہو

دل سے سب محو کیے تو نے جو تھے قول و قرار — بھولے اے عہد شکن مجھکو وہ کل اقرار و مدار

یہ غم درد جدائی مین ہون مین نزار و نزار — تیری نظرون مین نہین گرچہ مرا عز و وقار

نہ رکھون پر نہ رکھون تجھسے محبت مین کبھی — تو ہی مغرور تو ہون نام کا جرات مین بھی

واسوخت شیخ ولی محمد اکبرآبادی المتخلص بہ نظیر ادام اللہ فیضہ

جبسے ای دوست ترا ہجر اب ایسا ستاتا ہے — کہ دشمن بھی مرے اب حال پر آنسو بہاتا ہے

یہ بیتابی یہ بیخوابی یہ بے چینی دکھاتا ہے — نہ گھر مین دل ہی لگتا ہے نہ صحرا مجھکو بھاتا ہے

اگر کچھ منہ سے کہتا ہون مزا الفت کا جاتا ہے — و گر چپکا مین رہتا ہون کلیجہ منہ کو آتا ہے

مرا دردیست اندر دل اگر گویم زبان سوزد — و گر دم درکشم ترسم کہ مغز استخوان سوزد

جو مین ایسا جانتی کہ پیت کیے دکھ ہوے — نگر ڈھنڈورا پھیرتی کہ پیت کرو نہ کوے

نہ تھا معلوم الفت مین کہ غم کھانا بھی ہوتا ہے — جگر کی بیکلی اور دل کا گھبرانا بھی ہوتا ہے

سسکنا آہ کرنا اشک بھر لانا بھی ہوتا ہے — تڑپنا لوٹنا بیتاب ہو جانا بھی ہوتا ہے

کیے پر اپنے آخر کو یہ غم کھانا بھی ہوتا ہے — کف افسوس کو مل مل کے پچھتانا بھی ہوتا ہے

اگر دانستمے از روز ازل داغ جدائی را — نمی کردم بدل روشن چراغ آشنائی را

کو کہ کرون تو جگ ہنسی اور جی کو لاگی گھاؤ — ایسی کٹھن سینہ کو کہہ بدھ کرون اوپاؤ

صبح سے شام تک صحرا مین پھرتا دلکو مین مارے — لگا کے شام سے تا صبح گنتا رات کے تارے

لبون پر آہ دل پر داغ جون آتش کے انگارے — جسے دل چاہتا ہے اوسکو پروا کچھ نہین بارے

جو اوسکی ہے یہی مرضی تو ہم ناچار ہین پیارے — مگر اوسکے تصور مین یہی کہتے ہین یہان آرے

زحال من چہ گویم چون نہ من دارے خبر یا نہ — دل من خست تیغ جور ہای شما و در دل اثر یا نہ

آہ دئی کیسی بھئی ان چاہت کے سنگ — دیپک کے بھاو نہین جل جائے پتنگ

غضب ہے ایک تو دل تنگ ہو اور جی بھی گھبراوے ۔ تس اوپر ہر گھڑی اوس لیلیٰ کی شکل یاد آوے
نہ ہو وین فلک کیون ٹکڑے نہ جی کس طرح گھبراوے ۔ در و دیوار سے کیونکر نہ سر اپنے کو ٹکراوے
لگی ہو آگ دل مین پھر وہ بجھنے کس طرح پاوے ۔ مگر جس نے لگائی ہو وہی آکر بجھا جاوے

چھٹو دل آتش ہجران غم ہوا اور اکہ نیشا ۔ مگر انگس کہ آتش زدہ ہون آئی بیفشاند
ہردی اندر دون لگی تو دھوان پر گھٹ ہووے ۔ جاتن لاگی سو جانے دوجا جانے نا کووے

کبھی ہو کر گریبان چاک صحرا کو نکلتا ہون ۔ کبھی گھبرا کے پھر گھر کی طرف لاچار چلتا ہون
لگی ہے آگ دل مین شمع سان جلکر پگھلتا ہون ۔ دھوان اوٹھتا ہے آہون کا برنگ موم جلتا ہون
بدن مین دیکھکر شعلے بھڑکتے ہاتھ ملتا ہون ۔ پھپھولے تن مین اوٹھتے ہین بتی کی طرح جلتا ہون

زبان آتش دوری کی جی سوز دل جانان ۔ نمود نبض من ہر آبلہ دست طبیبان را
برہ کی آگ تن مین لگی جلن لگو سب گات ۔ نا ری چھوئی بید کی پڑے پھپھولے ہاتھ

کہان تک کھاؤن اوس غم کو کہ اب کھایا نہین جاتا ۔ دل بیتاب کو باتون سے سمجھایا نہین جاتا
قدم رکھتا ہون جس جا پر تو سرکایا نہین جاتا ۔ جہان پر بیٹھتا ہون وہان سے پھر اوٹھا نہین جاتا
جو جاتا ہون بھاگ جاؤن بھی جایا نہین جاتا ۔ اور آہو دشت مین رستہ کہین پایا نہین جاتا

مکان یار دور و من ندارم طاقت رفتن دل ۔ عجب در مشکل افتادم چسان طے سازم این منزل
کیا کہون کس سے کہون لیکر پیادہ دور ۔ اوڑ نہ سکون کر گر پڑون ہون پچھو کی ٹھور

ادھر دل مجھسے کہتا ہے کہ چل تو یار کے ڈیرے ۔ ادھر تن مجھکو کہتا ہے کہ تو کہہ مجھکو مت دیرے
جو کہنا دل کا سنتا ہون تو وہ رہتا ہے گھر ترسے ۔ اگر تن کی سنون باتین تو پھر دکھ دے وہ بہتیرے
نہ دل مانے نہ تن مانے ہر اک اپنی طرف پھیرے ۔ کرون کیا اے نظیر ایسی جو مشکل آن کر گھیرے

دلم دلدار می جوید تنم آرام میخواہد ۔ عجائب کشمکش دارم کہ جانم مفت میکاہد
دل چاہے دلدار کو تن چاہے آرام ۔ دو بدھا مین دو گئے مایا ملی نہ رام

ترجیع بند حکیم محمد مومن خان سلمہ الرحمان

جاے عبرت ہے مرا حال پریشان یارو
دل لگا کر ہوا مین سخت پریشان یارو
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی

آس توڑے ہے یہ مایوسی و حرمان یارو
ہاے افسوس نہ نکلا کوئی ارمان یارو
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

دل نہ دیتے اگر اوسکو تو نہوتے بدنام
رنج بھی ہوتے ہین الفت مین پۓ از آرام
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی

کیا خبر تھی کہ اس آغاز کا کیا ہے انجام
کبھی دنیا مین نہوگا کوئی ہمسا ناکام
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

جذبۂ عشق اسے کھینچ کے لایا نہ کبھی
ماجراے الم و درد سنایا نہ کبھی
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی

اثر اس نالۂ دلکش مین بھی پایا نہ کبھی
سخن شوق غرض لب تلک آیا نہ کبھی
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

ایکدم صحبت دلدار میسر نہوئی
عشرت و عیش سے فرصت اوسکو دم بھر نہوئی
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی

نظر لطف و عنایت کبھی ہمپر نہوئی
اپنے ملنے کو کوئی جاے مقرر نہوئی
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

ایک دم صحبت اعدا سے کنارا نہ ہوا
غرض ہمکو قلق و رنج کا یارا نہ ہوا
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی

یہ مقرب ہوئے کچھ پاس ہمارا نہ ہوا
ہاے اس بزم تلک اک بار گذارا نہ ہوا
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

کیا سیہ روز ہین یارب مرے آرام و شکیب
میرے گھر آنیکی ہرگز کبھی نہ پائی تقریب
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی

کہ رہے جلوہ گہ یار سدا بزم رقیب
ایک دن بھی نہوئی ہاے شب وصل نصیب
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

تیرہ روزی کی یہ ہے جلوہ فزائی ہے ہے
کہون کیا اپنے نصیبون کی برائی ہے ہے
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی

نہوئی صبح کبھی شام جدائی ہے ہے
طالع بد کی یہ خوبی نظر آئی ہے ہے
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

کھو دیا مفت میں دل بیچ کے دکھ سے پایا — قلق ہجر نے کیا کیا نہ مجھے گھبرایا
پردہ تیرا فن نہ ملا یوں نہیں مجھے ترسایا — نہ وہاں مجھکو بلایا نہ یہاں آپ آیا
جی کی جی ہی میں رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

یہاں نہ آیا وہ عیادت کو بھی یکبار افسوس — مرتے مرتے نہ گئی حسرت دیدار افسوس
کر سکا وہ تو نہ شوق نہ اظہار افسوس — نہوئی نزع تلک وا لب گفتار افسوس
جی کی جی ہی میں رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

نہوا عشق میں اوس شوخ سے آرام کبھی — نہ دیے دست نگارین سے مجھے جام کبھی
لب شیرین سے سنا ایک دشنام کبھی — نہ ملی لذت عارض سے ہوس کام کبھی
جی کی جی ہی میں رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

میں بھی حاضر تھا ہوئے جب طرف کعبہ روان — حضرت میر حسن تقوے روش شیخ زمان
بے ادب ہنستے تھے کیا لوگ تھے بیہودہ گمان — پڑھ کے یہ درد سے مطلع جو ہوئے اشک فشان
جی کی جی ہی میں رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اوس سے ملاقات نہونے پائی

ترکیب بند افصح الفصحا اشعر الشعرا ابلغ البلغا سخنور عالیمقام محمد تقی نام المتخلص بہ میر

عمر گذری ہو چکا آسودگی کا روزگار — رنج و محنت کے تئیں آرام ہے ننگ و عار
معرکہ ہے یک طرف دونوں کھڑے ہیں سامنے — زخم و کلکے یہ ہنسے وہ گریہ بے اختیار
جملہ سے کٹ پڑے ہیں یکطرف کتنے جو یہ — صبر سے بیطاقتی دل اور درد بے شمار
عاشقی جب کی تھی میں نے تب نہ تھیں یہ خواریاں — کیا کہوں کیا کچھ دکھاتا ہے مجھے اب ہجر یار
سینہ دیکھوں چاک منہ ناخن سے سب نوچا ہوا — آنکھیں ڈوبی خون میں اور جی کو دیکھو بیقرار
ایکہ گفتی عشق ما درمان بہ ہجران کردہ اند
کاش میگفتی کہ ہجران ما چہ درمان کردہ اند

ایک کنارے دی تو جو ہین گے زہین کے زیریان
خاک پر بسمل پڑے ہین کیسے کیسے شیریان
دو قدم پر ہے یہ ہنگامہ ترے کوچے کے بیچ
آشنائی کچھ نہین لگتی کہ تجھکو دیریان
منہ پہ کھانے والی تلواروں کے ہونگے سوتے
سیکڑوں بیچا ہین بیچے جینے سے جو تھی سیریان
دھڑ نہین سر ہے پڑا سر جو نہین تو دھڑ ہی ہے
ہین زیارت کردنی صد کشتۂ شمشیریان
غمزدے بی خانمان بیوارثے بیکس غریب
زخموں کے دامن لیے منہ پہ پڑے ہین ڈھیریان

گو تو ہم آئے پئے طوف شہیدان دور نیست
گر بہ می آید درینجا راہ چندان دور نیست

لے لپیٹ ایک آن مین وحشت کرے یہ سارا جہان
خاک اوڑا پھر ایک دم مین کاروان کا کاروان
تیرہ کر عالم کو ردے سایۂ گرد و غبار
چشم یار روشن تو ہو آوازۂ کون و مکان
بین بخشی سے لے گیا گر ناز مین تیرے تئین
کھینچنا سر کا مبارک ہو تجھے تا آسمان
لیکن اتنا ہی بر آشفتہ نہو جانان کہین
بیشتر و رستے ہین ساری خاطر واماندگان
سو خدا نا کردہ ہم کتنے نہین اس راہ سے
کوئی دم وقفہ کرے یا دیر ہووی تجھکو یہان

یکقدم ای گردباد دامن صحرا بایست
در قفا ماندہ ہست مشت خاک تنہا بایست

گرچہ ہجران مین ترے جی میرا جاتا تھا جلا
پر یہ تھا دل مین کہ شاید دیوے تو داد وفا
وصل خاطر خواہ تو معلوم تھا میرے تئین
آگ دل کو لگ رہی تھی جب تلک تھا مین جیا
گاہ باشد رحم کو بھی رحم فرما دے وہ شوخ
دیکھ مجھ ناکام کو یکدم کرے ترک جفا
ایک ساعت بیٹھے درد دل اگر میرا سنے
کرکے غمخواری کہے یہ تیرے تئین کیا ہو گیا
سو تو یہ سب ہو چکا ہے کاش کے ملتا نہ تو
اتنے آجانیکا تیرے کون یہان مشتاق تھا

آمدی و حسرت وصل از دلم برداشتے
حسرت بود از وصال آن ہم نگذاشتے

ہے خرابی آج جنکے محل پر لوگوں کے ہین گھر
مت بنائے خانہ مین منعم رہا کر اسقدر
طاق کسرے کو سنا ہوگا کہ کیا تھا محل
اب کہین اوس طاق کا کسرے کے پیدا ہے پتہ

گھر کا صاحب تو ارادہ کرے یکسان خاک سے
انیٹ مارے انیٹ سے یہ کچھ ہوا ابر گھر پر

خط باطل سے لکھا ہے صفحۂ کون و مکان
کیون دماغ اتنا جلاتا ہے سے اپنا تو کدہر

کیسے کیسے خانزادے خاک مین یہان مل گئے
جائے عبرت ہے یہ معمورہ جہان کا بے خبر

ہر کجا افتادہ مینی خشت در ویرانہ
ہست فرد دفتر احوال صاحب خانہ

کم بہت سنے مین آتا ہے کوئی رنجور ہے
یا کسی مجروح کا زخم جگر ناسور ہے

روشنی آنکھون کی ہے منظور ساری خلق کو
قوت دل کا جدہر دیکھو تدہر مذکور ہے

ہم کنے سبھی تھے یہ دو آتش کے پرکالے جو
ایسی ہم ایذا جو کھینچی ہے کسے مقدور ہے

ایک نے مارا جگر ٹک کر جی سے ہمکو آب داغ
ایک نے ایسا جلایا اتبلک مشہور ہے

ہمکو حیرانی ہے آتین جسکو سنتے ہین او
ان ہی دونون آفتون کی پرورش منظور ہے

ما سرشک گرم و آہ و آتشین دیدیم و بس
بہرہ کز چشم و دل دیدیم این دیدیم و بس

دل نہین مجھکو ملا یہ کوئی جی کا ہے وبال
گفتنی ہو تو کہون اے میر مین کچھ اسکا حال

خود بخود جاتا ہے کتنا آرزو ہے کیا اوسے
چاہتا ہے سیم و زر یا کوئی دلبر خوش جمال

یا و مین میرے ہوا ہو کچھ سبب تو ہے بجا
عشقبازی مفلسی آزردگی رنج و ملال

نا کسون کے گیسوئے کاکل کا وابستہ ہون مین
نے کسی کے چاند سے مکھڑے کا مجھکو ہے وبال

کیا کرون ایذا ہے بموجب غرض تجھسے بیان
نے غم درد جدائی ہے نہ اندوہ وصال

نیستم عاشق بظاہر لیک سے کاہد دلم
عمر بگذشت و نمیدانم چہ مے خواہد دلم

مثنوی در صفت حور از حضرت مولانا رؤف احمد صاحب نور اللہ مرقدہ المتخلص بہ رافت

وہ سب تھین گل اندام اور مہ جبین
پری جنکو دیکھ اپنے جی مین حسین

مین ان مین سے لکھتا ہون حال ایک کا
قیاس اوسپہ کر سبکو تو رافت

وہ اسکا تبسم وہ اوسکی ادا — وہ اوسکا تکلم وہ انداز پا

وہ غمزہ وہ عشوہ وہ ناز و غرور — وہ آن و کرشمہ وہ حسن اور نور

وہ چھب وہ اکڑ وہ چلن اور وہ سج — ہر اک بات میں جان لینے کی دھج

وہ ماتھے کا خط تھا کہ تھا داغ ماہ — وہ تھی مانگ یا کہکشاں کی تھی راہ

غضب اوسمیں موتی پروئے ہوئے — ستارے تھے نور ان سے کھوئے ہوئے

وہ چوٹی چھٹی تا کمر ایک بلا — نہ لینے کو جان تھی مگر ایک بلا

پڑا اوسمیں موباف زریں تھا یوں — ستارہ ہو دنبالہ دار ایک جوں

نہ چوٹی تھی بل ایک کوڑا تھا وہ — کہ چمکائے تھا حسن کے رخش کو

وہ زلفیں جو بالائے رخسار تھیں — وہ کافر بلائیں نمودار تھیں

جو جاتے بکھر رخ پہ بال اوسکے آہ — تو تھا زیر ابر اک درخشندہ ماہ

وہ عالم کسیکو جو پڑتا نظر — تو سو غمزے جی اوسکا جاتا بکھر

وہ بالوں میں سر کے پروئے گہر — ستارے نمودار جوں چرخ پر

وہ آنکھیں کہ آہو پہ جادو چلائیں — نہ آہو پہ جادو پہ جادو چلائیں

وہ نرگس کے گل تھے بگلزار حسن — زبس جلوہ گر جیسے انوار حسن

وہ چشمک اشارے حیاؤں کے ساتھ — نگاہوں میں دل چاہنا تکی بات

وہ آنکھیں جو ظاہر دو بادام تھیں — وہ باطن میں الفت کی دو جام تھیں

خماری وہ آنکھوں کا عالم عجب — نگاہیں وہ کیفی غضب

وہ ابرو کمان اور قشقہ تیر دار — کرے مرغ جان کو نہ کیونکر شکار

وہ عارض کہ جو مطلع حسن تھے — اون آنکھوں نے دو صاد ان پہ

وہ بینی کہ آئے سے نہ ادراک میں — وہ کی خلق کا حسن سے ہو ناک میں

دہن ذرہ اور اوسمیں دندان گہر — ہو شیفتہ جہان عقل اہل بصر

وہ دانتون مین کاشنری مسی کی دھڑی | او وا ہٹ گھٹا پر طلسم پری

خطون کا عجب عالم اک آہ تھا | نمودار اقدر اللہ تھا
لب لعل وہ رشک یاقوت تھی | لب پے حیان عشاق یاقوت تھی
وہ پانون کا لاکھا رنگ مسی | شفق تھا نمود اور سیہ رات تھی
وہ لب شیرین تھے جنکے آگے نبات | خجل اسقدر ہو کہ آوے نبات
تکلم غضب اور تبسم بلا | وہ باتین تفہم مین پھر آئین کیا
وہ چاہ زنخدان کہ ہو سب کو چاہ | وہ غبغب درخشان کہ جون مہر و ماہ
وہ گردن کا موتی صراحی کی شکل | چھپے جسکے نظارہ سے شرب اکل
وہ سرخی سفیدی باین آفتاب | کہ جون ظرف بلور مین ہو شہاب
وہ بازو وہ ساعد نزاکت بھرے | وہ ہاتھون کا عالم کہ جی خوش کرے
حنا سے وہ ہاتھون مین نگت رچی | کہ مرجان کے پنجے کے جو رشک تھی
وہ ہاتھ ایسے پیارے کہ جو آئین ہاتھ | تو کیا چومتے بس محبت کے ساتھ
کف پا وہ گلبرگ سے نرم تر | نزاکت سے عالم ہر انگشت پر
وہ قامت قیامت وہ گفتار قہر | وہ چھب یک بلا اور وہ رفتار قہر
وہ رفتار ہو کبک جس سے خجل | وہ گفتار جو بات مین لیوے دل
بدن ایسا نازک کہ ہو لال لال | اگر مس کا ہو اوسکے دل مین خیال
سراپا کا عالم کہون اوسکے کیا | سراپا تھا نقشہ وہ تصویر کا
ہو حیرت زدہ بلکہ تصویر تھی | ہو لے معنی مانی کی تحریر تھی

مثنوی خاتمہ از نتائج افکار مولانا رؤف احمد صاحب قدس سرہ المتخلص بہ رأفت

آسرا تجھ رسول انام | محمد علیہ الصلوۃ والسلام
بآل و باصحاب ختم رسل | مجھے دے مرادین مری جز و کل

دعا میری کر میرے مولے قبول / بہ فضل رسول اور طفیل بتول

بصدق ابوبکرؓ شاہ ورا / کہ بعد از نبی سب کے ہین پیشوا

بعدل عمرؓ جو ہین کرار جنگ / ہوا شرع کا ان سے ظاہر ہے رنگ

بحلم غنیؓ سب یعنے عثمانؓ امام / کہ کان حیا تھی سراپا تمام

بعلم علیؓ ولی شاہ دین / امام جہان وارث مرسلین

بجود حسنؓ اور بکرم حسینؓ / مجھے دو جہان مین دے امن و چین

مجھے دین و دنیا مین عزت سے رکھ / یہان اور وہان عیش و عشرت سے رکھ

شراب محبت پلا دے سبھے / تو مستانہ اپنا بنادے مجھے

الہی مین تیرا گنہگار ہون / بہت تجھ سے شرمندہ ہون کیا کہون

کوئی دم کوئی پل کوئی لحظہ آہ / نہین میرا کٹتا بغیر از گناہ

جو اقسام ہین جرم و عصیان کے / وہ سب درمیان ہین مری جان کے

کبیرون صغیرون مین مین ہون پھنسا / چھپے اور ظاہر گنہ مین بھرا

خطا و عمد مین گرفتار ہون / غرض ہر طرح سے گنہگار ہون

گنہ بخش سب میرے میرے کریم / کبیری صغیری جدید اور قدیم

گنہ باطنی میرے اور ظاہری / خطا اولے اور جرم آخری

کرم سے تو کر عفو مولا مرے / وہ کر حق مین جو ہووے اولا مرے

تو مالک ہے غفار ہے اور رحیم / تو رب ہے کریم اور رؤف الرحیم

گناہون پہ میرے نفرما نظر / تفضل سے اپنے تو سب محو کر

پلادے مئے عشق کا اپنے جام / بحق محمد علیہ السلام

جیون اور مرون اور اوٹھون عشق مین / بہر حال تیرے رہون عشق مین

جہان مین ہے جب تک مری زندگی / رہون تیرا بھرتا دم بندگی

کروں او سفر جب میں یہاں سے تو ہو | شہود تجلی حق روح کو

ترے جلوے کو دیکھا کر جان و تن | مروں تو ترے فضل سے یوں مروں
رہوں گور میں بھی دیوانہ ترا | نہ موقوف ہو منہ دکھانا ترا
اٹھوں تو ترے دھیان میں پھر اوٹھوں | غرض عشق ہی میں جیوں اور مروں
ہیں اُمت میں بندہ ترا ای خدا | مرا اور سب اہل اسلام کا
کرا ایمان اسلام پر خاتمہ | طفیل نبی و سید فاطمہ
الٰہی ہزاروں درود و سلام | پیمبر پہ نازل تو فرما مدام
پھر آل اور اصحاب پر آپ کے | پھر ازواج و احباب پر آپ کے

رباعیات فقیہ

الحمد للہ الذی بلغ العلے بکمالہ | احکام فضل ایزدی کشف الدجی بجمالہ
ہی تا رکیں ہوی حسنت جمیع خصالہ | انعام فیض احمدی صلو علیہ و آلہ

حضرت چلے معراج کو بلغ العلے بکمالہ | سب جگ میں اجالا ہوا کشف الدجے بجمالہ
انکے خصائل نیک سے حسنت جمیع خصالہ | حور و ملک سب یوں کہیں صلو علیہ و آلہ
معراج کی شب عرش پہ کیا دھوم مچی تھی | حضرت پہ خدائی تو سبھی جھوم رہی تھی
لولاک لما خلق کہا ان میں سے جنکے | تقدیر بھی ہاتھ اپنے کے تئیں چوم رہی تھی

اللہ کیا جگر تھا وغا میں حسین رض کا | جی ہی گیا فدا ان رضا میں حسین رض کا
اثر پنجہ انکا تس سے یہ تیر سے مرتبہ | خون تھا سبیل راہ خدا میں حسین رض کا

[illegible] شوخ کہے آیا | ذوق اگر جھلمہ کو بھی آیا تو ہم جانیں گے اب آیا
[illegible] دیکھ لیا ہو | کہ ابتک بچ کے نکا نہیں قاتل کو ڈھب آیا
[illegible] کے یعنی بھی کھونا پڑا | وہ ہنسی کی بات تھی سو اوسکا اب رونا پڑا
نقد دل اپنا گنایوں جرأت اسکے مفت ہاتھ | راہ چلتے جسطرح پاوے کوئی سونا پڑا

درد

صاف کرتا رہا گل مجھ پہ وہ تلوار کے ہاتھ
لوگ مانع ہوئے تو کہنے لگا کون ہو تم
گرچہ بیزار بھی ہے پر اوسے کچھ پیار بھی ہے
دل بھلا ایسے کو ای درد نہ دیجے کیونکر
چمن کے تخت پر جس دن شہ گل کا تجمل تھا
خزاں کے دن جو دیکھا کچھ نہ تھا جز خار گلشن میں
قسمت کی اپنی خوبی سے حاتم بھی شوم ہو
اس واثر گون نصیب کی تعریف کیا کہون
ہین زخم میرے کاری اس سینے سو کیا ہوگا
اس کم نگہی سے کب بجھتی ہے عطش دل کی

آہ نا پکڑے کسی نے مرے خونخوار کے ہاتھ
شوق سے باندھ دئیے ہم ایسے گنہگار کے ہاتھ
ساتھ انکار کے پردے مین کچھ اقرار بھی ہے
ایک تو یار بھی ہے تس پہ طرحدار بھی ہے
ہزارون بلبلون کی فوج تھی اور شور تھا غل تھا
بتاتا باغبان رو رو یہان غنچہ یہان گل تھا
گر تخم بھی جو بوئین تو پیدا زقوم ہو
جسکو ہما سے سمجھو تو پہلو سے بوم ہو
اب مرتا ہے تو بہتر اس جینے سے کیا ہوگا
ساقی مجھے اتنے ہی پینے سے کیا ہوگا

جان کو زیست دو تا مانگے ہے
اوسکے پنجے سے ملا کر پنجہ

مانگ کیا جانیے کیا مانگے ہے
خون بہا اپنا حنا مانگے ہے

جا اوٹھاوے مرے مدفن پہ جو تکبیر کے ہاتھ
کھینچکر نقشے مین مانی بت بے پیر کے ہاتھ

چوم لون اوس بت رعنا کے کفن چور کے ہاتھ
چومتا تھا کبھی اپنے کبھی تصویر کے ہاتھ

صنم کے ہاتھ کی پہونچی
جو پہونچی ہو تو لکھ بھیجیو

اگر پہونچے کہ نہ پہونچے
مرے پہونچے مین آ پہونچی

عبث مین صبح تلک اس کا انتظار کیا
کہان رہی تری غیرت بھلا بتا تو سہی

قرار کر کے تجھے اوس نے بیقرار کیا
ترے شکار کو جب اور نے شکار کیا

تھا عین نماز مین کہ ساقی آیا
مین اوسکو اشارے سے کہتا تائب ہون

وہ ساغر مے میرے منہ تک لایا
بولا کہ شتاب پی پیاسو ہوا

برسات کی جھڑی ہو سبزہ ہو اور جو ہو
مطرب ہو اور می ہو [illegible]

یک گوشۂ عافیت ہو اور دست در گلو ہو
کافر ہے بحیر کسیکو جو غیر آرزو ہو

آہ رے آہ کیا کیا ہے ہمنے
پھنس گئے دام مین ترے اگر
ایسے نادان کو دل دیا ہے ہمنے
ہو خوشی خون دل پیا ہے ہمنے

اے درد بہت کیا پر اور دیکھا ہے ہمنے
جب چشم نہ تھی تو دیکھتے تھے سب کچھ
دیکھا تو عجب طرح کا لیکھا ہے ہمنے
جب چشم کھلی تو کچھ نہ دیکھا ہے ہمنے

آج گلشن مین کیا مزا ہوگا
باغ مین بو کباب آتی ہے
ای ستمگر زیر و ستو پر ستمگاری نکر
منہ مہ برستا ہے گل کھلا ہوگا
کسی بلبل کا دل جلا ہوگا
ظلم کے اقلیم کی ہر چند سرداری نکر

توڑ مسجد پھاڑ مصحف کر زنا اور پی شراب
جو تو کرتا ہے سو کر پر مردم آزاری نکر

لعنت جو کوئی زن کا سخن گوش کرے
صد سال کی الفت کو یکساعت مین وہ
ہمدم ہو اسے سا تھہ نمک نوش کرے
دیکر کے تلے پڑ کے فراموش کرے

کبھو ناشاد کبھو شاد ہوئے آخر ہیچ
مرتبہ علم مین حاصل کیا شیطان کی راہ
صاحبقران
گو تعلق سیتی برباد ہوئے آخر ہیچ
گو فرشتون کے بھی استاد ہوئے آخر ہیچ

ایوان عدالت مین تمھارے بادشاہ
شیشہ کا جو وہان طاق سر کے پاؤن
کیا ظلم کو ہے دخل عیاذا باللہ
تجھ سے نکلتی ہے صدا بسم اللہ

موت ہے ہی کچھ علاج درد فرقت ہو تو ہو
کہتے ہین شعر قیامت جسکو وہ اک چشم یار
ذوق
غسل میت ہی ہمارا غسل صحت ہو تو ہو
تیرے مستونکی نفیر خواب غفلت ہو تو ہو

مومن نہین زنار سے میرے آگاہ
اس ہست کا برہمن ہون ہم صوفی و ہم شیخ
اس رشتہ کو ہے سبحہ اسلام مین راہ
کہتے ہین جسے دیکھہ کے اللہ اللہ

جو ای قاصد وہ پوچھے میر بھی ادھر کو چلتا تھا
کمال افسوس بیتابی سے تھا کل قتل مین میرے
میر
تو کہیو جب چلا ہون مین تب اوسکا جی نکلتا تھا
تڑپتا تھا ادھر مین یار ادھر کو ہاتھ ملتا تھا

چوری چوری مرے لگ جاؤ گلے آکے کہین
ورنہ دل برسے نکل جائیگا گھبرا کے کہین

ضبط وحشت ہے تجھے ای دل دیوانہ ضرور
اتنا آنا بھی نہ وہ چھوڑدے جھنجھلا کے کہین

جرأت

ماہ رو چہرے پہ تیرے جب سے خط آنے لگا
تب سے قاصد کو مری باتون سے بہلانے لگا

جب تلک تھا صاف قاصد کو جواب صاف تھا
اب تو خط آنے لگا شاید کہ خط آنے لگا

فیاض

ہے کون جسنے عہد کو اپنے وفا کیا
کہیے جو اوسنے عہد کو اوسکے ادا کیا

فیاض کچھ بیان شمع کی جو ہوئی نمود
گلگیر نے دہن کو وہین اپنے وا کیا

کھانے کے لیے جسنے رگ پان کو چیرا
لاکھون دل مجنون نے گریبان کو چیرا

ہاتھ اوسکے کٹ جاوین الٰہی یہ نایاب
موتی کے لیے جسنے تری کان کو چیرا

غم تو دنیا مین سبھی ہین عشق کا کچھ اور ہے
ہے اوسی عالم مین لیکن اسکا عالم اور ہے

یہ نہ اچھا ہوگا جراحون سے بھی زخم جگر
اوسکا ٹانکا اوسکا پھاہا اوسکا مرہم اور ہے

کبھو کبھو جو کرم کی نگاہ کرتے ہو
غرض کہ دل مین مرے جان آہ کرتے ہو

ادھر تو عاشق بسمل تمھاری تڑپین ہین
اودھر کھڑے ہوئے تم واہ واہ کرتے ہو

اگرچہ تجھ پہ تخم الفت کا ای ستمگر ہم اپنا بوتے
تو تھا یقینا کہ اوسکے سایہ کے نیچے یکدم کبھی تو سوتے

جو تیری خاطر گلی گلی ہم کرین ہین نالہ پھرے ہین روتے
خراب خستہ ذلیل و رسوا نہ تم سے ملتے نہ ایسے ہوتے

مقطعات

کل پاؤن ایک کاسہ سر پر جو آگیا
ایک سر وہ استخوان شکستہ سے چور تھا

کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بیخبر
مین بھی کبھو کسو کا سر پر غرور تھا

تھا وہ تو رشک حور بہشتی ہمین مین میر
سمجھے تو ہم تو فہم کا اپنے قصور تھا

جب طپش کو نہ ملی بوسہ سے تجھ لب کی خبر
تب فقیرون کی طرح شعر یہ پڑھتا وہ چلا

بینوا ہم ہین نہین زور کسی پر پیارے
دیوے اسکا بھی بھلا اور نہ دے اسکا بھلا

بلبلین پالی مین کہتی تھین کہ ہوتا کاشکے
یک قفس رنگ قراری آشیان یک آشنا

گر گل و لالہ کہاں سنبل و سمن ہم نسترن		خاک سے یکسان ہوئے ہین ہای کیا کیا آشنا
اشک تر قطرۂ خون لخت جگر پارۂ دل	میر تقی	ایک سے ایک عدو آنکھ سے بہتر نکلا
کنج کاوی جو کی سینے کی غم ہجران نے	میر	اس دفینے مین سے اقسام جواہر نکلا
ہمنے جانا تھا لکھیگا تو کوئی حرف اے میر		پر ترا نامہ تو یک شوق کا دفتر نکلا
شور شکر ہمنوایون کا ابلتا ہی پیہ دل		رخصت ایک نالہ کی صیاد چاہتی ہی ہما
اب خدا حافظ ہی سودا کا مجھے آتا ہی رحم	سودا	ایک تو تھا ہی دیوانہ تس پر آتی ہے بہار
ہین کبھی سمجھاؤن جو ماتے بات تو پردہ نشین		ہے بدلنا ہی اگر منظور اپنا گھر تجھے
حیا سے نظارہ بھی ہے گوشہ تجھی ہے پردہ بھی ہے	سمجھ	آ مرے آنکھو مین رہ یہ عین ہے بہتر تجھے
جب سے سرکار عشق مین عارف		ہم ملازم ہوئے یہ بندی ہے
کہ خوشی کا نہ لیجو نام کبھو	عارف	غم سے ہی تجھکو بہرہ مندی ہے
کیونکہ شادی کو پھر سے ٹھکنے ہون		نوکری ہے کہ بھائی بندی ہے
غیرون سے خوش رکھے تو رہوے وہ سیم تن		عارف بُری ہے آہ دل بیقرار کی
آہین دلی کا اوسکے دکھا دیوینگے مزا	عارف	سو دن سُنار کی ہے تو اک دن لہار کی
سب سے بیغرض رہو تم عارف		گو کہ دم دوستی کا بھرتے ہین
یہ وہ ہین لوگ کھاتے ہین جس مین	عارف	اوسی ہانڈی مین چھید کرتے ہین
مشکل ہے عمر کاٹنی تلوار کے تلے		سر مین خیال گو کہ رکھین یار عشق کا
ان ستمون کے دعوے کو دیکھا ہی ہو تے قطع	میر	پورا جہان لگا ہے کوئی وار عشق کا
کہکشان مانگ ہے ہلال بھوین		مہر طلعت ہے ماہ سیما ہے
تب مسیحا ہے لب پہ رنگ مسی		سایۂ قامت مسیحا ہے
اس مہمان سرا مین عارف قیام کب تک		غفلت پہ آپ اپنی ہم دنگ رہ گئے ہین
ٹھہرو زن ہے اپنا میزان زندگی مین		دھڑیان تو تُل گئی ہین پاسنگ رہ گئے ہین

رباعیات عیدین

عید رجب باد میمون و خجستہ مر ترا		آمد اندر بطن مادر مظہر نور خدا
از بنائے مولدش صد معجزہ بشگفت او		گشت گلشن گلخن و پر نور شد ہر دو سرا
عید رجب میں سرور کونین	طبعی	صلب سے آ گئے شکم میں چین
ہے حدیث نبی غریب بے عین		ہے یہ مولود سید الثقلین
لیلۃ القدر نے کیا ہے ظہور	ایضاً	ہے برستا سبھو پہ حق کا نور
بطفیل رسول اکرم کے		اے خدا دوے سبھوں کو جنت حور
لیلۃ القدر کی ہے یارو جہانمیں بہت دھوم		آسمانوں سے زمیں پہ ہے فرشتوں کا ہجوم
سورۃ القدر سے ہے شان میں جسکو مرقوم	ایضاً	جسکے ہر حرف کی آیت ہے یہ لازم ملزوم
دن ہے عید اور رات ہی شب برات		نیکیوں میں گذارو تم اوقات
صوم و صلوٰۃ اور نوافل میں		رہو مشغول تا کہ ہووے نجات
شب برات آئی ہے مسلمانو	ایضاً	بدعتوں سے بچو مری مانو
نیکیوں میں رہو سدا شامل		ورنہیں تو تمہاری تم جانو
آئی ہے شب برات جہان پر بہار ہے		بازار اور کوچہ گویا گلعذار ہے
چھٹنے لگے انار و مہتاب و پھلجھڑی	ایضاً	دیکھوں میں ہر طرف تو پٹاخوں کی مار ہے
عید رمضان آمدہ بشری لکم یا مومنین		گفت در جنات رضوان فادخلوہا خالدین
مائدہ صوم و صلوٰۃ آمد بصائم از کریم		افطروا یا صائمین واللہ خیر الرازقین
عید رمضان رسید خرم و شاد		بر ہمہ مومنان مبارکباد
ای پہ مہربان بندہ عیدی	ایضاً	تا بیابم ز علم گنج مراد
جلوہ فرمایوں ہلال عید ہے اب ہو بہو		عشوہ ابرو دکھاوے جوں کوئی خورشید رو

ات رسے ماہ نو تیری شوخی کہ بام چرخ سے | خاک سے تو سا تھا اشارے کی گرے ہے گفتگو

عید قربان آمدہ قربان کنم | جان فدائے حضرت رحمان کنم
حاجیان اندر طواف کعبہ اند | ما باستادان خود احسان کنم

عید قربان در رسید اندر جہان با عزو شان | جان و دل قربان کنید اندر رہ حق دوستان
نوش خمار اند عاشقان اندر شراب شوق شوخ | ذبح نفس امارہ کردہ شو بزمرۂ عارفان

رباعیات دعوت محفل محبانہ و دوستانہ

محفل میں شاہ دین کے سعادت کر و حصول | جس بزم گہ میں رحمت حق ہووے ہے نزول
بعد از عشا کے لائیے تشریف دوستو | لطف و کرم سے کیجیے دعوت مری قبول

محبوب دوستو از راہ شفقت | حماد | قبول دل سے اس مخلص کی دعوت
کرم فرماو بندے کے مکان پر | | جمعہ کی شب کو بعد از ہشت ساعت
دوستوں کی انجمن کے نونہال | سلیمی | گلبن اخلاص کے ثمر کمال
لطف سے محفل منور کیجیے | | مخلصوں کو اپنا دکھلا کر جمال
گلستان خوبی کے سرو روان | | نہال چمن دوستی کے نشان
شب جمعہ کی ہشت ساعت کو یار | کوکبی | رہو شامل عیش و بزم جوان
محبت جا چمن سے نخل پربار | | سخن جا شاخ سے بلبل گہربار
شب آدینہ جا آتے سے صاحب | | قدم رنجہ کرا سے رشک گلزار
رفیقان در کرون شفقت فرمایا | سلیمی | عبث بیٹھوں نکولیا گھر آیا
جمعہ راتی سے تا تکلیف کیسوں | | منور قدم سے مجلس کرایا

ابیات مفردات

حمد ہے اسکو جس نے دکھا کر لمعہ اپنی قدرت کا | عرش پہ لا محمد کا قدم لمحہ میں اتما سے کھڑا

حوصلہ اس کی تجلی مین کسے تقریر کا — جو زبان شمع نکلے منہ جلا گلگیر کا
چمن مین کونسا وہ رونق گلزار آیا ہے — کہ پابوسی کو ہر اک شاخ گل نے سر جھکایا ہے
ہنسی پہ قشقہ قشقہ پہ ٹیکا ٹیکے پہ موتی ہے یم کا — نخل پہ شاخ اور شاخ پہ گل ہے گل پہ قطرہ شبنم کا
نظیر

ہو ٹیکا صندل لگا جبین پہ تو پاس ابرو خال کے — سپہر خوبی پہ مہر ہے گا سہیل ہے گا ہلال بھی ہے
لام نستعلیق کا ہے اس بت خوشخط کی زلف — ہم تو کافر ہون اگر تابع نہون اس لام کے
لگا ہے تیر دل پر آہ کس کافر کے مژگان کا — نشان سوفار کا معلوم ہوتا ہے نہ پیکان کا
عنایت سبز رنگ اس اپنی کشتی پر ذری رکھنا — کہ بعد از دفن مدفن پر کوئی پتی ہری رکھنا
سرو نے دعوی تیرے قد سے کیا کیا پھل ملا — گلشن ہستی مین آخر بے ثمر پیدا ہوا
اثیم

اللہ ری شوق اپنی جبین کو خبر نہین — اس بت کے آستانہ کا پتھر رگڑ گیا
مین کس کس شعلہ رو کو سینۂ صد چاک دکھلاؤن — رکھا تھا ایک دل سو جل گیا کیا خاک دکھلاؤن
غفلت مین فرق اپنی تجھ سے کبھو نہ آیا — ہم آپ مین آ گئے جب تک کہ تو نہ آیا
ہم کوئی مغان مین تجھے ماہ رمضان آیا — صد شکر کہ مستی مین جانا نہ کہان آیا
ایسا بلند آہ کا اپنے دہوان ہوا — چرخ کہن کے نیچے نیا آسمان ہوا
یہ میری آہ کا کیا دہوان ہے — کہ نیچے آسمان کے آسمان ہے
انشا

کیا ہنسی آتی ہے مجھکو حضرت انسان پر — فعل بد تو ان سے ہو لعنت کرین شیطان پر
اپنی تو وہ صورت ہے کہ جون بلبل تصویر — پرواز کی طاقت نہین اور پاس چمن ہے
کیون چھپا ظلمت مین گر اس لب سے شرمندہ نہ تھا — جان کچھ باقی مری ہے چشمۂ حیوان کے بیچ
مانگ اس کافر کی سیدھی راہ ہے ظلمات کی — خضر کو بھی ہے مسافت ایک دن رات کی
روز رخسار کے لیتا ہے مزے خوبون کے — بہتر اس شغل سے حجام ہنر کیا ہوگا
سنگ دل کو سنگ لیکر سنگدل کے گھر گئے — سنگ تھا اسکا نہ در جسکے سنگ مر مر گئے
[illegible] — [illegible] حاتم [illegible] منہ سیتا ہے [illegible]

تیرگی کر اسے رقیب فرعونی
دیے سے جگ مین ہیگی روشنائی
آہ میری عصائے موسیٰ ہے
اگر خوبی طلب ہے تو دیا کر

وہ منہ زلفون سے ڈھانپے ہین تو ہم آنسو بہاتے ہین
مصحفی رخ سے جو وہ زلف اوٹھا دیتا ہے
مصحفی
وہ دن کو رات کہتے ہین تو ہم تارے دکھاتے ہین
کھول واللیل کو والشمس دکھا دیتا ہے

ہر کس رشک مسیحا کا مکان ہے
جستجو کرنی ہر اک امر مین نادانی ہے
ناسخ
زمین جسکی چہارم آسمان ہے
جو کہ پیشانی پہ لکھا ہے وہ پیش آتی ہے

یہ دنیا شیشہ ساعت کی ہے ریت
دریا اسنگ کے موج سے آیا تھا ہٹ گیا
گھٹی جاتی ہے ہر دم جیت ری جیت
موتی لگا تھا ہاتھ نصیبا اولٹ گیا

دیکھ دریا کی طرف دلکو یہ لہر آتی ہے
نہ تو دریا نہ سمندر نہ ترا پاٹ لگے
کشتی عمر کی افسوس بہی جاتی ہے
کشتی عمر کی اب دیکھیے کس گھاٹ لگے

صنم کے واسطے بے آبرو ہوئے تو ہوئے
ہے زلف حلقہ زن رخ دلبر کے آس پاس
طلا تو ہاتھ لگا زرد رو ہوئے تو ہوئے
گیا اژدہا ہے فوج سکندر کے آس پاس

خدا کے واسطے اسکو نہ ٹوکو
تجھ سوختہ شمع سے گر گل نکلے
عارض یار پہ کیا زلف دراز آئی ہے
مظہر
یہی اک شہر مین قاتل رہا ہے
کیا عجب بیضۂ فانوس سے بلبل نکلے
شام ہیان صبح کی پڑھنے کو نماز آئی ہے

اوٹھ کے دالان سے پردے مین جو وہ حور چھپی
تمہین ہے قد بلا نسبت قیامت قامت
حیرت افزائی نے یہ صورت مری کی دوستو
میرے آغوش مین چھپنا تھا بہت دور چھپی
اسلیے لوگ تمہین آفت جان کہتے ہین
بزم مین تصویر گویا میری تھی اور مین نہ تھا

ہر صبح وہ ڈھونڈھتا ہے کوئی تازہ خریدار
دیکھون تو لیتا ہے جان ملک الموت کسطرح
مسکین
صورت مری ہر روز بدل جائے تو اچھا
ایضاً
تم وقت مرگ پاس ہے اوٹھنا نہین ذرا

سینہ خراش ناخن غم میں بھی کیا بالیدگی
جو ہلال غرہ تھا سو ماہ کامل ہو گیا

مر کر بھی ہمارا دل بیتاب نہ ٹھہرا
کشتہ بھی ہوا تو بھی سیماب نہ ٹھہرا

چرخ سے کہدو کہ کشتی تھم سکے تو تھام لے
آج ہے طوفان سرشک چشم دریا بار کا

بنے کیونکر کہ ہے سب کار اولٹا
ہم اولٹے بات اولٹی یار اولٹا

چشم پوشی ترے ذنب میں ہے کیا عجب اب
جیسے یوں پرہیز تجھکو اور ہم بیمار ہیں

پھیلائے کیا کوئی آگے پروردگار ہاتھ
بندے کا ایک ہاتھ تو تیرے ہزار ہاتھ

آتش

آتے ہیں لوگ سنکر بھی او تجھ بھی گھڑی ہوئے
میں جا کے ڈھونڈھتا تری محفل میں گیا

سنتے ہیں آہستہ کہ ہے شب وصل
چارپائی بھی کان رکھتی ہے

چہرہ تیرا اندوہ غم پنہاں سے زرد ہے
ظاہر میں کچھ مرض نہیں پر لیکن درد ہے

مت ملو لیکن کرم فرما رہو
خوش رہو جیتے رہو جس جا رہو

مر گئے سو حق ہوئے اور جیتے ہیں حق کا دم
حق تعالی آپ ہی حق ہی ہوئے کیا ہی ہم

ایسی جو سردی پڑے ہر اک ستارا جم گیا
کاسۂ چرخ بریں سارا کا سارا جم گیا

انجور برف کے انشا کو بھیجے آپ نے
اسکا یہ مطلب ہے جو نقشہ تھا را جم گیا

این غزلہا بعد از طبع کتاب دستیاب شدند

غزل علی

جب نور نبی عرش کے ایوان پہ چمکا
کرسی نے لیا چوم غبار اوسکے قدم کا

جب نام محمد کا لکھا عرش بریں پر
پر نور ہوا تارک اقبال قلم کا

سایہ نہ ترے جسم کا دیکھا ہی کسی نے
تا حشر میں ہو جائے جھگڑا فرق امم کا

آور یہ ترے جسنے رکھا فرق ارادت | ہو وے نہ طلبگار کبھو افسر جم کا
رکھے حق نے تری سر پہ عجب افسر لولاک | سالار کیا تمکو عرب اور عجم کا
یہ عرض علی کی ہے تری خاک قدم ہے | محتاج نکر مجھکو کسی اور کے در کا

غزل علی

گرچہ ہے قند و شہد نبات و شکر لذیذ | ہر چیز سے حدیث پیمبر ہے پر لذیذ
وہ پیاری پیاری باتین خدا کو اودھر لذیذ | ارشاد ایک ایک جہان کو ادھر لذیذ
دلکو ہے ذکر نعت نبی سے فرا حصول | جان کو ہے فکر مدحت خیر البشر لذیذ
احمد کہو یہ ہوتا ہے شیرین دہان خلق | نام نبی ہے نام خدا کس قدر لذیذ
پر ذائقہ ہے تینوں سے سارے جہان کے | شہر مدینہ کا ہے جو رطب و ثمر لذیذ
عین مریض کو ہے شفا اسقام کی خاک | ہو مردمان چشم کو کحل البصر لذیذ
ہر مجرم و اثیم کو بخشا ئینگے وہی | ہے گوش عاصیون کو بہت یہ خبر لذیذ
شیرین ہے اسم حق مگر ہین نام مصطفےٰ | یہ ایک پر لذیذ تو وہ ایک پر لذیذ
کو ثر سے وہ پلاوینگے امت کو سیر کر | جنت کی نخل سے وہ کھلاوین ثمر لذیذ
صلوا علی النبی و علی اہل بیتہ | ورد اپنا یہ عجب ہے وقت سحر لذیذ
مطلع یک اور پڑھکے لکھون مقطع غزل | وہ خوشگوار دل کو ہو اٹھوں پہر لذیذ
حمد خدا و نعت نبی یک دگر لذیذ | اصحاب و آل کی ہے ثنا سر بسر لذیذ
تجھکو بھی انکو صدقے سے علی بہشت مین | نعمت ملیگی ایک سے اک خوبتر لذیذ

غزل ترقی

دنیا کے جو نفری ہین ہرگز وہ کم نہونگے | ساجر جے یہی رہین گے افسوس ہم نہونگے

احوال پر ہمارے رو دو نہ مل سکے باہم
اب کیا کرین ہم اور وہ یارو ہم نہونگے

دشوار ہے پلک سے لگنا پلک عزیزو
آنکھون پہ پھر سے جبتک اوسکی قدم نہونگے

مضمون شوق اوسکا ہرگز نہ ختم ہوگا
دس بیس بند کاغذ جب تک تمام نہونگے

دم دیکے تم تو سب کو محفل سے اوٹھ چلے ہو
کوئی دم کو عاشقون کے سینے مین دم نہونگے

بلبل سے کے درد دل کا ممکن نہین مداوا
گلچین کے ہاتھ دونون جب تک قلم نہونگے

سنتے ہین بعد اپنے ہے دخل غیر کا بھی
تم سے علحدہ ہم اب ایک دم نہونگے

سنبل کو کچھ نہین ہے زلفون سے اسکے نسبت
جب جا ہو دیکھ لو تم یہ پیچ و خم نہونگے

یاران رفتگان پر کیا رویئے ترقی
کیا ہم روانہ سوئے ملک عدم نہونگے

غزل احمد

نام خدا وہ شوخ ہے مانند حور کے
ٹپکے ہین اوسکے چہرے سے اب قطرہ نور کے

اللہ رہی نازکی وہ پریوش کو دیکھیے
آتے ہین شاہان ادا دور دور کے

گر اک کلام وہ لب اعجاز سے کرے
دیوے جلا وہ آن مین مردے قبور کے

گر مجھ ایک اوس سے بغل گیر ہو کوئی
کھنچجاوے اوسپہ باب ہے عیش سرور کے

جرأت ہی کسکی تا کرے اوس شوخ کا خیال
اوڑجاتے ہین ہوش اوسکے ہی فخر و غرور کے

کیجیے ہماری حال پہ ٹک مہر کی نظر
واللہ دل سے ہم تو ہین عاشق حضور کے

احمد تو اوسکے عشق مین ہو محو سر بسر
تا تجھپہ کھل ہی جاوینگے عالم ظہور کے

غزل شیدا

دیکھ دل زلفون کو مت جائیو گردن پیچھے
چوٹی پیچھے سے پڑی جیسے وہ ناگن پیچھے

یہ زلیخا نے کیا عشق مین یوسف سے سلوک
کھینچا زندان مین اوسے پھاڑ کے دامن پیچھے

پہلے مجنون کی طرح عشق مین شیدا تو ٹھک پھر ترا کونی تبان ہوسے گا مسکن تجھے

غزل دلکش

پاس کے ہاتھہ سے مشاطہ نے پایا بیڑا طاقت و ہوش کی رخصت کا یہ آیا بیڑا

دل سو سخنے رنگین گذرتے نہین آج کہ عوض بوسے کے انعام مین پایا بیڑا

زلف و رخسار تو ہین آفت جان پر میرے خون کا اس لب خندان نے اوٹھایا بیڑا

جان سپاری نکرین کیونکہ ابس ذوق سی ہم بسکہ چترائی سے کافر نے بنایا بیڑا

خون بہا لیا کیا مین تو گنہگار تو ہون پاندان سے ترے کل مین نے چورایا بیڑا

سرخ رو مجھکو کیا اوسنے جو بخشیو نہین کہ مرے ہاتھہ سے کل مجھکو دلایا بیڑا

کیون نہ اس رشک سے دل خون کیا کافر نے غیر کے ہاتھہ سے کل مجھکو دلایا بیڑا

غزل ولی

لامکان پہ جیا احمد جو بنا ٹھسلایا تب ملایک نے وہین صلو علیکم گایا

حور و غلمان نے ترانے سی وہ نغمہ لیے قاب قوسین کا نوشتہ تو ہی سکو بھایا

تجھے براقی وہان آوسے لگا تا احمد اور جبریل امین گوندھ کو سہرا لایا

حق نے لولاک لما حق مین محمد کے کہا ان سوا کون سے مرسل نے یہ رتبہ پایا

مغفرت تیری ولی سہل بلا ریب ہے کیون نام احمد کا جو لب پر ترے ہر دم آیا

غزل ثابت

مین اپنے سب مطالب سید ابرار کو سونپا متاع دین و دنیا احمد مختار کو سونپا

عدو عالم سے ہے اسپر شک جو رکھتا ہو کافر ہو حشر کا معاملہ مین حیدر کرار کو سونپا

حوالے کر دیا ناموس مین خاتون جنت کے مین اپنا خانمان بھی فاطمہ اطہار کو سونپا

[illegible]